سفر کے مسائل
کا انسائیکلوپیڈیا
۱
حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق
مؤلف
مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی
دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
بیت العمار کراچی

جلدِ اوّل

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

بیت العمار کراچی

0333 - 3136872

رابطے کے اوقات / صبح ۱۰ بجے سے صبح ۱۱ بجے تک

نام کتاب: سفر کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

مؤلف: مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

طباعت: طبع دوم ۱۴۳۶ھ-۲۰۱۵ء

ناشر: بیت العمار کراچی

نورانی مسجد گل پلازہ، مارسٹن روڈ کراچی۔74400

فون: 0304-2191710, 0333-3136872, 0302-2205466

ای میل: baitulammar2004@gmail.com
qaasmiesencyclopedia2004@gmail.com

ملنے کے دیگر پتے

- اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن۔021-34927159
- الحجاز پبلشر کراچی، بنوری ٹاؤن۔0314-2139797
- مکتبہ القرآن، بنوری ٹاؤن۔2-021-34856701
- مکتبہ العلوم، بنوری ٹاؤن۔0333-3227706
- مکتبہ طیبہ، بنوری ٹاؤن۔021-34915948
- مکتبہ قاسمیہ، بنوری ٹاؤن۔0321-2357200
- مکتبہ امام محمد، بنوری ٹاؤن۔0300-2714245
- مکتبہ المعارف، بنوری ٹاؤن۔021-34127553
- دار البشائر، بنوری ٹاؤن۔0334-2659744
- مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ کوئٹہ۔081-2662263
- ادارۂ تالیفات اشرفیہ، ملتان۔061-4540513
- ادارۃ النور، بنوری ٹاؤن۔0324-2855000
- مکتبہ عرفان، بنوں۔0334-8825488

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر
﴿ ذ ﴾	

صفحہ نمبر	عنوان
	﴿ ش ﴾

عرض مؤلف

روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ زندگی ایک متحرک اور متغیر چیز ہے، روزانہ اپنے دامن میں ہزاروں نئے حوادث، نئے مسائل، نئی مشکلات، اور نئے واقعات لے کر ہمارے سامنے آتی رہتی ہے۔ صبح وشام، دن ورات ان نئے نئے مسائل کے حل کے لئے علماء اسلام اور مفتیان کرام کے دروازوں کی کنڈی کھٹکھٹاتی رہتی ہے، اور یہ حقیقت ہے کہ صحیح معنی میں ان مسائل کا حل صرف اور صرف ''قرآن وحدیث'' کی روشن تعلیمات اور پاکیزہ ہدایات میں موجود ہے۔

اسلام چونکہ ایک مکمل نظام حیات ہے اور انسانی زندگی کے تمام گوشوں پر حاوی ہے، اس لئے سفر اور مسافر سے متعلق جملہ مسائل کا حل بھی اسلام کی واضح تعلیمات میں موجود ہے۔ آج کل ماضی کے مقابلے میں سفر کا رواج بہت بڑھ گیا ہے بلکہ اب تو سفر زندگی کا ایک لازمی جزو بن چکا ہے، خاص طور پر کوئی بھی بڑا تاجر سفر کے بغیر تجارت کا کام انجام نہیں دے سکتا، جس کی وجہ سے تقریباً ہر مسلمان سفر کے احکام کا محتاج رہتا ہے۔

مزید برآں آج کل سفر کے جدید ذرائع نے سفر اور مسافر کے بارے میں بہت سے نئے مسائل پیدا کر دیئے ہیں، ان جدید مسائل کا حکم دور حاضر کے علماء اور مفتیان کرام نے کتاب وسنت اور سلف کے اقوال کی روشنی میں نکالا ہے، لیکن وہ مختلف کتابوں کی متعدد جگہوں میں بکھرا ہوا ہے، بندہ نے ان مسائل کو حروف تہجی کی ترتیب سے ایک جگہ پر جمع کر دیا ہے، تاکہ نکالنے، سمجھنے اور عمل کرنے میں آسانی ہو۔

چنانچہ اس کتاب میں سفر کے آداب، سفر کی اقسام، وطن کی تعریف واقسام، مسافر کے احکام کہاں سے جاری ہوں گے، کتنی مسافت پر قصر کا حکم جاری ہوگا، ریل گاڑی، ہوائی جہاز، بحری جہاز، کشتی، بس، ٹرک، موٹر، وغیرہ پر کس طرح نماز پڑھنے سے صحیح ادا ہوگی، اور کس طرح پڑھنے سے نماز فاسد ہوگی، اور سفر میں پانی دستیاب نہ ہونے پر تیمّم اور چمڑے کے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق ضروری مسائل، امامت اور قصر کی نماز سے

متعلق مسائل، بلکہ روانگی سے واپس آنے تک کے تمام ضروری ضروری مسائل جمع کر دیئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کتاب کو قبول فرما کر صدقۂ جاریہ بنائیں

آخر میں ان سب حضرات کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کو تیار کرنے میں کسی طرح بھی معاونت کی خاص طور پر مفتی محبّ الحق صاحب، مفتی زبیر صاحب، مفتی محمد ولی اللہ حسین صاحب، مفتی یوسف انور صاحب، مفتی ذوالقرنین صاحب اور عزیزم محمد مرزوق انعام کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے تخریج اور کمپوزنگ وغیرہ میں بھر پور تعاون کیا۔ اللہ جل شانہ سب معاونین کو جزاء خیر دے، اور ہم سب کی حفاظت بھی فرمائے اور ایمان کامل پر خاتمہ بھی فرمائے اور آخرت کے سفر کو آسان بھی فرمائے۔

آمین۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہٖ سیدنا محمد و آلہ وصحبہٖ اجمعین.

محمد انعام الحق قاسمی

دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

۲۶ / ۲ / ۱۴۳۶ھ

۱۹ / ۱۲ / ۲۰۱۴م

مقدمہ

آغاز سفر

☆ جب کوئی شخص سفر پر جانے کا ارادہ کرے تو اہل وعیال کے نان ونفقہ کا انتظام کرے، اگر کسی کی امانت اور قرض ہے تو اس کو ادا کرے یا ادائیگی کا انتظام کرے اور لوگوں کے جو حقوق ہیں وہ ادا کرے، کیونکہ کبھی سفر میں انسان کی موت لکھی ہوئی ہوتی ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ وغیرہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ جل شانہ کسی بندے کی جب کسی جگہ موت مقرر فرماتے ہیں تو اس کی کوئی ضرورت وہاں مقرر کر دیتے ہیں''۔

دیلمی رحمہ اللہ مرفوع روایت میں نقل کرتے ہیں کہ ہر بچے کی ناف پر وہ مٹی ڈال دی جاتی ہے جہاں اس کو جانا ہے، لہٰذا جب وہ مرجاتا ہے تو اسے اس زمین کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے۔

حضرت ابو حاتم رحمہ اللہ نے فرمایا: ہم حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے علاوہ کسی اور کے لئے یہ فضیلت نہیں پاتے (کہ وہ نبی کریم ﷺ کے پہلو میں دفن ہیں) اس لئے ان کی مٹی بھی وہی تھی جو رسول اللہ ﷺ کی تھی، اور یہ شعر پڑھا:

إذا ما حمام المرء كان ببلدة دعتــــه إليهــــا حـــاجة فيـطيــر

ترجمہ: جب کسی شخص کو موت کی جگہ آنا ہوتا ہے تو کوئی ضرورت اسے وہاں بلا لیتی ہے، اور وہ اڑ کر وہاں پہنچ جاتا ہے۔

حکیم ترمذی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ مدینے منورہ کے اطراف میں چکر لگاتے ہوئے نکلے، دیکھا کہ ایک قبر کھودی جارہی ہے، آپ ﷺ وہاں پہنچ کر رک گئے، اور دریافت فرمایا کہ یہ قبر کس کی ہے؟ بتلایا گیا کہ حبشی کی ہے، فرمایا:

لا إلــه إلاّ اللّــه ! اسے وہاں سے یہاں لایا گیا، اور پھر اسے اس جگہ دفن کیا گیا جہاں سے پیدا کیا گیا تھا۔

ابن ماجہ رحمہ اللہ مرفوع روایت کرتے ہیں کہ جب کسی شخص کی موت کسی جگہ آنا ہوتی ہے تو ضرورت اسے وہاں لے جاتی ہے اور جب وہ اپنی انتہاء کو پہنچ جاتا ہے تو اللہ تعالی اسے اس جگہ موت دے دیتے ہیں، پھر جب وہ وہاں سے اٹھے گا تو قیامت کے دن زمین کہے گی، پروردگا! آپ نے یہ ودیعت میرے پاس رکھوائی تھی، اس سے علماء نے یہ مسئلہ نکالا ہے کہ انسان جب کسی سفر پر جائے تو لوگوں کے حقوق ادا کردے، معافی تلافی کرلے، اور قرضے ادا کردے، اور جو حقوق اس پر یا دوسروں پر ہیں ان کے بارے میں وصیت کردے، اس لئے کہ اسے کیا معلوم اس سفر سے لوٹے گا بھی یا نہیں؟!

شیخ عبدالعزیز دیرینی رحمہ اللہ علیہ نے یہ اشعار کہے ہیں:

(۱) إذا ما ضاق صدرک من بلاد   ترحل طالبًا بلدًا سواها

(۲) فإنّک واجد أرضًا بأرض   ونفسک لم تجد نفسا سواها

(۳) مشيناها خطا كتبت علينا   ومن كُتِبَت عليه خطا مشاها

(۴) ومن كانت منيته بأرض   فليس يموت في أرض سواها

(۱) جب کسی شہر میں تنگ دل ہو جائے تو کسی اور شہر کو تلاش کرو۔

(۲) اس لئے کہ تمہیں ایک زمین کی جگہ دوسری زمین مل جائے گی، لیکن تمہیں اپنی جان کے سوا اور کوئی جان نہیں ملے گی۔

(۳) جو سفر ہمارے لئے لکھ دیا گیا ہے وہ ہم ضرور کریں گے، جس کے لئے جو قدم اٹھانا لکھا گیا ہے وہ ضرور اٹھائے گا۔

(۴) اور جس شخص کی موت جس جگہ لکھ دی گئی ہے وہ اس کے سوا کسی اور جگہ ہرگز مر نہیں سکتا۔

آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ کسی کی موت ہوائی جہاز سے سفر کرتے ہوئے فضا میں آجاتی ہے، کسی کی موت ریل میں آجاتی ہے، کسی کی بس میں، کسی کی دکان میں، کسی کی آفس میں، کسی کی رستہ میں، کسی کی گاڑی میں، کسی کی گھر میں، کسی کی وطن میں، کسی کی بیرون ملک میں، کسی کی خلوت میں، اور کسی کی جلوت میں، کسی کی عبادت میں، کسی کی معصیت اور گناہ میں، کسی کی نیند میں اور کسی

کی بیداری میں، کسی کی بیماری میں، کسی کی صحت میں، کسی کی کھانے کے دوران، کسی کی تقریر کے دوران، غرض کہ جہاں اور جس وقت موت لکھی ہوئی ہے اس جگہ اور اس وقت آجاتی ہے۔

روایت ہے کہ ایک آدمی حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے پاس گیا اور عرض کیا اے اللہ کے نبی مجھے ہندوستان کی سرزمین میں ایک کام ہے، میں آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ آپ ''ہوا'' کو حکم دیں کہ وہ ابھی مجھے اٹھا کر لے جائے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے دیکھا کہ اس کے ساتھ ملک الموت بھی ہیں اور مسکرا رہے ہیں، حضرت سلیمان سلیہ السلام نے ملک الموت سے پوچھا کیوں مسکرا رہے ہیں؟ فرمایا: مجھے اس بات پر تعجب ہے کہ مجھے اس بندہ کی اس گھڑی میں ''ہند'' (ہندوستان) میں روح قبض کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اور میں اسے آپ کے پاس دیکھ رہا ہوں، روایت ہے کہ اس وقت ''ہوا'' اسے اٹھا کر ''ہند'' لے گئی اور وہاں اس کی روح قبض کر لی گئی۔

دو چیز آدمی را کشند زور وزور　　یکے آب و دانہ دیگر خاکِ گور
دو چیز آدمی راستاند بزور　　یکے آب دانہ یکے خاکِ گور

سفر کا خرچہ حلال اور پاکیزہ ہو، سفر کے دوران گفتگو کا انداز شیریں اور میٹھا ہو، آپس کا برتاؤ اچھا ہو، اور لوگوں سے اخلاق کے ساتھ سلوک ہو، کھانے پینے میں وسعت کے مطابق اپنے ہم سفروں کے ساتھ شریک ہو، جہاں تک ممکن ہو ساتھیوں کی معاونت اور مدد کرے۔

سفر میں دوست واحباب کے ساتھ تفریح اور خوش طبعی کی کچھ جھلکیاں بھی ہوں جن سے ذہنی رنج وتکلیف اور جسمانی تھکاوٹ اور وطن سے دوری کا احساس کچھ کم ہو جائے، لیکن ایسی تفریح اور مذاق نہ کرے جس سے متانت اور سنجیدگی کا دامن ہاتھ سے نکل جائے، اور فحش گوئی سے بھی بچے اس سے پریشانی ہوتی ہے۔

ساتھی کا انتخاب

سفر ایسے لوگوں کے ساتھ کرنا چاہئے جو تقوی وطہارت، اچھے افکار اور اچھے خیالات کے حامل ہوں، اور ذکر وفکر، طاعت وعبادت میں معاون ہوں۔

نبی کریم ﷺ نیا احتیاط کی بنا پر تنہا سفر کرنے سے منع فرمایا ہے، حدیث پاک میں ہے:

لو يعلم الناس ما في الوحدة ما أعلم ، ما سار راكب بليل وحده.

[بخاری: (۴۲۱/۱)]

ترجمہ: اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ تنہا سفر کرنے میں کیا نقصان ہے، تو کوئی بھی رات کو تنہا سفر نہ کرے۔

امیر کا انتخاب

جب سفر میں چند احباب ہوں۔ تو کسی کو امیر منتخب کر لینا چاہئے تا کہ راستہ کی تعیین میں سہولت ہو، اگر مشورے میں مختلف باتیں سامنے آئیں تو وہ امیر اطمینان کے قابل کوئی حل تلاش کر سکے، اور ساتھیوں کو اختلاف سے بچا سکے، لہٰذا امیر بھی ایسے آدمی کو بنانا چاہئے جو دور اندیش، حالات و مکان سے واقف ہو، نرم مزاج، اور ایثار پسند ہو، اور ساتھیوں کے مناسب مشورے کو قبول کرنے کا حوصلہ اپنے اندر رکھتا ہو۔

سفر میں چار ساتھی ہوں

سفر کرتے ہوئے کم سے کم چار ساتھی ہونا بہتر ہے، اور اس کی حکمت یہ ہے کہ سفر میں دو کام بہت اہم ہیں: ❶: سامان کی حفاظت۔ ❷: کھانے پینے کی چیزوں اور ضروری سامان کی خریداری۔

اگر ساتھی تین ہوں گے تو دو سامان کی حفاظت میں ہوں گے اور اگر ایک خریدنے جائے گا تو اس کو تنہا جانے پر اجنبیت اور وحشت محسوس ہوگی اور اگر چار ساتھی ہوں گے تو دو دو ساتھی ایک ایک کام انجام دیں گے اکیلئے ہونے کی وحشت نہیں ہوگی۔

سامان

سفر میں سامان جتنا کم ہو بہتر ہے، تاہم ضروری اشیاء ضرور ساتھ رکھے، ورنہ دقت اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، نبی کریم ﷺ سفر میں خاص طور پر پانچ چیزیں ساتھ رکھتے تھے، اور وہ پانچ چیزیں یہ ہیں: ❶: مسواک۔ ❷: سرمہ دانی۔ ❸: کنگھی۔ ❹: قینچی۔ ❺: اور آئینہ۔

موجودہ زمانے میں ان چیزوں کے ساتھ ٹیشو پیپر بھی ضرور رکھ لینا چاہئے۔

سفر کی دعائیں

سفر کے دوران مسنون دعاؤں کا اہتمام کرنا چاہئے، اس سے خیر و عافیت بھی ہوتی ہے، راحت و سکون بھی حاصل ہوتا ہے اور مال و دولت کی حفاظت بھی ہوتی ہے۔ اور وہ دعائیں یہ ہیں:

۱ :بِسْمِ اللّٰهِ وَاعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

ترجمہ: اللہ کے نام سے سفر کا آغاز کرتا ہوں، اللہ کا سہارا لیتا ہوں، اس پر بھروسہ کرتا ہوں ،اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اللہ ہی سب سے بڑا ہے۔

۲ .اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ.

ترجمہ: اے اللہ! تو ہی میرے سفر کا ساتھی ہے، اور تو ہی میری غیر موجودگی میں گھر والوں، میری اولاد اور میرے مال کا محافظ ہے۔

۳. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْأَهْلَ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ .

ترجمہ: اے اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں سفر کی پریشانی سے، اور ایسے منظر سے جو غم انگیز ہو اور اس بات سے کہ جب میں اپنے گھر والوں، اولاد اور مال کے پاس آؤں تو بری حالت میں آؤں۔

۴ .اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُکَ فِيْ سَفَرِيْ هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَاتَرْضٰى.

ترجمہ اے اللہ! میں تجھ سے اس سفر میں نیکی اور تقوی کی توفیق مانگتا ہوں اور ایسے عمل کی جس سے تو راضی ہو۔

۵ . اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا هٰذَا السَّفَرَ وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ .

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے لئے اس سفر کو آسان بنا دیجئے اور اس کی مسافت کو ہمارے لئے لپیٹ دیجئے۔

رخصت ہوتے وقت

سفر کی ابتداء میں اقرباء، رشتہ دار، دوست احباب، والدین، اور متعلقین سے مسکراتے ہوئے، خوش روئی کے ساتھ عذر و تقصیر اور معافی تلافی کر کے رخصت ہو، اور یہ دعا پڑھے:

أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ

ترجمہ: میں تمہارے دین وامانت اور انجام عمل کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

سفر کس دن کرنا چاہئے

☆ ہر روز سفر کرنا جائز ہے البتہ نبی کریم ﷺ اکثر و بیشتر جمعرات کو سفر کیا کرتے تھے اور پیر کے دن بھی آپ نے سفر کرنے کو پسند فرمایا ہے، لہٰذا اگر کوئی دشواری نہ ہوتو ان ایام میں سفر کرنا بہتر ہے۔

☆ اگر جمعہ کے دن سفر پر جانے کی ضرورت ہوتو زوال سے پہلے نکلنے میں کوئی مضائقہ نہیں، البتہ زوال کے بعد جمعہ سے پہلے سفر میں جانا مکروہ تحریمی ہے، کیونکہ مقیم ہونے کی حالت میں جمعہ کی نماز میں شرکت کرنا واجب ہے۔

☆ صبح کے وقت سفر کا آغاز کرنا نہایت ہی مناسب ہے، اس لئے جہاں تک ممکن ہو صبح سویرے سفر کی ابتداء کرنی چاہئے، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آقا ﷺ کی دعا نقل فرمائی ہے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا ۔ [مشکوٰۃ: (۳۳۹/۲)]

ترجمہ: اے اللہ! میری امت کے لئے صبح سویرے چلنے میں برکت عطا فرما۔

روانگی سے پہلے نفل پڑھنا

سفر پر روانگی سے پہلے دو رکعت نفل نماز پڑھنا بہتر ہے، یہ خیر و برکت اور رحمت کا باعث ہے۔ (کنز العمال: ۳۸/۳)

سفر کے دوران یہ سورتیں پڑھا کرے

سفر کے دوران گاہے گاہے سورۂ کافرون، سورۂ نصر، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھتا رہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے سفر کو خیر و برکت اور خوشحالی اور فراغت کا ذریعہ بنا دیں گے۔ (حصن حصین: ص: ۱۷۷)

اگر سفر کے دوران ڈر و خوف ہو تو سورۂ قریش پڑھنی چاہئے۔

یاد رہے کہ ہر خوف و ہراس اور مصیبت و نقصان کے وقت یہ سورت (اللہ کے حکم سے) نجات دلاتی ہے۔

قیام کے وقت یہ دعا پڑھے

سفر کے دوران مسافر جب کہیں اقامت کرے، خواہ ہوٹل میں ہو یا مسافر خانے میں یا کہیں بھی تو یہ دعائیں پڑھ لیا کرے، تا کہ دل و دماغ میں اطمینان اور سکون رہے، اور خطرات وغیرہ سے محفوظ رہے، وہ دعا یہ ہے:

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ.

(کنز العمال علی المسند: ۳/۳۷)

سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے

سفر کی حالت میں زندگی کا نظام بدل جاتا ہے، اور اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ سفر چین و سکون، راحت و اطمینان سے خالی ہے، اسی بنا پر نبی کریم ﷺ نے حدیث میں اس کو عذاب کے ایک ٹکرے سے تعبیر کیا ہے، اسی وجہ سے شریعت نے اس میں خاص رعایت رکھی ہے، یہاں تک کہ چار رکعات والی فرض نماز کو دو رکعت کر دیا ہے۔

سفر میں معمول کے مطابق راحت اور آرام کے ساتھ سونا میسر نہیں ہوتا، اور کھانے پینے کا معمول کے مطابق انتظام نہیں ہوتا، اور قلب جو اطمینان وطن میں محسوس کرتا ہے وہ سفر میں

میسر نہیں ہوتا، نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

السفر قطعة من العذاب يمنع أحدكم طعامه و شرابه ونومه، فإذا قضٰى أحدكم نهمته من وجهه فليعجل للرجوع إلى أهله .

(كنز العمال على المسند : ۳۸/۳)

ترجمہ: سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے، کیونکہ تمہارے کھانے پینے اور سونے میں خلل انداز ہوتا ہے، لہٰذا ضرورت پوری ہونے کے بعد اپنے گھر جلد لوٹ جایا کرو۔

واپسی

واپسی میں پہلے مسجد میں جا کر دو رکعت نماز پڑھے، اور خیر و عافیت کے ساتھ واپسی پر اللہ کا شکر ادا کرے، پھر اس کے بعد گھر آئے۔

سفر کے بارے میں یہ مختصر ہدایات ہیں اگر سفر سے پہلے مطالعہ کر کے ان کے مطابق عمل کیا جائے گا تو یقیناً فائدہ ہوگا، اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

محمد انعام الحق قاسمی

دار الافتاء جامعة العلوم الاسلاميه

علامه بنوری ٹاؤن کراچی

۲۶ / ۲ / ۱۴۳۶ھ

۱۹ / ۱۲ / ۲۰۱۴م

آ

آبادی

''آبادی'' سے مراد مسافر کے شہر یا بستی یا گاؤں کی آبادی ہے۔ دوسرے شہر یا بستی وغیرہ کی آبادی اور مکانات مراد نہیں ہیں۔(۱)

آبادی بڑھ گئی

موجودہ دور میں شہر اتنے وسیع ہو گئے ہیں کہ بہت سی بستیاں اور گاؤں جو پہلے الگ الگ تھے، اب شہر سے متصل ہو کر شہر کا ایک حصہ بن گئے ہیں، مثال کے طور پر دہلی، بمبئی، کراچی، لاہور، ڈھاکہ، چاٹگام وغیرہ، البتہ پورا شہر مختلف محلوں، حلقوں اور کالونیوں پر مشتمل ہوتا ہے جن کے نام جدا جدا ہوتے ہیں، اب سفر میں جانے والا شخص اپنے محلّہ یا حلقہ کی حدود سے نکل کر مسافر بنے گا یا دہلی، بمبئی، کراچی، لاہور، اور ڈھاکہ، چاٹگام شہر کی حدود سے نکل کر مسافر بنے گا؟ مزید یہ کہ ایک شہر کی آبادی دوسرے شہر سے ملی ہوئی ہے، آبادی کا تسلسل ہے، حالانکہ آبادی کا نام بلکہ تھانہ ضلع اور صوبہ کا نام بھی الگ ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ آدمی اڑتالیس میل یا اس سے زیادہ مسافت کے ارادہ سے وطن اصلی یا وطن

(۱) (قوله: من خرج من عمارة موضع إقامته) أراد بالعمارة مايشمل بيوت الأخبية؛ لأن بها عمارة موضعها، قال في الإمداد: فيشترط مفارقتها ولو متفرقة وإن نزلوا على ماء أو محتطب يعتبر مفارقته كذا في مجمع الروايات...... وأشار إلى أنه يشترط مفارقة ماكان من توابع موضع الإقامة كربض المصر وهو ما حول المدينة من بيوت و مساكن فإنه في حكم المصر...... بخلاف البساتين، ولو متصلة بالبناء؛ لأنها ليست من البلدة ولو سكنها أهل البلدة...... (شامي: (۲/ ۱۲۱)، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

حاشية الطحطاوي على المراقي: (صـ: ۴۲۳)، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: قديمي.

الهندية: (۱/ ۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر، في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

اقامت کی آبادی سے باہر جانے پر شرعی مسافر بنتا ہے۔(۱)

اگر چہ دوسری آبادی متصل ہو، کیونکہ وہ دوسری آبادی ہے، دونوں کے نام الگ الگ ہیں، حکومت یا کارپوریشن اور میونسپلٹی نے دونوں آبادیوں کی حدود الگ الگ مقرر کی ہیں اس لیے وہ دونوں دو مستقل آبادی یا شہر شمار ہوں گی، اور شرعی مسافر کا اطلاق اس وقت ہوگا جبکہ اپنی آبادی یا شہر کی حدود سے آگے نکلے گا۔(۲) اور اگر متصل ہونے کی وجہ سے کارپوریشن نے دونوں کو ایک کر دیا تو اب وہ آبادی شہر کا محلّہ ہے اور وہ محلّہ شہر کا جزء ہے، لہٰذا اب ان دونوں آبادیوں سے نکل جانے پر شرعی مسافر کے احکام جاری ہوں گے۔(۳)

(۱، ۲) من جاوز بيوت مصره مريداً سيراً وسطًا ثلاثة أيام في برأ و بحر أو جبل قصر الفرض الرباعي ...... وأشار المصنف إلى أنه لا اعتبار بالفراسخ وهو الصحيح ...... وفي النهاية : الفتوى على اعتبار ثمانية عشر فرسخاً ، وفي المجتبىٰ : فتوى أكثر أئمة خوارزم على خمسة عشر فرسخاً ......الخ (البحر الرائق : (۲/۱۲۸ ، ۱۲۹) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد)

من خرج من عمارة موضع إقامته قاصداً مسيرة ثلاثة أيام ولياليها...... صلّى الفرض الرباعي ركعتين...... الخ قال الشامي تحته: قال في النهاية: التقدير بثلاث مراحل قريب من التقدير بثلاثة أيّام؛ لأن المعتاد من السير في كل يوم مرحلة واحدة خصوصاً في أقصر أيام السنة، كذا في المبسوط اهـ. وكذا ما في الفتح من أنه قيل: يقدر بأحد وعشرين فرسخاً، وقيل: بثمانية عشر، وقيل: بخمسة عشر، وكل من قدر منها اعتقد أنه مسيرة ثلاثة أيام اهـ ، أي بناء على اختلاف البلدان...... الخ. (الدر المختار مع رد المحتار: (۲/۱۲۲ ، ۱۲۳) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

وأمّا بيان ما يصير به المقيم مسافراً ، فالذي يصير المقيم به مسافراً نية مدة السفر والخروج من عمران المصر ، فلا بد من اعتبار ثلاثة أشياء ، أحدها مدة السفر وأقلّها غير مقدر عند أصحاب الظواهر و عند عامة العلماء مقدر ، واختلفوا في التقدير ، قال أصحابنا : مسيرة ثلاثة أيام سير الإبل ، ومشي الأقدام ...... الخ . (بدائع الصنائع : (۱/۹۳) كتاب الصلاة ، صلاة المسافر ، فصل وأمّا بيان ما يصير به المقيم مسافراً ، ط: سعيد)

فتاوىٰ رحيميه : (۵/۱۸۰ ، ۱۸۱) كتاب الصلوٰة ، باب ما يتعلق بالسفر والمسافر، زیر عنوان: آبادی بڑھ گئی تو مسافر کس جگہ سے بنے گا، ط: دارالاشاعت کراچی۔

(۳) من خرج من عمارة موضع إقامته من جانب خروجه ...... الخ قال ابن عابدين : فلا يصير مسافراً قبل أن يفارق عمران ما خرج منه من الجانب الّذي خرج ، حتى لو كان ثمة محلة منفصلة عن المصر ، وقد كانت متصلة به لايصير مسافراً ما لم يجاوزها ...... الخ ◄◄

واضح رہے کہ حکومت یا میونسپلٹی دو جگہوں کو اس وقت ایک جگہ کے حکم میں کر سکتی ہے جب دونوں جگہیں مستقل طور پر الگ الگ نہ ہوں، ورنہ حکومت کو ایک جگہ قرار دینے کا اختیار نہ ہوگا، جیسے مکہ اور منیٰ دونوں مستقل الگ الگ جگہیں ہیں، حکومت ان دونوں کو ایک نہیں کر سکتی۔ (۱)

آبادی شہر سے متصل نہ ہو

اگر شہر کے مضافات میں بستی ہے، اور اس بستی سے شہر تک مسلسل عمارات نہیں بلکہ ایک غلوۃ (۱۶ء۱۳۷ میٹر) یا اس سے زائد خلا ہے یا درمیان میں زرعی زمین ہے تو یہ مستقل آبادی شمار ہوگی، ایسی بستی کے مکانات سے نکلنے کے بعد قصر کا حکم شروع ہوجائے گا۔ (۲)

(الدر المختار مع رد المحتار: (۲/ ۱۲۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۲/ ۱۲۸) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

الفتاوى الخانية بهامش الهندية: (۱/ ۱۶۴) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

(۱) أو نوى فيه لكن بموضعين مستقلين كمكة و منى..... الخ (الدر المختار مع رد المحتار: (۲/ ۱۲۶)، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۲/ ۱۳۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

مراقي مع الطحطاوي: (ص: ۴۲۶) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: قديمي.

(۲) وفي الخانية: إن كان بين الفناء والمصر أقلّ من غلوة وليس بينهما مزرعة يشترط مجاوزته وإلّا فلا. قال ابن عابدين رحمه الله: (قوله: أقلّ من غلوة) هو ثلاثمائة ذراع إلى أربعمائة هو الأصحّ. (الدر المختار مع رد المحتار: (۲/ ۱۲۱، ۱۲۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

إن كان بينه و بين المصر أقلّ من قدر غلوةٍ ولم يكن بينهما مزرعة يعتبر مجاوزة الفناء أيضاً، وإن كانت بينهما مزرعة أو كانت المسافة بينه و بين المصر قدر غلوة يعتبر مجاوزة عمران المصر..... وذكر في المجتبىٰ: أنّ قدر الغلوة ثلاثمائة ذراع إلى أربعمائة وهو الأصحّ. (البحر الرائق: (۲/ ۱۲۸)، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

وهل يعتبر مجاوزة الفناء إن كان بين المصر و فنائه أقلّ من قدر غلوةٍ ولم يكن بينهما مزرعة يعتبر مجاوزة الفناء أيضاً، وإن كان بينهما مزرعة أو كانت المسافة بين المصر و فنائه قدر غلوةٍ يعتبر مجاوزة عمران المصر ولا يعتبر في مجاوزة الفناء، و كذٰلك إذا كان هٰذا الانفصال بين قريتين أو بين قرية و مصر، وإن كانت القرىٰ متصلة بربض المصر فالمعتبر مجاوزة القرىٰ =

اور اگر بستی شہر سے متصل ہے، خواہ شہر کی نواحی پکی آبادی یا جھونپڑیوں وغیرہ ہی سے ملی ہوئی ہو تو یہ شہر میں داخل ہے، اس صورت میں شہر کی حدود سے نکلنے کے بعد مسافر ہوگا۔ (۱)

آبادی کی حدود

موجودہ دور میں ہر شہر، قصبہ اور دیہات وغیرہ کی ابتدا اور انتہا کی حدود پر سرکاری بورڈ یعنی شہر یا دیہات کا نام، میل یا کلومیٹر کے پتھر لگے ہوئے ہیں اس سے معلوم ہو جاتا ہے مثلاً فلاں علاقہ کس جگہ سے شروع ہوا ہے اور کہاں جا کر ختم ہو رہا ہے۔

آبادی کے اتصال کا معیار

فقہائے کرام کی عبارات میں آبادی کے اتصال کا کوئی معیار نظر سے نہیں گذرا بظاہر اس کا مدار ظاہری رؤیت پر ہے، یعنی دیکھنے میں اتصال نظر آئے تو اتصال ہے اور اگر درمیان میں زرعی زمین یا غلوۃ (۱۶، ۱۳۷ میٹر) کی مقدار فاصلہ ہے تو الگ ہے۔ (۲)

= هو الصحيح . وإن كانت القرية متصلة بفناء المصر لا بربض المصر يعتبر مجاوزة الفناء ولا يعتبر مجاوزة القرية . (الفتاوى الخانية بهامش الهندية : (۱/۱۶۴ ، ۱۶۵) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

(۱) انظر الى الحاشية رقم: ۲، في الصفحة السابقة.

(۲، ۵) (قوله: من خرج من عمارة موضع إقامته)...... وأشار إلى أنه يشترط مفارقة ما كان من توابع موضع الإقامة كربض المصر وهو ماحول المدينة من بيوت و مساكن، فإنّه في حكم المصر، وكذا القرى المتصلة بالربض في الصحيح، بخلاف البساتين، ولو متصلة بالبناء؛ لأنها ليست من البلدة ولو سكنها أهل البلدة في جميع السنة أو بعضها، ولا يعتبر سكنى الحفظة والأكرة اتفاقاً امداد.

وأمّا الفناء وهو المكان المعد لمصالح البلد كركض الدّوابّ ودفن الموتى وإلقاء التراب، فإن اتّصل بالمصر اعتبر مجاوزته، إإن انفصل بغلوةٍ أو مزرعة فلا، كما يأتي ، بخلاف الجمعة، فتصحّ إقامتها في الفناء ولو منفصلاً بمزارع؛ لأن الجمعة من مصالح البلد بخلاف السفر، كما حقّقه الشرنبلالي في رسالته، وسيأتي في بابها ، والقرية المتصلة بالفناء دون الربض لاتعتبر مجاوزتها على الصحيح...... الخ قال في الدّر: وفي الخانية: إن كان بين الفناء والمصر أقلّ من غلوةٍ وليس بينهما مزرعة يشترط مجاوزته وإلّا فلا . قال ابن عابدين رحمه اللّٰه: =

جمعہ کے مسائل میں فنائے شہر شہر کے حکم میں ہے لیکن قصر کے مسائل میں زرعی زمین اور غلوۃ کی مقدار فنائے شہر کے حکم میں نہیں ہے (۱) البتہ مذکورہ فاصلہ کے باوجود اگر عرف عام میں دو مقام ایک ہی شہر کے دو حصے سمجھے جاتے ہیں تو ایک شہر کے حکم میں ہوں گے۔ (۲)

مزید ''ملی ہوئی آبادی کا معیار'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔

آبادی متصل ہے

اگر دو گاؤں یا آبادی دیکھنے میں متصل معلوم ہوتے ہیں لیکن دونوں کے درمیان کھیتی یا ایک غلوۃ (۱۳۷،۱۶ میٹر) کے بقدر یا اس سے زائد خلا ہے، تو یہ دونوں مستقل آبادی شمار ہوں گی لہذا صرف اپنی آبادی سے نکلنے پر قصر کرے چاہے قریبی آبادی میں ہی کیوں نہ ہو، اور اگر دونوں اس طرح متصل ہوں کہ درمیان میں کھیتی یا ایک غلوۃ کی مقدار فاصلہ نہیں، یا فاصلہ تو ہے لیکن عرف میں دونوں مقام ایک ہی شہر کے دو حصے سمجھے جاتے ہیں تو دونوں ایک ہی شہر کے حکم میں ہوں گے۔ (۳)

مزید ''متصل آبادی'' کے عنوان کو بھی دیکھیں۔ (۱۱۲/۲)

=(قوله : أقلّ من غلوة) هي ثلاثمائة ذراع إلى أربعمائة ، هو الأصحّ . (الدر المختار مع رد المحتار : (۱۲۱/۲ ، ۱۲۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

☐ احسن الفتاویٰ: (۷۳/۴) کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ المسافر، عنوان: جو آبادی شہر سے متصل نہ ہو وہ مستقل ہے، ط: سعید)

☐ الفتاوی الخانية على هامش الهندية : (۱۶۴/۱ ، ۱۶۵) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

☐ البحر الرائق : (۱۲۸/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط :سعيد .

☐ ''غلوۃ'' کی مقدار قدیم کتب میں شرعی گز کے اعتبار سے درج ہے جیسا کہ رد المحتار اور البحر الرائق کے حوالے سے گزشتہ صفحہ میں گزرا ہے، موجودہ میٹر کے اعتبار سے اس کی مقدار (۱۶ء۱۳۷) میٹر ہے۔ دیکھیے: احسن الفتاویٰ: (۴/ ۷۳،۷۲) کتاب الصلوٰۃ، باب صلوٰۃ المسافر، زیر عنوان: حدود شہر سے نکلنے پر حکم قصر شروع ہوگا نیز جو آبادی شہر سے متصل نہ ہو وہ مستقل ہے۔

(۱، ۲، ۳) انظر الى الحاشية السابقة رقم: ۲، عبی الصفحة: ۴۶. (قوله: من خرج من عمارة موضع)

آبادی میں داخل ہونے کی دعا

”اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ وَخَیْرِ اَهْلِهَا وَخَیْرِ مَافِیْهَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ اَهْلِهَا وَشَرِّ مَافِیْهَا“ (۱)

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے اس بستی کی، اس کے رہنے والے اور اس کی چیزوں کی بھلائی چاہتا ہوں اور تینوں کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔

آخری دن مسافر واپس آیا

”قربانی کے آخری دن واپس آیا“ عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۴۰)

آرام دہ سفر میں قصر

آرام دہ شرعی سفر میں بھی قصر کرنا واجب ہے، پوری نماز پڑھنا درست نہیں۔ (۲)

(۱) وروی النسائی أنه علیه السلام لم یر قریة یرید دخولها إلّا قال حین یراها: اللّٰهم ربّ السمٰوات السبع وما أظللن و ربّ الأرضین السبع وما أقللن وربّ الشیاطین و ماأضللن، وربّ الرّیاح وما ذرین فإنّا نسئلک خیر هٰذه القریة وخیر أهلها وخیر ما فیها ونعوذبک من شرها و شر أهلها و شر ما فیها...... (فتح القدیر: (۳/۹۷) کتاب الحج، المسائل المنثورة، قبیل کتاب النکاح، ط: رشیدیه)

عن عائشة رضی الله عنها قالت: کان رسول الله ﷺ إذا أشرف علی ارض یرید دخولها، قال: اللّٰهم إنّی أسئلک من خیر هٰذه الأرض وخیر ما جمعت فیها، وأعوذبک من شرّها و شرّ ما جمعت فیها، اللّٰهم ارزقنا حماها، وأعذنا من وباها، وحبّبنا إلی أهلها، وحبّب صالحی أهلها إلینا. (عمل الیوم واللیلة لابن سنّی: (ص: ۲۴۸)، باب ما یقول إذا أشرف علی مدینة، ط: مکتبة المؤید ریاض)

الأذکار للنووی: (ص: ۲۰۲) باب ما یقوله إذا رأی قریة یدیر دخولها أو لایرید، ط: مصطفی البابی الحلبی و أولاده بمصر ۱۹۹۵ء.

اللّٰهم بارک لنا فیها (ثلاث مرّات) اللّٰهمّ ارزقنا جناها و حبّبنا إلیٰ أهلها وحبّب صالحی أهلها إلینا. (حصن حصین (ص: ۱۲۸) ط: نجم العلوم لکهنؤ.

(۲) أن العلّة فی الحقیقة هی المشقة م وأقیم السفر مقامها، ولکن لا تثبت علیتها إلاّ بشرط ابتداء و شرط بقاء ...... الخ. (رد المحتار علی الدر المختار: (۲/۱۲۵)، کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعید)

آرام کی کیفیت

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول اور دستور یہ تھا کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں ہوتے اور رات کے وقت کسی جگہ ٹھہرتے اور رات کا کچھ حصہ باقی ہوتا تو داہنی کروٹ پر لیٹ کر آرام فرماتے جیسا کہ سفر کے علاوہ اقامت کی حالت میں بھی داہنی کروٹ پر لیٹنے کی عادت تھی، اور اگر ایسے وقت ٹھہرتے کہ رات کا تقریباً پورا حصہ گذر چکا ہوتا اور صبح ہونے والی ہوتی تو اس صورت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پوری طرح لیٹنے کے بجائے دست مبارک کو کھڑا کر لیتے اور اس کی ہتھیلی پر سر رکھ کر آرام فرماتے، ایسا اس وجہ سے کیا کرتے تھے تاکہ غفلت کی نیند نہ آجائے اور فجر کی نماز قضا نہ ہو جائے، اگرچہ داہنی کروٹ پر سونے کی صورت میں بھی غفلت کی نیند طاری نہ ہوتی۔(۱)

آیت سجدہ

اگر مسافر چلتی ہوئی سواری پر بیٹھ کر ایک ہی آیت بار بار پڑھے تو اس کی چند صورتیں ہوں گی۔

اگر کسی جانور پر نماز کی حالت میں آیت سجدہ بار بار پڑھی تو ایک ہی سجدہ کافی ہوگا۔(۲)

---

(۱) عن أبی قتادة قال: كان رسول الله ﷺ إذا كان فی سفر فعرّس بليل اضطجع علی يمينه وإذا عرّس قبيل الصّبح نصب ذراعه و وضع رأسه علی كفّه. رواه مسلم. (مشكاة المصابيح: (ص: ۳۴۰) كتاب الجهاد، باب آداب السفر، الفصل الثالث، ط: قديمی)

🗁 ...... (اضطجع علی يمينه) أی ليستريح بدنه (وإذا عرّس قبيل الصبح) أی وقت قرب طلوعه (نصب ذراعه) أی اليمين (و وضع رأسه علی كفه) لئلاّ يغلب عليه النوم. (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح: (۷ / ۳۳۸)، كتاب الجهاد، باب آداب السفر، الفصل الثالث، ط: مكتبه امداديه ملتان)

(۲) ولو كرّرها راكباً يتكرّر إن لم يكن فی الصلاة...... ولو فی الصلاة لا يتكرّر؛ لأنّ حرمة الصلاة تجعل الأمكنة كمكانٍ واحدٍ، ولولا ذلک لما صحّت صلاته؛ لأن اختلاف المكان يمنع صحة الصلاة. (غنية المستملی شرح منية المصلّی، المعروف بـ"حلبی كبير": (ص: ۵۰۳)، فصل: أمّا سجدة التلاوة، ط: سهيل اكيڈمی) =

اور اگر نماز کی حالت میں نہ ہو بلکہ یوں ہی بیٹھ کر بار بار پڑھتا رہا اور جانور چل رہا ہو تو اس سے متعدد سجدۂ تلاوت واجب ہوں گے یعنی جتنی دفعہ آیت سجدہ پڑھے گا اتنی ہی دفعہ سجدہ کرنا واجب ہوگا۔(۱) اور خشکی کی سواری ٹرین، بس، کار، ٹیکسی، کشتی یا پانی کا جہاز یا ہوائی جہاز میں ایک ہی آیت بار بار پڑھتا رہا تو بہر صورت ایک ہی سجدہ واجب ہوگا۔(۲)

الف

اپنے کو مسافر سمجھ

''دنیا کو اصل وطن نہ سمجھیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۰۶/۱)

اتصال آبادی کا معیار

''آبادی کے اتصال کا معیار'' ''ملی ہوئی آبادی کا معیار'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۶۰/۲)

اتفاقیہ قیام

اگر کسی مسافر نے شرعی مسافت طے کرنے کے بعد پندرہ دن سے کم ٹھہرنے کی

= البحر الرائق : (۱۲۵/۲) ، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة ، ط: سعيد .

الدر المختار مع رد المحتار : (۱۱۷/۲)، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة ، ط: سعيد.

(۱) ولو كرّرها راكباً يتكرّر...... لأن سير الدّابّة يضاف إلى راكبها. (غنية المستملي شرح منية المصلي المعروف بـ"حلبی کبیر": (ص: ۵۰۳)، فصل في سجدة التلاوة، ط: سهيل اكيڈمی)

البحر الرائق : (۱۲۵/۲) ، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة ، ط: سعيد)

الدرالمختار مع رد المحتار : (۱۱۷/۲) ، كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة ، ط: سعيد.

(۲) والسفينة كالبيت ؛ لأن جريانها غير مضاف إلى الراكب ، بخلاف الدابّة . (غنية المستملي شرح منية المصلّي المعروف بـ" حلبی کبیر " : (ص: ۵۰۴) ، فصل في سجدة التلاوة ، ط: سهيل اكيڈمی)

و سير السفينة لايقطع المجلس بخلاف سير الدابّة إذا لم يكن راكبها في الصلاة. (الفتاوى الهندية : (۱۳۴/۱) كتاب الصلاة ، الباب الثالث عشر في سجود التلاوة ، ط: رشيديه)

الدر المختار مع رد المحتار : (۱۱۶/۲) كتاب الصلاة ، باب سجود التلاوة ، ط: سعيد .

نیت کی یا ٹھہرنے کی نیت کے بغیر ہی ٹھہر گیا تو اس کو بدستور مسافر ہی قرار دیا جائے گا اور اس پر قصر ہی واجب رہے گا اگرچہ اسی حال میں کافی لمبا عرصہ گذر جائے۔(۱)

البتہ اگر مثلاً قافلہ کے آنے کا انتظار ہے اور یہ معلوم ہے کہ پندرہ یوم سے پہلے نہیں آئے گا یا اگلے شہر میں کرفیو نافذ ہونے کی وجہ سے راستہ بند ہے اور پندرہ دن سے پہلے سفر میں جانا ممکن نہیں ہوگا تو ایسے شخص کو اقامت کی نیت کرنے والا تصور کیا جائے گا اور اس حالت میں اس کو پوری نماز پڑھنا واجب ہے۔(۲)

کسی جگہ پر قصد اور ارادے کے بغیر پندرہ دن سے زیادہ بھی قیام کی صورت میں مسافر نماز قصر کرتا رہے گا۔(۳)

---

(۱) قصر الفرض الرباعی ...... حتی یدخل مصره أو ینوی الإقامة نصف شهر ببلد أو قریة ...... وقصر إن نوی أقلّ منها أو لم ینو و بقی سنین . (البحر الرائق : (۲/ ۱۲۸ـ ۱۳۲) کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعید)

الدر المختار مع رد المحتار : (۲/ ۱۲۶) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید.

الفتاوی الهندیة: (۱/ ۱۳۹) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط: رشیدیه.

(۲) لو دخل الحاجّ الشام وعلم أنّه لایخرج إلاّ مع القافلة فی نصف شوّال أتمّ ؛ لأنه کناوی الإقامة ...... (أو دخل بلدة ولم ینوها بل ترقب السفر ولو بقی سنین) إلاّ أن یعلم تأخر القافلة نصف شهر کما مرّ . قال ابن عابدین الشامی رحمه الله تحته : (قوله : لو دخل الحاجّ) أی فی أوّل شوّال أو قبله ، ح . والمراد بالحاجّ الرجل القاصد الحج (قوله : وعلم الخ) أی علم أن القافلة إنّما تخرج بعد خمسة عشر یوماً وعزم ألاّ یخرج إلّا معهم . بحر عن المحیط . وإنّما کان ذلک نیة للإقامة حکماً لا حقیقةً ؛ لأنّه نوی الخروج بعد خمسة عشر یوماً ، وهی متضمنةٌ نیة الإقامة تلک المدّة ...... (قوله : کما مرّ) أی فی مسألة دخول الحاج الشام . (الدر المختار مع رد المحتار : (۲/۱۲۵ ، ۱۲۶) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید)

البحر الرائق (۲/ ۱۳۱) کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعید .

الحجّاج إذا وصلوا بغداد ولم ینووا الإقامة وعزموا أن لا یخرجوا إلّا مع القافلة ویعلمون أن بین هذا الوقت وبین خروج القافلة خمسة عشر یوماً فصاعداً یتمّون أربعاً . (الفتاوی الهندیة : (۱/ ۱۳۹ ، ۱۴۰) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشیدیه)

(۳) (وقصَر إن نوی أقلّ منها أو لم ینو و بقی سنین) أی أقلّ من نصف شهر . (البحر الرائق : (۲/ ۱۳۲) کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعید)

الدر المختار مع رد المحتار : (۲/ ۱۲۶) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط : سعید)

الفتاوی الهندیة: (۱/ ۱۳۹) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط: رشیدیه.

اگر سفر سے واپس جانا اتفاقی طور پر ملتوی ہو گیا، پندرہ دن ٹھہرنے کا قصد پھر بھی نہیں کیا ہمیشہ واپس جانے کا ارادہ رہتا ہے اور کوئی وجہ پیش آ جاتی ہے جا نہیں پاتا تو قصر ہی کرتا رہے گا خواہ کتنے ہی دن اور مہینے گزر جائیں۔(۱)

اٹھائیس روزے ہوئے

رمضان المبارک میں عرب ممالک کا سفر کرنے کی صورت میں مسافر کے اٹھائیس روزے ہوتے ہیں، اور عرب ممالک میں وہاں کے حساب سے تیس روزے پورے ہو کر یا ۲۹ رمضان کو چاند نظر آنے کی وجہ سے عید کا دن ہوتا ہے، تو ایسے مسافر کے لئے وہاں کے عید کے دن روزہ رکھنا جائز نہیں ہوگا۔(۲) ہاں ان کے حساب سے عید منالے اور جو روزہ رہ گیا ہے وہ بعد میں قضا کی نیت سے رکھ لے۔(۳)

---

(۱) لو دخل بلداً ولم ينو أنه يقيم خمسة عشر يوماً وإنّما يقول غداً أخرج أو بعد غدٍ أخرج حتى بقي على ذٰلك سنين قصر. (البحر الرائق: (۲/۱۳۱) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد)

☜ الفتاوى الهندية: (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

☜ (دخل بلدة ولم ينوها) أي مدة الإقامة، قال الشامي: وكذا إذا نواها وهو مترقب للسفر كما في البحر؛ لأن حالته تنافي عزيمته. (الدر المختار مع رد المحتار: (۲/۱۲٦) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

(۲) وهو أقسام ثمانية: فرض ...... والمكروه تحريماً كالعيدين. (الدر المختار مع رد المحتار: (۳۷۵/۲) كتاب الصوم، ط: سعيد)

☜ البحر الرائق: (۲/۲۵۷) كتاب الصوم، ط: رشيديه.

☜ مراقي الفلاح مع الطحطاوي؛ (ص: ٦٤٠) كتاب الصوم، فصل في صفة الصوم و تقسيمه، ط: قديمي.

☜ عید کے دن روزہ رکھنا جائز نہیں ہے، اور جو شخص جس علاقہ میں ہوگا وہیں کے چاند کے اعتبار سے اس کا عید کا دن ہوگا۔

(۳) عن عبد اللّٰه بن عمر أنّ رسول الله ﷺ قال: الشهر تسع و عشرون ليلةً فلا تصوموا حتى تروه فإن غمّ عليكم فأكملوا العدة ثلٰثين. عن جبلة بن سحيم قال: سمعت ابن عمر يقول: قال النّبي ﷺ: الشهر هكذا و هكذا و خنس الإبهام في الثالثة. (صحيح البخاري: (۱/۲۵٦)، كتاب الصوم باب قول النّبي ﷺ: إذا رأيتم الهلال فصوموا وإذا رأيتموه فأفطروا، ط: قديمي)

☜ جامع الترمذي: (۱/۱۴۸) أبواب الصوم، باب ماجاء أن الصوم لرؤية الهلال والإفطار له، و باب ماجاء أن الشهر يكون تسعا و عشرين، ط: سعيد. =

اذان

مسافر جب سفر میں نماز پڑھے تو اذان و اقامت کہے اگر چہ تنہا ہو۔(۱) اذان کی برکت سے فرشتے آ کر اس میں شریک ہو جائیں گے۔(۲) اذان اور اقامت دونوں ترک کرنا مکروہ ہے البتہ صرف اقامت پر اکتفا کرنا جائز ہے۔(۳)

= وإذا ثبت الهلال فی بلدة و مطلع قطرها لزم سائر النّاس فی ظاهر المذهب ...... فيلزم قضاء يوم علی أهل بلدة صاموا تسعة و عشرين يوماً ...... (مراقی الفلاح : (ص: ٦٥٦) ، كتاب الصوم ، فصل : فيما يثبت به الهلال ، ط: قديمی)

الهندية : (١٩٩/١) كتاب الصوم ، الباب الثانی فی رؤية الهلال ، ط: رشيديه .

(٢،١) (وكره تركهما للمسافر) أی ترک الأذان والإقامة لما رواه البخاری و مسلم عن مالک بن الحويرث أتيت رسول الله ﷺ أنا و صاحب لی فلماأردنا الإنتقال من عنده قال لنا : إذا حضرت الصلاة فأذنا وأقيما وليؤمكما أكبر كما ، وإذا كان هٰذا الخطاب لهما ولاحاجة لهما مترافقين إلی استحضار أحد علم أن المنفرد أيضاً يسنّ له ذٰلک . وقد ورد فی خصوص المنفرد أحاديث فی أبی داؤد والنسائی يعجب ربّک من راعی غنم فی رأس شظية يؤذن بالصلاة ويصلّی، فيقول الله عزّ وجلّ : انظروا إلی عبدی هٰذا يؤذن للصلاة ويقيم للصلاة يخاف منی قد غفرت لعبدی وأدخلته الجنّة . وعن سلمان الفارسی قال : قال رسول الله ﷺ إذا كان الرجل بأرض فیء فحانت الصلاة فليتوضّأ فإن لم يجد ماءً فليتيمم ، فإن أقام صلّی معه ملكان ، وإن أذّن و أقام صلّی خلفه من جنود الله مالايری طرفاه . رواه عبد الرزاق ...... وندبالهما أی الأذان والإقامة للمسافر .(البحر الرائق : ٢٦٥/١) كتاب الصلاة ، باب الأذان ، ط: سعيد)

الدر المختار مع رد المحتار : (٣٩٤/١) كتاب الصلاة ، باب الأذان . ط: سعيد .

بدائع الصنائع: (١٥٣/١) كتاب الصلاة، فصل: وأمّا بيان محل وجوب الأذان، ط: سعيد.

الفتاوی الهندية : (٥٣/١ ، ٥٤) كتاب الصلاة ، الباب الثانی فی الأذان ، الفصل الأول فی صفته و أحوال المؤذن ، ط : رشيديه.

(٣) ويكره للمسافر تركهما وإن كان وحده ، هٰكذا فی المبسوط ولو ترک الإقامة أجزأه ولكنه يكره ...... الخ . (الفتاوی الهندية : (٥٤/١) كتاب الصلاة ، الباب الثانی فی الأذان ، الفصل الأول فی صفته و أحوال المؤذن ، ط: رشيديه)

قيد بتركهما ؛ لأنه لو ترک الأذان وأتیٰ بالإقامة لايكره لأثر علیّ رضی الله عنه ولو عكس يكره . (البحر الرائق : (٢٦٥/١) كتاب الصلاة ، باب الأذان ، ط: سعيد)

فإن صلوا بجماعة وأقاموا وتركوا الأذان أجزأهم ولايكره، ويكره لهم ترک الإقامة...... =

اگر سفر میں سب لوگوں کی نماز قضا ہوگئی تو اذان اور اقامت کہہ کر اس کو جماعت سے ادا کریں۔

اور اگر ایک سے زائد نمازیں قضاء ہوئیں تو پہلی نماز کے لئے اذان دیں اور باقی نمازوں میں صرف اقامت کہیں۔(۱)

سفر میں اگر تمام ساتھی موجود ہیں تو اذان کہنا مستحب ہے، اور اقامت کہنا سنت مؤکدہ ہے سفر میں تنہا نماز پڑھنے کا بھی یہی حکم ہے۔(۲)

= وأصله ما روى عن عليّ رضى الله عنه أنه قال: المسافر بالخيار إن شاء أذّن و أقام و إن شاء أقام ولم يؤذن...... الخ. (بدائع الصنائع: (۱/۱۵۳) كتاب الصلاة، فصل: وأمّا بيان محل وجوب الأذان، ط سعيد)

☜ الدر المختار مع رد المحتار : (۱/۳۹۴) كتاب الصلاة ، باب الأذان ، ط :سعيد .

(۱) يسن في قضاء الفوات الأذان للأولىٰ فقط ، بخلاف الإقامة فإنّها تسنّ لكل فائتة. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/۳۲۴) الأذان لقضاء الفوات، ط: دار إحياء التراث العربى بيروت)

☜ وإن كانت عليه فوائت كثيرة و أراد قضائها في مجلس واحد أذن للأولىٰ منها و يخير في باقيها. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/۳۱۹) الأذان للصلوٰة الفائتة، ط: دار إحياء التراث العربى) بيروت.

(۲) لنا ما روى أبو قتادة الأنصارى رضى الله عنه في حديث ليلة التعريس فقال : ...... أمر بلالاً بأن يؤذّن فأذّن وصلينا ركعتين ثم أقام فصلينا صلاة الفجر ......، ولأن القضاء على حسب الأداء وقد فاتتهم الصلاة بأذان و إقامة ، فتقضى كذٰلك ...... الخ . (بدائع الصنائع : (۱/۱۵۴) كتاب الصلاة ، فصل : وأمّا بيان محل وجوب الأذان ، ط : سعيد)

☜ (قوله: ويؤذن للفائتة و يقيم)؛ لأن الأذان سنة للصلاة لا للوقت فإذا فاتته الصلاة صلاة تقضى بأذان و إقامة لحديث أبى داؤد و وغيره أنّه ﷺ أمر بلالاً بالأذان والإقامة حين ناموا عن الصبح وصلّوها بعد ارتفاع الشمس وهو الصحيح في مذهب الشافعي...... وذكر الشارح أن الضابط عندنا أن كل فرض أداء كان أو قضاء يؤذن له ويقام سواء أدى منفرداً أو بجماعة إلّا الظهر يوم الجمعة في المصر...... الخ (البحر الرائق: (۱/۲۶۱، ۲۶۲) كتاب الصلاة، باب الأذان، ط سعيد)

☜ الفتاوى الهندية : (۱/۵۵) كتاب الصلاة ، الباب الثانى في الأذان ، الفصل الأول في صفته و أحوال المؤذن ، ط :رشيديه .

☜ و ندب الأذان والإقامة للمسافر ...... ولو ترك الإقامة أجزأه ولكنه يكره . (الفتاوى الهندية : (۱/۵۳ ، ۵۴) كتاب الصلاة ، الباب الثانى في الأذان ، الفصل الأول في صفته و أحوال المؤذن ، ط: رشيديه) =

ریل کے ڈبہ میں چونکہ سب لوگ ایک ہی جگہ پر ہوتے ہیں اس لئے اس میں جماعت کے ساتھ نماز ہو یا تنہا دونوں صورتوں میں اذان دینا مستحب ہے، اور اقامت کہنا سنت موکدہ ہے۔(۱) چلتی ریل میں ایک ڈبہ کے مسافروں کا دوسرے ڈبہ والوں سے کوئی تعلق نہیں اس لئے ہر ڈبہ میں اذان اور اقامت الگ الگ دی جائے اگرچہ دوسرے ڈبہ سے اذان اور اقامت کی آواز پہنچ چکی ہو۔(۲)

= الدر المختار مع رد المحتار : (۱/ ۳۹۴) كتاب الصلاة ، باب الأذان ، ط: سعيد .

البحر الرائق : (۱/ ۲۶۵) كتاب الصلاة ، باب الأذان ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع: (۱/ ۱۵۳) كتاب الصلاة، فصل: وأمّا بيان محلّ وجوب الأذان، ط: سعيد.

(۱) وهو سنة مؤكّدة للفرائض الخمسة في وقتها ولو قضاءً ...... الخ . قال الشامي: (قوله: للفرائض الخمس الخ) دخلت الجمعة، بحر، وشمل حالة السفر والحضر والانفراد والجماعة. قال في مواهب الرحمٰن، و نور الإيضاح: ولو منفرداً أداءً أو قضاءً ، سفراً أو حضراً. اهـ . (الدر مع الرد: (۱/ ۳۸۴) كتاب الصلاة ، باب الأذان ، وفيه : والإقامة كالأذان فيما مرّ . قال الشامي: (قوله : فيما مرّ) قيّد به لئلا يرد عليه أن ترك الإقامة يكره للمسافر دون الأذان. (الدر مع الرد: (۱/ ۳۸۸)، كتاب الصلاة، باب الأذان، ط: سعيد)

وندب الأذان والإقامة للمسافر ...... ويكره للمسافر تركهما وإن كان وحده ، هٰكذا في المبسوط، ولو ترك الإقامة أجزأه ولٰكنّه يكره. هٰكذا في شرح الطحاوي. (الفتاوى الهندية: (۱/ ۵۳، ۵۴) كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، الفصل الأول في صفته وأحوال المؤذن، ط: رشيديه)

وأمّا المسافرون فالأفضل لهم أن يؤذّنوا و يقيموا...... فإن صلّوا بجماعةٍ وأقاموا و تركوا الأذان أجزأهم ولا يكره، ويكره لهم ترك الإقامة، بخلاف أهل المصر إذا تركوا الأذان وأقاموا أنه يكره لهم ذٰلك؛ لأن السفر سبب الرخصة، وقد أثر في سقوط شطر فجاز أن يؤثر في سقوط أحد الأذانين، إلّا أن الإقامة آكد ثبوتاً من الأذان، فيسقط شطر الأذان دون الإقامة. (بدائع الصنائع: (۱/ ۱۵۳) كتاب الصلاة، (الأذان) فصل: وأمّا بيان محل وجوب الأذان، ط: سعيد)

احسن الفتاوی: (۲/ ۲۹۳، ۲۹۴) کتاب الصلاۃ، باب الأذان والإقامۃ، زیرعنوان: ریل گاڑی مین اذان کہنا، ط: سعید.

(۲) الحنفية ـــ قالوا : الأذان سنة مؤكدة على الكفاية لأهل الحي الواحد ، وهي كالواجب في لحوق الإثم لتاركها ، وإنّما يسنّ في الصلوات الخمس المفروضة في السفر والحضر للمنفرد والجماعة أداء و قضاءً ، الخ (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة (۱/ ۳۱۳) حكم الأذان ، رقم الحاشية (۱) ، ط: دار إحياء التراث العربي)

احسن الفتاوی: (۲/ ۲۹۳، ۲۹۴) کتاب الصلاۃ، باب الأذان والإقامۃ، زیرعنوان: ریل گاڑی مین اذان کہنا، ط: سعید۔

اذان بیٹھ کر دینا

اگر سفر کی حالت میں سواری پر بیٹھ کر اذان دی ہے تو اذان صحیح ہو جائے گی خواہ سواری قبلہ رو ہو یا نہ ہو لیکن بیٹھ کر اقامت کہنا مکروہ ہے۔(۱)

ارادہ بدل گیا

''مسافت کی مقدار طے کرنے سے پہلے نیت بدل دی'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۵۶)

---

(۱) يكره الكلام اليسير.......... ومنها أن يؤذن قاعداً أو راكباً من غير عذر الّا المسافر، فلايكره أذانه وهو راكب، ولو بلا عذر. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة (۱/۳۲۱) الكلام حال الأذان، ط: دار إحياء التراث العربى، بيروت)

ويندب فى الأذان أمور ...... وأن يكون قائماً، إلّا لعذر من مرض و نحوه، وأن يكون مستقبل القبلة الخ، وفى الحاشية رقم (۱) الحنفية قالوا: يسن استقبال القبلة حال الأذان، إلّا فى المنارة فإنّه يسن له أن يدور فيها ليسمع النّاس فى كل جهة، وكذا إذا أذن وهو راكب فإنّه لا يسنّ له الاستقبال بخلاف الماشى (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة (۱/۳۱۷) مندوبات الأذان وسننه، ط: دار إحياء التراث العربى بيروت)

والمسافر إذا أذّن راكباً لايكره، وينزل للإقامة، كذا فى فتاوى قاضيخان والخلاصة، وإن لم ينزل وأقام أجزأه كذا فى المحيط، ويجوز للمسافر أن يفتتح الأذان على الدابّة وإن لم يكن وجهه إلى القبلة، كذا فى فتاوى قاضيخان و الخلاصة. (الفتاوى الهندية: (۱/۵۴) كتاب الصلاة، الباب الثانى فى الأذان، الفصل الأوّل فى صفته وأحوال المؤذن، ط :رشيديه)

وأمّا المسافر فلا بأس أن يؤذّن راكباً، لما روى أنّ بلالاً رضى اللّٰه عنه بماأذن فى السفر راكباً ...... وينزل للإقامة، لماروى أنّ بلالاً أذّن وهو راكب، ثمّ نزل و أقام على الأرض، ولأنّه لو لم ينزل لوقع الفصل بين الإقامة والشروع فى الصلاة بالنزول وأنّه مكروه. (بدائع الصنائع: (۱/۱۵۱)، كتاب الصلاة، (الأذان)، فصل: وأمّا بيان سنن الأذن، ط: رشيديه)

والمسافر إذا أذّن راكباً لايكره، وينزل للإقامة، ويجوز للمسافر أن يفتتح الأذان على الدابّة وإن لم يكن وجهه إلى القبلة. (الفتاوى الخانية على هامش الهندية: (۱/۷۷) كتاب الصلاة، باب الأذان، مسائل الأذان، ط: رشيديه)

البحر الرائق: (۱/۲۶۵،۲۶۶) كتاب الصلاة، باب الأذان، ط: سعيد.

اڑتالیس میل

اڑتالیس میل انگریزی تقریباً سواستتر کلومیٹر ہے (یعنی ستتر کلومیٹر، دوسواڑتالیس میٹراور دوملی میٹر ہیں)(۱)

اڑتالیس میل سے کم سفر کا حکم

اگر سفر کی مسافت کم سے کم سواستر کلومیٹر ہے تو سفر کے دوران روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے۔(۲)

اور اگر سفر اڑتالیس میل یعنی سواستتر کلومیٹر سے کم ہے تو اس دوران روزہ رکھنا لازم ہے، نہ رکھنے کی صورت میں اللہ اور اس کے رسول کے حکم کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے سخت گنہگار ہوگا۔(۳)

---

(۱) اوزان شرعیہ مصنفہ مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ: (ص:۴۹) انگریزی میل اور شرعی میل میں فرق، نیز اسی کتاب کا آخری صفحہ (ص:۶۲) ط: ادارۃ المعارف کراچی.

احسن الفتاوی: (۱۰۵/۴) کتاب الصلاہ، باب صلاۃ المسافر، القول الاظھر فی تحقیق مسافر السفر، ضمیمہ، ط: سعید.

(۲) " أقل مسافة تتغير فيها الأحكام مسيرة ثلاثة أيّام ...... " الأحكام الّتي تتغير بالسفر هي قصر الصلاة و إباحة الفطر ...... الخ . (الفتاوى الهندية : (۱۳۸/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

إذا جاوز المقيم عمران مصره قاصداً مسيرة ثلاثة أيّام ولياليها ...... يلزمه قصر الصلاة ويرخص له ترك الصيام . (الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية : (۱۶۴/۱) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط :رشيديه)

لمن خاف زيادة المرض الفطر وللمسافر ......الخ . (البحر الرائق : (۲۸۱/۲ ، ۲۸۲) كتاب الصوم ، فصل في العوارض ، ط: سعيد)

...... فكان ابن عباس رضي الله عنه يقول : قد صام رسول الله ﷺ وأفطر ، فمن شاء صام و من شاء أفطر ، متفق عليه . (مشكاة المصابيح : (ص: ۱۷۷) كتاب الصوم ، باب صوم المسافر ، الفصل الأول ، ط: قديمي)

(۳) عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : من أفطر يوماً من رمضان من غير رخصةٍ =

استقبال

مہمان کی خاطر داری، اور اس کے اکرام میں یہ بھی ہے کہ جب وہ آئے تو گھر کے دروازہ پر اس کا استقبال کیا جائے، اس میں ایک بڑی حکمت یہ بھی ہے کہ اس کی وجہ سے دوسرے لوگ گھر میں ایک اجنبی کے آنے سے کسی وہم اور وسوسہ کا شکار نہیں ہوں گے۔

مہمان کے استقبال کے لیے گھر کے دروازہ تک جانا قدیم عادت ہے، جس کو ہمیشہ سے تمدن، تہذیب اور شائستگی کا مظہر بھی سمجھا گیا ہے اور انسان کی فطرت سلیمہ کا غماز بھی ہے۔ (۱)

استقبال کرنا

اگر مہمان کے آنے کی اطلاع پہلے سے ہو تو اس کا استقبال کرنا یعنی شہر سے باہر یا مکان کے آگے جا کر مہمان سے ملاقات کرنا جائز اور مسنون ہے۔ (۲)

= ولا مرض لم يقض عنه صوم الدهر كله و إن صامه . (جامع الترمذی : (۱/ ۱۵۳ ، ۱۵۴) أبواب الصوم ، باب ما جاء في الإفطار متعمّداً ، ط: سعيد)

مشكاة المصابيح: (ص: ۱۷۷) كتاب الصوم، باب تنزيه الصوم، الفصل الثاني، ط: قديمي.

سنن أبي داؤد : (۱/ ۳۴۶) كتاب الصوم ، باب التغليظ فيمن أفطر عمداً ، ط: رحمانيه .

(۱) ....

(۲) قال ﷺ : من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليكرم ضيفه ، فكل ما يعدّ إكراماً له فهو داخل في عموم هذا الخبر . (اتحاف السادة المتقين بشرح إحياء علوم الدين للزبيدي : (۵ / ۲۶۴) كتاب آداب الأكل ، الباب الرابع في آداب الضيافة ، فصل : يجمع آداباً و مناهي طبيه و شرعية متفرقة ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت ، ۱۴۰۹ هـ ۱۹۸۹ هـ)

عن السائب بن يزيد قال : لما قدم النبيّ ﷺ المدينة من غزوة تبوك تلقّاه النّاس ، فلقيته مع الصبيان على ثنية الوداع . (سنن أبي داؤد : (ص: ۴۷۴) كتاب الجهاد ، باب في التلقّي ، (رقم الحديث : ۲۷۷۶) ، ط: دار إحياء التراث العربي)

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبوک سے تشریف لائے تو ہم لوگ بچوں کے ساتھ "ثـنـية الـو داع" تک آپ کی ملاقات کے لیے گئے تھے۔(۱)

اور ایک حدیث میں ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے واپس تشریف لاتے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے بچوں کو آپ کے استقبال کے لیے لے جاتے تھے، جو بچہ سب سے پہلے پہنچتا، اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم آگے سوار کر لیتے تھے۔(۲)

استنجا اور وضو کی حاجت ہو جبکہ پانی ایک کے لیے کافی ہو؟

"پانی وضو اور استنجا میں سے ایک کے لیے کافی ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۴/۱)

اسٹیشن

اگر اسٹیشن شہر سے متصل ہے درمیان میں زرعی زمین یا ۱۶ء۱۳۷ میٹر خلا نہیں ہے تو

---

(۱) حدّثنا سفيان عن الزهری عن السائب بن يزيد قال: خرجت مع الصبيان إلى ثنية الوداع نتلقّى رسول الله ﷺ من غزوة تبوک، وقال سفيان: مرّة أذكر مقدَم النبیّ ﷺ لما قدّم النبیّ ﷺ من تبوک. (المسند للإمام أحمد بن حنبل: (۱۲ / ۲۸۶) مسند سائب بن يزيد، (رقم الحديث: ۱۵۶۶۱)، ط: دار الحديث، القاهرة)

☜ سنن أبی داؤد: (ص: ۳۷۴) كتاب الجهاد، باب فی التلقّی، (رقم الحديث: ۲۷۷۶) ط: دار إحياء التراث العربی، بيروت.

(۲) عن عبدالله بن جعفر قال: كان رسول الله ﷺ إذا قدم من سفر تلقّی بصبيان أهل بيته، وأنّه قدم من سفر فسبق بی إليه، فحملنی بين يديه، ثم جيئ بأحد ابنی فاطمة، فأردفه خلفه، قال: فأدخلنا المدينة ثلثة على الدابّة. رواه مسلم (مشكاة المصابيح: (ص: ۳۳۹) كتاب الجهاد، باب آداب السفر، الفصل الأول، ط: قديمی).

☜ حدّثنا عبد الله بن جعفر قال: كان النبیّ ﷺ إذا قدم من سفر استقبل بنا، فأينا استقبل أوّلاً جعله أمامه فاستقبل بی فحملنی أمامه، ثم استقبل بحسن أو حسين، فجعله خلفه فدخلنا المدينة وإنّا لكذلک. (سنن أبی داؤد، (ص: ۳۳۷) كتاب الجهاد، باب فی ركوب ثلاثة على دابّة، ط: دار إحياء التراث العربی، بيروت)

اس میں قصر کرنا جائز نہیں ہوگا۔(۱)

اسٹیشن پر کھانے پینے کا طریقہ

اگر اسٹیشن پر چیزیں خرید کر یا اپنا ناشتہ وغیرہ نکال کر کسی غریب آدمی کے سامنے کھائے تو تھوڑا بہت اس کو بھی دیدے، گھر میں چند غریبوں کو کھانا کھلانے سے ایسے غریب کو کھلانے کا ثواب زیادہ ہوگا، اگر اتنی گنجائش نہیں یا ہمت اور توفیق نہیں تو ایک طرف کو علیحدہ ہو کر پوشیدہ کھالے، خاص طور پر چھوٹے بچوں کے سامنے اس بات کا بہت زیادہ خیال رکھے۔(۲)

اسلامی فوج نے دارالحرب کے کسی علاقہ پر قبضہ کرلیا

اگر اسلامی فوج نے دارالحرب کے کسی علاقہ پر قبضہ کیا ہے، تو جب تک اسلامی حکومت مقبوضہ علاقہ کو اپنا علاقہ تصور نہیں کرے گی تب تک وہ علاقہ دارالحرب کے حکم میں

(۱) وأمّا الفناء وهو المكان المعد لمصالح البلد كركض الدوابّ و دفن الموتى وإلقاء التراب، فان اتّصل بالمصر اعتبر مجاوزته، وإن انفصل بغلوة أو مزرعة فلا ...... هي ثلاثمائة ذراع إلى أربعمائة هو الأصحّ. (رد المحتار على الدر المختار: (۲/۱۲۱، ۱۲۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۲/۱۲۸) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

الفتاوى الخانيه على هامش الهندية: (۱/۱۶۴، ۱۶۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

احسن الفتاوی (۴/۷۳) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، زیر عنوان: جو آبادی شہر سے نہ ہو وہ مستقل ہے، ط: سعید.

ومن خرج من عمارة موضع إقامته قاصداً مسيرة ثلاثة أيام ولياليها من أقصر السنة ...... قصر صلى الفرض الرباعي ركعتين وجوباً. (الدر مع الرد: (۲/۱۲۳ ـ ۱۲۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۲/۲۲۶)، كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

الهندية: (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

(۲) رفیق سفر، تالیف حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمہ اللہ (ص: ۳۴) ریل کے متعلق متفرق مسائل، ط: دار الاشاعت اردو بازار کراچی۔

رہے گا، اور وہاں اسلامی فوج مسافروں کے حکم میں ہونے کی وجہ سے قصر کرے گی۔(۱)

رمضان المبارک کے روزہ کے متعلق یہ حکم ہے کہ اگر روزہ رکھ سکتے ہیں تو رکھ لیں ورنہ نہ رکھنے کی اجازت ہوگی، بعد میں قضا رکھ لیں۔(۲)

تراویح اگر پڑھ سکتے ہیں تو پڑھنا بہتر ہوگا، ورنہ چھوڑنے کی بھی اجازت ہوگی۔(۳)

باقی جمعہ اور عید کی نماز لازم نہیں ہے۔(۴)

---

(۱) وكذا يصلّي ركعتين عسكر دخل أرض حرب أو حاصر حصناً فيها ، بخلاف من دخلها بأمان فإنّه يتمّ...... الخ. (الدر مع الرد: (۲/۱۲۷) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

حاصر قوم مدينة في دار الحرب أو أهل البغي في دار الإسلام في غير مصر ونووا الإقامة خمسة عشر يوماً قصروا؛ لأنّ حالهم متردّد بين قرار و فرار فلا تصحّ نيّتهم وإن نزلوا في بيوتهم. (الفتاوى الهندية: (۱/۱۴۰) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيدية)

الفتاوى الخانية على هامش الهندية: (۱/ ۱۶۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

(۲) فمن كان منكم مريضا أو على سفر فعدّة من أيّام أخر . (البقرة : ۱۸۴)

الأحكام الّتي تتغير بالسفر هي قصر الصلاة وإباحة الفطر ...... الخ . (الفتاوى الهندية : (۱/۱۳۸) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط؛ رشيديه)

لمسافر ...... الفطر ...... و قضوا لزومًا ...... الخ . (الدر مع الرد : (۲/ ۴۲۱_ ۴۲۳) كتاب الصوم ، باب مايفسد الصوم وما لا يفسده ، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم ، ط: سعيد)

الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية : (۱/ ۱۶۴) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه .

(۳) ويأتي المسافر بالسنن إن كان في حال أمن و قرار وإلاّ بأن كان في خوف و فرار لايأتي بها. (الدر مع الرد : (۲/ ۱۳۱) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد) .

وفي التجنيس : والمختار أنّه إن كان حال أمن و قرار يأتي بها ؛ لأنّها شرعت مكمّلات ، والمسافر إليه محتاج ، وإن كان حال خوف لايأتي بها ؛ لأنه ترك بعذرٍ . (البحر الرائق : (۲/ ۱۳۰) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد)

الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية : (۱ / ۱۷۰) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

(۴) ثم لوجوبها شرائط في المصلي وهي الحرية ، و الذكورة ، والإقامة ، والصحة ...... حتّى لا تجب الجمعة على العبيد والنسوان والمسافرين والمرضى . (الفتاوى الهندية : (۱/ ۱۴۴) كتاب الصلاة ، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة ، ط: رشيدية) =

اور فرائض میں قصر کریں۔(۱)

اشراق

اگر سفر میں وقت اور فرصت ہے تو اشراق کی نماز پڑھ سکتا ہے ثواب ملے گا۔(۲)

اطراف میں دورہ کا حکم

اگر کسی آدمی کو سرکاری ملازمت یا کسی اور وجہ سے صرف اطراف میں سوا ستتر (77 1/4) کلو میٹر کے اندر یا کم زیادہ دورہ کرنا پڑتا ہے، اور اس دورہ میں چند روز گذر

= تجب صلاتهما في الأصحّ على من تجب عليه الجمعة بشرائطها ...... (الدر المختار : (۱۶۶/۲) كتاب الصلاة ، باب العيدين ، ط : سعيد)

البحر الرائق : (۱۴۰/۲ و ما بعد) كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، و أيضاً (۱۵۷/۲) باب العيدين ، ط: سعيد .

فلا تجب الجمعة على المجانين و الصبيان و العبيد إلاّ بإذن مواليهم و المسافرين ...... الخ (بدائع الصنائع : (۲۵۸/۱) ، كتاب الصلاة ، (الجمعة) فصل ؛ وأمّا بيان شرائط الجمعة ، ط:سعيد)

والإقامة من شرائط وجوبها كما هي من شرائط وجوب الجمعة حتى لا تجب على النسوان...... والمرمض والمسافرين كما لا تجب عليهم لما ذكرنا في صلاة الجمعة. (بدائع الصنائع: (۱/ ۲۷۵) كتاب الصلاة، فصل: وأمّا صلاة العيدين، وأمّا شرائط وجوبها وجوازها ، ط : سعيد)

(۱) من جاوز بيوت مصره ...... قصر الفرض الرباعي . (البحر الرائق : (۱۲۸/۲) كتاب الصلاة ، باب المسافر)

إذا جاوز المقيم عمران مصره ...... يلزمه قصر الصلاة . (الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية : (۱۶۴/۱) ، كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر . ط؛ رشيديه)

الفتاوى الهندية: (۱۳۸/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

(۲) ويأتي المسافر بالسنن إن كان في حال أمن و قرار وإلاّ بأن كان في خوف و فرار لايأتي بها. (الدر مع الرد : (۱۳۱/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد) .

(۳) والمعتبر نية المتبوع لا التابع...... وتلميذ...... الخ . قال الإمام ابن عابدين الشامى رحمه الله تحته: (قوله:و تلميذ) أى إذا كان يرتزق من أستاذه...... قلت : ومثله بالأولىٰ الابن البارّ البالغ مع أبيه ، تأمّل . (الدر مع الرد : (۲/۱۳۳ ، ۱۳۴) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

(قوله ؛ وتعتبر نية الإقامة والسفر من الأصل دون التبع أى المرأة والعبد والجندى) ...... قال ابن نجيم رحمه الله فى شرحه : ...... وليس مراد المصنف قصر التبع على هؤلاء الثلاثة ، بل هو كل من كان تبعاً لإنسان ويلزمه طاعته فيدخل الأجير مع مستأجره ...... الخ . (البحر الرائق : (۲/۱۳۸) كتاب الصلاة ، باب [صلاة] المسافر ، ط: سعيد)

بدائع الصنائع : (۱/۱۰۱) كتاب الصلاة ، [صلاة المسافر] ، فصل : وأمّا بيان ما يصير المسافر به مقيماً ، ط: سعيد .

بحری جہاز کے عملہ کا حکم

اگر بحری جہاز ہمیشہ دور دراز ممالک میں پھرتا رہتا ہے، کبھی ایک جگہ دس پندرہ دن، مہینہ دو مہینہ کھڑا رہتا ہے، جہاز کے ملازمین اور عملہ کو معلوم نہیں ہوتا کہ کب وہاں سے روانہ ہوگا اور بعض بحری جہاز ایک مقررہ مقام سے دوسرے مقررہ مقام تک جاتے ہیں اور ملازمین کو چھ سات ماہ بعد یا بعض مرتبہ سال دو سال کے بعد گھر جانے کا اتفاق ہوتا ہے، تو ایسے ملازمین اور عملہ جب تک اپنے وطن میں نہیں پہنچیں گے، چار رکعت والی فرض نماز میں مسلسل قصر کریں گے، اور جب اپنے وطن پہنچیں گے اس وقت چار رکعت والی فرض نماز چار رکعت پوری پڑھیں گے۔(۱)

اور جو جہاز مقررہ جگہ سے مقررہ جگہ تک جاتا ہے اور درمیان میں سفر کی مسافت ہے اس کے ملازمین بھی برابر قصر کریں گے۔(۲)

اگر بحری جہاز کسی شہر میں لنگر انداز ہو، اور بندرگاہ شہر کا حصہ تصور کی جاتی ہو اور اس جگہ پندرہ دن یا اس سے زیادہ رہنے کا ارادہ ہو تو پوری نماز پڑھی جائے گی۔ واضح رہے کہ

---

(۱) ......وقيد بالبلد والقرية؛ لأنّ نية الإقامة لاتصحّ في غيرهما، فلاتصحّ في مفازة ولاجزيرة ولا بحر ولا سفينة. (البحر الرائق: (۲/۱۳۱) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد)

الفتاوى الهندية: (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: مكتبه رشيديه كراچى.

(قوله: ولاتصحّ نية الإقامة في مفازة) مثلها الجزيرة والبحر والسفينة، والملاح مسافر وسفينته ليست بوطن إلاّ عند الحسن، نقله السيد عن البحر. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (۲/۱۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: مكتبه غوثيه كراچى)

(۲) من خرج من عمارة موضع إقامته...... قاصداً مسيرة ثلاثة أيام و لياليها...... صلّى الفرض الرباعي ركعتين...... (الدر مع الرد: (۲/ ۱۲۱، ۱۲۳) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (۲/۹ ــ ۱۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط؛ مكتبه غوثيه كراچى.

البحر الرائق: (۲/۱۲۸ ــ ۱۳۱) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد.

سمندر میں اقامت کی نیت معتبر نہیں۔(۱)

بحری جہاز کے کپتان

''ڈرائیور'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۱۶)

بحری جہاز میں نماز

''کشتی میں نماز'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۹۵)

بحری سفر کی دعا

بحری سفر میں ڈوبنے اور طوفان سے محفوظ رہنے کا واحد ذریعہ یہ ہے کہ بحری جہاز یا کشتی پر سوار ہوتے وقت یہ آیات پڑھے:

''بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ''۔[ھود : ۴۱]

''وَمَاقَدَرُو االلّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعَالٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ.''[الزمر : ٦٧](۲)

---

(۱) ......قصر الفرض الرباعي...... حتى يدخل مصره أو ينوي الإقامة نصف شهر ببلد أو قرية...... الخ. (البحر الرائق : (۲/۱۲۸ـ ۱۳۱) كتاب الصلاة ، باب [صلاة] المسافر ، ط: سعيد)

ولايزال يقصر حتى يدخل مصره أو ينوي إقامته نصف شهر ببلد أو قرية. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (۲/۱۴) كتاب الصلاه، باب صلاة المسافر، ط: مكتبه غوثيه كراچى)

الفتاوى الهندية: (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: مكتبه رشيديه كراچى.

(۲) یہ دو آیتیں قرآن کریم کی دو مختلف سورتوں کی آیات ہیں، لیکن روایات میں سمندری سفر کی دعا کے طور پر ان کا ذکر ایک ساتھ آیا ہے۔چنانچہ ملاحظہ ہو:

" قال أبو القاسم الطبراني: حدّثنا إبراهيم بن هاشم البغوي ...... عن الضحاک عن ابن عبّاس عن النبيّ ﷺ قال : أمان أمّتي من الغرق إذا ركبوا في السفن أن يقولوا : بسم الله الملک ﴿ وما قدروا الله حقّ قدره ...... الأية ﴾، ﴿ بسم الله مجرها و مرسٰها ط إنّ ربّي لغفورٌ رَّحيم ﴾.

(تفسير القرآن العظيم للحافظ ابن كثير الدمشقي : (۲/۴۵٦) ، [هود : ۴۱] ، ط:قديمي)

نوٹ:۱۔روایت کے الفاظ میں:" بسم الله الملک " کا اضافہ بھی ہے ابتدا میں۔ =

بحری سفر کے احکام

دریا میں جہاز یا کشتی کے ذریعہ جو سفر کیا جائے اس کے بھی عام احکام وہی ہیں جو خشکی میں سفر کے ہیں، دونوں میں کوئی فرق نہیں۔ (۱)

بحری سفر میں شوہر گم ہو جائے

سمندر میں کوئی حادثہ پیش آیا، اور سارے مسافر ڈوب گئے، اس میں کسی مسلم عورت کا شوہر بھی تھا، اس کا گم ہونا بھی متعین ہو گیا، تو ایسی صورت میں عورت گمشدگی کے وقت سے عدت گذارے، عدت ختم ہونے کے بعد وہ عورت دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے۔ (۲)

= ۲۔ اور آیت کی ترتیب بھی الٹ ہے، یعنی پہلے " وما قدر اللّٰہ " ہے اور پھر " بسم اللّٰہ مجرھا " .

المعجم الأوسط : (۶/۱۸۴) [رقم الحديث : ۶۱۳۶] باب الميم من اسمه ؛ محمد ، ط: دار الحرمين ، القاهرة.

المعجم الكبير : (۱۲/۱۲۴) [رقم الحديث : ۱۲۶۶۱] أحاديث عبدالله بن عباس رضي الله عنه ، ط: مكتبة العلوم والحكم .

(۱) من جاوز بيوت مصره مريداً و سيراً وسطاً ثلاثة أيّام في برّ أو بحر أو جبل قصر الفرض الرباعي...... الخ . (البحر الرائق : (۲/۱۲۸) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد)

الفتاوى الهندية: (۱/۱۳۸) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

فالحاصل: أنّ التقدير بمسير ثلاثة أو بالمراحل في السهل والجبل والبرّ والبحر، ثمّ يعتبر في كلّ ذٰلك السير المعتاد فيه، و ذٰلك معلوم عند النّاس فيرجع إليهم عند الاشتباه. (بدائع الصنائع: (۱/۹۴)، كتاب الصلاة، [صلاة المسافر]، فصل: وأمّا بيان ما يصير به المقيم مسافراً، ط: سعيد)

(۲) وعلى هٰذا يبتني على ما في جامع الفتاوى، حيث قال: وإذا فقد في المهلكة فموته غالب فيحكم به، كما إذا فقد في وقت الملاقاة مع العدوّ، أو مع قطاع الطريق، أو سافر على المرض الغالب هلاكه، أو كان سفره في البحر، وما أشبه ذٰلك حكم بموته؛ لأنّه الغالب في هٰذه الحالات، وإن كان بين احتمالين، واحتمال موته ناشئ عن دليل، لا احتمال حياته ؛ لأنّ هٰذا الاحتمال كاحتمال ما إذا بلغ المفقود مقدار ما لايعيش على حسب مااختلفوا في مقدار...... وأفتى به بعض مشائخنا، وقال: إنّه أفتى به قاضي زاده، صاحب بحر الفتاوىٰ، لكن لايخفى أنّه لابدّ من مضي مدّة طويلة حتى يغلب على الظنّ موته، لابمجرد فقده عند ملاقاة العدوّ أو سفر البحر ونحوه، إلّا إذا كان ملكاً عظيماً فإنّه إذا بقي حيًّا تشتهر حياته. (رد المحتار: (۴/۲۹۷) كتاب المفقود، ط: سعيد) =

لیکن اگر بحری سفر میں گم ہونا متعین نہیں یا ساحل پر پہونچنے کا احتمال ہے، تو اس صورت میں لمبی مدت گذرنے کے بعد اسلامی ملک میں حاکم اور غیر اسلامی ملک میں شرعی پنچائیت اس کو ڈوبنے کی وجہ سے مرا ہوا تصور کر کے اس کا نکاح فسخ کر سکتے ہیں۔(۱)

= وإذا حكم بموته اعتدت امرأته عدة الوفاة من ذلك الوقت ...... الخ . (الفتاوى الهندية : (۲/ ۳۰۰) كتاب المفقود ، ط: رشيديه)

الحیلۃ الناجزۃ: (ص:۲۵۹ـ۷) حکم زوجۂ مفقود، الرقومات للمظلومات، تلخیص الحیلۃ الناجزۃ، کلاہما للشیخ التھانوی، (ص:۱۶۳ـ۱۵۶) زوجۂ مفقود کا حکم، ط: دارالاشاعت کراچی)

(۱) هو غائب لم يدر أحي هو فيتوقع أم ميت ...... نصب القاضي ...... ولا يفرّق بينه وبينها ولو بعد مضي أربع سنين ، خلافاً لمالك ...... بل يوقف قسطه إلى أقرانه في بلده على المذهب ؛ لأنه الغالب ، واختار الزّيلعي : تفويضه للإمام ...... أنّه إنّما يحكم بموته بقضاء ؛ لأنّه أمر محتمل ، فما لم ينضمّ إليه القضاء لايكون حجة ...... فتعتد عرسه للموت . (الدر مع الرد : (۲۹۲/۴ ـ ۲۹۸) كتاب المفقود ، ط: سعيد) قال ابن عابدين ـ رحمه الله ـ تحت (قوله : خلافاً لمالك): ...... لقول القهستاني : لو أفتى به في موضع الضرورة لابأس به على ماأظنّ . اهـ . (مطلب في : الإفتاء بمذهب مالك في زوجة المفقود ، (۲۹۵/۴) ، وقال في ذيل (قوله : واختار الزيلعي : تفويضه للإمام) : قال في الفتح : فأي وقت رأى المصلحة حكم بموته . قال في النهر : وفي الينابيع : قيل يفوّض إلى رأي القاضي ، ولا تقدير فيه في ظاهر الرواية . وفي القنية ؛ جعل هذا رواية عن الإمام . قلت : والظاهر أنّ هذا غير خارج عن ظاهر الرواية أيضاً ، بل هو أقرب إليه من القول بالتقدير ؛ لأنّه فسره في شرح الوهبانية : بأن ينظر ويجتهد ويفعل ما يغلب على ظنّه ، فلايقول بالتقدير ؛ لأنّه لم يرد به الشرع ، بل ينظر في الأقران وفي الزمان وفي المكان ويجتهد ...... وقال الزيلعي : لأنّه يختلف باختلاف البلادوكذا غلبة الظن تختلف باختلاف الأشخاص ، فإنّ الملك العظيم إذا انقطع خبره يغلب على الظنّ في أدنى مدة أنّه قد مات اهـ . ومقتضاه : أنّه يجتهد ويحكم القرائن الظاهرة الظاهرة الدالة على موته ، وعلىٰ هٰذا يبتني على ما في جامع الفتاوىٰ حيث قال : وإذا فقد في المهلكة فموته غالب فيحكم به كما ...... أو كان سفره في البحر وما أشبه ذٰلك حكم بموته ؛ لأنّه الغالب في هٰذه الحالات ...... لكن لايخفى أنّه لا بدّ من مضيّ مدة طويلة حتّى يغلب على الظّنّ موته، لابمجرّد فقده عند ملاقات العدوّ أو سفر البحر ونحوه ، إلّا إذا كان ملكاً عظيماً ، فإنّه إذا بقي حيًّا تشتهر حياته ، فلذا قلنا : إنّ هٰذا مبنى على ماقاله الزيلعي . (۲۹۷/۴ ، ط: سعيد)

والمختار أنّه يفوّض إلى رأي الإمام ، كذا في التبيين ...... الخ . (الفتاوى الهندية : (۲/ ۳۰۰) كتاب المفقود ، ط: رشيديه)

تبيين الحقائق للزيلعي : (۲۳۲/۴) كتاب المفقود ، ط: سعيد . =

دونوں صورتوں میں مردہ کے احکام جاری ہوں گے، یعنی اس کی وراثت تقسیم کردی جائے گی۔(۱)

بحری سفر میں مسافر کہاں سے ہوگا؟

سمندر کا سفر ہو تو اگر وہ سمندر کسی شہر سے لگتا ہے، جیسے جدہ سے سفر ہے تو اس صورت میں جہاز کے حرکت کرتے وقت سفر شروع ہوگا، اس کے لیے فصیل وغیرہ کا کوئی اعتبار نہیں ہے اگر چہ وہ شہر فصیل (۲) والا ہو۔(۳)

تاہم اگر جہاز شہر کی عمارتوں کے ساتھ ساتھ چل رہا ہے تو جب تک ان عمارتوں

= الحیلۃ الناجزۃ للحلیلۃ العاجزۃ: (ص: ۷۲۵۹) للشیخ حکیم الامت محمد اشرف علی التھانوی علیہ الرحمۃ حکم زوجۂ مفقود، دار الاشاعت کراچی۔

المرقومات للمظلومات: (ص: ۱۵۶ ـ ۱۶۳) تلخیص الحیلۃ الناجزۃ، المطبوع فی آخرہ، زوجۂ مفقود کا حکم، ط: دارالاشاعت کراچی.

(۱) وقسم ماله من بين ورثته الموجودين في ذلک الوقت ...... الخ. (الفتاوى الهندية: (۳۰۰/۲) كتاب المفقود، ط: رشيديه)

(وتعتد امرأته وورث منه حينئذٍ لاقبله) أى حين حكم بموته لا قبل ذلک، حتى لايرثه إلّا ورثته الموجودون في ذلک الوقت، لا من مات قبل ذلک الوقت من ورثته، كأنّه مات عياناً؛ لأنّ الحكميّ معتبر بالحقيق، (تبيين الحقائق: (۲۳۲/۴) كتاب المفقود، ط: سعيد)

الدر مع الرد: (۲۹۸/۴) كتاب المفقود، ط: سعيد.

البحر الرائق: (۱۶۵/۵) كتاب المفقود، ط: سعيد.

(۲) شہر کی حدود کے لیے جو دیوار بنائی جاتی ہے اس کو "فصیل" کہتے ہیں۔

(۳) من خرج من عمارة موضع إقامته من جانب خروجه...... صلّى الفرض الرباعي ركعتين، قال ابن عابدين رحمه الله: قال في شرح المنية: فلايصير مسافراً قبل أن يفارق عمران ماخرج منه من جانب الذى خرج...... الخ. (الدر مع الرد: (۱۲۱/۲ـ ۱۲۳) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

مراقي الفلاح، المطبوع مع حاشية الطحطاوى، (۱۱/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: مكتبه غوثيه كراچى.

البحر الرائق: (۱۲۸/۲) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد.

احسن الفتاوی: (۷۴/۴) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، زیر عنوان: لنگر گاہ پر حکم قصر کی تفصیل، ط: سعید۔

سے آگے نہ نکل جائے قصر نماز نہ پڑھے۔(۱)

بحری مشق

اگر بحری جہاز والے جنگی مشقوں کے دوران سفر شروع کرتے وقت سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ مسافت کے ارادہ سے نکلیں، تو لنگر گاہ کی حدود سے نکلنے کے بعد قصر کریں گے۔(۲)

اور اگر شروع سے سوا ستتر کلومیٹر کا ارادہ نہیں تھا، تو سوا ستتر کلومیٹر ہو جانے کے بعد بندرگاہ یا لنگر گاہ واپس آنے تک قصر کریں گے۔(۳)

---

(۱) من خرج من عمارة موضع إقامته من جانب خروجه ...... صلّى الفرض الرباعي ركعتين، قال ابن عابدين رحمه الله: قال في شرح المنية: فلايصير مسافراً قبل أن يفارق عمران ماخرج منه من جانب الذي خرج...... الخ. (الدر مع الرد: (۲/ ۱۲۱ـ ۱۲۳) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

مراقي الفلاح، المطبوع مع حاشية الطحطاوي، (۲/ ۱۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: مكتبه غوثيه كراچي.

البحر الرائق: (۲/ ۱۲۸) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط:سعيد.

احسن الفتاوی: (۴/ ۷۴) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، زیر عنوان: لنگر گاہ پر حکم قصر کی تفصیل، ط:سعید.

(۲) من جاوز بيوت مصره مريداً سيراً وسطاً ثلاثة أيّام في برّ أو بحر أو جبل قصّر الفرض الرباعي...... الخ. (البحر الرائق: (۲/ ۱۲۸) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد)

حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (۳/ ۶ـ ۱۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: مكتبه غوثيه كراچي.

الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية: (۱/ ۱۶۴) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

احسن الفتاوی: (۴/ ۸۴، ۸۵) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، عنوان: بحری جنگی مشقوں میں حکم قصر، جواب از مدرسہ بنوری ٹاؤن، [شق نمبر: ۲]، ط: سعید۔

(۳) وأمّا الثاني: فهو أن يقصد مسيرة ثلاثة أيّام، فلو طاف الدنيا من غير قصد إلى قطع مسيرة ثلاثة أيّام لايترخّص، وعلى هذا قالوا: أمير خرج مع جيشه في طلب العدوّ ولم يعلم أن يدركهم، فإنّهم يصلّون صلاة الإقامة في الذهاب وإن طالت المدّة، وكذلك المكث في ذلك الموضع، أمّا في الرجوع، فإن كانت مدّة سفر قصروا. (البحر الرائق: (۲/ ۱۲۸) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد) =

اگر جنگی جہاز مشق کے دوران سو استتر کلومیٹر سے کم فاصلہ پر مشرق و مغرب اور جنوب و شمال میں چکر لگاتے ہیں تو قصر نہ کریں بلکہ پوری نماز پڑھیں۔ اگر چہ کل سفر کے حساب سے سینکڑوں کلومیٹر طے کر جائیں، جب تک ساحل سے سو استتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ مسافت کا فاصلہ نہ ہو جائے قصر نہ کریں۔(۱)

سفر کے ارادہ سے لنگر گاہ کی حدود سے نکلنے کے بعد جب تک دوبارہ لنگر گاہ کی حدود میں داخل نہیں ہوں گے تب تک قصر کریں گے اور لنگر گاہ کی حدود میں داخل ہونے کے بعد پوری نماز پڑھیں گے۔(۲)

= احسن الفتاوی: (۸۵/۴) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر،عنوان: بحری جنگی مشقوں میں حکم قصر، جواب از مدرسہ بنوری ٹاؤن، [شق نمبر: ۵]، ط: سعید۔

(قوله: بلاقصد) بأن قصد بلدة بينه وبينها يومان للإقامة بها، فلما بلغها بدا له أن يذهب إلى بلدة بينه و بينها يومان ...... قال في البحر: وعلى هذا قالوا: أمير خرج مع جيشه في طلب العدوّ ...... أمّا في الرجوع، فإن كانت مدّة سفر قصر. (رد المحتار على الدر المختار: (۱۲۲/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

بدائع الصنائع: (۹۴/۱) كتاب الصلاة، [صلاة المسافر]، فصل وأمّا بيان مايصير به المقيم مسافراً، الثانى: نية مدة السفر، ط: سعيد.

(۱) انظر الحاشية رقم: ۲ في الصفحة الماضية و رقم (۱) في هذه الصفحة.

دوران مشق اگر جہاز ۴۸ میل سے کم فاصلہ کے قطر میں مشرق و مغرب، جنوب و شمال چکر لگاتے ہیں تو نماز پوری پڑھی جائے، اگر چہ کل سفر کے حساب سے سیکڑوں میل طے کر جائیں، جب ساحل کراچی سے ۴۸ میل فاصلہ نہ ہو جائے قصر نہ کیا جائے۔ (احسن الفتاوی: (۸۴/۴) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر،عنوان: بحری جنگی مشقوں میں حکم قصر، جواب از مدرسہ بنوری ٹاؤن، [شق نمبر: ۱] ط: سعید)

(۲) فيقصر الفرض الرباعي من نوى السفر ...... إذا جاوز بيوت مقامه ...... ولا يزال يقصر حتى يدخل مصره ...... الخ. (حاشية الطحطاوى على مراقي الفلاح: (۹/۲ ـ ۱۴) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: مكتبه غوثيه كراچى)

من جاوز بيوت مصره مريدا سيرا وسطاً ثلاثة أيّام في برّ أو بحر ...... وفي المحيط: وكذا إذا عاد من سفره إلى مصر لم يتمّ حتىّ يدخل العمران. (البحر الرائق: (۱۲۸/۲) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد)

الفتاوى الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: مكتبه رشيديه كراچى.

اگر جنگی جہاز ساحل سے سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ فاصلہ تک جانے کے ارادہ سے نکلا، پھر راستہ میں جہاز خراب ہو گیا یا کسی مصلحت کی بنا پر واپس آ گیا، تو ارادہ تبدیل ہونے کے وقت سے پوری نماز پڑھے گا، اس سے پہلے قصر کرے گا۔(۱)

بعض اوقات جنگی مشقوں کی مصلحتوں کی وجہ سے سمت اور فاصلہ کے بارے میں بتایا نہیں جاتا، اور معلومات پر پابندی ہوتی ہے تو ایسی صورت میں عام ملازمین اور فوجی، کمانڈر کے تابع ہوں گے اور کمانڈر کی نیت کا اعتبار ہوگا، اگر کمانڈر اور آفیسران نمازی ہیں تو ان کو نماز پڑھنے کے دوران دیکھ لیا جائے کہ کس طرح نماز پڑھتے ہیں، اگر یہ لوگ قصر کرتے ہیں تو ان کے ماتحت تمام لوگ قصر کریں گے اور اگر یہ لوگ پوری نماز پڑھتے ہیں تو ان کے ماتحت تمام لوگ پوری نماز پڑھیں۔(۲)

---

(۱) لكن المذكور في الشرح : أنّه يتمّ - إذا سار أقلّ - بمجرد العزم على الرجوع وإن لم يدخل مصره ؛ لأنّه نقض للسفر قبل الاستحكام ...... الخ . (البحر الرائق : (۲/۱۲۹) كتاب الصلاة ، باب [صلاة] المسافر ، ط : سعيد)

☜ أمّا إذا لم يصر ثلاثة أيّام ، فعزم على الرجوع أو نوى الإقامة يصير مقيماً ...... الخ . (الفتاوى الهندية : (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط : رشيديه)

☜ احسن الفتاوی: (۴/۸۴، ۸۵) کتاب الصلاۃ ، باب صلاۃ المسافر ،عنوان : بحری جنگی مشقوں میں حکم قصر، [شق نمبر:۶]ط:سعید۔

(۲) ذكر الحاكم في " المنتقى " : رجل حمل رجلاً و ذهب به ، ولايدري أين يذهب به ، قال : يتمّ الصلاة حتى يسير ثلاثاً ، فإذا سار ثلاثاً قصر ، ...... و في فتاوى أهل سمرقند : مسلم أسره العدوّ ، وأدخل دار الحرب ، ينظر إن كان مسيرة العدوّ ثلاثة أيام ، صلّى صلاة المسافرين ، وإن كان دون ذٰلك ، صلّى صلاة المقيمين ، وإن كان لايعلم بذٰلك ، سأل عنهم ، فإن سأل عنهم ولم يخبروه بشيئ ، يبني الأمر على ما كان هو في الأصل ، فإن كان مسافراصلّى صلاة المسافرين ، وإن كان مقيما صلّى صلاة المقيمين . (المحيط البرهاني : (۲/۳۹۴، ۳۹۵) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون : صلاة السفر ، نوع آخر في : بيان من لايصير مقيماً بنية إقامته ويصير مقيما بنية إقامة غيره ، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية)

☜ وذكر في المنتقى أيضاً : أن المسلم إذا أسره العدوّ وإن كان مقصده ثلاثة أيام قصر ، وإن لم يعلم سأله ، فإن لم يخبره وكان العدوّ مقيما أتمّ ، وإن كان مسافرا قصر ، وينبغي أن يكون هٰذا إذا تحقّق أنّه مسافر ...... وكذا ينبغي أن يكون حكم كل تابع يسأل عن متبوعه ، فإن أخبره عمل بخبره، =

ورنہ اندازہ سے سوا ستتر کلومیٹر کے بعد قصر کریں اور اس سے پہلے پوری نماز پڑھیں۔ (۱)

بس

''بس'' میں بیٹھ کر نماز نہیں ہوتی، بس والوں سے طے کر لیا جائے کہ نماز کے وقت کسی مناسب جگہ پر روک دے، اور اگر نہ روکیں تو نماز قضا پڑھنا ضروری ہے اور اگر ''بس'' میں بیٹھ کر نماز ادا کی ہے تو ''بس'' سے اتر کر اس نماز کو دوبارہ پڑھے۔ (۲)

جب بس، گاڑی اپنے شہر کی آبادی سے باہر نکل جائے گی تو قصر کرنا لازم ہوگا، اور

= وإلّا عمل بالأصل الّذی کان علیه من إقامة أو سفر...... الخ. (غنیة المستملی شرح منیة المصلی، المعروف بـ" حلبی کبیر ": (ص: ۵۴۱) فصل فی صلاة المسافر، ط: سهیل اکیڈمی)

🗀 (قوله: حتّی یعلم) لم یبین أنه یجب علیه السؤال من المتبوع أو لا، والظاهر الأوّل، ویؤیّده ما فی الدرایة والخانیة: مسلم أسره العدوّ، إن کانت مسیرة العدوّ مدة سفر یقصر وإلّا لا، وإن لم یعلم یسأله، وإن سأله ولم یخبره، ینظر، إن کان العدوّ مسافراً یقصر، وإلّا لا ...... الخ. (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح: (۱۳/۲) کتاب الصلاة، باب صلاة السافر، ط: مکتبه غوثیه)

🗀 ظاہر ہے کہ جہاز کے عام ملازمین کمانڈر کے تابع ہیں اور اس سلسلے میں مسئلہ یہ ہے کہ متبوع یعنی کمانڈر کی نیت کا اعتبار ہوگا اور جب نیت معلوم نہ ہو سکے جیسا کہ سوال میں کہا گیا ہے کہ نیت اور ارادہ معلوم کرنا مشکل ہے تو اگر افسران نمازی ہیں تو ان کو دیکھ لیا جائے کہ کس طرح نماز پڑھتے ہیں، قصر کے ساتھ یا پوری نماز پڑھتے ہیں۔ ورنہ تابع یعنی جہاز کے باقی حضرات اپنی حالت کا اعتبار کریں، ۴۸ میل کے بعد قصر کریں اور اس سے پہلے اتمام یعنی پوری نماز پڑھیں۔ (احسن الفتاوی: (۸۳/۴، ۸۵) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، عنوان: بحری جنگی مشقوں میں حکم قصر، جواب از مدرسہ بنوری ٹاؤن، [شق نمبر: ۷]، ط: سعید)

(۱) أنظر الی الحاشیة السابقة رقم: ۲.

(۲) ومنها القیام فی فرض لقادر علیه ...... الخ. (الدر مع الرد: (۴۴۴/۱ـ ۴۴۵) کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القیام، ط: سعید)

🗀 (والقیام) لقوله تعالیٰ: ﴿وقوموا للّٰه قانتین﴾، أی مطیعین، والمراد به: القیام فی الصلاة بإجماع المفسرین، وهو فرض فی الصلاة للقادر علیه فی الفرض وما هو ملحق به. (البحر الرائق: (۲۹۲/۱) کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ط: سعید)

🗀 بدائع الصنائع: (۱۰۵/۱) کتاب الصلاة، فصل: وأمّا أرکانها، ط: سعید.

🗀 ویفترض القیام وهو رکن متفق علیه فی الفرائض والواجبات. (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح: (۳۰۹/۱، ۳۱۰) کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة وأرکانها، ط: مکتبه غوثیه)

🗀 احسن الفتاوی: (۸۸/۴، ۸۹) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافرین، عنوان: ریل گاڑی اور بس میں نماز، ط: سعید۔

جب تک آبادی کے اندر اندر چلتی رہے گی تب تک قصر کرنا جائز نہیں ہوگا، بلکہ پوری نماز پڑھنا لازم ہوگا۔(۱)

اگر گاڑی کا اسٹیشن آبادی کے اندر ہے تو آبادی کے حکم میں ہے، اور اگر آبادی سے باہر ہے تو وہاں پہنچ کر قصر کرے گا۔(۲)

بستی میں داخل ہونے کے وقت کی دعا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کرتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول اور دستور تھا کہ وہ بستی دکھائی دیتی جس میں آپ جانے کا ارادہ رکھتے تھے تو تین مرتبہ کہتے اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْھَا اور اس کے بعد یہ دعا فرماتے ''اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاھَا وَحَبِّبْنَا اِلٰی اَھْلِھَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ

(۱، ۲) من خرج من عمارة موضع إقامته من جانب خروجه وإن لم يجاوز من الجانب الآخر …… صلّى الفرض الرباعي ركعتين، قال الشامي: (قوله: من جانب خروجه) قال في شرح المنية: فلا يصير مسافراً قبل أن يفارق عمران ما خرج منه من الجانب الّذي خرج …… الخ. (الدر مع الرد: (۲/ ۱۲۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

فيقصر الفرض الرباعي…… إذا جاوز بيوت مقامه، وجاوز أيضاً ما اتّصل من فنائه…… الخ. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (۲/ ۹-۱۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: مكتبه غوثيه)

(من جاوز بيوت مصره مريداً سيراً وسطاً …… قصر الفرض الرباعي) بيان للموضع الّذي يبتدأ فيه القصر، ولشرط القصر، ومدته، وحكمه. أمّا الأوّل: فهو مجاوزة بيوت المصر، لما صحّ عنه عليه السلام أنّه قصر العصر بذي الحليفة، وعن علي: أنه خرج من البصرة فصلّى الظهر أربعاً ثمّ قال: إنا لو جاوزنا هٰذا الخص لصلينا ركعتين …… الخ. (البحر الرائق: (۲/ ۱۲۸) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد)

الثالث: الخروج من عمران المصر، فلايصير مسافرا بمجرد نية السفر ما لم يخرج من عمران المصر، وأصله ما روي عن علي رضي الله عنه أنّه لما خرج من البصرة، يريد الكوفة صلّى الظهر أربعاً، ثمّ نظر إلى خص إمامه، و قال: لو جاوزنا الخص صلينا ركعتين. (بدائع الصنائع: (۱/ ۹۴) كتاب الصلاة، [صلاة المسافر]، فصل: وأمّا بيان مايصير به المقيم مسافرا، ط: سعيد)

اَهْلِهَا اِلَيْنَا"(۱)

ترجمہ: اے اللہ! اس بستی کی اچھی پیداوار کو ہمارا رزق بنا، اور ہماری محبت اس بستی والوں کے دل میں ڈال دے، اور اس میں جو تیرے نیک بندے ہوں ان کی محبت ہمارے دلوں میں پیدا فرمادے۔

بس میں نماز کا طریقہ

"ٹرین" یا "بس" میں فرض، واجب، سنت اور نفل نماز پڑھنا جائز ہے، خواہ کوئی عذر ہو یا نہ ہو، بس اور ٹرین چل رہی ہو، یا رکی ہوئی ہو، البتہ استقبال قبلہ اور قیام اس میں بھی شرط ہے، ان دونوں شرطوں میں سے کوئی بھی شرط شدید عذر کے بغیر فوت ہو جائے تو فرض اور واجب نماز نہیں ہوگی اور سنت اور نفل قیام کے بغیر بھی صحیح ہو جائے گی۔(۲)

(۱) اللّٰهمّ بارک لنا فيها (ثلث مرات) اللّٰهم ارزقنا جناها وحبّبنا إلى أهلها وحبّب صالحى أهلها إلينا . (حصن حصين : (ص: ۱۲۸) ، ط: نجم العلوم لكهنؤ)

عن عائشة رضى الله عنها قالت: كان رسول الله ﷺ إذا أشرف على أرض يريد دخولها، قال: اللّٰهم إنّى أسئلک من خير هٰذه الأرض وخير ما جمعت فيها، وأعوذبک من شرّها و شرّ ما جمعت فيها، اللّٰهمّ ارزقنا حماها، وأعذنا من وباها، وحبّبنا إلى أهلها، وحبّب صالحى أهلها إلينا. (عمل اليوم والليلة لابن سنّى: (ص: ۲۴۸)، باب ما يقول إذا أشرف على مدينة، ط: مكتبة المؤيد، رياض)

الاذكار للنووى : (ص: ۲۰۲) ، باب ما يقوله إذا رأى قرية يريد دخولها أو لايريد ، ط: مصطفى البابى الحلبى وأولاده بمصر ، ١٩٩٥م)

(۲) (ولو جعل تحت المحمل خشبة) أو نحوها (حتّى بقى قراره) أى: المحمل (إلى الأرض) بواسطة ما جعل تحته (كان) أى: صار المحمل (بمنزلة الأرض فتصحّ الفريضة فيه قائما) لا قاعداً بالركوع والسجود. (مراقى الفلاح مع شرحه للامام الطحطاوى : (۱/۵۵۶) كتاب الصلاة ، باب الوتر وأحكامه ، فصل فى صلاة الفرض والواجب على الدابة ، ط: مكتبه غوثيه)

وفيه : فيقف عليها أى : مستقبل القبلة ...... فإن لم يمكنه صلّى أينما توجهت . (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح : (۱/۵۵۵) كتاب الصلاة ، فصل فى صلاة الفرض والواجب على الدابّة ، ط: غوثيه)

الفتاوى الهندية : (۱/ ۱۴۳) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر ، وممّا يتّصل بذٰلک الصلاة على الدابّة والسفينة ، ط: رشيديه . =

اگر بس یا ٹرین میں اس قدر زیادہ رش ہے کہ قبلہ رو ہو کر یا کھڑے ہو کر نماز پڑھنا ممکن نہ ہو، اور آگے چل کر وقت کے اندر اندر ٹرین یا بس میں یا کسی اسٹیشن پر اتر کر استقبال قبلہ اور قیام کے ساتھ نماز پڑھنا بھی ممکن نہ ہو تو دو سیٹوں کے درمیان قبلہ رو کھڑا ہو کر قیام اور رکوع کر کے نماز پڑھے اور سجدہ کے لیے پچھلی سیٹ پر کرسی کی طرح بیٹھ جائے یعنی پاؤں نیچے ہی رہیں اور سامنے کی سیٹ پر سجدہ کرے۔(۱)

اس صورت میں سجدہ کی حالت میں گھٹنے کسی چیز پر نہیں ٹکیں گے مگر گھٹنے رکھنا فرض نہیں بلکہ واجب یا سنت ہے۔(۲)

= (ويتنفل قاعداً مع قدرته على القيام ابتداءً و بناءً) بيان أيضاً لما خالف فيه النفل الفرائض والواجبات وهو جوازه بالقعود مع القدرة على القيام ...... وأمّا الفرض فلايصحّ قاعداً مع القدرة على القيام ، ويأثم ويكفر إن استحلّه ، وإن صلّى قاعداً لعجزه أو مضطجعاً لعجزه فثوابه كثوابه...... أطلق في التنفل فشمل السنة المؤكدة والتراويح ، لكن ذكر قاضيخان في فتاواه من باب التراويح : الأصحّ أن سنة الفجر لايجوز أدائها قاعداً من غير عذرٍ والتراويح يجوز أدائها قاعداً من غير عذرٍ ...... وإلى أنّه إذا صلّى إلى غير ما توجهت به دابته لايجوز لعدم الضرورة إلى ذلك. (البحر الرائق : (۲/۶۲ ــ ۶۴) كتاب الصلاة ، باب الوتر والنوافل ، ط: سعيد)

الدر مع الرد : (۱/۴۲۷ و مابعد) ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، مبحث في استقبال القبلة ، (۱/۴۴۳ و مابعد) و باب صفة الصلاة ، بحث القيام ، ط:سعيد .

البحر الرائق : (۱/۲۸۳ و مابعد) كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، و (۱/۲۹۲) باب صفة الصلاة ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع : (۱/۱۰۵ و ما بعد) كتاب الصلاة ، فصل : وأمّا أركانها فستة منها القيام، (۱/۱۱۷ وما بعد) فصل : وأمّا شرائط أركانها ، ط: سعيد .

(۱) اگلے صفحے (یعنی ص: ۲۴) کا حاشیہ نمبر ۱ اور ۲ ملاحظۃ فرمائیں .

(۲) (قوله : واضعاً ركبتيه ثمّ يديه) قدمنا الخلاف في أنّه سنة أو فرض أو واجب ، وأن الأخير أعدل الأقوال ، وهو اختيار الكمال . (الدر مع الرد : (۱/۴۹۷ ، ۴۹۸) كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، فصل في بيان تأليف الصلاة إلى انتهائها ، ط: سعيد)

وأمّا اليدان والركبتان فظاهر الرواية عدم افتراضها وضعهما ، قال في التجنيس والخلاصة، وعليه فتاوى مشائخنا ،وفي منية المصلّي : ليس بواجب عندنا ، واختار الفقيه أبو الليث : الافتراض : وصحّحه في العيون ، ولا دليل عليه ؛ لأنّ القطعيّ إنّما أفاد وضع بعض الوجه =

عذر کے وقت اس کو ترک کرنے سے نماز ہو جائے گی۔(۱)

لیکن دو سیٹوں کے درمیان اس طرح نماز پڑھنا اس وقت درست ہے جبکہ ٹرین یا بس مشرق یا مغرب کی جانب جارہی ہو، اور اگر شمال یا جنوب کی جانب جارہی ہوتو دو سیٹوں کے درمیانی جگہ میں کھڑے ہوکر اس طرح نماز پڑھنا جائز نہیں ہوگا۔(۲)

اور اگر مذکورہ صورت بھی ممکن نہ ہوتو جس طرح ممکن ہو بیٹھ کر رکوع اور سجدہ کے ساتھ نماز ادا کرے۔(۳)

بلندی اور پستی

سفر کے دوران جب بلندی پر چڑھے تو تین بار "الله اکبر" کہے اور جب پستی میں اترنے لگے تو تین بار سبحان اللہ کہے۔(۴)

= على الأرض دون اليدين والركبتين ، والظنّي المتقدم لايفيده ، لكن مقتضاه و مقتضى المواظبه الوجوب ، وقد اختاره المحقّق في فتح القدير ، وهو إن شاء الله تعالىٰ أعدل الأقوال لموافقته الأصول ، وإن صرّح كثير من مشائخنا بالسنية ، ومنهم صاحب الهداية . (البحر الرائق : (۳۱۸/۱) كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، فصل : وإذا أراد الدخول في الصلاة ، ط :سعيد)

فتح القدير ؛ (۲۶۴/۱ ، ۲۶۵) كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، ط : رشيديه .

(۱) أنظر الى الحاشية السابقة رقم: ۲.

(۲) احسن الفتاویٰ: (۸۹،۸۸/۴) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، زیر عنوان: ریل گاڑی اور بس میں نماز، ط: سعید۔

(۳) (فتصحّ الفريضة فيه قائماً) فإن لم يمكنه القيام ولا النزول صلّى قاعداً كما هو مفاد كلاهم. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : (۵۵۶/۱) كتاب الصلاة باب الوتر وأحكامه ، فصل في صلاه الفرض والواجب على الدابّة ، ط: غوثيه)

البحر الرائق : (۶۴/۲) كتاب الصلاة ، باب الوتر والنوافل ، ط: سعيد .

الفتاوى الهندية : (۱۴۳/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، وممّا يتّصل بذٰلك الصلاة على الدابّة والسفينة ، ط : رشيديه .

انظر الحاشية السابقة رقم ۱ على الصفحة السابقة ، رقم : ۱۷ أيضاً.

(۴) وكان النبيّ ﷺ وجيوشه إذا علوا الثنايا كبروا ، وإذا هبطوا سبّحوا ، فوضعت الصلاة على ذٰلك.(سنن أبي داؤد : (ص: ۴۴۱) كتاب الجهاد ، باب ما يقول الرجل إذا سافر ، [رقم الحديث : ۲۵۹۶] ، حديث ابن عمر رضي الله عنه ، ط: دار إحياء التراث العربي)=

بمباری میں مر جائے

مسافر کسی شہر میں پہنچا، وہاں اچانک بمباری شروع ہوگئی، اور اس میں وہ ہلاک ہو گیا، تو اس صورت میں وہ دنیا اور آخرت دونوں اعتبار سے شہید ہوگا، اس کو غسل نہیں دیا جائے گا اور جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا جائے گا۔(۱)

بندرگاہ

بندرگاہ اور بحری جہاز یا کارگوشپ وغیرہ کی انتظارگاہ (یعنی بندرگاہ پر جگہ نہ ہونے کی صورت میں جہاں جہاز انتظار میں ٹھہرائے جاتے ہیں) فنائے مصر میں داخل ہیں، فناء مصر اور مصر کے درمیان زرعی زمین اور ۱۶ء۱۳۷ میٹر کا فاصلہ نہ ہو تو سفر کے احکام میں فناء مصر،

= عن جابر بن عبد الله قال : كنّا إذا صعدنا كبّرنا و إذا نزلنا سبّحنا . وفى رواية أخرى عنه رضى الله عنه : قال : كنّا إذا صعدنا كبّرنا وإذا تصوّبنا سبّحنا . (صحيح البخارى : (۱/ ۴۲۰) كتاب الجهاد ، باب التسبيح إذا هبط وادياً ، باب التكبير إذا علا شرفاً ، ط: قديمى)

مصنف عبد الرزاق : (۵/ ۱۶۰) ، [رقم الحديث : ۹۲۴۵] ، باب القول فى السفر ، ط: المكتب الاسلامى ، بيروت .

(۱) (هو كل مكلّف مسلم طاهر)...... (قتل ظلماً) بغير حق (بجارحة) أى ما يوجب القصاص (ولم يجب بنفس القتل مال) بل قصاص...... (ولم يرتث)...... (وكذا) يكون شهيداً (لو قتله باغ أو حربى أو قاطع طريق ولو) تسببا أو (بغير آلة جارحة) فإن مقتولهم شهيد بأىّ آلة قتلوه؛ لأنّ الأصل فيه شهداء أحد، ولم يكن كلهم قتيل سلاح (أو وجد جريحاً ميتا فى معركتهم) المراد بالجراحة علامة القتل...... (فينزع عنه مالايصلح لكفن ويزاد) إن نقص ما عليه عن كفن السنّة (وينقص) إن زاد (لـ) أجل أن (يتم كفنه) المسنون (ويصلى عليه بلاغسل، ويدفن بدمه و ثيابه) لحديث: زملوهم بكلومهم. (الدر مع الرد: (۲/ ۲۴۷ــ ۲۵۰) كتاب الصلاة، باب الشهيد، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۲/ ۱۹۶ ، ۱۹۷) ، كتاب الجنائز ، باب الشهيد ، ط: سعيد .

الفتاوى الهندية : (۱/ ۱۶۷ ، ۱۶۸) كتاب الصلاة ، الباب الحادى والعشرون فى الجنائز ، الفصل السابع فى الشهيد ، ط: رشيديه .

احسن الفتاوی (۴/ ۲۵۴) کتاب الصلاۃ ، باب الجنائز، فصل فی الشہید ، زیرعنوان: بمباری سے شہید ہونے والے کا حکم، ط: سعید

مصر کے حکم میں ہوتا ہے۔(۱)

لہٰذا بندرگاہ سے متصل شہر میں رہنے والے لوگ روانگی اور واپسی کے وقت دونوں صورتوں میں بندرگاہ اور انتظارگاہ میں پوری نماز پڑھیں گے، قصر نہیں کریں گے، باقی انتظارگاہ کی حدود سے نکلنے کے بعد قصر کریں گے۔(۲)

البتہ جو آدمی بندرگاہ سے متصل شہر کا رہنے والا نہ ہو یا مقیم نہ ہو، اور یہاں پندرہ

---

(۱) وأمّا الفناء وهو المكان المعدّ لمصالح البلد كركض الدوابّ ودفن الموتىٰ وإلقاء التراب، وإن اتّصل بالمصر اعتبر مجاوزته، وإن انفصل بغلوة أو مزرعة فلا كما يأتي، بخلاف الجمعة، فتصحّ إقامتها في الفناء ولو منفصلاً بمزارع؛ لأنّ الجمعة من مصالح البلد بخلاف السفر ...... (قوله: أقلّ من غلوة) هي ثلاثمائة ذراع إلى أربعمائة هو الأصحّ. (رد المحتار على الدر المختار: (۲/۱۲۱، ۱۲۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۲/۱۲۸) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد.

الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية: (۱/۱۶۴، ۱۶۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه)

"لنگرگاہ فناء مصر ہے جس کا حکم یہ ہے کہ شہر سے ایک سو پچاس گز: ۱۳۷ء۱۶ میٹر سے کم فاصلہ پر ہو اور درمیان میں زرعی زمین نہ ہو تو یہاں قصر نہیں، کم از کم اتنا فاصلہ ہو یا درمیان میں زرعی زمین ہو تو حکم قصر شروع ہوگا...... الخ" (احسن الفتاوی: (۴/۴۷) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، زیر عنوان: لنگرگاہ پر حکم قصر کی تفصیل، ط: سعید)

(۲) وأشار إلى أنّه يشترط مفارقة ما كان من توابع موضع الإقامة، كربض المصر، وهو ما حول المدينة من بيوت و مساكن، ، فإنه في حكم المصر، وكذا القرى المتصلة بالربض في الصحيح...... وأمّا الفناء، وهو المكان المعدّ لمصالح البلد كركض الدوابّ ودفن الموتى وإلقاء التراب، فإن اتّصل بالمصر اعتبر مجاوزته، وإن انفصل بغلوة أو مزرعة فلا كما يأتي ...... (قوله: أقلّ من غلوة) هي ثلاثمائة ذراع إلى أربعمائة هو الأصحّ. (رد المحتار على الدر المختار: (۲/۱۲۱، ۱۲۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية: (۱/۱۶۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

غنية المستملي شرح منية المصلي: (ص: ۵۳۷) فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمی.

"لنگرگاہ فناء مصر ہے جس کا حکم یہ ہے کہ شہر سے ایک سو پچاس گز: ۱۳۷ء۱۶ میٹر سے کم فاصلہ پر ہو اور درمیان میں زرعی زمین نہ ہو تو یہاں قصر نہیں، کم از کم اتنا فاصلہ ہو یا درمیان میں زرعی زمین ہو تو حکم قصر شروع ہوگا...... الخ" (احسن الفتاوی: (۴/۴۷) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، زیر عنوان: لنگرگاہ پر حکم قصر کی تفصیل، ط: سعید)

دن ٹھہرنے کی نیت نہ ہو تو وہ پوری نماز نہیں پڑھے گا بلکہ قصر کرے گا۔(۱)

بوڑھی عورت

بوڑھی عورت بھی عورت ہے، اس کو بھی شوہر یا کسی محرم کے بغیر سفر نہیں کرنا چاہیے۔(۲)

---

(۱) ......قصر الفرض الرباعي ...... حتى يدخل مصره أو ينوى الإقامة نصف شهر ببلد أو قرية . (البحر الرائق : (۲/۱۲۸ ـ ۱۳۱) كتاب الصلاة ، باب [صلاة] المسافر ، ط: سعيد .

ولايزال على حكم السفر حتى ينوى الإقامة في بلدة أو قرية خمسة عشر يوما أو أكثر. (الفتاوى الهندية: (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

ولايزال يقصر حتى يدخل مصره أو ينوى إقامته نصف شهر ببلد أو قرية ...... الخ . (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح : (۲/۱۴) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: مكتبه غوثيه)

''بندرگاہ اور انتظار گاہ یعنی بندرگاہ پر جگہ نہ ہونے کی صورت میں جہاں جہاز انتظار میں ٹھہرائے جاتے ہیں، فناء مصر میں داخل ہیں، فناء ومصر کے درمیان زرعی زمین اور ۱۶ء۱۳۷ میٹر کا فاصلہ نہ ہو تو احکام سفر میں فناء بحکم مصر ہے۔ لہٰذا بوقت روانگی اور بوقت واپسی دونوں صورتوں میں دونوں مقامات میں نماز پوری پڑھی جائے گی۔ البتہ جو شخص کراچی میں مقیم نہ ہو اور یہاں پندرہ روز ٹھہرنے کی نیت نہ ہو وہ قصر پڑھے گا''۔ (احسن الفتاوی: (۴/۹۰) کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ المسافر، عنوان: بندرگاہ کراچی میں قصر نہیں)

(۲) عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : لايخلونّ رجل بامرأة ، ولا تسافرنّ امرأة إلاّ و معها محرم ، فقال رجل : يا رسول الله !اكتتبت في غزوة كذا و كذا ، وخرجت امرأتي حاجّة ، قال : اذهب ، فاحجج مع امرأتك . متفق عليه . (مشكاة المصابيح : (ص: ۲۲۱) كتاب المناسك ، الفصل الأوّل ، ط: قديمي)

صحيح البخارى : (۱/۴۲۱) كتاب الجهاد ، باب من اكتتب في جيش فخرجت امرأته حاجة ...... ، ط: قديمي .

إعلاء السنن : (۷/۲۷۵ ، ۲۷۶) كتاب الصلاة ، أبواب صلاة المسافر ، باب مسافة القصر ، لاتسافر المرأة ثلاثة أيّام إلّا مع ذى محرم ، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية)

أيضاً: (۱۷/ ۳۸۵، ۳۸۷) كتاب الحظر والإباحة، باب عدم جواز خروج المرأة إلى مدة السفر إلّا و معها زوج أو محرم، [رقم الحديث: ۵۷۰۵ـ ۵۷۰۸] ط: ادارة القرآن كراچى)

(وعنه): أى عن ابن عباس (قال: قال رسول الله ﷺ: "لايخلون"): أكّد النهى مبالغة ("رجل بامرأة") أى أجنبية، ("ولاتسافرن"): أى مسيرة ثلاثة أيام بلياليها عندنا ("امرأة"): أى: شابّة أو عجوزة ("إلّا ومعها محرم"): قال ابن الهمام في الصحيحين: لاتسافر امرأة ثلاثاً إلّا ومعها ذو محرم...... الخ. (مرقاة المفاتيح: (۵/۳۸۶) كتاب المناسك، الفصل الأوّل، [رقم الحديث: ۲۵۱۳]، ط: حقانيه ملتان) =

اگر عورت اتنی بوڑھی ہو چکی ہے کہ اس کی شہوت ختم ہو چکی ہے تو جس طرح اس سے

= ...... ومع زوج أو محرم ...... لامرأة حرة ولو عجوزاً فی سفر . قال ابن عابدين رحمه اللّٰه :
(قوله : ولو عجوزاً) : أی لإطلاق النصوص . بحر . قال الشاعر :

لكل ساقطة فی الحیّ لاقطة
وكل كاسدة يوماً لها سوق

(قوله : فی سفر) هو ثلاثة أيّام ولياليها ، فيباح لها الخروج إلى ما دونه لحاجة بغير محرم ، وروی عن أبی حنيفة وأبی يوسف كراهة خروجها و حدها مسيرة يوم واحد ، وينبغی أن يكون الفتوی عليه ، لفساد الزمان ...... الخ . (الدر مع الرد : (۲/۴۶۴) كتاب الحج ، مبحث : شرائط وجوب الحج ، ط: سعيد)

ولاتثبت الاستطاعة للمرأة إذا كان بينها و بين مكة مسيرة سفر شابة كانت أو عجوزاً إلّا بمحرم ، وهو الزوج أو من لايجوز نكاحها له على التابيد ...... الخ . (الفتاوی الخانية على هامش الفتاوی الهندية : (۱/۲۸۳) كتاب الحج ، شرائط الوجوب ، و (۱/۱۷۰) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

(ومنها المحرم للمرأة) شابة كانت أو عجوزاً إذا كانت بينها و بين مكة مسيرة ثلاثة أيّام ، هٰكذا فی المحيط . (الفتاوی الهندية : (۱/۲۱۸ ، ۲۱۹) كتاب المناسک ، الباب الأوّل فی تفسير الحج ...... و شرائطه ...... ، ط: رشيديه)

وأطلق المرأة ، فشمل الشابة والعجوز ، لإطلاق النصوص . (البحر الرائق : (۲/۳۱۵) كتاب الحج ، شرائط الوجوب ، ط: سعيد)

حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح : (۲/۴۰۷ ، ۴۰۸) كتاب الحج ، شروط فرضية الحج ، ط: مكتبه غوثيه)

وسواء كانت المرأة شابة أو عجوزاً أنّها لا تخرج إلّابزوج أو محرم ؛ لأنّ ما روينا من الحديث لايفصل بين الشابة والعجوز ، وكذا المعنى لايوجب الفصل بينهما ، لما ذكرنا من حاجة المرأة إلى من يركبها وينزلها ، بل حاجة العجوز إلى ذٰلک أشدّ ؛ لأنّها أعجز ، وكذا يخاف عليها من الرجال ، وكذا لا يؤمن عليها من أن يطّلع عليها الرجال حال ركوبها ونزولها ، فتحتاج إلى الزوج أو إلى المحرم ليصونها عن ذٰلک . (بدائع الصنائع : (۲/۱۲۴) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائط فرضيته فنوعان ، ط: سعيد)

وأجمعوا على أنّ العجوز لا تسافر بغير محرم ولاتخلو برجل شابا كان أو شيخاً ، ولها أن تصافح الشيوخ . (الفتاوی الخانية على هامش الفتاوی الهندية : (۱/۱۸۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة العيدين ، ط: رشيديه)

مصافحہ کرنا جائز ہے اسی طرح اس کے لیے محرم کے بغیر سفر کرنے کی بھی گنجائش ہے۔(۱)

بہترین ساتھی

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ”آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (مثلاً کسی سفر کے) بہترین ساتھی وہ ہیں جو (کم از کم) چار کی تعداد ہوں“۔(۲)

---

(۱) وأمّا العجوز الّتی لا تشتهی ، فلا بأس بمصافحتها ومس یدها إذا أمن ، ومتی جاز المس جاز سفره بها ، ویخلو إذا أمن علیه و علیها ، وإلّا لا . وفی الأشباه : الخلوة بالأجنبیة حرام إلّا لملازمة مدیونة هربت و دخلت خربة ، أو کانت عجوزاً شوهاء ، أو بحائل .

قال الشامی رحمه اللّٰه:۔ (قوله: أمّا العجوز) وفی روایة: یشترط أن یکون الرجل أیضاً غیر مشتهی اهـ..... قال فی الذخیرة: وإن کانت عجوزاً لاتشتهی، فلا بأس بمصافحتها أو مسّ یدها، وکذٰلک إذا کان شیخاً یأمن علی نفسه و علیها فلابأس أن یصافحها وإن کان لایأمن علی نفسه أو علیها فلیجتنب..... (قوله: أو کانت عجوزاً شوهاء) قال فی القنیة: وأجمعوا أن العجوز لاتسافر بغیر محرم ، فلاتخلو برجل شابّاً أو شیخاً، ولها أن تصافح الشیوخ. (الدر مع الرد: (۳۶۸/۶) کتاب الحظر والإباحة، فصل فی النظر والمسّ، ط: سعید)

ولابأس للرجل بمصافحة العجوز الّتی لاتشتهی ، وأن تغمز رجله . (الفتاوی الخانیة علی هامش الفتاوی الهندیة : (۴۰۷/۳) کتاب الحظر و الإباحة ، باب ما یکره من النظر والمسّ للأقارب والأجانب وما لا یکره ، ط : رشیدیه)

الخلوة بالأجنبیة حرام إلّا لملازمة مدیونة هربت و دخلت خربة، وفیما إذا کانت عجوزاً شوهاء. (الأشباه والنظائر لابن نجیم المصری مع شرحه للحموی: (۳۶۶/۲) الفن الثانی: الفوائد، کتاب الحظر والإباحة، مبحث: الخلوة بالأجنبیة حرام، [۱۷۳۲] ط: اداره القرآن والعلوم الإسلامیة کراچی)

وأمّا إذا کانت عجوزاً لاتشتهی ، فلا بأس بمصافحتها ومسّ بدنها لانعدام خوف الفتنة، وعن أبی بکر رضی اللّٰه عنه أنّه کان یصافح العجائز، وإذا کان شیخاً یأمن علی نفسه وعلیها یحلّ له المصافحة، وإن کان لا یأمن علیها ولا علی نفسه لا تحلّ له مصافحتها لما فیه من التعریض للفتنة. (البحر الرائق : (۱۹۲/۸) ، کتاب الکراهیة ، فصل فی النظر واللمس ، ط: سعید)

(۲) عن ابن عباس عن النبیّ ﷺ قال : خیر الصحابة أربعةٌ ، وخیر السرایا أربعمائة ، وخیر الجیوش أربعة آلاف ، ولن یغلب اثنا عشر ألفا من قلّة . (سنن أبی داؤد : (ص: ۴۴۳) کتاب الجهاد ، باب فی ما یستحب من الجیوش و الرفقاء والسرایا ، [رقم الحدیث : ۲۶۰۸] ط: دار إحیاء التراث العربی ، بیروت ، و (۳۷۵/۱) ط : رحمانیه)

مشکاة المصابیح عن الترمذی ، و أبی داؤد ، والدارمی : (ص: ۳۳۹) ، کتاب الجهاد ، باب آداب السفر ، الفصل الثانی ، ط: قدیمی)

سنن الترمذی : (۲۸۳/۱) ، أبواب السیر ، باب ما جاء فی السرایا ، ط: قدیمی .

چار ساتھیوں کو ''بہترین'' اس اعتبار سے فرمایا گیا ہے کہ فرض کیجیے اگر ان چاروں میں سے کوئی ایک بیمار ہو جائے اور وہ اپنی زندگی سے مایوس ہو کر اپنے تین ساتھیوں میں سے کسی ایک ساتھی کو وصیت کرے تو باقی دو ساتھی اس کی وصیت کے گواہ ہو جائیں۔(۱)

ویسے علماء کرام نے لکھا ہے کہ سفر میں پانچ ساتھی چار ساتھی سے بہتر ہیں، بلکہ پانچ سے بھی جتنے زیادہ ہوں اتنے ہی بہتر ہوں گے، اور یہاں حدیث شریف میں ''چار'' کا ذکر کر کے گویا ادنیٰ درجہ بیان کیا گیا ہے۔(۲)

بیٹے باپ کی جائے سکونت

''باپ بیٹے کی جائے سکونت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۸۷)

بیوی پر کوئی قبضہ کرلے

سفر میں بیوی ساتھ ہے، دشمنوں نے اغوا کرلیا، البتہ دشمنوں نے چند دنوں کے بعد واپس کر دیا، یا کسی سے شادی کر دی، تو اس سلسلہ میں شرعی قانون یہ ہے کہ اس عورت کا نکاح پہلے شوہر سے بدستور قائم رہے گا، دوسرا نکاح بالکل صحیح نہیں ہوگا۔(۳)

---

(۱) (أربعة) : أي ما زاد على ثلاثة . قال أبو حامد : المسافر لا يخلو عن رحل يحتاج إلى حفظه، وعن حاجة يحتاج إلى التردد فيها ، ولو كانوا ثلاثة لكان المتردّد واحداً ، فيبقى بلارفيق، فلا يخلو عن خطر و ضيق قلب لفقد الأنيس . ولو تردّد الإثنان كان الحافظ وحده .

قال المظهر : يعني الرفقاء إذا كانوا أربعة خير من أن يكونوا ثلاثة ؛ لأنّهم إذا كانوا ثلاثة و مرض أحدهم ، وأراد أن يجعل أحد رفيقيه وصي نفسه ، لم يكن هناک من يشهد بإمضائه إلّا واحد ، فلا يكفي ، ولو كانوا أربعة كفى شهادة اثنين . (مرقاة المفاتيح : (۷/۴۵۶) كتاب الجهاد ، باب آداب السفر ، الفصل الثاني ، [رقم الحديث : ۳۹۱۲] ، ط: حقانيه ملتان)

(۲) لأنّ الجمع إذا كانوا اكثر يكون معاونة بعضهم بعضا أتمّ، وفضل صلاة الجماعة أيضاً أكثر، فخمسة خير من أربعة، وكذا كل جماعة خير ممّن هو أقلّ منهم، لا ممّن فوقهم. (مرقاة المفاتيح: (۷/۴۵۶، ۴۵۷) كتاب الجهاد، باب آداب السفر، الفصل الثاني، [رقم الحديث: ۳۹۱۲]، ط: حقانيه ملتان)

(۳) لايجوز للرّجل أن يتزوّج زوجة غيره وكذٰلک المعتدة كذا في السراج الوهاج. (الهندية: (۱/۲۸۰)، كتاب النكاح، الباب الثالث في بيان المحرمات، القسم السادس، المحرمات الّتي يتعلق بها حق الغير، ط: رشيديه)

اگر دوسرے شوہر کو اس کے پہلے نکاح کا علم تھا اور بچہ پیدا ہوا تو وہ پہلے شوہر کا ہوگا۔(۱)
اس صورت میں پہلے شوہر کے پاس آنے کے بعد عدت واجب ہوگی۔(۲)
اور اگر کسی سے نکاح نہیں ہوا بلکہ یونہی ساتھ رہی تو شوہر کے پاس آنے کے بعد عدت واجب نہیں ہوگی۔(۳)

= الدر مع الرد : (۳/۱۳۲) ، کتاب النکاح ، مطلب فی النکاح الفاسد ، ط : سعید .
قاضی خان علی هامش الهندیة: (۱/۳۶۶) کتاب النکاح، باب فی المحرمات، ط: رشیدیه.
(۱) غاب عن زوجته البکر سنین فتزوجت فجاء ت بأولاد ، أو سبیت امرأة فتزوجها حربی و أتت بأولاد ...... فالولد عند الإمام للأول ، نفاه الأوّل أو ادعاه ، أو ادعاه الثانی أو نفاه ...... وروی عبد الکریم الجرجانی عن أبی حنیفة رحمه اللّٰه تعالیٰ أن الأولاد للزوج الثانی ...... وقال الإمام ظهیر الدین الفتوی علی أنّه للأوّل ؛ لأنّ الولد للفراش بالنص ، ولو کان الأول حاضراً والمسئلة بحالها فالولد للأوّل کذا فی الوجیز للکردری . (الهندیة : (۱/۳۳۱) ، کتاب النکاح ، الباب الثامن فی النکاح الفاسد وأحکامه ، مطلب : غاب زوجها فتزوجت بغیره ، ط: رشیدیه)
الدر مع الرد: (۳/۵۵۲) کتاب النکاح ، باب العدة ، فصل : فی ثبوت النسب ، ط: سعید)
بدائع الصنائع : (۳/۳۳۲) ، کتاب النکاح ، فصل : ومنها ثبوت النسب ، ط: سعید .
(۲) (وعدة المنکوحة نکاحاً فاسداً) ، فلا عدة فی باطل و کذا موقوف قبل الإجازة اختیار ، لکن الصواب ، ثبوت العدة والنسب ، بحر ، وقال المحقق تحته (قوله : فلاعدة فی باطل) ...... أمّا نکاح منکوحة الغیر و معتدته فالدخول فیه لایوجب العدة إن علم أنّها للغیر ؛ لأنّه لم یقل أحد بجوازه فلم ینعقد أصلاً ...... (والموطوء ة بشبهة) ومنه تزوج امرأة الغیر غیر عالم بحالها ...... (غیر الآیسة والحامل) فإن عدتهما بالأشهر والوضع ، (الحیض للموت) أی موت الواطی ، (وغیره) کفرقة أو متارکة .... (الدر مع الرد : (۳/۵۱۶ ، ۵۱۷ ، ۵۱۸) کتاب الطلاق ، باب العدة ، مطلب : عدة المنکوحة فاسداً أو الموطوء ة بشبهة ، ط: سعید)
الهندیة : (۱/۵۲۷) کتاب الطلاق ، الباب الثالث عشر فی العدة ، ط: رشیدیه .
الهدایة للمرغینانی : (۳/۲۸۶) کتاب الطلاق ، باب العدة ، مکتبة البشری .
(۳) وسبب وجوبها عقد النکاح المتأکّد بالتسلیم و ماجری مجراه من موت أو خلوة أی صحیحة...... وقال تحت قوله: وما جری مجراه...... وهٰذا خاص بالنکاح الصحیح، أمّا الفاسد فلا تجب فیه العدة إلّا بالوطء. (الدر مع الرد: (۳/۵۰۴)، کتاب الطلاق، باب العدة، ط: سعید)
الهندیة : (۱/۵۲۶) ، کتاب الطلاق ، الباب الثالث عشر فی العدة ، ط: رشیدیه .
التعریفات للسید الشریف الجرجانی الحنفی : (ص: ۱۰۶) ، باب العین ، ط: قدیمی .

بیوی سفر سے انکار کرے

شوہر بیوی کو سفر میں ساتھ لے جانا چاہتا ہے، اور بیوی سفر میں ساتھ جانے سے انکار کرتی ہے تو بیوی شرعی اعتبار سے ''نافرمان'' شمار نہیں ہوگی، لہٰذا شوہر کے لیے مجبور کرنا صحیح نہیں ہوگا اور بیوی بدستور نان ونفقہ کی حق دار ہوگی۔(۱)

بیوی سفر کے درمیان مسلمان ہو جائے

غیر مسلم میاں بیوی سفر میں ہوں، اور بیوی سفر کے درمیان مسلمان ہو جائے، اور شوہر مسلمان نہ ہو تو بیوی کے لیے ازدواجی تعلق قائم رکھنا جائز نہیں ہوگا، بلکہ اس سے فوراً الگ ہو جانا ضروری ہوگا، البتہ قاضی یا حاکم اس کے شوہر پر اسلام پیش کرے اگر وہ مسلمان ہو جائے تو دونوں کا نکاح بدستور قائم رہے گا، اور جب تک قوی قرائن سے اخلاص کے ساتھ اسلام قبول کرنا معلوم نہ ہو جائے بیوی اس کو سپرد نہ کی جائے، (بسا اوقات بیوی غیر مسلم شوہر کو حاصل کرنے کی غرض سے بظاہر اسلام قبول کر لیتا ہے، پھر بیوی کو زہریلا انجکشن دے کر مار دیتا ہے، جیسا کہ بہت سارے واقعات اس طرح ہو چکے ہیں)۔ اور اگر اس نے اسلام قبول کرنے سے انکار کیا، تو قاضی یا حاکم ان دونوں میں تفریق کر دے۔(۲)

---

(۱) بخلاف ما إذا خرجت من بيت الغصب أو أبت الذهاب إليه أو السفر معه أو مع أجنبى بعثه لينقلها فلها النفقة، (وقال تحت قوله : أو السفر معه) أى بناء على المفتى به من أنّه ليس له السفر بها لفساد الزمان فامتناعها بحق. (الدر مع الرد : (۵۷۷/۳)، كتاب الطلاق. باب النفقة، ط: سعيد الهندية (۵۴۵/۱) كتاب الطلاق، الباب السابع عشر : فى النفقات، الفصل الأوّل فى نفقة الزوجة، ط: رشيديه)

البحر الرائق : (۱۷۹/۴)، كتاب الطلاق، باب النفقة، ط: سعيد.

(۲) وإذا أسلم أحد الزوجين المجوسيين أو امرأة الكتابى، عرض الإسلام على الآخر فإن أسلم فبها، وإلّا بأن أبى أو سكت، فرّق بينهما. (الدر مع الرد : (۱۹۱/۳)، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۲۱۱/۳)، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر، ط: سعيد.

بدائع الصنائع : (۲۱۳/۲) كتاب النكاح، فصل : فى بيان ما رفع النكاح، ط: سعيد.

لیکن کافروں کے ملک میں اگر اس پر عمل کرنا دشوار ہو تو شوافع کے مسلک پر عمل کرنے کی گنجائش ہوگی، یعنی عورت مسلمان ہو جانے کے بعد عدت کی مدت گذار کر دوسری جگہ نکاح کر سکے گی۔(۱)

بیوی سفر میں ساتھ رہنے سے انکار کر سکتی ہے یا نہیں؟

شوہر کے لیے بیوی کو اس کی رضامندی کے بغیر ملازمت کی جگہ پر لے جانا جائز نہیں ہے۔ خاص طور پر جب کہ بیوی کو ایذا رسانی اور تکلیف پانے کا اندیشہ ہو۔

بیوی کو اپنے مونس و ہمدم شوہر کی پاسداری کر کے اس کو راحت اور آرام پہنچانا چاہیے، یہ اس کی ذمہ داری ہے، لیکن اگر اس کا اپنا مکان چھوڑ کر شوہر کے ساتھ دوسرے شہر میں جانے سے شوہر کی طرف سے ایذا اور ضرر کا اندیشہ ہے اور وہ جانا نہ چاہے تو شوہر اس کو مجبور کر کے سفر میں ساتھ نہیں لے جا سکتا۔(۲)

اور بیوی شوہر کے ساتھ سفر میں ساتھ رہنے سے انکار کرنے کی وجہ سے نان ونفقہ سے محروم نہیں ہوگی۔(۳)

---

(۱) ولو أسلم أحدهما ثمة لم تبن حتى تحيض ثلاثاً، فإذا حاضت ثلاثاً بانت؛ لأن الإسلام ليس سبباً للفرقة، والعرض على الإسلام متعذر لقصور الولاية، ولا بدّ من الفرقة دفعاً للفساد فأقمنا شرطها وهو مضي الحيض مقام السبب...... وذكر قبل أسطر. وإذا أسلم أحد الزوجين عرض الإسلام على الآخر، فإن أسلم وإلّا فرّق بينهما؛ لأن المقاصد قد فاتت فلابدّ من سبب تبتني عليه الفرقة، والإسلام طاعة فلايصلح سبباً...... وإضافة الشافعي الفرقة إلى الإسلام من باب فساد الوضع، وهو أن يترتب على العلة نقيض ما تقتضيه. (البحر الرائق: ۳/ ۲۱۱-۲۱۳) كتاب النكاح، باب نكاح الكافر، ط: سعيد)

□ التاتارخانية: (۳/ ۱۸۲) كتاب النكاح، نوع منه في إسلام أحد الزوجين، ط: ادارة القرآن.

□ الدر مع الرد: (۳/ ۱۹۱) كتاب النكاح، باب نكاح الكافر، ط: سعيد.

(۲) فليس له السفر مطلقاً بلارضاها لفساد الزمان؛ لأنّها لا تأمن على نفسها في منزلها فكيف إذا خرجت. (شامي: ۳/ ۱۴۶) كتاب النكاح، باب المهر، مطلب في السفر بالزوجة، ط: سعيد)

□ الهندية: (۱/ ۳۱۷) كتاب النكاح، الباب السابع في المهر، الفصل الحادي عشر في منع المرأة نفسها بمهرها ......، ط: رشيديه.

□ تبيين الحقائق: (۳/ ۵۷۶) كتاب النكاح، باب المهر، ط: سعيد.

(۳) انظر الحاشية رقم: ۱ على الصفحة السابقة، رقم: ۱۱۰. (بخلاف ما إذا خرجت من بيت الغصب)

بیوی شوہر کے تابع ہے

بیوی شوہر کے تابع ہے، اس کا شوہر جہاں اس کو رکھے گا وہی اس کا وطن ہوگا۔(۱)

بیوی کا عارضی قیام

صرف بیوی کے عارضی قیام سے وہ جگہ مسافر شوہر کے لیے وطن اقامت نہیں بنے گی اگر شوہر ایسی جگہ پر پندرہ دن سے کم کی نیت سے آئے گا تو قصر کرے گا۔(۲)

بیوی کا قیام

اگر مسافر نے ایک شہر میں نکاح کیا اور اس کا ارادہ خود وہاں قیام کرنے کا نہیں ہے لیکن بیوی کو وہیں میکہ میں رکھنے کا ارادہ ہے، تو شوہر یہاں سفر کر کے آنے کی صورت میں مقیم بن جائے گا۔(۳)

(۱، ۲) التبع كالعبد والغلام والجندي والمرأة إذا وفاها مهرها ...... تعتبر نية الإقامة والسفر من متبوعهم دونهم، فيصيرون مقيمين و مسافرين بنيتهم. (فتح القدير: ۲، ۲۰) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، فروع، ط: رشيديه)

شامي: (۲/۱۳۳) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط:سعيد.

تبيين الحقائق: (۱/۵۲۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد.

(۳) وروى أنّ عثمان رضي الله عنه كان حاجًا يصلّى بعرفات أربعاً فاتبعوه فاعتذر و قال: إنّي تأهّلت بمكة، و قال النبيّ ﷺ: من تأهّل ببلدة فهو منها، والوطن الأصلي هو وطن الإنسان في بلدته أو بلدة أخرى اتخذها داراً أو توطن بها مع أهله وولده وليس من قصده الارتحال عنها بل التعيش بها...... قيدنا بكونه انتقل عن الأول بأهله؛ لأنّه لو لم ينتقل بهم ولكنه استحدث أهلاً في بلدة أخرى، فإنّ الأوّل لم يبطل ويتمّ فيها...... وفي المحيط: ولو كان له أهل بالكوفة وأهل بالبصرة، فمات أهله بالبصرة و بقي له دور و عقار بالبصرة، قيل: البصرة لاتبقى وطناً له؛ لأنّها إنّما كانت وطناً بالأهل لا بالعقار، ألا ترى أنّه لو تأهّل ببلدة لم يكن له فيها عقار صارت وطناً له، وقيل: تبقى وطناً له؛ لأنّها كانت وطناً له بالأهل والدّار جميعاً، فبزوال أحدهما لا يرتفع الوطن كوطن الإقامة يبقى ببقاء الثقل وإن أقام بموضع آخر. (البحر الرائق: (۲/۱۳۶) كتاب الصلاة باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد)

(الوطن الأصلي) هو موطن ولادته أو تأهّله أو توطنه (يبطل بمثله) إذا لم يبق له بالأول أهل، فلو بقي لم يبطل بل يتمّ فيهما، قال ابن عابدين رحمه الله تحته: (قوله: أو تأهّله) أي تزوجه، قال في شرح المنية=

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ایک بیوی مستقل طور پر مکہ کرمہ میں مقیم تھیں اس لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ میں آکر قصر نہیں کیا بلکہ پوری نماز پڑھی ہے۔(۱)

اس سے معلوم ہوا کہ اگر شوہر کا مستقل قیام اپنے وطن میں ہے لیکن جب اس کی بیوی کا قیام مستقل طور پر دوسری جگہ پر ہوگا تو شوہر وہاں جا کر مقیم ہو جائے گا۔

بیوی کو کسی جگہ پر مستقل طور پر رکھنا یہ عملاً اقامت ہے، اس لیے شوہر یہاں آکر مقیم بن جائے گا، چاہے اقامت کی نیت کرے یا نہ کرے اس سے کوئی فرق نہیں آئے گا۔(۲)

اور اگر شوہر نے بیوی کو کسی جگہ پر مستقل طور پر نہیں رکھا بلکہ بیوی خود اپنی مرضی سے رہ رہی ہے تو شوہر وہاں جا کر مسافر رہے گا۔(۳)

اور اگر بیوی کو طلاق دے دی تو بھی سابقہ شوہر بیوی کے شہر میں جا کر مسافر رہے گا۔(۴)

بیوی کا وطن اقامت

اگر بیوی اپنی ضرورت یا ملازمت کی وجہ سے کسی جگہ پر سفر کر کے گئی ہے اور وہاں پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا ارادہ ہے تو بیوی وہاں مقیم بن جائے گی اور قصر کرے گی۔(۵)

اگر شوہر سفر کر کے وہاں گیا ہے لیکن پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت نہیں ہے تو شوہر بیوی کے قیام کی وجہ سے مقیم نہیں ہوگا۔(۶)

= (ولو تزوج المسافر ببلد ولم ينو الإقامة به فقيل: لايصير مقيماً، وقيل: يصير مقيماً، وهو الأوجه، ولو كان له أهل ببلدتين فأيّتهما دخلها صار مقيماً...... (قوله: إذا لم يبق له بالأوّل أهل) أى: وإن بقي له فيه عقار، قال في النهر: ولو نقل أهله و متاعه وله دور في البلد لاتبقى وطنا له، وقيل: تبقى، كذا في المحيط و غيره. (الدر مع الرد: (۲/ ۱۳۱، ۱۳۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

بدائع الصنائع: (۱/ ۱۰۳، ۱۰۴) كتاب الصلاة، [صلاة المسافر]، فصل في بيان مايصير المسافر به مقيماً، مطلب في أن الأوطان ثلاثة، ط: سعيد .

(۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶) انظر الى الحاشية السابقة رقم: ۳. على الصفحة: ۱۱۲. (وروى أنّ عثمان رضى الله عنه)

بیوی کو جہاں رکھا ہے وہ بھی وطن اصلی ہے

’’نکاح جہاں ہوا ہے اس کا حکم‘‘ کے عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲؍۳۱۳)

بیوی کو چھوڑ کر سفر پر جانا

’’بیوی کو چھوڑ کر علم کے لیے سفر کرنا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱؍۱۱۴)

بیوی کو چھوڑ کر علم کے لئے سفر کرنا

بیوی کا نان ونفقہ (ضروری خرچہ) دینا۔(۱)

اور ہر چار ماہ میں ایک دفعہ حق زوجیت ادا کرنا شوہر پر لازم ہے، اگر شوہر ان حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرے تو علم حاصل کرنے کے لیے سفر پر جانا جائز ہے، اور اگر شوہر کے سفر میں رہنے کی صورت میں عورت کے فتنہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے تو شوہر کے لیے سفر میں رہنا جائز نہیں ہوگا بلکہ اس کو بھی ساتھ لے جانے کا انتظام کرنا ہوگا، واضح رہے کہ ہر سفر کا یہی حکم ہے۔(۲)

---

(۱) فتجب (أی: النفقة) للزوجة علی زوجها . (الدر مع الرد: (۳؍۵۷۲)، كتاب النكاح، باب النفقة، ط: سعيد)

☐ تبيين الحقائق: (۳؍۳۰۰)، كتاب النكاح، باب النفقة، ط: سعيد.

☐ الهندية: (۱؍۵۴۴)، كتاب النكاح، الباب السابع عشر فی النفقات، ط: رشيديه.

(۲) ويسقط حقها بمرة و يجب ديانة أحياناً ولايبلغ مدة الإيلاء إلّا برضاها. (قوله: ولا يبلغ مدة الإيلاء)...... أنه لاينبغی أن يطلق له مقدارمدة الإيلاء وهو أربعة أشهر...... ثم قوله وهو أربعة أشهر يفيد أن المراد إيلاء الحرة م ويؤيد ذلک أن عمر رضی الله عنه لما سمع فی الليل امرأة تقول: فوالله لو لاالله تخشی عواقبه لزحزح من هٰذا السرير جوانبه، فسأل عنها، فإذا زوجها فی الجهاد، فسأل بنته حفصة: كم تصبر المرأة عن الرجل: فقالت أربعة أشهر، فأمر أمراء الأجناد ألّا يتخلف المتزوج عن أهله أكثر منها...... (شامی: (۳؍۲۰۲)، كتاب النكاح، باب القسم، ط: سعيد)

☐ البحر الرائق: (۳؍۳۱۹)، كتاب النكاح، باب القسم، ط: سعيد.

☐ النهر الفائق: (۲؍۲۹۴) كتاب النكاح، باب القسم، ط: قديمی.

☐ عن ابن جريج قال: أخبرنی من أصدق أن عمر بينما هو يطوف سمع امرأة تقول: =

بیوی کو سفر میں جانے سے انکار کا حق ہے

بیوی زندگی کی ساتھی ہے، اور زندگی کی ساتھی ہونے کی شان یہ ہے کہ سراپا مطیع وفرمانبردار ہو، اور اس کا قلب ودماغ شوہر کو آرام وراحت پہنچانے کے جذبہ سے سرشار ہو، اور خوشی ومسرت، عیش وطرب کی کیفیت ہو یا رنج وکلفت یا مشقت کی حالت ہو، فلک بوس عمارت ہو یا آسمان کے نیچے جنگل وبیاباں میں ہو بہر حال شوہر کی چاہت ودلداری پر سو جان قربان ہونے کے لیے تیار رہے، بشرطیکہ شوہر بھی قدر دان ہو۔(۱)

لہٰذا اگر شوہر بیوی کو سفر میں اپنے قلب ودماغ کی راحت وسکون کے لیے لے جانا چاہتا ہے تو اسے وفاداری کا حق ادا کرنا چاہیے، تاہم اگر وہ نہیں جاتی تو شرعاً پکڑ نہیں ہوگی۔(۲)

بیوی کی نیت کا اعتبار نہیں سفر میں

''تابع'' اور ''سفر میں بیوی شوہر کے تابع ہے'' عنوانات کے تحت دیکھیں۔

= تطاول هذا الليل و اسود جانبه ، وارقني أن لاحبيب ألاعبه فلولاحزار الله لاشيئ مثله ، لزعزع من هذا السرير جوانبه . فقال عمر : ومالك ؟ قالت : أغربت زوجي منذ أشهر وقد اشتقت إليه، قال : اردت سؤا ؟ قالت معاذ الله ! قال : فاملكي عليك نفسك فإنما هو البريد إليه ، فبعث إليه، ثم دخل على حفصة فقال : إن سائلك عن أمر قد أهمني فافرجيه عني ، في كم تشتاق المرأة إلى زوجها ؟ فخفضت رأسها فاستحيت ، قال : فإن الله لا يستحيي من الحق ، فأشارت بيدها ثلاثة أشهر ، وإلّا فأربعة أشهر ، فكتب عمر أن لا تحبس الجيوش فوق أربعة أشهر . (كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال : (۱٦/ ۵٧٦) كتاب النكاح ، المباشرة وآدابها ، حقوق متفرقة ، [رقم الحديث : ۴۵۹۲۴] ، ط: مؤسسة الرسالة ۱۴۰۱ھ)

(۱) عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبيّ ﷺ : لو كنت امر أحداً أن يسجد لأحدٍ لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها . (جامع الترمذي : (۱/ ۲۱۹) ، أبواب النكاح . باب ماجاء في حق الزوج على المرأة ، ط: قديمي)

عن أبي أمامة عن النبيّ ﷺ أنه يقول : مااستفاد المؤمن بعد تقوى الله خيراًله من زوجة صالحة ، إن أمرها أطاعته ، وإن نظر إليها سرّته وإن أقسم عليها أبرّته ، وإن غاب عنها نصحته في نفسها وماله . (مشكاة المصابيح : (ص: ۲٦٨) ، كتاب النكاح ، الفصل الثالث ، ط: قديمي)

(۲) انظر الحاشية رقم: ۱ ،على الصفحة السابقة، رقم: ۱۱۰ . (بخلاف ما إذا خرجت من بيت الغصب)

بیوی کی وجہ سے مقیم ہونا

مسافر نے ایک شہر میں نکاح کیا، اور اس کا ارادہ خود اس شہر میں قیام کرنے کا نہیں ہے، لیکن بیوی کو وہیں اس کے والدین کے گھر میں رکھنے کا ارادہ ہے تو بیوی کی وجہ سے یہ آدمی اس شہر میں مقیم ہو جائے گا، جب بھی یہاں آئے گا پوری نماز پڑھے گا۔(۱)

بیوی کے سفر کا نفقہ کس پر

اگر بیوی سفر میں ہے، اور شوہر اس کے ساتھ ہے، تو اگر چہ بیوی اپنے ذاتی کام اور فائدہ کے لیے سفر کر رہی ہے، پھر بھی نفقہ کی مستحق ہوگی۔(۲)

ہاں اگر شوہر ساتھ میں نہ ہو تو اس پر نفقہ واجب نہیں ہوگا۔(۳)

بیوی کے سفر میں ساتھ نہ جانے کی وجہ سے خرچہ بند کرنا

اگر شوہر اپنی بیوی کو سفر میں ساتھ لے جانا چاہتا ہے اور بیوی جانے سے انکار کر دے،

---

(۱) (الوطن الأصلي) هو موطن ولادته أو تأهله أو توطنه. قال العلامة ابن عابدين رحمه الله: (قوله: أو تأهّله) أي تزوّجه، قال في شرح المنية: ولو تزوّج المسافر ببلد ولم ينو الإقامة به فقيل: لايصير مقيماً وقيل: يصير مقيماً، وهو الأوجه، ولو كان له أهل ببلدتين فأيتهما دخلها صار مقيماً. (الدر مع الرد: (۱۳۱/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، مطلب في الوطن الأصلي ووطن الإقامة، ط: سعيد)

بدائع الصنائع: (۱۰۳/۱، ۱۰۴) كتاب الصلاة، [صلاة المسافر]، فصل في بيان مايصير المسافر به مقيماً، مطلب في أن الأوطان ثلاثة، ط: سعيد.

البحر الرائق: (۱۳۶/۲) كتاب الصلاة، باب [صلاة] المسافر، ط: سعيد.

(۲،۳) ......أمّا إذا حجّ الزوج معها فلها النفقة إجماعاً، وتجب عليه نفقة الحضر دون السفر، ولايجب الكراء. أمّا إذا حجّت للتطوع فلانفقة لها إجماعاً إذا لم يكن الزوج معها. هكذا في الجوهر النيرة. وإن حجّت مع زوجها حجّة نفلاً كانت لها نفقة الحضر لا نفقة السفر. (الفتاوى الهندية: (۵۴۶/۱) كتاب الطلاق، الباب السابع عشر في النفقات، الفصل الأوّل في نفقة الزوجة، ط: رشيديه)

البحر الرائق: (۱۸۱/۴) كتاب الطلاق، باب النفقة، ط: سعيد.

الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية: (۴۲۷/۱) كتاب النكاح، باب النفقة، ط: رشيديه.

تو شوہر بیوی کا نان ونفقہ (ضروری خرچہ) بند نہیں کرسکتا۔(۱)

بیوی محرم کے بغیر سفر کرے اور شوہر خاموش رہے تو؟

اگر بیوی محرم کے بغیر سفر کرے اور شوہر خاموش رہے، اور اسے منع نہ کرے تو جس طرح بیوی گنہگار ہوگی اسی طرح شوہر بھی گنہگار ہوگا۔(۲)

بیویوں کے درمیان تحفہ تقسیم کرنے میں برابری کرنا

اگر کسی کی ایک سے زائد بیویاں ہیں تو سفر سے تحفہ لانے کی صورت میں سب میں برابر کرکے تقسیم کرنا ضروری ہے، ورنہ شوہر فاسق اور گنہگار ہوگا۔ دو بیویوں کے درمیان کھانے، کپڑے، تحفے تحائف اور پاس رہنے میں برابری کرنا ضروری ہے۔(۳)

---

(۱) بخلاف ما إذا خرجت من بيت الغصب ، أو أبت الذهاب إليه ، أو السفر معه ، أو مع أجنبی بعثه لينقلها ، فلها النفقة . (الدر مع الرد : (۳/۵۷۷) كتاب الطلاق ، باب النفقة ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۴/۱۷۹) كتاب الطلاق ، باب النفقة ، ط: سعيد .

أمّا فی زماننا فلايملك الزوج أن يسافر بها وإن أوفی صداقها...... الخ. (الفتاوی الهندية: (۱/۵۴۵) كتاب الطلاق، الباب السابع عشر فی النفقات، الفصل الأوّل فی نفقة الزوجة، ط: رشيديه)

(۲) قال رسول الله ﷺ ؛ لايخلونّ رجل بامرأة ولا تسافرنّ امرأة إلّا ومعها محرم ...... الخ . (مشكاة المصابيح : (ص: ۲۲۱) كتاب المناسك ، الفصل الأوّل ، ط: قديمی)

عن عبد الله بن عمر رضی الله عنه قال : قال :رسول الله ﷺ : ألا كلّكم راعٍ وكلّكم مسئول عن رعيته ...... والرجل راع علی أهل بيته ...... الخ . (مشكاه المصابيح : (ص: ۳۲۰) كتاب الإماة والقضاء ، الفصل الأوّل ، ط: قديمی)

وعن النبیّ ﷺ أنه قال : لاتسافر امرأة ثلاثة أيّام إلّا ومعها محرم أو زوج ...... الخ . (بدائع الصنائع : (۲/۱۲۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائط فرضيته فنوعان ...... ، ط: سعيد)

الدر مع الرد : (۲/۴۶۴ ، ۴۶۵) كتاب الحج ، [شرائط وجوب الحج] ، ط: سعيد .

(۳) (يجب)...... (أن يعدل) أی : أن لايجور (فيه) أی : فی القسم بالتسوية فی البيتوتة (وفی الملبوس ، والمأكول) والصحبة (لا فی المجامعة) كالمحبة بل يستحب . (الدر مع الرد: (۳/۲۰۱ ، ۲۰۲) كتاب النكاح ، باب القسم ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۳/۲۱۸) كتاب النكاح ، باب القسم ، ط: سعيد .

الفتاوی الهندية : (۱/۳۴۰) كتاب النكاح ، الباب الحادی عشر فی القسم ، ط: رشيديه.

حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص کی دو بیویاں ہوں، اوران میں مساوات اور برابری نہ کرے تو قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کا ایک شانہ گرا ہوا ہوگا۔(۱)

(۱) عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبیّ ﷺ قال : إذا كانت عند رجل امرأتان فلم يعدل بينهما جاء يوم القيامة وشقّه ساقط . رواه الترمذی و أبوداؤد و النسائی وابن ماجه والدارمی .
(مشكاة المصابيح : (ص: ۲۷۹) كتاب النكاح ، باب القسم ، الفصل الثانی : ط: قديمی)
جامع الترمذی : (۱/۲۱۷) أبواب النكاح ، باب ما جاء فی التسوية بين الضرائر ، ط:سعيد .
سنن أبی داؤد : (ص: ۳۶۳) كتاب النكاح ، باب فی القسم بين النساء ، رقم الحديث (۲۱۳۳) ط: دار إحياء التراث العربی ، بيروت .
مزید ''تحفہ کی تقسیم میں برابری کرنا'' عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔

پ

پارکنگ

''گاڑی والے خیال رکھیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲ر۱۰۳)

پالکی

اگر کسی کو عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھنا درست ہے، تو پالکی پر بھی بیٹھ کر نماز پڑھنا درست ہے، لیکن پالکی جس وقت پالکی اٹھا کر چلنے والوں کے کاندھوں پر ہو اس وقت اس میں نماز پڑھنا درست نہیں، زمین پر رکھوالیں تب پڑھیں۔ (۱)

پانی اور مٹی نہ ملے

''طہارت کے لیے پانی اور مٹی نہ ملے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱ر۳۹۴)

پانی خریدنا

اگر مسافر کے پاس پانی نہیں ہے، لیکن پانی مناسب قیمت پر مل رہا ہے، اور مسافر کے پاس اتنا پیسہ ہے کہ پانی خریدنے کی وجہ سے سفر کی ضروریات میں دقت نہیں ہوگی تو

---

(۱) وكذا الو ركز تحت المحمل خشبة حتى بقي قرارة على الأرض لا على الدابّة يكون بمنزلة الأرض . كذا في التبيين . (الفتاوى الهندية : (۱/۱۴۳) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في المسافر ، وممّا يتّصل بذٰلك : الصلاة على الدابّة والسفينة ، ط: رشيديه)

ولو جعل تحت المحل خشبة حتى بقي قراره إلى الأرض ، كان بمنزلة الأرض فتصحّ الفريضة فيه قائما . قال الطحطاوي تحته : (قوله : فتصحّ الفريضة فيه قائما) فإن لم يمكنه القيام ولا النزول صلى قاعداً كما هو مفاد كلامهم ، أفاده بعض الأفاضل بحثا . (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : (۱/۵۵۶) كتاب الصلاة ، باب الوتر وأحكامه ، فصل في صلاة الفرض والواجب على الدابّة ، ط: مكتبه غوثيه ، و (ص: ۴۰۸) ، ط: قديمي)

الدر مع الرد: (۲/۴۰) كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، مطلب في الصلاة على الدابّة، ط: سعيد)

اس صورت میں وضو اور واجب غسل کے لیے پانی خریدنا واجب ہے۔(۱)

اور اگر پانی عام قیمت پر نہیں مل رہا ہے بلکہ مسافر کی ضرورت اور مجبوری سے فائدہ اٹھا کر فروخت کرنے والا بہت زیادہ قیمت کا مطالبہ کر رہا ہے تو پانی خریدنا ضروری نہیں ہو گا، بلکہ تیمّم کرنا جائز ہوگا۔(۲)

پانی دور ہے

اگر کوئی شخص ایسے شہر یا ایسی بستی اور علاقہ میں ہے جہاں ایک میل (ایک کلومیٹر ۶۱۰ میٹر) تک کہیں پانی نہیں تو وہاں بھی تیمّم کرنا جائز ہے۔(۳)

پانی قریب ہے مگر پانی لینے میں نماز قضا ہو جائے گی

پانی قریب ہے لیکن وقت تنگ ہے، اگر پانی لینے جائے گا اور وضو کرے گا تو نماز کا

(۱، ۲) (وإن لم يعطه إلّا بثمن مثله) أو بغبن يسير (وله ذلک) فاضلاً عن حاجته (لايتيمم ولو أعطاه بأكثر) يعني بغبن فاحش، وهو ضعف قيمته في ذلک المكان (أو ليس له) ثمن (ذلک تيمم). (الدر مع الرد: (۱/ ۲۵۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد)

▭ البحر الرائق: (۱/ ۱۶۲) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد.

▭ حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (۱/ ۱۸۱، ۱۸۲) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: مكتبه غوثيه كراچی، و (ص: ۱۲۴، ۱۲۵، ط: قديمي.

(۳) أمّا العدم من حيث الصورة والمعنى فهو أن يكون الماء بعيداً عنه ولم يذكر حد البعد في ظاهر الرواية، وروى عن محمد أنه قدره بالميل، وهو أن يكون ميلاً فصاعداً، فإن كان أقلّ من ميل لم يجز التيمم، والميل ثلث فرسخ...... وأقرب الأقاويل اعتبار الميل؛ لأن الجواز لدفع الحرج، وإليه وقعت الإشارة في آية التيمم، وهو قوله تعالىٰ على أثر الآية: ﴿ مايريد اللّٰه ليجعل عليكم من حرج ولٰكن يريد ليطهّركم ﴾، ولا حرج في مادون الميل، فأمّا الميل فصاعداً فلايخلو عن حرج. (بدائع الصنائع: ۱/ ۴۶، ۴۷) كتاب الطهارة، [التيمم]، فصل: وأمّا شرائط الركن فأنواع، ط: سعيد)

▭ (ومنها: عدم القدرة على الماء) يجوز التيمم لمن كان بعيداً من الماء ميلاً، هو المختار في المقدار، سواء كان خارج المصر أو فيه، وهو الصحيح، و سواء كان مسافراً أو مقيماً. (الفتاوى الهندية: (۱/ ۲۷) كتاب الطهارة، الباب الرابع في التيمم، الفصل الأوّل في أمور لابدّ منها في التيمم، ط: رشيديه)

▭ البحر الرائق: (۱/ ۱۳۸، ۱۳۹) كتاب الطهارة، باب التيمّم، ط: سعيد.

وقت نکل جائے گا اور نماز قضا ہو جائے گی، تو اس صورت میں تیمّم کرنے کی اجازت نہیں ہو گی، بلکہ پانی سے وضو کر کے نماز پڑھنا لازم ہوگا، اگرچہ نماز قضا ہو جائے۔(۱)

پانی کم ہے

اگر مسافر کے پاس صرف اتنا پانی ہے کہ وضو کے اعضاء کو صرف ایک ایک مرتبہ دھونا ممکن ہے، تب بھی وضو کرنا ضروری ہے، اگر پہلے تیمّم کیا تھا تو اتنے پانی پر قدرت ہونے پر تیمّم باطل ہو جائے گا۔(۲)

پانی کے جہاز میں جمعہ پڑھنا

''ہوائی جہاز پر جمعہ کی نماز پڑھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۸۸)

---

(۱) ......وهذا إذا كان بينه و بين موضع يرجوه ميل أو أكثر ، فإن كان أقلّ منه لايجزئه التيمم وإن خاف فوت وقت الصلاة. (البحر الرائق: (۱/۱۵۵) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد.

......فإن كان الماء قريباً منه لايجوز له التيمم وإن خاف خروج الوقت. (الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية: (۱/۵۴) كتاب الطهارة ، باب التيمم ، ط: رشيديه)

(ويجب) أي يلزم (التاخير بالوعد بالماء ولو خاف القضاء) اتفاقا، إذا كان الماء موجوداً أو قريباً؛ إذ لاشكّ في جواز التيمم ومنع التاخير لخروج الوقت مع بعده ميلاً. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (۱/۷۹) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: مكتبه غوثيه، (ص: ۱۲۳)، ط: قديمي)

(۲) (وناقضه ...... وقدرة ماء) ولو إباحة في صلاة (كاف لطهره) ولو مرة مرة (فضل عن حاجته) كعطش وعجن و غسل نجس ولمعة جنابة ؛ لأنّ المشغول بالحاجة وغير الكافي كالمعدوم. قال ابن عابدين رحمه الله تحته : (قوله : كاف لطهره) أي : للوضوء لو محدثاً ، وللاغتسال ولو جنباً واحترز به عمّا إذا كان يكفي لبعض أعضائه أو يكفي للوضوء وهو جنب ، فلا يلزمه استعماله عندنا ابتداءً كمامر فلاينقض ، كما في الحلية . (قوله : ولو مرة مرة) فلو غسل به كلّ عضو مرتين أو ثلاثاً فنقص عن إحدى رجليه انتقض تيممه هو المختار ؛ لأنّه لو اقتصر على المرة كفاه. بحر عن الخلاصة .

(الدر مع الرد : (۱/۲۵۴ ، ۲۵۶) كتاب الطهارة ، باب التيمم ، نواقض التيمم ، ط: سعيد) .

البحر الرائق : (۱/۱۵۲) كتاب الطهارة ، باب التيمم ، ط :سعيد .

حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : (۱/۱۸۴) كتاب الطهارة ، باب التيمم ، ط: مكتبة، غوثيه ، و (ص: ۱۲۷) ط:قديمي.

پانی کے سفر میں موت ہو جانا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "دریا اور سمندر کے سفر میں جس شخص کا سر گھومنے لگے اور اس کی وجہ سے اس کو الٹی ہو تو اس کو ایک شہید کا ثواب ملے گا، اور جو شخص سفر کے دوران دریا میں ڈوب جائے تو اس کو دو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔ (ابوداؤد)(۱)

ان دونوں کو شہید کا ثواب اس صورت میں ملے گا جب کہ وہ جہاد کے لیے یا دینی علم طلب کرنے کے لیے یا حج جیسے مقاصد کے لیے دریا و سمندر میں سفر کر رہے ہوں، نیز اگر کسی کے سفر کا مقصد تجارت ہو، اور اس تجارت کی غرض اپنے جسم کو زندہ اور طاقت ور رکھنے اور اپنے اہل وعیال کی ضروریات زندگی کو پورا کرنا ہو اور وہ تجارت اس دریائی سفر کے بغیر ممکن نہ ہو تو اس صورت میں بھی یہ حکم ہے۔ (۲)

---

(۱) عن أمّ حرام عن النبيّ ﷺ قال: المائد في البحر الّذي يصيبه القيئ له أجر شهيد، والغريق له أجر شهيدين. رواه أبوداؤد. (مشكاة المصابيح: (ص: ۳۳۳) كتاب الجهاد، الفصل الثاني، ط: قديمي)

سنن أبي داؤد: (۱/ ۳۵۹) كتاب الجهاد، باب في ركوب البحر في الغزو، [رقم الحديث: ۲۴۹۳]، ط: رحمانيه.

(۲) عن النبيّ ﷺ قال: المائد في البحر: اسم فاعل من ماد يميد إذا مال و تحرك، وهو الّذي يدور رأسه من ريح البحر، واضطرب السفينة بالأمواج، كذا في النهاية: (الّذي يصيبه القيئ): قال الطيبي: صفة مبينة لامخصصة، (له أجر شهيد): قال المظهري: يعني من ركب البحر وأصابه دوران، فله أجر شهيد إن ركبه لطاعة كالغزو والحجّ وتحصيل العلم، أو للتجارة إن لم يكن له طريق سواه، ولم يتجر لطلب زيادة المال، بل للقوت، (والغريق): أي في البحر لما ذكر، (له أجر شهيدين): أحدهما لقعود الطاعة والآخر للغرق، وكل منهما في حكم الشهادة. (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح: (۷/ ۴۰۱)، كتاب الجهاد، الفصل الثاني، [رقم الحديث: ۳۸۳۹]، حقانيه ملتان)

المائد في البحر: أي الذي حصل له غثيان...... قلت الّذي يظهر تقييد ركوب البحر أو السفر بما إذا كان لغير معصية وإلّا كان معصية لكونه سبباً للمعصية، فهو كمن قاتل عصبيةً فجرح ثمّ مات، فالمناسب مانقله عن بعضهم من تقييد السفر بالإباحة، والله أعلم. (شامي: (۲/ ۲۵۲، ۲۵۳) كتاب الصلاة، باب الشهيد، مطلب في تعداد الشهداء، قبيل: باب الصلاة في الكعبة، ط: سعيد)

حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ۶۲۸)، كتاب الصلاة، باب أحكام الشهيد، ط: قديمي.

پانی موجود ہے لیکن بھول کر تیمّم کر کے نماز پڑھ لی

پانی موجود ہے لیکن یاد نہیں رہا کہ پانی موجود ہے، اس لیے یہ سمجھ کر کہ پانی نہیں ہے تیمّم کر کے نماز پڑھ لی، اس کے بعد پتہ چلا کہ سامان میں پانی رکھا ہوا ہے تو اس صورت میں نماز دہرانے کی ضرورت نہیں۔(۱)

پانی میں ڈبو کر ماردیا

''سیلاب کی لاشیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۵۹/۱)

پانی نہ ہونے کی صورت میں جماع کرنا جائز ہے یا نہیں؟

اگر مسافر کے پاس پانی نہیں ہے اور پانی ملنے کی امید بھی نہیں ہے، تو بھی مسافر کے لیے بیوی سے جماع کرنا جائز ہے، جنابت کے غسل کے بجائے تیمّم کرے۔(۲)

---

(۱) مسافر تيمّم وفي رحله ماء لم يعلم به حتى صلى ثم علم به أجزأه في قول أبي حنيفة و محمد، ولايلزمه الإعادة...... (بدائع الصنائع: (۴۹/۱) فصل في شرائط ركن التيمم، ط: سعيد)

(صلّى) من ليس في العمران بالتيمم (ونسي الماء في رحله) وهو ممّا ينسى عادة (لاإعادة عليه)...... الخ. قال ابن عابدين رحمه اللّٰه: (قوله: وهو ممّا ينسى عادة) الجملة حالية، ومحترزه قوله: كما لو نسيه في عنقه...... الخ (قوله: لاإعادة عليه) أي إذا تذكره بعد ما فرغ من صلاته، فلو تذكر فيها يقطع ويعيد إجماعاً. (الدر مع الرد: (۲۴۹/۱، ۲۵۰) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد)

تيمم وفي رحله ماء لايعلم به أو نسيه فصلى أجزأته عندهما خلافاً لأبي يوسف رحمه اللّٰه تعالىٰ، كذا في محيط السرخسي . والخلاف في ما إذا وضعه بنفسه أو وضعه غيره بأمره أو بغير أمره بعلمه ، وإن كا بغير علمه لايعيد اتفاقاً . كذا في التبيين . (الفتاوى الهندية : (۳۱/۱) كتاب الطهارة ، الباب الرابع في التيمم ، الفصل الثالث في المتفرقات ، ط: رشيديه)

البحر الرائق : (۱۵۹/۱) كتاب الطهارة ، باب التيمم ، ط: سعيد .

(۲) وللمسافر أن يطأ جاريته وإن علم أنّه لايجد الماء . كذا في الخلاصة . (الفتاوى الهندية : (۳۱/۱) كتاب الطهارة ، الباب الرابع في التيمم ، الفصل الثالث في المتفرقات ، ط: رشيديه)

خلاصه الفتاوى : (۳۹/۱) ، كتاب الطهارات ، الفصل الخامس في التيمم ،جنس آخر في المتفرقات ، ط: رشيديه .

بدائع الصنائع : (۴۵/۱) ، كتاب الطهارة ، فصل : وأمّا التيمم ،ط:سعيد .

پانی وضو اور استنجا میں سے ایک کے لیے کافی ہے

اگر مسافر کے جسم یا کپڑے پر یا دونوں پر نجاست لگی ہوئی ہے، اور پانی اتنا کم ہے کہ اس سے یا تو نجاست ہی زائل ہو سکتی ہے یا صرف وضو ہو سکتا ہے، تو اس صورت میں نجاست کا دھونا ضروری ہے۔(۱)

اور اگر باتھ روم جانے کی حاجت ہو تو پانی کی جگہ ڈھیلا یا ٹیشو استعمال کرے، اور پانی سے وضو کرے۔(۲)

پانی ہے لیکن یہ سمجھ کر کہ پانی نہیں ہے تیمّم کر لیا

اگر ٹرین وغیرہ میں پانی موجود ہے، لیکن یہ سمجھ کر کہ پانی نہیں، تیمّم کیا اور نماز ادا کی، اس کے بعد معلوم ہوا کہ پانی ہے تو اس صورت میں وضو کر کے نماز دوبارہ پڑھنی ہو گی، خواہ وقت باقی ہو یا نکل گیا ہو، دونوں صورتوں میں اعادہ کرنا لازم ہے۔(۳)

(۱، ۲) مسافر محدث على ثوبه نجاسة أكثر من قدر الدرهم ومعه مايكفي لأحدهما ، غسل به الثوب، ويتيمم للحدث عند عامة العلماء...... أن الصرف إلى النجاسة يجعله مصلياً بطهارتين حقيقة وحكميّة، فكان أولى من الصلاة بطهارة واحدة، ويجب أن يغسل ثوبه من النجاسة ثم يتيمم...... (بدائع الصنائع: (۱/۵۷) كتاب الطهارة، فصل: وأمّا بيان ما ينقض التيمم، ط: سعيد)

طحطاوي على المراقي : (ص: ۱۵۱) كتاب الطهارة ، باب الأنجاس والطهارة عنها ، ط: قديمي .

المحيط البرهاني : (۱/۱۹۵) كتاب الطهارة ، الفصل الخامس في التيمم ، ط: دار إحياء التراث العربي.

(۳) (قوله : ولم يعد إن صلى به ونسي الماء في رحله) أي ولم يعد إن صلى بالتيمم ناسياً الماء كائنا في رحله ، وهو ممّا ينسى عادة وكان موضوعاً بعلمه ...... وقال أبويوسف تلزمه الإعادة ، قيد بالنسيان ؛ لأنّ في الظن لايجوز التيمم إجماعاً ، ويعيد الصلاة ؛ لأنّ الرحل معدن الماء عادةً فيفترض عليه الطلب ، كما يفرض عليه الطلب في العمرانيات ؛ لأنّ العلم لايبطل بالظن . (البحر الرائق : ۱/۱۵۹) كتاب الطهارة ، باب التيمم ، ط: سعيد)

شامي : (۱/۲۵۰) كتاب الطهارة ، باب التيمم ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع : (۱/۴۹) ، كتاب الطهارة ، فصل : وأمّا شرائط الركن فأنواع ، ط : سعيد.

پاؤں

اگر کسی کا ایک ہی پاؤں ہے، خواہ ایسا پیدائشی ہے یا ایک پاؤں ٹخنوں سے اوپر کٹ گیا ہے، اس حالت میں یہ شخص اسی ایک پیر کے موزے کا مسح کرے گا۔

اگر کسی کے پاؤں میں ''لنگڑاپن'' ہے اور پنجوں کے بل چلتا ہے، اور ایڑی اپنی جگہ سے اٹھ جاتی ہے تو اس کے لیے بھی موزوں پر مسح کرنا جائز ہے، جب تک اس کا پاؤں پنڈلی کی جانب نکل نہ جائے۔(۱)

پاؤں کٹا ہوا ہے

اگر کسی کا پاؤں کاٹا گیا ہو تو اگر قدم کی پشت کی جانب سے بقدر فرض تین انگلیوں کے برابر باقی ہے تو موزوں پر مسح کرسکتا ہے، اور اگر بقدر فرض تین انگلیوں کے برابر قدم کی پشت باقی نہیں ہے تو موزوں پر مسح کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ مسح کرنے کی جگہ باقی نہیں ہے، البتہ دھونے کا محل باقی ہے اس لیے دھوئے گا۔(۲)

---

(۱) والشرط السابع: أن يبقى بكل رجل من مقدم القدم قدر ثلاث أصابع من أصغر أصابع اليد ليوجد المقدار المفروض، من محل المسح، فإذا قطعت رجل فوق الكعب جاز مسح خف الباقية وإن بقي من دون الكعب أقل من ثلاث أصابع لايمسح لافتراض غسل الباقي، وهو لايجمع مع مسح خف الصحيحة، فلو كان فاقداً مقدم قدمه لايمسح على خفه ولو كان عقب القدم موجودًا؛ لأنّه ليس محلًا لفرض المسح، ويفترض غسله. (مراقي الفلاح: (ص: ١٣١)، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، ط: قديمي)

البحر الرائق : (١٧٣/١) ، كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، ط: سعيد .

الهندية : (٣٢/١) كتاب الطهارة ، الباب الخامس في المسح على الخفين ، الفصل الأوّل في الأمور الّتي لابدّ منها في جواز المسح ، ط: رشيديه .

(٢) والشرط السابع: أن يبقى بكل رجل من مقدم القدم قدر ثلاث أصابع من أصغر أصابع اليد ليوجد المقدار المفروض، من محل المسح، فإذا قطعت رجل فوق الكعب جاز مسح خف الباقية وإن بقي من دون الكعب أقل من ثلاث أصابع لايمسح لافتراض غسل الباقي، وهو لايجمع مع مسح خف الصحيحة، فلو كان فاقداً مقدم قدمه لايمسح على خفه ولو كان عقب القدم موجودًا؛ لأنّه ليس محلًا لفرض المسح، ويفترض غسله. (مراقي الفلاح: (ص: ١٣١)، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، ط: قديمي) =

اگر کسی کا ایک پاؤں کٹ گیا ہے تو اگر کم از کم تین انگل کی مقدار باقی رہ جائے گی تو اس پر موزہ چڑھا کر مسح کرنا جائز ہوگا۔(۱)

اور اگر کم از کم تین انگل کی مقدار باقی نہیں ہے تو اس پر موزہ چڑھا کر مسح کرنا جائز نہیں ہوگا۔(۲)

پاؤں میں زخم ہے

اگر کسی آدمی کے ایک پاؤں میں زخم ہے، اور وہ اس کو نہ دھوسکتا ہے نہ مسح کرسکتا ہے تو اس کو دوسرے پاؤں پر موزہ ہونے کی صورت میں مسح کرنے کی اجازت ہوگی۔(۳)

اسی طرح اگر ٹخنوں کے اوپر سے ایک پیر کٹ گیا تو وہ بھی دوسرے پیر پر موزہ ہونے کی صورت میں مسح کرسکتا ہے۔(۴)

= البحر الرائق : (۱/۱۷۳) ، کتاب الطهارة ، باب المسح علی الخفين ، ط: سعيد .

الهندية : (۱/۳۲) کتاب الطهارة ، الباب الخامس فی المسح علی الخفين ، الفصل الأوّل فی الأمور الّتی لابدّ منها فی جواز المسح ، ط: رشيديه.

(۱، ۲) لو قطعت إحدی رجليه و بقی منها أقلّ منه أو بقی ثلاث أصابع لکن من العقب لا من موضع المسح ، فلبس علی الصحيحة أو المقطوعة لايمسح لوجوب غسل ذلک الباقی ...... الخ . (البحر الرائق : (۱/۱۷۳) کتاب الطهارة ، باب المسح علی الخفين ،ط: سعيد)

الدر مع الرد : ((۱/۲۷۳) کتاب الطهارة ، باب المسح علی الخفين ، ط: سعيد .

الفتاوی الهندية: (۱/۳۲) کتاب الطهارة، الباب الخامس فی المسح علی الخفين، ط: رشيديه.

(۳، ۴) لو کانت باحدی رجليه جراحة لايقدربها علی الغسل والمسح يجوز له المسح علی الأخری، و کذا لو قطعت من فوق الکعب ، وإن قطعت من دونها و بقی من موضع المسح مقدار ثلاث أصابع يجوز المسح عليهما وإلّا لا . (الفتاوی الهندية : (۱/۳۲) کتاب الطهارة ، الباب الخامس فی المسح علی الخفين ، ط: رشيديه)

الدر مع الرد : (۱/۲۷۳) کتاب الطهارة ، باب المسح علی الخفين ، ط: سعيد .

الفتاوی الخانية علی هامش الفتاوی الهندية : (۱/۴۸) کتاب الطهارة ، باب الوضوء والغسل ، فصل فی المسح علی الخفين ، ط: رشيديه .

اور اگر پیر ٹخنے کے نیچے سے کٹا اور تین انگلیوں کے برابر اس پر مسح ہو سکتا ہے تو دونوں پیروں کے موزوں پر مسح کرے گا۔(۱)

پائلٹ

جہاز کے پائلٹ اور عملہ سفر کے دوران قصر کریں گے۔

اگر ائیر پورٹ آبادی سے باہر ہے تو اس صورت میں ائیر پورٹ میں بھی قصر کریں گے۔ (۲)

اور اگر ائیر پورٹ آبادی سے متصل ہے تو اس صورت میں ایئر پورٹ میں قصر نہیں کریں گے بلکہ پرواز کے بعد سے قصر کریں گے۔ (۳)

پراپرٹی

''زمین'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/ ۳٦٠)

پرواز کے دوران محرم کا ہونا

مثلاً پاکستان، ہندوستان اور بنگلہ دیش وغیرہ کے ایئر پورٹ پر عورت کو پہنچا دے اور جدہ ایئر پورٹ پر دوسرا محرم موجود ہو، اور سفر کے درمیان ہوائی جہاز میں کوئی محرم موجود نہ ہو، تو یہ بھی ناجائز ہے، جس طرح ہوائی جہاز میں سفر کے دوسرے احکام جاری ہوں گے

(۱) أنظر الى الحاشية السابقة رقم: ۳. على الصفحة: ۱۲٦ . (لو كانت باحدى رجليه)

(۳،۲) (من خرج من عمارة موضع إقامته) من جانب خروجه وإن لم يجاوز من الجانب الآخر ، وفي الخانية : إن كان بين الفناء والمصر أقلّ من غلوة وليس بينهما مزرعة يشترط مجاوزته وإلّا فلا . قال ابن عابدين رحمه الله : (قوله : من خرج من عمارة موضع إقامته) ...... وأشار إلى أنه يشترط مفارقة ما كان من توابع موضع الإقامة كربض المصر وهو ماحول المدينة من بيوت و مساكن فإنّه في حكم المصر ...... وأمّا الفناء ، وهو : المكان المعدّ لمصالح البلد ، كركض الدوابّ و دفن الموتٰى وإلقاء التراب فإن اتّصل بالمصر اعتبر مجاورته ، وإن انفصل بغلوة أو مزرعة فلا ...... الخ. (الدر مع الرد : (۲/ ۱۲۱) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

الفتاوى الهندية: (۱/ ۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

البحر الرائق : (۲/ ۱۲۸) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

مثلاً قصر وغیرہ اسی طرح چند گھنٹہ طے کرنے کے لئے بھی محرم ساتھ ہونا ضروری ہے۔(۱)

پستی میں اترتے وقت

''بلندی اور پستی'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۰۲/۱)

پلاسٹک کے موزے پر جراب ہوتو؟

اگر پلاسٹک کے موزے کو جراب کے ساتھ سی لیا جائے تو اس پر مسح جائز ہے اس کو ''مبطن'' کہا جاتا ہے۔بغیر سلائی کئے جراب پر مسح کرنا جائز نہیں۔(۲)

پلیٹ فارم

پلیٹ فارم پر جانے کے لئے جو طریقہ اور راستہ قانوناً رائج ہے اس کے خلاف کرنا

---

(۱) عن ابن عباس رضی اللّٰہ قال قال النبیّ ﷺ : لاتسافر المرأة إلّا مع ذی محرم ولایدخل علیها رجل إلاّ و معها محرم . (صحیح البخاری : (۲۹۸/۱) کتاب المناسک ، کتاب جزاء الصید ، باب حج النساء ، [رقم الحدیث : ۱۸۶۲] ط : الطاف اینڈ سنز کراچی)

عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنه أنّ رسول اللّٰه ﷺ قال : لاتسافر المرأة ثلاثة إلاّ و معها ذو محرم . (الصحیح لمسلم : (۴۹۹/۱ ، ۵۰۰) کتاب الحج ، باب سفر المرأة مع محرم إلی حج و غیره ، ط: رحمانیه)

الدر مع الرد : (۴۶۴/۲ ، ۴۶۵) کتاب الحج ، مطلب : فی قولهم یقدم حق العبد علی حق الشرع ، ط: سعید .

(۲) قال شمس الأئمة: هٰذا فی شرح کتاب الصلاة، الجورب أنواع : منها ما یکون من غزل و صوف، ومنها ما یکون من غزل، ومنها ما یکون من شعر...... وأما الثانی: فإن کان رقیقاً لایجوز المسح علیه بلاخلاف، وإن کان ثخیناً مستمسکاً، ویستر الکعب ستراً لایراه الناظر کما هو جوارب أهل المرو، فعلی قول أبی حنیفة رحمه اللّٰه: لایجوز المسح علیها، إلّا إذا کان منعّلاً أو مبطناً، وعلی قولهما یجوز .(المحیط البرهانی: (۲۱۲/۱) کتاب الطهارة، الفصل السادس فی المسح علی الخفین، ''نوع آخر'' فی مایجوز علیه المسح من الخفاف و ما بمعناه ومالایجوز، ط: دارإحیاء التراث العربی)

التاتارخانیة : (۲۶۷/۱) کتاب الطهارة ، الفصل السادس فی المسح علی الخفین '' نوع آخر '' فی ما یجوز علیه المسح من الخفاف وما بمعناه وما لایجوز ، ط: ادارة القرآن .

منحة الخالق علی البحر الرائق: (۱۸۲/۱) کتاب الطهارة، باب المسح علی الخفین، ط: سعید.

جائز نہیں ہے، مثلاً کسی اسٹیشن پر قانون مقرر ہے کہ اسٹیشن ماسٹر کی اجازت ضروری ہے، تو اس کی اجازت کے بغیر پلیٹ فارم پر جانا جائز نہ ہوگا۔

اور اگر اسٹیشن پر یہ قانون ہے کہ ٹکٹ کے بغیر پلیٹ فارم پر جانے کی اجازت نہیں تو وہاں پر پلیٹ فارم کی ٹکٹ لے کر جانا ضروری ہے، اس کی خلاف ورزی کرنا جائز نہیں۔(۱)

مزید ''حق برابر ہے'' کے عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔

پناہ مانگے

''سفر کے وقت کن چیزوں سے پناہ مانگے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/ ۱۲۹)

پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کے بغیر لمبا عرصہ ٹھہرنا

''اتفاقیہ قیام'' کے عنوان کو دیکھیں۔

پندرہ دن کی نیت ایک ساتھ کرنا ضروری ہے

مسافر کے لیے سفر کے دوران کسی جگہ پر مقیم ہونے کے لیے ایک ساتھ پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت کرنا ضروری ہے، اگر ایک ساتھ پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت نہیں کی تو مسافر رہے گا اور قصر کرے گا۔

مثلاً کسی مسافر نے کسی جگہ پر شروع میں دس دن ٹھہرنے کی نیت کی، پھر چھ دن گذرنے کے بعد پانچ دن کی نیت کر لی، اور اسی طرح دو دو چار چار دن کی نیت بڑھاتا رہا، مگر پورے پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت ایک ساتھ نہیں کی، تو قصر نماز پڑھے گا اگر چہ ساری

---

(۱) عن عبد اللّٰہ رضی اللّٰہ عنہ عن النبیّ ﷺ قال : السمع والطاعة علی المرء المسلم فیما أحب و کرہ ما لم یؤمر بمعصیة ، فإذا أمر بمعصیة فلاسمع ولا طاعة . (صحیح البخاری : (۲/ ۱۰۵۷) ، کتاب الأحکام ، باب السمع والطاعة للإمام ، ط: قدیمی)

سنن أبی داؤد : (۱/ ۳۷۶) ، کتاب الجهاد ، باب فی الطاعة ، ط: رحمانیہ .

سنن الترمذی : (۱/ ۲۹۸) أبواب الجهاد ، باب ماجاء لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق، ط:قدیمی .

عمر اسی طرح گذر جائے۔(۱)

البتہ مقیم امام کے پیچھے پوری نماز پڑھے گا۔(۲)

پنشن کے لیے سفر کرنا

شوہر کے انتقال کے بعد بیوہ کے لیے پنشن کا مسئلہ کھٹائی میں پڑ جائے، اور دفتر میں جانے کے بغیر پنشن ملنا مشکل ہو، اور نہ جانے کی صورت میں اس مہینہ کی پنشن ساقط ہو جاتی ہو، تو مال کی حفاظت کی غرض سے جا سکتی ہے، لیکن ہر ممکن کوشش یہ کرے کہ دن کو پردہ کے ساتھ جائے اور دن کو واپس آجائے اور رات اپنے اسی مکان میں گذارے۔(۳)

---

(۱) (أو دخل بلدة ولم ينوها) أى مدة الإقامة (بل ترقب السفر) غداً أو بعده (ولو بقى) على ذلک (سنين) . قال ابن عابدين رحمه الله : (قوله : ولم ينوها) وكذا إذا نواها وهو مترقب للسفر كما فى البحر ؛ لأن حالته تنافى عزيمته . (الدر مع الرد : (۱۲۶/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

وقيد بنصف شهر ؛ لأنّ نية إقامة مادونها لاتوجب الإتمام ...... ، (قوله : وقصر إن نوى أقلّ منها أو لم ينو و بقى سنين) أى أقلّ من نصف شهر . (البحر الرائق : (۱۳۱/۲ ، ۱۳۲) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد)

الفتاوى الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر، ط: رشيديه.

(۲) وأمّا اقتداء المسافر بالمقيم فيصحّ فى الوقت و يتمّ . (الدر مع الرد : (۱۳۰/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۱۳۴/۲) كتاب الصلاة ، باب [صلاة] المسافر ، ط: سعيد .

الفتاوى الهندية: (۱۴۲/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر، ط: رشيديه.

(۳) (ومعتدة موت تخرج فى الجديدين و تبيت) أكثر الليل (فى منزلها) لأنّ نفقتها عليها فتحتاج للخروج ، حتى لو كان عندها كفايتها صارت كالمطلقة فلايحلّ لها الخروج . فتح . وجوّز فى القنية خروجها لإصلاح ما لا بدّ لها منه كزراعة ولا وكيل لها . (الدر مع الرد : (۵۳۶/۳) كتاب الطلاق ، باب العدة ، فصل فى الحداد ، ط: سعيد)

الفتاوى الخانية على هامش الفتاوى الهندية : (۵۵۳/۱ ، ۵۵۴) كتاب الطلاق ، باب العدة ، فصل فى ما يحرم على المعتدة ، ط: رشيديه .

البحر الرائق : (۱۵۳/۳) كتاب الطلاق ، باب العدة ، فصل فى الحداد ، ط: سعيد .

اسی طرح اگر بیوہ کا ویزا اتنا ضروری ہو کہ عدت کے بعد ویزا کے بغیر سفر کرنا ممکن نہ ہو، اور ویزا ملنے کے وقت، یا ویزا کی مدت میں اضافہ کے لیے مقررہ آفس میں نہ جانے سے ویزا منسوخ ہو جاتا ہو، اور سفر نہ کرنے کی صورت میں مالی نقصان کا اندیشہ ہو تو عدت کے دوران مقررہ آفس میں ویزے کے لیے یا مدت میں اضافہ کرنے کے لیے جانے کی گنجائش ہوگی۔(۱)

تاہم اگر بیوہ کے جانے کے بغیر متبادل کوئی صورت ممکن ہو تو اس کو اختیار کرنا چاہیے۔(۲)

پنکھے کا استعمال

''چٹائی'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۷۷)

پوری عمر سفر میں گذر گئی روزے کا کیا ہوگا؟

''بارہ ماہ سفر میں رہنے والے کے لیے روزہ'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۸۹)

پورے سفر میں محرم کا ہونا ضروری ہے

پورے سفر میں عورت کے ساتھ محرم ہونا ضروری ہے، اگر پروگرام کچھ اس طرح ہو کہ سفر کے شروع میں محرم ساتھ ہوگا آگے چل کر محرم کسی دوسری جگہ چلا جائے گا، اور یہ عورت وہاں سے محرم کے بغیر سفر کی مسافت طے کرتے ہوئے خود مکہ مکرمہ پہنچ جائے گی، یا یہ کہ حج کے دنوں میں محرم ساتھ رہا مگر واپسی میں عورت کو تنہا رخصت کر دے، تو سفر کی یہ

---

(۱) انظر الی الحاشية السابقة رقم:۳. علی الصفحة: ۱۳۰ . (ومعتدة موت تخرج فی الجدیدین)

(۲) ......حتی لو کان عندها کفایتها صارت کالمطلقة فلایحلّ لها أن تخرج لزیارة ولالغیرها لیلاً ولا نهاراً. (البحر الرائق : (۱۵۳/۳) کتاب الطلاق ، باب العدة ، فصل فی الإحداد ، ط: سعید)

الدر مع الرد : (۵۳۶/۳) کتاب الطلاق ، باب العدة ، فصل فی الحداد ، ط: سعید .

الفتاوی الخانیة علی هامش الفتاوی الهندیة : (۵۵۳/۱) کتب الطلاق ، باب العدة ، فصل فی ما یحرم علی المعتدة ، ط : رشیدیه .

صورتیں بھی ناجائز ہیں، کیونکہ پورے سفر میں محرم کا ہونا ضروری ہے۔(۱)

پیاس

پیاس ایسی شدید ہے کہ اس پر مرجانے کا اندیشہ ہے یا عقل ختم ہونے کا ڈر ہے تو روزہ توڑ سکتا ہے، کفارہ لازم نہیں ہوگا صرف قضا لازم ہوگی۔(۲)

پیر کٹا ہوا ہو تو مسح کا حکم

''پاؤں میں زخم ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۶/۱)

پیشہ اختیار کرنا

''سفرِ حج میں اپنا پیشہ اختیار کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۷۴/۱)

---

(۱) وعنه (أی: عن ابن عباس) قال: قال رسول الله ﷺ: لایخلونّ رجل بامرأة ولاتسافرن امرأة إلّا ومعها محرم...... الخ. (مشكاة المصابيح: (ص: ۲۲۱) كتاب المناسک، الفصل الأوّل، ط: قديمی)

ویشترط فی حج المرأة من سفر زوج أو محرم بالغ عاقل غیر مجوسی ولا فاسق مع النفقة علیه. وأطلق المرأة فشمل الشابة والعجوز لإطلاق النصوص. (البحر الرائق: (۳۱۵/۲) کتاب الحج، ط: سعيد)

الدر مع الرد: (۴۶۴/۲) کتاب الحج، ط: سعيد.

احسن الفتاوی: (۵۳۲/۴) کتاب الحج، عنوان: عورت کے لیے بلا محرم سفر حج حرام ہے، ط: سعید۔

فتاوی رحیمیہ: (۶۵/۸) کتاب الحج، عنوان: (ضعیفہ بغیر محرم کے حج نہ کرے، ط: دارالاشاعت کراچی۔

(۲) وخوف هلاک أو نقصان عقل ولو بعطش أو جوع شديد. قال ابن عابدين: (قوله: وخوف هلاک الخ) كالأمة إذا ضعفت عن العمل وخشيت الهلاک بالصوم، وكذا الذی ذهب به متوكل السلطان إلى العمارة فی الأيام الحارة، والعمل حثيث، إذا خشی الهلاک أو نقصان العقل، وفی الخلاصة: الغازی إذا كان يعلم يقيناً أنّه يقاتل العدوّ فی رمضان ويخاف الضعف إن لم يفطر، أفطر ...... (وقضوا) لزوماً ...... الخ. (الدر مع الرد: (۴۲۱/۲ ـ ۴۲۳) كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لايفسده، فصل فی العوارض المبيحة لعدم الصوم، ط:سعيد)

البحر الرائق: (۲۸۱/۲ ـ ۲۸۵) كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لايفسده، فصل فی العوارض، ط: سعيد.

الفتاوى الهندية: (۲۰۷/۱) كتاب الصوم، الباب الخامس فی الأعذار الّتی تبيح الإفطار، ط: رشيديه.

ت

تابع

جو شخص دوسرے آدمی کا تابع ہو، اور اس کی اطاعت اس پر لازم ہو، تو وہ اس کی اقامت سے مقیم ہو جاتا ہے، اور اسی کے سفر کی نیت پر نکلنے سے مسافر ہو جاتا ہے۔ (۱)

قاعدہ یہ ہے کہ جو شخص اپنے اختیار سے اقامت کر سکتا ہے وہ اپنی نیت سے مقیم ہو جاتا ہے، اور جو شخص اپنے اختیار سے اقامت نہیں کر سکتا وہ اپنی نیت سے مقیم نہیں ہوتا، یہاں تک کہ اگر عورت اپنے شوہر کے ساتھ اور غلام اپنے مالک کے ساتھ اور شاگرد اپنے استاد کے ساتھ اور نوکر اپنے آقا کے ساتھ اور سپاہی اپنے افسر کے ساتھ سفر کریں تو ظاہر روایت کے مطابق وہ اپنی نیت سے مقیم نہیں ہوں گے۔

یہ لوگ اس وقت مقیم سمجھے جائیں گے جس وقت ان کو اپنے امیر، آقا اور شوہر کی اقامت کی نیت کا علم ہو جائے، اور اگر علم سے پہلے انہوں نے اپنے آپ کو مسافر سمجھ کر قصر کیا ہے تو نماز صحیح ہو جائے گی، دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ (۲)

(۱، ۲) ويشترط لصحة نية السفر ثلاثة أشياء الاستقلال بالحكم، والبلوغ، والثالث عدم نقصان مدة السفر عن ثلاثة أيام ...... أو تابعاً لم ينو متبوعه السفر والتابع كالمرأة مع زوجها ...... والعبد غير المكاتب، فيشمل أم الولد والمدبّر، مع مولاه، والجندی مع أميره، إذا كان يرتزق منه والأجير مع المستأجر، والتلميذ مع أستاذه، والأسير والمكره مع من أكرهه على السفر ...... وتعتبر نية الإقامة والسفر من الأصل كالزوج والمولىٰ والأمير، دون التبع كالمرأة والعبد والجندی إن علم التبع نية المتبوع فی الأصحّ فلايلزمه الإتمام بنية الأصل الإقامة حتى يعلم كما فی توجه الخطاب الشرعی وعزل الوكيل حتى لو صلّى مخالفاً له قبل علمه صحت فی الأصح.
(مراقی الفلاح: (ص: ۴۲۴، ۴۲۵)، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: قديمی)
البحر الرائق: (۱۳۸/۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.
الدر مع الرد: (۱۳۳/۲، ۱۳۴) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد.

تاجر کے لئے قصر نماز کا حکم

''تجارت کا سامان رکھنے کے لئے مکان کرایہ پر لیا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۳۶/۱)

تبلیغ والوں کی تشکیل

اگر کسی تبلیغی جماعت کی ایک شہر میں پندرہ دن یا اس سے زیادہ مدت کے لیے تشکیل کی گئی تو جماعت کے یہ لوگ مقیم ہوں گے یا مسافر اس کے بارے میں ضابطہ یہ ہے کہ اگر رات کو ایک ہی جگہ پر ٹھہرتے ہیں تو مقیم ہیں ورنہ مسافر ہیں، مثلاً اطراف میں گشت کے لیے نکلتے ہیں مگر رات کو ایک ہی مسجد یا تبلیغی مرکز میں ٹھہرتے ہیں تو یہ مقیم ہیں، اور اگر پندرہ دن میں دو تین رات ایک مسجد اور دو تین رات دوسری مسجد میں اور دو تین رات تیسری مسجد میں گزارتے ہیں تو مبیت (رات گزارنے کی جگہ) مختلف ہونے کی وجہ سے مسافر ہوں گے۔(۱)

تبلیغی جماعت

اگر تبلیغی جماعت والے کراچی سے رائیونڈ جانے کے ارادہ سے نکلیں، اور یہ حضرات راستے میں کسی گاؤں میں ایک دن، کسی قصبہ میں دو دن، کسی شہر میں تین دن اس طرح کرتے ہوئے رائیونڈ پہنچیں تو ان لوگوں پر اپنے شہر کی آبادی سے نکلنے کے بعد سے

---

(۱) ولاتصح نية الإقامة ببلدتين لم يعين المبيت بأحدهما، وكل واحدة أصل بنفسها، ...... وكذا تصحّ إذا عين المبيت بواحدة من البلدتين ؛ لأن الإقامة تضاف لمحل المبيت . (قوله : لم يعين المبيت بأحدهما) أمّا إذا عينه بأن نوى أن يقيم الليل فى إحداهما ويخرج بالنهار إلى الموضع الآخر ، فإذا دخل أوّلاً الموضع الّذى عزم على الإقامة فيه بالنهار لم يصر مقيماً أى حتى يدخل الموضع الّذى نوى المبيت فيه ، وإن دخل أوّلاً الموضع الّذى عزم على الإقامة فيه بالليل صار مقيماً ، ثمّ بالخروج إلى الموضع الآخر لم يصر مسافراً ؛ لأنّ موضع إقامة المرء حيث يبيت فيه...... (طحطاوى مع المراقى: (ص: ۴۲۶)، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: قديمى)

شامى : (۱۲۶/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد .

البحر الرائق : (۱۳۲/۲) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

قصر کرنا واجب ہے، کیونکہ اس سفر میں آخری مقام رائیونڈ ہے اور رائیونڈ کی مسافت کراچی سے سوا ستتر کلومیٹر سے زیادہ ہے، اس وجہ سے یہ سب مسافر ہیں۔ (۱)

تبلیغی کام مختلف مساجد میں

اگر ایک بڑے شہر میں تبلیغی جماعت کی تشکیل ہوئی، اور وہاں چھوٹی چھوٹی بہت ساری مساجد ہیں، اور پندرہ دن یا اس سے زیادہ دن اس شہر کے اندر رہنے کا ارادہ ہے تو اس شہر میں ایک مسجد سے دوسری مسجد میں جب جائیں گے تو پوری نماز پڑھیں گے قصر نہیں کریں گے، اور اگر پندرہ دن سے کم کا ارادہ ہے تو قصر کریں گے۔ (۲)

اور اگر تبلیغی جماعت کی ایسے علاقے کی طرف تشکیل ہوئی کہ اس میں چھوٹے چھوٹے دیہات ہیں، اور ان دیہاتوں کے درمیان کم سے کم آدھے میل کا فاصلہ ہے اور اس پورے علاقے میں پندرہ دن یا اس سے زیادہ دن ٹھہرنے کی نیت ہے تو اس صورت میں قصر کریں گے پوری نماز نہیں پڑھیں گے۔ (۳)

---

(۱) من خرج من عمارة موضع إقامته ...... مسيرة ثلاثة أيام ولياليها ...... بالسير الوسط مع الاستراحات المعتادة ...... صلى الفرض الرباعي ركعتين وجوباً . (الدر مع الرد : (۲/۱۲۱ ، ۱۲۲ ، ۱۲۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

☜ البحر الرائق : (۲/۱۲۸) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

☜ مراقي الفلاح : (ص: ۴۱۹ ـ ۴۲۱) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمي .

(۲، ۳) أمّا اتحاد لامكان فالشرط نية مدة الإقامة فى مكان واحد ؛ لأنّ الإقامة قرار ، والإنتقال يضادُّه ولا بدّ من الانتقال فى مكانين ، وإذا عرف هذا فنقول إذا نوى المسافر الإقامة خمسة عشر يوماً فى موضعين ، فإن كان مصراً واحداً ، أو قرية واحدة صار مقيماً ؛ لأنّهما متحدان حكماً ...... وإن كان مصرين نحو مكة و منى ، أو الكوفة والحيرة ، أو قريتين ، أو أحدهما مصر والآخر قرية لايصير مقيماً ؛ لأنهما مكانان متباينان حقيقةً و حكماً . (بدائع الصنائع : (۱/۹۸) كتاب الصلاة ، فصل : وأما بيان ما يصير المسافر به مقيماً ، ط: سعيد)

☜ ولو نوى الإقامة خمسة عشر يوماً فى موضعين، فإن كان كل منهما أصلاً بنفسه نحو مكة و منى، والكوفة والحيرة لايصير مقيماً، وإن كان أحدهما تبعاً للآخر حتى تجب الجمعة على سكانه يصير مقيماً. (الهندية: (۱/۱۴۰) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر، ط: رشيديه.

☜ الدر مع الرد : (۲/۱۲۶) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد .

واضح رہے کہ یہ حکم اس صورت میں ہے جب کہ یہ شہر اور دیہات اپنے گھر سے مسافت سفر پر ہو۔

تجارت کا سامان رکھنے کے لئے مکان کرایہ پر لیا ہے

اگر کسی تاجر نے تجارت کے سامان کے لیے اپنے وطن سے سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ فاصلہ پر مکان کرایہ پر لے کر رکھا ہے، اور اس مقام سے سامان دیہات میں لے جا کر فروخت کرتا ہے، دیہات سے کبھی ہفتہ، کبھی دس دن میں کرایہ کے مکان میں واپس آتا ہے، دو چار روز وہاں قیام کر کے پھر سامان لے کر چلا جاتا ہے اور اس کو فروخت کر کے واپس آجاتا ہے، اسی طرح وہاں کچھ دن گزار کر وطن اصلی کو واپس آجاتا ہے، تو یہ تاجر اگر ایک دفعہ بھی کرایہ کے مکان میں پندرہ دن یا اس سے زیادہ قیام کرنے کی نیت سے ٹھہرے گا تو اس صورت میں اس مکان میں اور قرب و جوار کے دیہات میں جہاں مسافت سفر نہ ہو پوری نماز پڑھے گا، اور اگر کرایہ کے مکان میں ایک دفعہ بھی پندرہ دن رہنے کی نیت سے نہیں ٹھہرا تو پھر کرایہ کے مکان اور اس کے آس پاس کے دیہات وغیرہ میں برابر قصر کرے گا اور راستہ میں بھی قصر کرے، پھر جب اپنے وطن کے شہر یا گاؤں میں آجائے تو پوری نماز پڑھے۔(۱)

---

(۱) ولایزال علی حکم السفر حتی ینوی الإقامة فی بلدة أو قریة خمسة عشر یوماً أو أکثر وإن نوی أقلّ من ذٰلک قصر ...... (قوله : ولایزال علی حکم السفر حتی ینوی ...... الخ) ظاهر أن المراد حتی یدخل قریة أو بلداً فینوی ذٰلک وإلّا فنیة الإقامة بالقریة والبلد متحققة حال سفره إلیها ...... والأحسن فی الضابط لایزال مسافراً حتی یعزم علی الرجوع إلی بلده قبل استکمال مدة السفر ولو فی المفازة ...... أنّه إذا ثبت حکم السفر بالمفارقة ناویاً للسفر، ثمّ بدا له أن یرجع لحاجة أولا، فرجع صار مقیماً فی المفازة حتی أنّه یصلی أربعاً. (فتح القدیر : (۲/۹) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشیدیه)

الهندیة : (۱/۱۳۹) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط: رشیدیه.

مراقی الفلاح مع الطحطاوی : (ص: ۴۲۵، ۴۲۶) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: قدیمی.

تحفہ کی تقسیم میں برابری کرنا

اگر کسی کے پاس متعدد بیویاں ہیں تو ان کے درمیان کھانا پینا ،لباس پوشاک، سکونت شب باشی اور ہدیہ تحفہ میں عدل اور برابری کرنا ضروری ہے۔(۱)

اگر کسی ایک کو دیا اور دوسرے کو نہیں دیا تو یہ ظلم اور ناانصافی ہے،اس کی وجہ سے آخرت میں پکڑ ہوگی۔(۲)

تحفہ لانا

''ہدیہ دینا''عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۳۷۹)

تراویح کی نماز

مسافر سفر میں تراویح کی نماز بھی پڑھیں۔(۳)

(۱) يجب أن يعدل، أى لايجوز فيه أى فى القسم بالتسوية فى البيتوتة وفى الملبوس والمأكول والصحبة، (و فى الرد تحته)...... ففى الخانية: (وممّا يجب على الأزواج للنساء: العدل والتسوية بينهن فيما يملكه...... (الدر مع الرد: (۳/ ۲۰۱، ۲۰۲) كتاب النكاح، باب القسم، ط: سعيد)

بدائع الصنائع: (۲/ ۳۳۲) كتاب النكاح، فصل: و منها وجوب العدل بين النساء فى حقوقهن ، ط: سعيد .

الهندية : (۱/ ۳۴۰) كتاب النكاح ، الباب الحادى عشر فى القسم ، ط: رشيديه .

(۲) وعن أبى هريرة عن النبىّ ﷺ قال : إذا كانت عند رجل امرأتان فلم يعدل بينهما جاء يوم القيامة و شقّه ساقط ، رواه الترمذى ، و أبوداؤد ، والنسائى ، وابن ماجه ، والدارمى . (مشكاة المصابيح : (ص: ۲۷۹) كتاب النكاح ، باب القسم ، الفصل الثانى ، ط: قديمى)

سنن الترمذى: (۱/ ۲۱۷) أبواب النكاح، باب ماجاء فى التسوية بين الضرائر ، ط: قديمى.

سنن ابن ماجه : (ص: ۱۴۱) أبواب النكاح ، باب القسمة بين النساء ، ط: قديمى .

(۳) فيقصر المسافر الفرض العلمى الرباعى ، فلاقصر للثنائى والثلاثى ، ولاللوتر فإنّه فرض عملى ، ولا فى السنن ، فإن كان فى حال نزول و قرار وأمن يأتى بالسنن وإن كان سائراً أو خائفاً فلايأتى بها وهو المختار . (قوله : وهو المختار) وقيل : الأفضل الفعل تقرباً ، وقيل الترك ترخصاً ، وقيل : كذلك إلاّ سنة الفجر ، والمغرب . (مراقى مع الطحطاوى : (ص: ۴۲۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط:قديمى) . =

اگر تراویح کے وقت کسی جگہ ٹھہرے ہوئے ہیں تو جماعت سے ادا کریں، اور اگر جماعت نہ ملے تو تنہا پڑھیں، اگر سفر کی وجہ سے قرآن پاک کی ترتیب قائم نہ رہ سکے تو معذوری ہے۔(۱)

تردد کی حالت میں روزہ رکھنا

جو آدمی سفر کی حالت میں کسی جگہ پر پندرہ دن ٹھہرے گا یا نہیں، تردد میں ہے، وہ بدستور مسافر ہے۔ نماز کی قصر کرے گا۔ اسی طرح جب تک قصر کرے گا روزہ کو بھی نہ رکھنا جائز ہوگا۔ البتہ سفر ختم ہونے کے بعد ان روزوں کی قضاء کرنا لازم ہوگا۔(۲)

تسبیح کم پڑھنا

مسافر کے لئے بھی رکوع اور سجدہ کی تسبیح کم از کم تین بار پڑھنا مسنون ہے اس

= الدر مع الرد : (۲/۱۲۳ ـ ۱۳۱) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید .

الهندية: (۲/۱۳۹) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشيديه.

(۱) فتسن أو تجب ...... على الرجال العقلاء البالغين الأحرار القادرين على الصلاة بالجماعة من غير حرج ...... فلاتجب على مريض و مقعد ...... وإرادة سفر ، (قال المحقق تحته :) أي وأقيمت الصلاة ويخشى أن تفوته القافلة بحر ، وأمّا السفر نفسه فليس بعذر . (الدر مع الرد : (۲/۵۵۴، ۵۵۵، ۵۵۷) کتاب الصلاة ، باب الإمامة ، ط: سعيد)

(قوله : ويأتي المسافر بالسنن) أي الرواتب ، ولم يتعرض للقراءة لذكره لها في فصل القراءة حيث قال في المتن : ويسنّ في السفر مطلقاً الفاتحة وأي سورة شاء ، وتقدم أنّه فرّق في الهداية بين حالة القرار والفرار ، وتقدم الكلام فيه و قال في التاتارخانية ، ويخفف القراءة في السفر في الصلوات فقد صح "أنّ رسول الله ﷺ قرأ في الفجر في السفر الكافرون والإخلاص"...... (شامي : ۲/۱۳۱) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

(۲) ولو دخل مصراً على عزم أن يخرج غداً أو بعد غدٍ ولم ينو مدة الإقامة حتى بقي على ذٰلك سنين قصر؛ لأن ابن عمر أقام بأذربيجان ستة أشهر ، و كان يقصر ، وعن جماعة من الصحابة رضي الله عنهم مثل ذٰلک...... (الهداية: مع فتح القدير: (۲/۱۰، ۱۱) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه)

البحر الرائق : (۲/۱۳۱ ، ۱۳۲) ، کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

مراقي الفلاح : (ص: ۴۲۶) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمي .

سے کم نہیں پڑھنا چاہئے۔(۱)

تشکیل مختلف مساجد میں

''تبلیغی کام مختلف مساجد میں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۳۵/۱)

تعزیت تین دن بعد کرنا

''مسافر کے لئے تین دن کے بعد تعزیت کی اجازت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸۲/۲)

تعزیتی سفر

تعزیتی سفر کرنا جائز ہے، کیونکہ کسی کی مصیبت اور اس کے رنج وغم کے موقع پر مصیبت زدہ کے پاس پہونچ کر غم میں شریک ہونا اور تسلی کے کچھ کلمے کہہ دینا، اس کے لئے صبر وسکون کا بہترین سامان فراہم کرتا ہے، اور تھوڑی دیر وہاں بیٹھے رہنا، اس کے غم اور بے چینی کو ہلکا کر دیتا ہے اس لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت زیادہ فضیلت بیان فرمائی ہے ''کہ جس شخص نے مصیبت و پریشانی کی حالت میں مصیبت زدہ بھائی کو تسلی کے چند جملے کہہ دیئے تو قیامت میں اللہ تعالیٰ بزرگی اور شرافت کے لباس سے اس کو سرفراز فرمائیں گے''

ایک دوسری حدیث میں ہے کہ ''جس نے مصیبت زدہ کی تعزیت کی تو اس کو اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا کہ مصیبت زدہ کو ملے گا''۔(۲)

---

(۱) وأمّا التسبيحات فلاينقصها عن الثلاث . (شامي : ۲/ ۱۳۱) ، كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، قبيل : مطلب في الوطن الأصلي و وطن الإقامة ، ط: سعيد)

(۲) عن عبد الله عن النبيّ ﷺ قال : من عزّى مصاباً فله مثل أجره ...... (سنن الترمذي : (۱/ ۲۰۵) أبواب الجنائز ، باب ماجاء في أجر من عزّى مصاباً ، ط: قديمي)

📂 عن النبيّ ﷺ أنه قال : ما من مؤمن يعزّي أخاه بمصيبة إلّا كساه الله سبحانه من حلل الكرامة يوم القيامة . (سنن ابن ماجه : (ص: ۱۱۵) أبواب ما جاء في الجنائز ، باب ماجاء في ثواب من عزّى مصاباً ، ط:قديمي)

📂 وتستحب التعزية للرجال والنساء اللاتي لا يفتن؛ لقوله عليه الصلاة والسلام: من عزى أخاه بمصيبة، كساه الله من حلل الكرامة يوم القيامة، رواه ابن ماجه، وقوله عليه الصلاة والسلام: =

تفریح کے مقام

جس مقام پر انسان بیوی اور بچوں کے ساتھ مقیم ہو، خواہ مستقل ہو خواہ عارضی ہو، وہ اس کا وطن ہو جاتا ہے۔(۱)

= من عزى مصاباً فله مثل أجره، رواه الترمذى وابن ماجه، والتعزية أن يقول: أعظم الله أجرك، وأحسن عزاءك، وغفر لميتك. (شامى: (۲/۲۴۰)، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، قبيل: مطلب في الثواب على المصيبة، ط:سعيد)

فتح القدير: (۲/۱۰۲) كتاب الصلاة، باب الجنائز، تتمة: قبيل: باب الشهيد، ط: رشيديه.

مراقى الفلاح: (ص: ۶۱۸، ۶۱۹) كتاب الصلاة، باب أحكام الجنائز، فصل: فى حملها و دفنها، قبيل: فصل فى زيارة القبور، ط: قديمى.

(۱) (ثمّ) الأوطان ثلاثة، وطن أصلى، وهو: وطن الإنسان فى بلدته أو بلدة أخرىٰ اتخذها داراً و توطّن بها مع أهله وولده وليس من قصده الارتحال عنها، بل التعيش بها..... فالوطن الأصلى ينتقض بمثله لا غير، وهو أن يتوطّن الإنسان فى بلدة أخرىٰ وينقل الأهل إليها من بلدته، فيخرج الأوّل من أن يكون وطناً أصلياً له..... ثمّ الوطن الأصلى يجوز أن يكون واحداً أو أكثر من ذلك، بأن كان له أهل و دار فى بلدتين أو أكثر، ولم يكن من نية أهله الخروج منها، وإن كان هو ينتقل من أهل إلى أهل فى السنة، حتى أنّه لو خرج مسافراً من بلدة فيها أهله ودخل فى أى بلدة من البلاد الّتى فيها أهله، فيصير مقيماً من غير نية الإقامة، ولاينتقض الوطن الأصلى بوطن الإقامة ولا بوطن السكنىٰ؛ لأنّهما دونه، والشيئ لاينسخ بما هو دونه، وكذا لاينتقض بنية السفر، والخروج من وطنه مسافراً، وكان وطنه بها باقياً حتى يعود مقيماً فيها من غير تجديد النية. (بدائع الصنائع: (۱/۱۰۳، ۱۰۴) كتاب الصلاة، [صلاة المسافر]، فصل: وأمّا بيان ما يصير المسافر به مقيماً، مطلب فى: أن الأوطان ثلاثة، ط: سعيد)

الدر مع الرد: (۲/۱۳۱، ۱۳۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، مطلب فى: الوطن الأصلى و وطن الإقامة، ط: سعيد.

والوطن الأصلى: هو وطن الإنسان فى بلدته أو بلدة أخرىٰ اتخذها داراً و توطّن بها مع أهله وولده وليس من قصده الارتحال عنها، بل التعيش بها، وهٰذا الوطن يبطل بمثله لاغير، وهو أن يتوطّن فى بلدة أخرىٰ وينقل الأهل إليها، فيخرج الأول من أن يكون وطناً أصلياً، حتى لو دخله مسافرا لا يتمّ. قيّدنا بكونه انتقل عن الأول بأهله؛ لأنّه لو لم ينتقل بهم ولكنّه استحدث أهلاً فى بلدة أخرىٰ فإنّ الأوّل لم يبطل ويتمّ فيها. وقيّد بقوله: بمثله؛ لأنّه لو باع داره ونقل عياله وخرج يريد أن يتوطّن بلدةً أخرىٰ ثمّ بدا له أن لايتوطّن ماقصده أوّلاً، ويتوطّن بلدة غيرها، فمرّ ببلده الأوّل، فإنّه يصلّى أربعاً؛ لأنّه لم يتوطّن غيره. (البحر الرائق: (۲/۱۳۶) كتاب الصلاة، باب المسافر، [بحث الأوطان]، ط:سعيد)

جب تک وہاں اس کی بیوی بچے مقیم رہیں گے وطن رہے گا، صرف سفر سے وہ وطن باطل نہیں ہوگا، جب تک کہ وہاں سے بیوی بچوں کو لے کر منتقل نہ ہو جائے۔(۱)

مثلاً اگر کوئی شخص گرمی کے زمانہ میں سیر وتفریح کے ٹھنڈے مقام میں بیوی بچوں کے ساتھ قیام کرتا ہے، تو یہ مقام اس آدمی کا وطن ہو جائے گا۔ جب تک اس جگہ سے بیوی بچوں کو لے کر دوسری جگہ منتقل نہیں ہو جائے گا، تب تک وطن رہے گا، اور پوری نماز پڑھے گا۔

تکبیر تشریق اور مسافر

اگر ۹، ذی الحجہ کی فجر سے ۱۳، ذی الحجہ کی عصر تک کسی مسافر نے مقیم امام کی اقتدا میں نماز ادا کی، تو مقیم امام کی اقتدا کی وجہ سے مسافر پر بھی فرض نماز کے بعد تکبیر تشریق کہنا واجب ہوگا۔(۲)

اور اگر مسافر آدمی اکیلا نماز پڑھے گا تو اس پر تکبیر تشریق کہنا امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک واجب نہیں ہے اور صاحبین کے نزدیک واجب ہے اور اس پر فتوی ہے۔(۳)

---

(۱) انظر الی الحاشیة السابقة، رقم: ۱. علی الصفحة: ۱۴۰. ((ثمّ) الأوطان ثلاثة)

(۲) وبالاقتداء یجب علی المرأة والمسافر، والمرأة تخافت بالتکبیر. (الفتاوی الهندیة: (۱/۱۵۲) کتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی صلاة العیدین، وممّا یتّصل بذٰلک، تکبیرات التشریق، ط: رشیدیه)

البحر الرائق: (۲/۱۶۶) کتاب الصلاة، باب العیدین، ط:سعید.

الدر مع الرد: (۲/۱۷۹) کتاب الصلاة، باب العیدین، [تکبیرات التشریق]، ط: سعید.

(۳) وأمّا شروطه فإقامة و مصر ومکتوبة...... الخ. (الفتاوی الهندیة: (۱/۱۵۲) کتاب الصلاة، الباب السابع عشر فی صلاة العیدین، وممّا یتّصل بذٰلک تکبیرات أیّام التشریق، ط: رشیدیه)

وسنّ بعد فجر عرفة...... بشرط إقامة و مصر...... وشرط الإقامة احترازاً عن المسافر، فلاتکبیر علیه...... الخ. (البحر الرائق: (۲/۱۶۴، ۱۶۵) کتاب الصلاة، باب العیدین، ط: سعید)

فلایجب علی قروی ولا مسافر، ولو صلّی المسافرون فی المصر جماعة علی الأصحّ، بحر عن البدائع، أی: الأصحّ علی قول الإمام. (رد المحتار علی الدر المختار: (۲/۱۷۹) کتاب الصلاة، باب العیدین، ط:سعید) =

تنہا سفر نہ کرے

''سفر تنہا نہ کرے'' کے عنوان کو دیکھیں۔ (۲۷۰/۱)

تہجد پڑھنا

اگر سفر میں وقت اور فرصت ہے تو تہجد پڑھ سکتا ہے، ثواب ملے گا۔(۱)

= (وقالا: بوجوبه فور كلّ فرض مطلقاً) ولو منفرداً أو مسافراً أو امرأة؛ لأنّه تبع للمكتوبة...... (وعليه الاعتماد) والعمل والفتوى في عامّة الأمصار وكافّة الأعصار. قال ابن عابدين الشامي رحمه اللّٰه: (قوله: لأنّه تبع للمكتوبة) فيجب على كل من تجب عليه الصلاة المكتوبة، بحر. (قوله: وعليه الاعتماد...... الخ) هٰذا بناء على أنّه إذا اختلف الإمام وصاحباه فالعبرة لقوة الدليل، وهو الأصحّ، كما في آخر الحاوي القدسي. أو على أنّ قولهما في كلّ مسألة مروي عنه أيضاً وإلّا فكيف يفتي بقول غير صاحب المذهب. وبه اندفع ما في الفتح من ترجيح قوله هنا، وردّ فتوى المشايخ بقولهما، بحر. (الدر مع الرد: (۱۷۹/۲، ۱۸۰) كتاب الصلاة، باب العيدين، ط: سعيد)

وأمّا عندهما فهو واجب على كل من يصلي المكتوبة؛ لأنّه تبع لها، فيجب على المسافر والمرأة والقرويّ. و قال في السراج الوهّاج والجوهرة: والفتوى على قولهما في هٰذا أيضًا، فالحاصل أنّ الفتوىٰ على قولهما في آخر وقته و فيمن يجب عليه. (البحر الرائق: (۱۶۶/۲) كتاب الصلاة، باب العيدين، ط: سعيد)

(۱) ''......بل السنة القصر و ترك التنفّل، ومراده النافلة الراتبة مع الفرائض كسنة الظهر والعصر، ونحوهما من المكتوبات، وأمّا النوافل المطلقة فقد كان ابن عمر يفعلها في السفر، وروى هو عن النبيّ ﷺ أنّه كان يفعلها، كما ثبت في مواضع من الصحيحين عنه، وقد اتّفق العلماء على استحباب النوافل المطلقة في السفر...... وأمّا النافلة فهي إلى خيرة المكلّف، فالرفق به أن تكون مشروعة، ويتخير إن شاء فعلها و حصل ثوابها وإن شاء تركها ولا شيئ عليه.'' (شرح النووي على صحيح مسلم: (۲۴۲/۱) كتاب صلاة المسافرين و قصرها، ط: قديمي)

(ويأتي) المسافر (بالسنن) إن كان (في حال أمن و قرار، وإلّا) بأن كان في خوف و فرار (لا) يأتي بها، هو المختار؛ لأنّه ترك لعذر. (الدر مع الرد: (۱۳۱/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

الفتاوى الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

......وقد صحّ في كتب الأحاديث الصحاح عن جماعة من الصحابة ترك السنن في السفر، وقالوا: لو صلّينا السنّة لأكملنا الفريضة. (الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى الهندية: (۷۳/۴) كتاب الصلاة، [الفصل] الثاني والعشرون في: السفر، نوع آخر، ط: رشيديه)

تیاری میں مدد دینا

حج اور جہاد بڑی عظیم عبادتیں ہیں، لیکن اگر کوئی شخص طاقت اور استطاعت نہ ہونے کی وجہ سے یہ عظیم عبادتیں خود انجام نہ دے سکے، اس کے لیے بھی اللہ تعالیٰ نے ان عبادتوں کے ثواب میں حصہ دار بننے کا بہترین راستہ پیدا فرمایا ہے، وہ یہ کہ جو شخص کسی مجاہد کی تیاری میں مدد دے یا کسی حاجی کے حج کے سفر کی تیاری میں مدد کرے، اللہ تعالیٰ اس کو بھی جہاد اور حج کے ثواب میں حصہ دار بنا دیتے ہیں۔(۱)

تیمّم بار بار کرنا ایک ڈھیلہ پر

مٹی کے ڈھیلہ پر بار بار تیمّم کرنا درست ہے، اور اس پر نجاست حکمی کا اثر

---

(۱) (أنّ رسول الله ﷺ قال: من جهّز غازيًا)، أى: هيّأ أسباب سفره، (في سبيل الله)، أى: في الجهاد (فقد غزا)، أى: حكماً، وحصل له ثواب الغزاة. (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح: (٣٦٢/٧) كتاب الجهاد، الفصل الأوّل،] رقم الحديث: ٣٧٩٧]، رواية زيد بن خالد رضى الله عنه، وفيه أيضاً: (عن أبى أمامه رضى الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: أفضل الصدقات ظلّ فسطاط فى سبيل الله): وهو أعمّ من أن يعطى للغازى أو الحاجّ و نحوهما، أو عارية، أو استظلالاً على وجه المشاركة. (٣٨٩/٧) الفصل الثانى، [رقم الحديث: ٣٨٢٧]، (قال رسول الله ﷺ: للغازى أجره): أى ثوابه الكامل المختصّ به، (وللجاعل): أى للمعين للغازى ببذل جعل له، أو بتجهيز أسبابه ومايحتاج إليه، (أجره): أى أجر نفقته، (وأجر الغازى): أى الذى يغزو بسبب أجرته. (مرقاة المفاتيح: (٤٠٣/٧)، كتاب الجهاد، الفصل الثانى، [رقم الحديث: ٣٨٤٢]، ط: حقانيه ملتان)

قوله ﷺ: من جهّز غازياً فقد غزا ......أى حصل له أجر بسبب الغزو، وهذا الأجر يحصل بكلّ جهاد، وسواء قليله و كثيره ولكلّ خالف له فى أهله بخير من قضاء حاجة لهم وإنفاق عليهم أو ذبّ عنهم أو مساعدتهم فى أمرهم. وقد يختلف قدر الثواب بقلّة ذلك و كثرته، وفى هذا الحديث الحث على الإحسان إلى من فعل مصلحة للمسلمين أو قام بأمر مهماتهم. (شرح النووى على صحيح مسلم: (١٣٧/٢، ١٣٨) كتاب الجهاد والإمارة، باب فضل إعانة الغازى فى سبيل الله بمركوب و غيره ...... ،ط: قديمى)

نہیں ہوتا۔(۱)

تیمّم جنابت کب ٹوٹے گا

اگر جنبی (ناپاک آدمی) نے شرعی عذر کی بنا پر تیمّم کیا تو اس عذر کے ختم ہونے پر وہ تیمّم بھی ختم ہو جائے گا، مثلاً پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمّم کیا تھا، اگر پانی مل گیا اور استعمال پر قدرت بھی ہو گئی تو جنابت کا تیمّم ٹوٹ جائے گا، یا اگر مرض کی وجہ سے تیمّم کیا تھا تو جس وقت وہ مرض زائل ہو جائے گا، تیمّم ٹوٹ جائے گا، یا اگر کوئی کام غسل واجب کرنے والا پایا جائے گا تو تیمّم ٹوٹ جائے گا۔(۲)

اور وضو کو توڑنے والی چیزوں سے جنابت کا تیمّم نہیں ٹوٹے گا، مثلاً کسی نے بیماری کی وجہ سے یا پانی نہ ملنے کی وجہ سے جنابت کا تیمّم کیا، پھر وضو کو توڑنے والی کوئی چیز پیش آئی مثلاً ریح خارج ہوئی یا خون نکلا یا پیشاب کیا وغیرہ تو اس سے جنابت کا تیمّم نہیں ٹوٹے گا لیکن وضو والا تیمّم ٹوٹ جائے گا۔(۳)

---

(۱) وإذا تيمم مراراً من موضع واحد جاز ، كذا في التاتارخانية : (الفتاوى الهندية : (۱/۳۱) كتاب الطهارة ، الباب الرابع في التيمم ، الفصل الثالث في المتفرقات ، ط: رشيديه)

▭ ولو تيمم اثنان من مكان واحد جاز ؛ لأنّه لم يصر مستعملاً ؛ لأنّ التيمم إنّما يتأدّى بما التزق بيده لا بما فضل كالماء الفاضل في الإناء بعد وضوء الأوّل . (البحر الرائق : (۱/۱۴۷) كتاب الطهارة ، باب التيمم ، ط: سعيد)

▭ بدائع الصنائع: (۱/۵۳) كتاب الطهارة، [التيمم]، فصل في شرائط ركن التيمم، ط: سعيد.

▭ الدر مع الرد : (۱/۲۵۴) ، كتاب الطهارة ، باب التيمم ، ط: سعيد .

الشامية: (۱۲۲/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد.

البحر الرائق: (۱۲۹/۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

(۲) قوله (من خرج من عمارة موضع إقامته) أراد بالعمارة مايشمل بيوت الأخبية؛ لأن بها عمارة موضعها: قال في الإمداد، فيشترط مفارقتها ولو متفرقة، وإن نزلوا على ماء أو محتطب يعتبر مفارقته، كذا في مجمع الروايات، ولعله ما لم يكن محتطبا واسعاً جداً. (الشامية: (۱۲۱/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ۴۲۳) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: قديمي)

الفقه الإسلامي وأدلته: (۱۳۵۱/۲) الباب الثاني: الصلاة، المبحث الثالث صلاة المسافر، المطلب الأوّل قصر الصلاة الرباعية، ثالثاً، شروطِ القصر، ط: رشيديه.

دارالحرب کے افسروں کے تابع ہونے کی وجہ سے مقیم ہیں مسافر نہیں ہیں۔(۱)

اگر جنگی قیدی دارالحرب کے کسی شہر، قصبہ یا فناء شہر میں ہیں تو جمعہ اور عیدین کی نماز بھی پڑھیں۔(۲)

جوان بیوی کو چھوڑ کر علم طلب کرنے کے لئے سفر کرنا

''بیوی کو چھوڑ کر علم کے لئے سفر کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۱۴)

جہاز پر سوار ہو کر طواف کرنا

ہوائی جہاز میں سوار ہو کر طواف کرنے سے طواف تو صحیح ہو جائیگا، بشرطیکہ ہوائی جہاز طواف کے دوران مسجد کی حد میں داخل رہے، لیکن عذر کے بغیر ہوائی جہاز پر سوار ہو کر طواف کرنے سے دم دینا واجب ہوگا اور یہ دم حرم کی حدود میں دینا لازم ہوگا۔اسی طرح

---

(۱) وحكم الأسير كحكم العبد لاتعتبر نيته . (الخانية على هامش الهندية : (۱/۱٦٦) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

الشامية : (۲/۱۳۴) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر، ط: سعيد .

الهندية:(۱/۱۴۱) ، كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

(۲) والسابع الإذن العام ...... فلا يضر غلق باب القلعة لعدو أو لعادة قديمة ؛ لأن الإذن العام مقرر لأهله و غلقه لمنع العدو لاالمصلي ...... وفي الشامية تحت (قوله ؛ أو قصره) ...... قلت : وينبغي أن يكون محل النزاع ما إذا كانت لاتقام إلّا في محل واحد ، أمّا لو تعددت فلا ؛ لأنّه لايتحقق التفويت كما أفاده التعليل ، تأمل . (الشامية : (۲/۱۵۱ ، ۱۵۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، ط:سعيد)

وهي فرض عين كذا في التهذيب (ثمّ لوجوبها شرائط في المصلي) وهي الحرية والذكورة والإقامة والصحة ......حتى لا تجب الجمعة على العبيد والنسوان والمسافرين والمرضى . (الهندية : ۱/۱۴۴) كتاب الصلاة ، الباب السادس عشر في صلاة الجمعة ، ط: رشيديه)

اعلم أن للجمعة شروط للوجوب ...... و شروط للأداء ...... الثاني الإقامة ، فلاتجب على المسافر لقوله عليه السلام الجمعة واجبة إلّا على صبي أو مملوك أو مسافر . (حلبي كبير : (ص: ۵۴۸) ، كتاب الصلاة ، فصل في صلاة الجمعة ، ط: سهيل اكيڈمی)

اگر کسی نے عذر کے بغیر گاڑی یا جھولے پر سوار ہو کر طواف کیا تو اس پر دم واجب ہوگا۔(۱)

واضح رہے کہ طواف کی حقیقت بیت اللہ کے چاروں طرف گھومنا ہے، اور بیت اللہ کے متعلق یہ تصریح موجود ہے کہ زمین سے لے کر آسمان تک ''کعبہ'' ہے اس لئے طواف، خانہ کعبہ سے اوپر ہو کر کرنا بھی جائز ہے۔(۲)

جہاز پر سوار ہو کر عرفات سے گزرنا

ہوائی جہاز میں سوار ہو کر میدان عرفات کے اوپر سے گزرنے سے عرفات کا وقوف ادا نہیں ہوگا، کیونکہ وقوف عرفہ کے متعلق یہ تصریح نہیں کہ زمین سے آسمان تک میدان عرفہ ہے بلکہ اکثر و بیشتر کتابوں میں عرفات میں ٹھہرنے کو زمین کے ساتھ مقید کیا ہے۔(۳)

---

(۱) وأمّا ركنه فحصوله كائنا حول البيت سواء كان بفعل نفسه أو بفعل غيره، و سواء كان عاجزا عن الطواف بنفسه...... أو كان قادرا على الطواف بنفسه...... غير أنه إن كان عاجزا أجزأه ولا شيئ عليه وإن كان قادرا أجزأه لكن يلزمه دم. (بدائع الصنائع: (۱۲۸/۲) كتاب الحج، فصل أمّا ركنه، ط: سعيد)

☜ الشامية : (۵۱۷/۲) كتاب الحج ، مطلب فى طواف الزيارة ، ط: سعيد .

☜ ارشاد السارى إلى مناسك ملاعلى قارى : (ص: ۱۴۹) فصل فى مكان الطواف مكانه حول البيت لا فيه ، ط، ادارة القرآن والعلوم الاسلامية .

☜ البحر العميق: (۱۱۰۶/۲) الباب العاشر، فصل فى بيان أنواع الأطوفة، ط: مؤسسة الريان المكتبة المكية.

(۲) (ولو طاف على سطح المسجد ولو مرتفعا عن البيت (أى من جدرانه كما صرح به صاحب الغاية (جاز) لأن حقيقة البيت هو الفضاء الشامل لما فوق البناء من الهوى . (ارشاد السارى إلى مناسك ملا على قارى : (ص: ۱۵۰) ، فصل فى مكان الطواف ، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية .

☜ أن القبلة هى الكعبة عرصتها و هوائها إلى عنان السماء لا البناء؛ لأنه ينقل، ولذا حين أزيل البناء فى زمن ابن زبير والحجاج لم يترك الصحابة والتابعون الصلاة...... فعلم أن القبلة هى العرصة والهواء ولذا لو صلى على أبى قبيس جاز بلا خلاف. (حلبى كبير: (ص: ۶۱۶) مسائل شتى، ط: سهيل اكيڈمى)

☜ الشامية : (۳۵۳/۲) كتاب الصلاة ، باب الصلاة فى الكعبة ، ط: سعيد .

(۳) (فإذا نزل) أى بعرفات (يمكث فيها) أى لايخرج عنها . (ارشاد السارى إلى مناسك ملاعلى قارى : (ص: ۱۹۰) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية)

☜ بدائع الصنائع : (۱۳۶/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا مكانه ، ط: سعيد .

☜ ومكانه أى من أرض عرفات للوقوف و نفس المسجد للطواف . (الشامية : (۴۶۷/۲) كتاب الحج ، مطلب فى فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد .)

جہاز کے پانی کا حکم

جہاز کے باتھ روم میں جو پانی ہوتا ہے وہ پاک ہے، ایسے پانی کی موجودگی میں تیمّم کرنا جائز نہیں ہے، اس لئے اگر وضو نہیں ہے تو ایسے پانی سے وضو کرلیا کرے تیمّم نہ کرے۔ (۱)

جہاز کے عملہ کا حکم

''بحری جہاز کے عملہ کا حکم'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/ ۹۰)

جہاز میں بھی نماز کے دوران قبلہ رخ ہونا ضروری ہے

''قبلہ'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/ ۳۳)

جہاز میں عید کی نماز کا حکم

عید کی نماز صحیح ہونے کے لئے وہ تمام شرائط ہیں جو جمعہ کی نماز صحیح ہونے کی شرائط ہیں، یعنی جہاں جمعہ کی نماز پڑھنا درست ہے وہاں عید کی نماز پڑھنا بھی درست ہے اور جہاں جمعہ کی نماز پڑھنا درست نہیں وہاں عید کی نماز پڑھنا بھی درست نہیں اور جمعہ صحیح ہونے کے لئے شہر، فنائے شہر، قصبہ یا بڑا گاؤں ہونا شرط ہے اور یہی تمام شرائط عید کے لئے بھی ہیں، بحری جہاز ہو یا ہوائی جہاز نہ شہر ہے نہ فنائے شہر ہے نہ قصبہ اور گاؤں ہے اس لئے وہاں جمعہ اور عید کی نماز پڑھنا درست نہیں اگر جہاز میں پندرہ دن قیام رہے تو اس سے آدمی مقیم نہیں بنے گا۔

---

(۱) عند أبي يوسف: لابأس بالوضوء إذا لم يتغير أحد أوصافه كذا في شرح الوقاية، وفي النصاب و عليه الفتوى كذا في المضمرات. (هندية: (۱/ ۱۷) كتاب الطهارة، الباب الثالث في المياه، ط: رشيديه)

التاتارخانية: (۱/ ۱۲۳) كتاب الطهارة، الفصل الرابع في المياه الّتي يجوز الوضوء بها والّتي لايجوز. الخ، ط: قديمي.

الخانية على هامش الفتاوى الهندية: (۱/ ۳) كتاب الطهارة، فصل في الطهارة بالماء، ط: رشيديه.

اسی طرح ریل وغیرہ کی سواری میں بھی عید کی نماز نہیں پڑھ سکتے۔(۱)

جہاز والے سے ضمان لینا

مسافر لوگ جہاز میں جو بیگ وغیرہ بورڈنگ کارڈ لیتے وقت جہاز والے کے حوالہ کرتے ہیں اور ان سے ٹوکن لیتے ہیں ان کی حفاظت کی ذمہ داری جہاز والوں پر ہے، اگر ایسا بیگ یا سامان وغیرہ گم ہو جائے تو جہاز والوں سے اس کا ضمان لینا جائز ہے

اگر ایسا بیگ یا سامان دیتے وقت مقررہ وزن سے زیادہ وزن ہونے کی وجہ سے وزن چارج دینا پڑا تو وہ رقم بھی لینا جائز ہوگا۔

یہی حکم بس اور ریل کا بھی ہے۔(۲)

---

(۱) وأما شرائط وجوبها و جوازها فكل ما هو شرط وجوب الجمعة و جوازها فهو شرط وجوب صلاة العيدين و جوازها من الإمام والمصر والجماعة والوقت إلّا الخطبة فإنّها سنة بعد الصلاة.
(بدائع الصنائع: (۲۷۵/۱) كتاب الصلاة، فصل في صلاة العيدين في شرائط وجوبها و جوازها، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۱۵۷/۲)، كتاب الصلاة، باب العيدين، ط: سعيد.

حلبي كبير: (ص: ۵۶۶) فصل في صلاة العيد، ط: سهيل اكيڈمي.

(۲) (ويضمن بالتعدى) وهذا حكم الأمانات. (الشامية: (۳۲۰/۴) باب الشركة، ط: سعيد)

فتح القدير: (۸۰/۹) كتاب الرهن، ط: رشيديه.

بدائع الصنائع: (۱۳۴/۶) كتاب الهبة، فصل في حكم الهبة، ط: سعيد.

ولا يضمن ماهلك في يده وإن شرط عليه الضمان ...... خلافاً للأشباه (قوله: خلافاً للأشباه) أي من أنّه إن شرط ضمانه ضمن اجماعاً، وهو المنقول عن الخلاصة، وعزاه ابن ملك للجامع،...... قلت: عن الأشباه معزيًا للزيلعي: إنّ الوديعة بأجر مضمونة فليحفظ. الدر مع الرد: (۶۵/۶ ــ ۶۸) كتاب الأجارة، باب ضمان الأجير، مطلب: يفتى بالقياس على قوله: و مطلب: ضمان الأجرى المشترك مقيد بثلاثة شرائط، ط: سعيد)

چ

چاشت

اگر سفر میں وقت اور فرصت ہے تو چاشت کی نماز پڑھ سکتا ہے، ثواب ملے گا۔(۱)

چپل چرانا

مسجد وغیرہ سے چپل چرانا، اٹھا کر لے جانا جائز نہیں ہے۔(۲)

اور اس میں ڈبل گناہ ہے، ایک مسجد سے چوری کا دوسرے مالک کو تکلیف پہنچانے کا، ایسے لوگوں کی موت عبرتناک ہوتی ہے۔(۳)

---

(۱) (ویأتی) المسافر (بالسنن) إن کان (فی حال أمن و قرار وإلّا) بأن کان فی خوف و فرار (لا) یأتی بها هو المختار؛ لأنّه ترک لعذر، تجنیس، و قیل: إلّا سنة الفجر. وفی الشامیة: و قال الهندوانی: الفعل حال النزول والترک حال السیر. (الشامیة: (۱۳۱/۲) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعید)

الهندیة: (۱۳۸/۱) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط: رشیدیه.

التاتارخانیة: (۵/۲)، کتاب الصلاة، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر، ط: قدیمی.

(۲) ﴿ یٰأیّها الّذین اٰمنوا لاتأکلوا أموالکم بینکم بالباطل ﴾ بما لم یتجه الشریعة من نحو السرقة، والخیانة، والغصب، والقمار، وعقود الربا. (تفسیر مدارک: (۲۴۸/۱) سورة النساء: [رقم الآیة: ۲۹] ط: قدیمی)

الکشاف: (۵۳۳/۱) سورة النساء: ([رقم الآیة: ۲۹] ط: قدیمی.

صفوة التفاسیر للصابونی: (۲۴۸/۱) نساء: [رقم الآیة: ۲۹]، ط: قدیمی.

(۳) من أراد أدنی مضرة للمسلمین ابتلاه اللّٰه تعالیٰ فی ماله و نفسه و من أراد نفعهم أصابه اللّٰه فی نفسه و ماله خیراً. (مرقاة المفاتیح: (۱۱۲/۶)، کتاب البیوع، باب الاحتکار، الفصل الثالث، ط: رشیدیه)

﴿ والّذین یؤذون المؤمنین والمؤمنات بغیر ما اکتسبوا فقد احتملوا بهتاناً وإثماً مبیناً ﴾.

(والّذین یؤذون المؤمنین والمؤمنات) یفعلون بهم مایتأذون به من قول أو فعل (فقد احتملوا بهتاناً أی فعلًا شنیعًا) وقیل ما هو کالبهتان أی الکذب الّذی یبهت الشخص لفظاعته فی الإثم.

(روح المعانی: (۳۵۹/۲۲) [رقم الآیة: ۵۸] ط: رشیدیه)

الشامیة: (۴۹۴/۲) کتاب الحج، مطلب فی دخول مکة، ط: سعید.

چٹائی

مسافر کے لئے مسجد کی چٹائی لیٹنے کے لئے استعمال کرنا جائز ہے مگر احتیاط کرنا بہتر ہے نماز کے اوقات کے علاوہ مسجد کی بجلی اور پنکھا استعمال نہیں کرنا چاہئے، جیسا کہ مسجد کے چراغ کو نماز کے اوقات کے علاوہ اوقات میں درس وتدریس کے لئے استعمال کرنا درست نہیں، تہائی رات تک چونکہ عموماً عشاء کی نماز ہوتی ہے اس لئے تہائی رات تک مسجد کے چراغ کی روشنی میں درس وتدریس میں مشغول رہنا جائز ہے اس کے بعد نہیں لہذا تہائی رات کے بعد سونے کے لئے بھی بجلی اور پنکھے استعمال نہیں کرنے چاہئیں۔(۱)

چرانا

جہاز وغیرہ کے باتھ روم سے صابن، تیل اور میک اپ وغیرہ کا سامان چرانا، اٹھا کر لے جانا جائز نہیں، اسی طرح مسجد کے وضو خانوں سے صابن، تیل، تولیہ وغیرہ، چرانا اور اٹھا کر لے جانا جائز نہیں ہے۔(۲) اس میں ڈبل گناہ ہے، ایک چوری کا دوسرے بعد

---

(۱) ولابأس بترک سراج المسجد إلى ثلث الليل ؛ لأنّ لهم أن يؤخروا الصلاة إلى ثلث الليل ولايترک أكثر من ذلک ، إلّا إذا شرطه الواقف أو كان معتاداً فى ذلک الموضع ويجوز أن يدرس الكتاب بضوئه قبل الصلاة وبعدها ما دام النّاس يصلون فيه . (حلبى كبير : (ص: ۶۱۴) فصل فى أحكام المسجد ، ط: سهيل اكيڈمى)

الخانية على هامش الفتاوى الهندية: (۶۸/۱) كتاب الطهارة، فصل فى المسجد، ط: رشيديه.

الهندية : (۱۱۰/۱) كتاب الصلاة ، قبيل الباب الثامن فى صلاة الوتر ، ط: رشيديه .

(۲) عن أبى حرة الرقاشى عن عمه قال قال رسول الله ﷺ : ألا لاتظلموا ألا لايحل مال امرئ إلّا بطيب نفس منه . رواه البيهقى فى شعب الإيمان والدار قطنى فى المجتبى . (مشكاة المصابيح : (۲۶۱/۱) كتاب البيوع ، باب الغصب والعارية ، ط: رحمانيه)

متولى المسجد ليس له أن يحمل سراج المسجد إلى بيته، وله أن يحمله من البيت إلى المسجد. (الهندية: (۴۶۲/۲) كتب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الثانى، ط: رشيديه)

الخانية على هامش الفتاوى الهندية : (۲۹۴/۳) ، كتاب الوقف ، باب الرجل يجعل داره مسجداً ، ط: رشيديه .

میں آنے والوں کی تکلیف دہی کا۔(۱)

چلتا پھرتا تاجر

"چلتا پھرتا مسافر" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۷۸)

چلتا پھرتا مسافر

چلتا پھرتا مسافر تاجر جو دور دراز علاقے میں جاتا ہے، اور کسی بھی مقام پر چند دن سے زائد نہیں ٹھہرتا بلکہ ایک شہر سے دوسرے شہر اور علاقے جایا کرتا ہے تو جب تک وہ اپنے وطن واپس نہیں آئے گا یا کہیں پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت نہیں کرے گا تب تک وہ قصر کرتا رہے گا۔(۲)

چلتی گاڑی میں نماز کا حکم

چلتی گاڑی میں بھی کھڑے ہو کر نماز پڑھنا ضروری ہے، ہاں اگر کوئی شخص چلتی گاڑی میں کھڑے ہو کر نماز پڑھنے پر قادر نہیں ہے، اور وقت کے اندر اسٹیشن پر اتر کر نماز پڑھنے کی کوئی صورت نہیں ہے، تو ایسی صورت میں عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھنا درست ہوگا۔(۳)

---

(۱) انظر الحشية السابقة رقم : ۳ في الصفحة رقم: ۱۷۶ . (من أراد أدنى مضرة للمسلمين)

(۲) وأمّا بيان مايصير المسافر به مقيماً : فالمسافر يصير مقيما بوجود الإقامة . والإقامة تثبت بأربعة أشياء : أحدها : صريح نية الإقامة ، وهو أن ينوى الإقامة خمسة عشر يوماً في مكانٍ واحدٍ، صالحٍ للإقامة ، فلابدّ من أربعة أشياءٍ : نية الإقامة ، ونية مدّة الإقامة ، واتحاد المكان ، وصلاحيته للإقامة .
(بدائع الصنائع : (۱/۹۷) كتاب الصلاة ، فصل في بيان مايصير المسافر به مقيماً ، ط: سعيد)
الهندية: (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلوة المسافر ، ط: رشيديه .
حلبي كبير : (ص: ۵۳۹) فصل في صلوة المسافر ، ط: سهيل اكيدمي .

(۳) وإذا صلى قاعداً في السفينة وهي تجرى مع القدرة على القيام تجوز مع الكراهة عند أبي حنيفة رحمه الله وعندهما لا تجوز ...... وأجمعوا أنه لو كان بحال يدور رأسه لوقام تجوز الصلاة فيها قاعداً كذا في الخلاصة . (الهندية : (۱/۱۴۳ ، ۱۴۴) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، قبيل الباب السادس عشر في صلاة الجمعة ، ط: رشيديه)
الشامية: (۲/۱۰۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المريض، مطلب في الصلاة في السفينة، ط: سعيد.
التاتارخانية: (۲/۳۶) كتاب الصلاة، الفصل الرابع والعشرون في الصلاة في السفينة، ط: قديمي.

چمڑا

سور کی کھال کے علاوہ باقی جانوروں کی کھال دباغت سے پاک ہو جاتی ہے اور موزے پاک کھال سے ہی بنائے جاتے ہیں اس لئے بازار میں عام طور پر چمڑے کے جو موزے ملتے ہیں وہ پاک ہیں استعمال کرنا جائز ہے۔(۱)

چمڑے کے موزے کے نیچے عام موزہ کا حکم

چمڑے کے موزوں کے اندر عام سوتی اور اونی موزے وغیرہ پہننا درست ہے۔(۲) اور ایسے چمڑے کے موزوں پر مسح کرنا جائز ہے۔

(۱) وكل إهاب دبغ فقد طهر ...... إلّا جلد الخنزير والآدمي . (البحر الرائق : (۱/۹۹ ، ۱۰۰) كتاب الطهارة ، ط: سعيد)

الدر مع الرد : (۱/۲۰۳ ، ۲۰۴) كتاب الطهارة ، باب المياه ، مطلب : في أحكام الدباغة، ط: سعيد .

الهندية : (۳/۱۱۵) كتاب البيوع ، الباب التاسع فيما يجوز بيعه و مالايجوز ، الفصل الخامس في بيع المُحرِم الصيدَ ، وفي بيع المحرمات ، ط: رشيديه .

ويمسح على الجورب المجلد وهو الّذي وضع الجلد على أعلاه ، وأسفله . (الهندية : (۱/۳۲) كتاب الطهارة ، الباب الخامس في المسح على الخفين ، ط: رشيديه)

الخانية على هامش الفتاوى الهندية: (۱/۴۶) كتاب الطهارة، فصل في المسح على الخفين، ط: رشيديه.

الشامية : (۱/۲۶۱) كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، ط: سعيد .

(۲) ونقل من فتاوى الشاذي أنّ ما يلبس من الكرباس المجرد تحت الخف يمنع المسح على الخف لكونه فاصلاً وقطعة كرباس تلف على الرجل لايمنع ؛ لأنّه غير مقصود باللبس لكن يفهم ممّا ذكر في الكافي أنّه يجوز المسح عليه ؛ لأنّ الخف الغير الصالح للمسح إذا لم يكن فاصلاً فلأن لا يكون الكرباس فاصلاً أولىٰ . اهـ وقد وقع في عصرنا بين فقهاء الروم بالروم كلام كثير في هٰذه المسئلة فمنهم من تمسك بما في فتاوى الشاذي وأفتى بمنع المسح على الخف الّذي تحته الكرباس ...... ومنهم من أفتىٰ بالجواز وهو الحق لما قدمناه عن غاية البيان . (البحر الرائق: (۱/۱۸۱ ، ۱۸۲) كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، ط: سعيد)

منحة الخالق على البحر الرائق: (۱/۱۸۱)، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، ط: سعيد.

حلبي كبير : (ص: ۱۱۲) فصل في المسح على الخفين ، ط: سهيل اكيڈمی .

الشامية : (۱/۲۶۹) ، كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، ط: سعيد .

چندہ کی بقیہ رقم

اگر کسی علاقے میں کوئی مسافر آکر وفات پا گیا، اس کی تجہیز و تکفین کے لئے چندہ کیا گیا اس میں سے کچھ رقم بچ گئی تو اس کے بارے میں حکم یہ ہے کہ اگر یہ معلوم ہے کہ بقیہ رقم کس نے دی ہے تو وہ رقم اس کو دے دی جائے، اور اگر بقیہ رقم کس نے دی ہے معلوم نہیں تو کسی غریب آدمی کی تجہیز و تکفین میں استعمال کی جائے، اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو ہو رقم کسی غریب محتاج کو صدقہ کر دے۔ (۱)

چور نے مسافر کو قتل کر دیا

''مسافر کو قتل کر دیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۱۷۱)

چوڑائی پر مسح کرنا

اگر دونوں موزوں پر چوڑائی میں مسح کرے تو مسح ہو جاتا ہے لیکن سنت کے خلاف ہے۔ (۲)

---

(۱) رجل مات فی مسجد قوم فقام أحدهم وجمع الدراهم، ففضل من ذلک شیئ إن عرف صاحب الفضل رده علیه، وإن لم یعرف کفن به محتاجاً آخر، وإن لم یقدر علی صرفه إلی الکفن یتصدق به علی الفقراء. (الهندية: (۱/۱۶۱) کتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل الثالث فی التکفین، ط: رشیدیه)

☜ الخانية علی هامش الهندية: (۱/۱۸۹) کتاب الصلاة، باب فی غسل المیت وما یتعلق به من الصلاة علی الجنازة والتکفین وغیر ذلک، ط: رشیدیه.

☜ قلت: وفی مختارات النوازل لصاحب الهداية: فقیر مات فجمع من النّاس الدراهم وکفنوه وفضل شیئ، إن عرف صاحبه یرد علیه، وإلّا یصرف إلی کفن فقیر آخر أو یتصدق به. (الشامية: (۲/۲۰۶) کتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، فصل فی الکفن، مطلب فی کفن الزوجة علی الزوج، ط: سعید)

☜ التاتارخانية: (۲/۱۱۳) کتاب الصلاة، الفصل الثانی والثلاثون فی الجنائز، قسم آخر فی کیفیة التکفین، ط: قدیمی.

(۲) ولو مسح بثلاث أصابع موضوعة غیر ممدودة یجوز ویکون مخالفاً للسنة کذا فی منیة المصلی. (الهندية: (۱/۳۳) کتاب الطهارة، الباب الخامس فی المسح علی الخفین، ط: رشیدیه)

☜ وکذا لو مسح علیهما عرضاً جاز وکذا لو مسح بثلثة أصابع موضوعة وضعاً غیر ممدودة یجوز أیضاً لما قلنا ولکنه یکون مخالفاً للسنة فی جمیع ذلک. (حلبی کبیر: ص: ۱۱۰)، فصل فی المسح علی الخفین، ط: سهیل اکیڈمی) =

چومنا

''گلے ملنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۰۵/۲)

چھ مہینے کا دن اور چھ مہینے کی رات رہتی ہے

جہاں چھ مہینے کا دن اور چھ مہینے کی رات رہتی ہے وہاں نمازوں کے اوقات کا اندازہ کر کے نمازیں ادا کی جائیں۔ مثلاً چوبیس گھنٹے کے دن رات ہوتے ہیں اس میں اندازہ سے پانچوں نمازوں کے اوقات الگ الگ متعین کر کے پانچوں وقت کی نماز ادا کریں، اسی طرح ماہ رمضان کی آمد اور روزے کی ابتداء اور انتہا کے اوقات کو بھی متعین کریں، یا ایسے علاقے کے لوگ ان کے ایسے قریبی علاقے کے اعتبار سے روزہ کی ابتداء اور انتہا کا حساب کریں جہاں معمول کے مطابق دن رات کی آمد و رفت کا سلسلہ جاری ہے۔ (۱)

مزید تفصیل کے لئے ''طویل دن والے علاقوں میں روزے کا حکم'' کے عنوان کے تحت ''روزے کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا'' ص ۱۴۵ دیکھیں۔

= لو مسح عليهما عرضاً أجزأه ولكن يكون مخالفا للسنة . (التاتارخانية : (١/ ١٩٩) كتاب الطهارة ، الفصل السادس في المسح على الخفين ، النوع الأول في صورة المسح وكيفيته و مقداره ، ط: قديمي)

(١) قال الرملي في شرح المنهاج : ويجرى ذلك فيما لو مكث الشمس عند قوم مدة ، قال في إمداد الفتاح قلت : وكذلك يقدر لجميع الأجال كالصوم والزكاة والحج والعدة وآجال البيع والسلم والإجارة ، وينظر ابتداء اليوم فيقدر كل فصل من الفصول الأربعة بحسب ما يكون كل يوم من الزيادة والنقص كذا في كتب الأئمة الشافعية ونحن نقول بمثله إذ أصل التقدير مقول به إجماعاً في الصلوات. (الشامية : (١/ ٣٦٥) كتاب الصلاة ، مطلب في فاقد وقت العشاء ، ط: سعيد)

(قوله : وليس مثل اليوم) روى مسلم عن النواس بن سمعان قال : ذكر رسول الله ﷺ الدجّال و لبثه في الأرض أربعين يوماً ، يوم كسنة و يوم كشهر ويوم كجمعة وسائر أيّامه كأيّامكم قلنا فذلك اليوم الّذى كسنة يكفينا فيه صلاة يوم ؟ قال : لا ، قدروا له قدره اهـ . قال الأسنوى ويقاس عليه اليوم التاليان واستظهر الكمال وجوب القضاء استدلالاً بحديث الدجّال ، وتبعه ابن الشحنة في ألغازه وذكر في المنح أنّه المذهب ، ولاينوى القضاء لفقد وقت الأداء . (الطحطاوى على المراقي : ص: ١٧٨) كتاب الصلاة ، ط: قديمي)

(البحر الرائق : (١/ ٢٤٧) كتاب الصلاة ، ط: سعيد .

چیز لے لی قیمت ادا نہ کر سکا

''قیمت ادا نہ ہو سکی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۸۵)

چیز ملی

جہاز ریل یا گاڑی وغیرہ میں اگر کسی کی کوئی چیز ملی ہے، تو اس کو اٹھا کر اپنے کام میں لانا جائز نہیں،، بلکہ مالک کو واپس کرنے کی نیت سے حفاظت سے رکھے اور اگر ممکن ہے تو اعلان بھی کرے، اگر اعلان اور انتظار کے بعد مالک کے ملنے سے مایوسی ہوگئی تو کسی مستحق زکوۃ آدمی کو صدقہ کر دے، اور اگر خود محتاج اور زکوۃ کے مستحق ہے تو خود استعمال کر سکتا ہے۔

اگر صدقہ کرنے کے بعد مالک آجائے تو مالک کو بتا دے کہ صدقہ کر دیا ہے، اگر وہ اس پر راضی ہو جائے بہتر ورنہ اپنی جیب سے رقم دیدے، اور ثواب رقم دینے والے کو ملے گا۔(۱)

---

(۱) وإذا رفع اللقطة يعرّفها ......ويعرف الملتقط في الأسواق والشوارع مدة يغلب على ظنه أن صاحبها لايطلبها بعد ذلك ...... ثمّ بعد تعريف المدة المذكورة ، الملتقط مخيّر بين أن يحفظها حسبة وبين أن يتصدّق بها ، فإن جاء صاحبها فأمضى الصدقة يكون له ثوابها وإن لم يمضها ضمن الملتقط ...... إن كان الملتقط محتاجًا ، فله أن يصرف اللقطة إلى نفسه بعد التعريف ، كذا في المحيط وإن كان الملتقط غنيا لايصرفها إلى نفسه بل يتصدق . (الهندية : (۲/ ۲۸۹ ، ۲۹۱) كتاب اللقطة ، ط: رشيديه)

الشامية : (۴/ ۲۷۸ ــ ۲۸۰) ، كتاب اللقطة ، ط: سعيد .

المحيط البرهاني : (۸/ ۱۷۲) ، كتاب اللقطة ، الفصل الثاني في تعريف اللقطة ومايصنع بها بعد التعريف ، ط : ادارة القرآن .

ح

حاجی پر قربانی کا حکم

''مسافر حاجی پر قربانی کا حکم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۱۵۵)

حاجی حج کے سفر میں مرجائے

''حج کے سفر میں حاجی مرجائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۱۸۶)

حاجی کی اقامت کی نیت

اگر حاجی ۲۳، ذی قعدہ کے بعد مکہ مکرمہ میں داخل ہوا اور وہاں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کی، تو اس کی نیت درست نہیں اور وہ مقیم نہیں ہوگا کیونکہ اس کو درمیان میں عرفات میں ضرور جانا ہے اس لئے اقامت صحیح ہونے کی شرط نہیں پائی جائے گی، اور وہ بدستور مسافر رہے گا اور قصر کرے گا البتہ مقیم امام کی اقتداء میں پوری نماز پڑھے گا۔ (۱)

حادثہ میں مسافر مرگیا

اگر مسافر ٹرین، بس وغیرہ سے گر کر مرجائے یا کٹ جائے یا ایکسیڈنٹ ہوجائے تو وہ آخرت کے اعتبار سے شہید ہوگا، دینوی اعتبار سے اس پر شہادت کے احکام جاری نہیں ہوں گے، یعنی اس کو غسل دینے کے بعد کفن پہنا کر جنازہ کی نماز پڑھ کر دفن کر دیا جائے گا۔ (۲)

---

(۱) ذكر في كتاب المناسك أن الحاج إذا دخل مكة في أيّام العشر و نوى الإقامة نصف شهر لاتصح ؛ لأنّه لابدّ له من الخروج إلى عرفات فلايتحقق الشرط . (الهندية : (۱/۱۴۰) ، كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

بدائع الصنائع: (۱/۹۸)، كتاب الصلاة، فصل في بيان ما يصير به المسافر مقيماً، ط: سعيد.

البحر الرائق : (۲/۱۳۲) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

(۲) شهيد في حكم الآخرة فقط ......والغريق إذا مات بالغرق ، والغريب إذا مات بالغربة . (الفقه الإسلامي و أدلّته : (۲/۱۵۸۹) المبحث الثامن صلاة الجنازة وأحكام الجنائز والشهداء والقبور ، المطلب الرابع في الشهادة في سبيل الله ، ط: رشيديه) =

حج سے پہلے مکہ مکرمہ پہنچنے والا مقیم ہے یا مسافر

اگر حج سے پہلے مکہ مکرمہ پہنچنے والا آدمی کا سات ذی الحجہ تک مکہ مکرمہ میں پندرہ دن یا اس سے زیادہ قیام ہو چکا ہے تو وہ مقیم ہے وہ مکہ مکرمہ، منی، عرفات اور مزدلفہ میں پوری نماز پڑھے گا قصر نہیں کرے گا۔

اور اگر سات ذی الحجہ تک پندرہ دن قیام نہیں ہوا بلکہ اس سے کم ہوا ہے تو وہ مسافر ہے مقیم نہیں ہے وہ مکہ مکرمہ، منی، عرفات اور مزدلفہ میں قصر کرے گا، البتہ اگر مقیم امام کے پیچھے نماز پڑھے گا تو قصر نہیں کرے گا پوری نماز پڑھے گا۔(۱)

= لو مات حتف أنفه أو تردى من موضع أو احترق بالنّار أو مات تحت هدم لايكون شهيدا أى فى حكم الدنيا وإلّا فقد شهد رسول الله ﷺ للغريق وللحريق والمبطون والغريب بأنّهم شهداء، فينالون ثواب الشهداء ، كذا في البدائع . (البحر الرائق : (۱۹۶/۲) كتاب الجنائز ، باب الشهيد ، ط:سعيد)

ولما أطلق الشهيد بطريق الاتساع على الغريق والحريق والغريب و غيرهم مما كان لهم ثواب المقتولين . (مجمع الأنهر : (۲۳۳/۱) كتاب الصلاة ، باب الشهيد ، ط: دار إحياء التراث العربى ، بيروت)

(۱) ولو نوى الإقامة خمسة عشر يوماً في موضعين فإن كان كل منهما أصلاً بنفسه نحو مكة و منى والكوفة والحيرة لايسير مقيماً وإن كان إحداهما تبعاً للآخر ...... يصير مقيماً . (الهندية : (۱۴۰/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

حين أتاها كان بينه و بين يوم التروية خمسة عشر يوماً أو أكثر فحينئذٍ يصير مقيماً ثمّ بالخروج إلى منى و عرفات لايصير مسافراً . (المبسوط للسرخسى : (۱۶۰/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

قوله: (لابمكة ومنى) أى لونوى الإقامة بمكة خمسة عشر يوماً فإنّه لايتم الصلاه؛ لأنّ الإقامة لاتكون في مكانين . (البحر الرائق : (۱۳۲/۲) ، كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد)

إذا نوى المسافر الإقامة خمسة عشر يوماً في موضعين ، فإن كانا مصراً واحداً أو قريه واحدة صار مقماً ؛ لأنّهما متحدان ...... وإن كانا مصرين نحو مكة و منى أو الكوفة والحيرة أو قريتين ، أو إحداهما مصراً والأخر قرية لايصير مقيماً ؛ لأنّهما مكانان متباينان حقيقةً و حكماً . (بدائع الصنائع : (۹۸/۱) كتاب الصلاة ، فصل فى صلاة المسافر ، فصل فى بيان ما يصير به المسافر مقيماً ، ط: سعيد)

حج کے سفر کے وقت کی دعا

حج کے لئے روانہ ہونے سے پہلے دوست احباب اور قریبی رشتہ داروں سے ملاقات کرے اور ان سے اپنا قصور معاف کرائے اور ان سے خیر و بھلائی کی دعا کی درخواست کرے جب گھر سے نکلنے کا ارادہ کرے تو دو رکعت نفل نماز پڑھے، اور جب دروازہ کے قریب آئے تو سورۃ انا انزلنا الخ پڑھے، اور جب گھر سے باہر آئے اپنی استطاعت کے مطابق کچھ صدقہ کرے اور آیت الکرسی پڑھے اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

”اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اَضِلَّ اَوْاُضَلَّ اَوْاَزِلَّ اَوْاُزَلَّ اَوْاَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْاَجْهَلَ اَوْیُجْهَلَ عَلَیَّ“.

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں گمراہ ہو جاؤں یا گمراہ کر دیا جاؤں، یا ظلم کروں یا مجھ پر ظلم ہو، یا جہالت کروں یا مجھ پر جہالت ہو۔

اگر اس دعا کے الفاظ یاد نہ ہوں تو مضمون اور مفہوم کے مطابق اپنی زبان میں دعا کرے، اور جہاز پر سوار ہوتے وقت بھی یہی دعا پڑھے۔(۱)

---

(۱) وليتصدق بشيئ عند خروجه من منزله...... وإذا خرج من منزله فليقل اللّٰهم إنّي أعوذبك أن أضل أو أضل أ وأزل أو أزل أو أظلم أو أظلم أو أجهل أو يجهل عليّ . (فتح القدير : (۳۱۹/۲) كتاب الحج ، مقدمة الموعودة ، يكره الخروج إلى الحج إذا كره أحد أبويه ، ط: رشيديه)

☜ وإذا أراد الخروج من باب منزله يقول : بسم اللّٰه الرحمٰن الرحيم ، توكّلت على اللّٰه ربّ العرش العظيم لاحول ولا قوّة إلّا باللّٰه ، استغفر اللّٰه وأتوب إليه ، ثمّ قرأ " ﴿ إنّا أنزلناه ...... ﴾ وختمها . (مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر : (۲٦٥/۱) كتاب الحج ، باب ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت : ۱۴۱۰ھ ، ۱۹۹۸ م)

☜ فإذا بلغ باب داره قرأ : ﴿ إنّا أنزلناه في ليلة القدر ﴾ . (فتح القدير : (۳۲۰/۲) ، كتاب الحج ، (المقدمة الموعودة) ط: المكتبة الرشيديه)

☜ إذا أراد الرجل أن يحج قالوا ينبغي أن يقضي ديونه ......و سنتهما أن يصلي ركعتين بسورة الإخلاص ويدعو بالدعاء المعروف للاستخارة عنه عليه السلام ثم يبدأ بالتوبة وإخلاص النية وردّ المظالم والاتحلال من خصومه ومن كل من عامله كذا في فتح القدير ، وقضاء ما قصر في فعله من العبادات والندم على تفريطه والعزم على عدم العود إلى مثل ذلك ...... =

حج کے سفر میں حاجی مرجائے

اگر حج کے سفر کے دوران مسافر کا انتقال ہو جائے تو اس کی دو صورتیں ہیں:

ا۔جس سال حج فرض ہوا تھا اگر اسی سال حج کے لئے چلا گیا تھا، اور موت کی وجہ سے حج ادا نہیں کر سکا، تو اس صورت میں انتقال کے وقت حج بدل کرانے کے لئے وصیت کرنا واجب نہیں ہوگا۔

۲۔اور اگر حج پہلے سے فرض ہو چکا تھا، اور تاخیر کر کے دوسرے کسی سال کو حج کے لئے جارہا تھا کہ سفر کے دوران فوت ہو گیا، تو اس کے لئے حج بدل کرانے کی وصیت کرنا

= ويتجرد عن الرياء والسمعة والفخر ...... ويودع أهله و أخواته ويستحلهم ويطلب دعائهم ويأتيهم لذٰلک...... ويصلي ركعتين قبل أن يخرج من بيته . (الهندية : (۱/ ۲۱۹، ۲۲۰) كتاب المناسک ، الباب الأوّل في تفسير الحج و فرضيته و وقته و شرائطه الخ، ط: رشيديه)

☜ ويستأذن أبويه و دائنه و كفيله ويودع المسجد بركعتين و معارفه و يستحلهم ويلتمس دعائهم ويتصدق بشيئ عند خروجه .(الشامية : (۲/ ۴۷۱) كتاب الحج ، مطلب في فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد)

☜ التاتارخانية : (۲/ ۴۳۸ ، ۴۳۹) كتاب الحج ، الفصل الثالث في تعليم أعمال الحج ، ط: ادارة القرآن كراچی .

☜ يستحب أن يتصدق بشيئ من ماله قبل خروجه و بعده على الفقراء ...... ينبغي إذا أراد الخروج من منزله أن يصلي ركعتين ...... ويستحب أن يقرأ بعد سلامه آية الكرسي ولإيلاف قريش ...... يستحب أن يودع المسافر أهله و عياله وأقاربه و جيرانه وإخوانه ويلتمس منهم الدعاء ويستحل منهم ، ويتوصل إلى تطييب قلوبهم بمايقدر عليه ، فبذٰلک يخلصون له الدعاء...... إذا خرج من بيته يستحب أن يقول ما صح عن النبيّ ﷺ في ذٰلک و هو ما روته أم سلمة ، أنّ النبيّ ﷺ : كان إذا خرج من بيته قال : بسم الله توكلت على الله ، اللّٰه إنّي أعوذبک أن أضل أو أضلّ أو أزلّ أو أزلّ أو أظلم أو أظلم أو أجهل أو يجهل عليّ " ...... (البحر العميق : (۱/ ۴۵۹ ، ۴۶۱ ، ۴۶۳ ، ۴۶۷) الباب الخامس في أمور تتعلق بالسفر ، ط: مؤسسة الريّان ، المكتبة المكية)

☜ ويتصدق بشيئ عند خروجه من منزله ...... وإذا كرج من منزله فليقل اللّٰهم إنّي أعوذبل أن أضل أو أضل ؤو ؤزلّ أو أزلّ أو أظلم أو أظلم أو أجهل أو يجهل عليّ . (فتح القدير : (۲/ ۳۱۹) كتاب الحج ، مقدّمة الموعودة ، يكره الخروج إلى الحج إذا كره أحد أبويه ، ط: رشيديه)

واجب ہوگا، اگر وصیت نہیں کرسکا تو پھر ورثاء اگر اپنی طرف سے حج بدل کرادیں گے تو میت پر بہت بڑا احسان ہوگا۔(۱)

حج کے سفر میں موت آجائے

"سفر حج میں موت ہوجانا" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۲۷۶)

حق برابر ہے

ریل یا جہاز میں یا ریلوے پلیٹ فارم پر یا ویٹنگ روم میں جہاں سب مسافروں کا حق برابر ہے اس میں کوئی اپنا کام کرنا جس سے دوسرے مسافروں کو تکلیف ہو جائز نہیں مثلاً گندگی پھیلانا، پھل وغیرہ کھا کر چھلکے بکھیر دینا، پان کی پیک یا سگریٹ کا دھواں اس طرح نکالنا جس سے دوسروں کو تکلیف ہو، سخت گناہ ہے، حدیث شریف میں ایسے کام کرنے والے پر لعنت کے الفاظ آچکے ہیں۔(۲)

---

(۱) خرج المكلّف إلى الحج و مات في الطريق و أوصى بالحج عنه ، إنّما تجب الوصية به إذا أخره بعد وجوبه ، أمّا لو حج عن عامه فلا . (الشامية : (۲/۶۰۴) ، كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب في حج الصرورة ، ط:سعيد)

وإذا حج الرجل عن أبيه أو عن أمه حجة الإسلام من غير وصية أوصى بها الميت أجزأه إن شاء اللّٰه تعالىٰ . (كتاب المبسوط للسرخسي : (۴/۱۷۸) كتاب المناسک ، باب الحج عن الميت و غيره ، ط: رشيديه)

ارشاد الساري إلى مناسک الملاعلي القاري : (ص: ۶۱۱ ـ ۶۱۴) باب الحج عن الغير ، ط: الإمدادية ، مكة المكرمة .

غنية الناسک : (۳۲۲ ـ ۳۲۸) باب الحج عن الغير ، ط: ادارة القرآن .

(۲) عن أبي بكر الصديق رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: "ملعون من ضارّ مؤمناً أو مكر به". (مشكاة المصابيح: (ص: ۴۲۸)، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر، الفصل الثاني ط: قديمي)

المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده .... الأولىٰ فيه : الحث على ترک أذى المسلمين بكل مايؤذي .... (عمدة القاري : (۱/۲۱۸) كتاب الإيمان ، باب : المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده ، ط: رشيديه)

أن من أراد أدنى مضرة للمسلمين ابتلاه اللّٰه تعالىٰ في ماله و نفسه، ومن أراد نفعهم أصابه اللّٰه في نفسه و ماله خيراً. (المرقاة: (۶/۱۱۲) كتاب البيوع، باب الاحتكار، الفصل الثالث، ط: رشيديه)

حنفی مسافر کے لئے شافعی مسلک پر عمل کرنا

حنفی مسلک کے مطابق مسافر کے لئے قصر کرنا واجب ہے، اور شافعی مسلک میں مسافر پر قصر کرنا واجب نہیں ہے بلکہ قصر نہ کرنا بہتر ہے۔(۱)

لہذا حنفی مسلک کے مسافر کے لئے شافعی مسلک پر عمل کرتے ہوئے سفر میں قصر نہ کرنا درست نہیں بلکہ ہر مسلک والوں کو اپنے اپنے مسلک کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے۔(۲)

باقی اگر ایسے مسافر نے تنہا نماز پڑھی ہے تو نماز ہو جائے گی اور گناہ بھی ہوگا۔(۳)

---

(۱) قال أصحابنا رحمهم الله : فرض المسافر فی كل صلاة رباعية ركعتان : و قال الشافعی رحمه الله تعالىٰ : فرضه أربع والركعتان رخصة . (المحيط البرهانی : (۲/۳۸۳) كتاب الصلاة ، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر ، ط: ادارة القرآن)

☜ قال الحنفية : القصر واجب عزيمة ، وفرض المسافر فی كل صلاة رباعية ركعتان لاتجوز له الزيادة عليهما عمداً . (الفقه الإسلامی وأدلّته : (۲/۱۳۳۹) الباب الثانی : الصلاة ، الفصل العاشر ، أنواع الصلاة :المبحث الثالث ، صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

☜ حلبی كبير : (ص: ۵۳۷) فصل فی صلاة المسافر ، ط: سهيل اكيڈمی .

(۲) قال من القنية فی كتاب الكراهية : ليس للعامی أن يتحول من مذهب إلى مذهب ، ويستوی فيه الحنفی والشافعی . الشامية : (۵/۴۸۱) ، كتاب الشهادات ، باب القبول و عدمه ، ط: سعيد)

☜ و قالوا : المنتقل من مذهب إلى مذهب باجتهاد و برهان اثم يستوجب التعزير ، فبلااجتهاد و برهان أولىٰ . (البحر الرائق : (۶/۴۴۷) ، كتاب القضاء ، ط: رشيديه)

☜ فتح القدير : (۶/۳۶۰) كتاب أدب القاضی ، ط: رشيديه .

(۳) وإن أثم ، فإن قعد فی الثانية قدر التشهد أجزأته والأخريان نافلة له ويصير مسيئًا لتاخير السلام . (حلبی كبير : (ص: ۵۳۹) كتاب الصلاة ، فصل المسافر ، ط: سهيل اكيڈمی)

☜ فإن أتمّ الرباعية وصلّى أربعا وقد قعد فی الركعة الثانية مقدار التشهد أجزأته الركعتان عن فرضه وكانت الركعتان الأخريان له نافلة ويكون مسيئًا ، وإن لم يقعد فی الثانية مقدار التشهد بطلت صلاته ؛ لاختلاط النافلة قبل إكمالها . (الفقه الإسلامی و أدلّته : (۲/۱۳۳۹) ، الفصل العاشر ، أنواع الصلاة ، المبحث الثالث : صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

☜ الشاميه : (۲/۱۲۸) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط : سعيد.

اور اگر امام بن کر نماز پڑھائی ہے تو مقتدیوں کی نماز نہیں ہوگی۔(۱)

حیض کی حالت میں سفر کا حکم

اگر کوئی عورت حیض کی حالت میں شوہر یا محرم کے ساتھ حج کا احرام باندھ کر روانہ ہوئی اور مسافت سفر طے کر کے مکۃ المکرّمۃ پہنچ گئی اور وہاں پہنچنے کے بعد حیض سے پاک ہوئی تو یہ عورت مکۃ المکرّمۃ (اللہ تعالیٰ اس کی عزت وشرف کو بڑھائے) میں رہتے ہوئے قصر نہیں کرے گی بلکہ پوری نماز پڑھے گی کیونکہ حیض کی حالت میں جو سفر کیا ہے شریعت میں اس کا اعتبار نہیں، گویا کہ وہ شرعی مسافت سفر طے کئے بغیر مکۃ المکرّمۃ پہنچ گئی۔(۲)

سفر کی مسافت سوا ستتر کلومیٹر ہے، جب عورت اپنے وطن ہندوستان یا پاکستان وغیرہ سے چلی تو پاک تھی مگر سوا ستتر کلومیٹر جانے سے پہلے مثلاً پچاس کلومیٹر کے بعد حیض آ گیا تو حیض آنے سے پہلے اپنے شہر یا بستی کی آبادی سے نکلنے کے بعد راستہ میں قصر کرے

---

(۱) فلو أتمّ المقيمون صلاتهم معه فسدت ؛ لأنّه اقتداء المفترض بالمتنفل ، ظهيريه ، أى إذا قصدوا متابعته . (الشامية : (۲/۱۳۰) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

منحة الخالق على هامش البحر الرائق: (۲/۱۳۵) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

مسافر أمّ قوم مقيمين فلما صلى ركعتين نوى الإقامة لالتحقيق الإقامة بل ليتمّ صلاة المقيمين لا يصير مقيماً ولاينقلب فرضه أربعاً . (الخانية : (۱/۱۶۹) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

(۲) والحائض إذا طهرت وقد بقي بينها و بين مقصدها أقل من ثلاثة أيّام تتمّ الصلاة هو الصحيح. (حلبى كبير : (ص: ۵۴۲) فصل فى صلاة المسافر ، ط: سهيل اكيڈمى)

طهرت الحائض ، و بقى لمقصدهايومان تتمّ فى الصحيح كصبى بلغ بخلاف كافر أسلم......

(قوله : تتمّ فى الصحيح) كذا فى الظهيريه : قال : ط وكأنه لسقوط الصلاة عنها فيما مضى لم يعتبر حكم السفر فيه ، فلمّا تأهّلت للأداء ، اعتبر من وقته (قوله كصبى بلغ ...... الخ)أى فى أثناء الطريق وقد بقى لمقصده أقلّ من ثلاثة أيّام ، فإنّه يتمّ ولا يعتبر ما مضى لعدم تكليفه فيه .

الشامية : (۲/۱۳۵) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد .

منحة الخالق على البحر الرائق: (۲/۱۲۸) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

گی پوری نماز نہیں پڑھے گی۔(۱)

ایک حائضہ عورت گھر سے حج یا عمرہ کے ارادہ سے نکلی اور مکۃ المکرّمہ پہنچنے سے مثلاً تیس کلومیٹر پہلے حیض سے پاک ہوئی، تو چونکہ پاک ہونے کے بعد سوا ستتر کلومیٹر کی مسافت نہیں پائی گئی تو وہ مقیم ہے پوری نماز پڑھے گی۔

اگر حائضہ عورت مکۃ المکرّمہ پہنچنے سے سوا ستتر کلومیٹر پہلے پاک ہوگئی، تو چونکہ پاک ہونے کے بعد سوا ستتر کلومیٹر کی مسافت طے کی ہے تو وہ مسافر ہے قصر کرے گی پوری نماز نہیں پڑھے گی۔(۲)

اگر عورت حیض کی حالت میں گھر سے مکہ مکرمہ پہنچی اور پاک ہونے کے بعد سات ذی الحجہ تک مکۃ المکرّمہ میں پندرہ دن نہیں گزرے تو بھی یہ عورت قصر نہیں کرے گی، کیونکہ حیض کی حالت میں جو سفر کیا ہے شریعت میں اس کا اعتبار نہیں ہے

اگر عورت مکہ مکرمہ پہنچ کر پاک ہوئی اور اس کے بعد سات ذی الحجہ تک پندرہ دن یا اس سے زیادہ ایام ٹھہری تو بھی وہ عورت مقیم ہے اور وہ پوری نماز ادا کرے گی قصر نہیں کرے گی۔(۳)

---

(۱) و فی حکم السفر من فارق بیوت هو فیه من مصر أو قریة ناویا الذهاب إلی موضع بینه و بین ذلک الموضع المسافة المذکورة صار مسافراً. (حلبی کبیر: (۵۳۶) فصل فی صلاة المسافر، ط: سهیل اکیڈمی)

التاتارخانیة: (۴/۲) کتاب الصلاة، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر، ط: ......)

الاختیار لتعلیل المختار: (۸۴/۱) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: دار الکتب العلمیة، بیروت.

(۲) حواله حاشیه نمبر ۲ رقم الصفحة: ۱۸۹. (والحائض إذا طهرت وقد بقی بینها)

(۳) طهرت الحائض، و بقی لمقصدها یومان تتمّ فی الصحیح کصبی بلغ بخلاف کافر أسلم ......

(و قال العلامة الشامی تحت قوله: تتمّ فی الصحیح) کذا فی الظهیریه: قال: ط و کأنه لسقوط الصلاة عنها فیما مضی لم یعتبر حکم السفر فیه، فلمّا تأهّلت للأداء، اعتبر من وقته. (الدر مع الرد: (۱۳۵/۲) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، (فروع)، ط: سعید)

البحر الرائق: (۱۳۰/۲) کتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعید.

مراقی الفلاح: (ص: ۴۲۸) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: قدیمی. =

اور اگر عورت پاکی کی حالت میں گھر سے مکہ مکرمہ پہنچی، اور پہنچنے کے پندرہ دن نہیں گزرے تو یہ عورت مسافر ہے، قصر کرے گی۔

اور اگر پاکی کی حالت میں گھر سے مکہ مکرمہ پہنچنے کے بعد سات ذی الحجہ سے پہلے مکہ مکرمہ میں پندرہ دن یا اس زائد دن ٹھہرے، تو وہ مقیم ہے، پوری نماز ادا کرے گی، اور اس صورت میں اگر شوہر ساتھ ہے تو بیوی کی نیت شوہر کی نیت کے تابع ہوگی۔(۱)

حیض کی حالت میں مسافر ہوتی ہے یا نہیں؟

عورت حیض کی حالت میں مسافر نہیں بنتی، البتہ حیض سے پاک ہونے کے بعد اگر سفر کی مسافت سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ باقی ہے تو مسافر بنے گی اور قصر کرے گی، اور

= ▭ طحطاوی علی الدر: (۱/۳۳۷) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: المکتبه العربیة.

▭ حلبی کبیر: (ص: ۵۴۲) فصل فی صلاة المسافر، ط: سهیل اکیڈمی.

▭ التاتارخانیة: (۲/۱۵) کتاب الصلاة، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر، نوع آخر فی بیان من لایصیر مقیما، ط: قدیمی.

(۱) وذكر فی كتاب المناسک أن الحاج إذا دخل مكة فی أيّام العشر و نوى الإقامة خمسة عشر يوماً أو دخل قبل أيام العشر لكن بقی إلی يوم التروية أقلّ من خمسة عشر يوماً ونوى الإقامة لايصحّ؛ لأنّه لابدّ له من الخروج إلى عرفات فلايتحقق نية إقامته خمسة عشر يوماً فلايصحّ. (بدائع الصنائع: (۱/۹۸) کتاب الصلاة، فصل فی صلاة المسافر، فصل فی بیان مایصیر المسافر به مقیماً، ط: سعید)

▭ البحر الرائق: (۲/۱۳۲) کتاب الصلاة باب المسافر، ط: سعید.

▭ تبیین الحقائق (۱/۲۱۲) کتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعید.

▭ (والمعتبر نية المتبوع)؛ لأنّه الأصل، لا التابع كإمرأة ...... وعبد ...... وجندی. (الدر مع الرد: (۲/۱۳۳) باب صلاة المسافر، مطلب فی الوطن الأصلی و وطن الإقامة، ط: سعید)

▭ ثمّ المعتبر فی السفر والاقامة نية الأصل دون التبع ...... والزوج مع زوجته. (حلبی کبیر: (ص: ۵۴۱) فصل فی صلاة المسافر، ط: سهیل اکیڈمی)

▭ التاتار خانیة: (۲/۱۱) کتاب الصلاة، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر، نوع آخر فی بیان من لایصیر مقیماً، الخ، ط: قدیمی.

▭ شامی: (۲/۱۳۳) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعید.

اگر پاک ہونے کے بعد سفر کی مسافت سواستتر کلو میٹر سے کم ہے تو مسافر نہیں بنے گی اور پوری نماز پڑھے گی۔

مثلاً کوئی عورت حیض کی حالت میں (۸۰) اسی کلو میٹر دور جانے کی نیت سے گھر سے نکلی، اور پچاس کلو میٹر تک حیض کی حالت میں گذرنے کے بعد پاک ہوئی، اور آگے منزل تک صرف تیس کلو میٹر باقی ہے تو یہ مسافر نہیں ہوگی غسل کر کے پوری نماز پڑھے گی۔ البتہ حیض سے پاک ہونے کے بعد اگر مطلوبہ جگہ تک سواستتر کلو میٹر یا اس سے زیادہ ہے یا گھر سے نکلتے وقت پاک تھی راستہ میں ماہواری آ گئی تو ان دونوں صورتوں میں مسافر ہے قصر کرے گی۔(۱)

---

(۱) طهرت الحائض، و بقي لمقصدهايومان تتمّ في الصحيح كصبي بلغ بخلاف كافر أسلم ...... (و قال العلامة الشامي تحت قوله : تتمّ في الصحيح) كذا في الظهيريه : قال : ط و كأنه لسقوط الصلاة عنها فيما مضى لم يعتبر حكم السفر فيه ، فلمّا تأهّلت للأداء ، اعتبر من وقته . (الدر مع الرد : (۱۳۵/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، (فروع) ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۱۳۰/۲) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

مراقي الفلاح : (ص: ۴۲۸) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمي .

طحطاوي على الدر : (۳۳۷/۱) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: المكتبه العربية .

حلبي كبير : (ص: ۵۴۲) فصل في صلاة المسافر ، ط: سهيل اكيڈمي .

التاتارخانية : (۱۵/۲) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان من لايصير مقيما ، ط: قديمي .

خ

خانہ بدوش

اگر خانہ بدوش کے علاوہ دوسرے لوگ جنگل کے سفر کے دوران کسی جگہ پر پندرہ دن یا اس سے زیادہ ایام ٹھہرنے کی نیت کریں گے تو وہ لوگ جنگل میں مقیم نہیں بنیں گے بدستور مسافر رہیں گے۔(۱)

البتہ اگر خانہ بدوش لوگ جنگل میں کسی جگہ پر پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کریں گے تو نیت صحیح ہو جائے گی اور وہ مقیم ہو جائیں گے اس لئے کہ وہ جنگلوں میں رہنے کے عادی ہوتے ہیں اور عام آدمی جنگلوں میں رہنے کے عادی نہیں ہوتے۔(۲)

خانہ بدوش کہاں سے مسافر ہوں گے

''خانہ بدوش''یعنی خیموں میں رہنے والوں کے سفر کا آغاز اس وقت خیال کیا جائے گا جب وہ خیموں اور بچوں کے کھیلنے کے میدان، کوڑے کی جگہ یا جانوروں کے باڑہ سے آگے چلے جائیں۔

---

(۱) أمّا المكان الصالح للإقامة فهو موضع لبث و قرار في العادة ، نحو : الأمصار والقرىٰ ، فأما المفاوزة والجزيرة والسفينة فليست بموضع الإقامة . (تحفة الفقهاء : (۱۵۱/۲) باب صلاة المسافر ، بيان مايبطل به حكم السفر ، ط: دار الباز مكة .

شامي : (۱۲۵/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد .

الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

(۲) واختلف المتأخرون في الّذين يسكنون في الخيام والأخبية والفساطيط كالأعراب والأتراك والبرامكة الّذين في زماننا ، منهم من يقول : لم يكونوا مقيمين ، قال الشيخ شمس الأئمة السرخسي : الصحيح أنّهم مقيمون ، وفي الغياثية وعليه الفتوىٰ . (التاتارخانية : (۷/۲) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، ط: ادارة القرآن)

الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

مراقي الفلاح : (ص: ۴۲۶) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمي .

تحفة الفقهاء : (۱۵۱/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، بيان ما يبطل به حكم السفر ، ط: دار الباز مكة .

اسی طرح اگر خیمہ اونچی جگہ پر ہے تو اس کے نشیب سے، اور اگر خیمہ نشیب میں ہے تو اس کی بلندی سے گزر رہے جانے کے بعد سفر کا آغاز ہوگا، اور وادی کے عرض سے گزر جانے پر بھی سفر کا آغاز ہو جائے گا، اور یہ مسائل اس صورت میں ہیں جبکہ اس نشیب وفراز یا وادی کا رقبہ اعتدال کی حد سے زیادہ نہ ہو، اور اگر یہ رقبہ بہت زیادہ وسیع ہے تو صرف اس جگہ سے آگے جانے پر مسافر ہو جائے گا جہاں لوگ رات کو بات چیت کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں مثلاً وہ مکانات جہاں جمع ہو کر بستی کے لوگ ایک دوسرے سے اپنی ضروریات حاصل کرتے ہیں۔(۱)

خانہ بدوشوں کی نیت

جو لوگ خانہ بدوش ہیں، اور ہمیشہ جنگلوں میں خیمے ڈال کر یا جھونپڑی میں رہتے ہیں، ان کے لئے خیمے اور جھونپڑی اقامت کی جگہ ہیں اس لئے یہ لوگ ہمیشہ نماز پوری چار رکعت پڑھیں گے، عام طور پر یہ لوگ ایک بستی سے دوسری بستی کی طرف منتقل ہوتے چلے جاتے ہیں۔ ہاں اگر ایسے لوگ ایک دم اڑتالیس میل یا اس سے زیادہ مسافت کے ارادہ سے خیمہ بستی سے نکل جائیں گے تو مسافر ہوں گے اور قصر کریں گے جب تک کہ کسی جگہ پر جا کر پندرہ دن یا اس سے زیادہ دن ٹھہرنے کی نیت نہ کریں۔(۲)

خبر گیری کرنا

اگر کوئی شخص جہاد یا حج وغیرہ کے سفر پر گیا ہے تو اس کے پیچھے اس کے گھر والوں کی

---

(۱) وفی حکم السفر من فارق بیوت موضع هو فیه من مصر أو قریة ناویا الذهاب إلی موضع بینه و بین ذٰلک الموضع المسافة المذکورة صار مسافراً. (حلبی کبیر: (ص: ۵۳۶) فصل فی صلاة المسافر، ط: سهیل اکیڈمی لاهور)

🗁 وإذ کان ساکناً فی الأخبیة (الخیام) فلابدّ من مجاورتها، وإذا کان مقیما علی ماء أو محتطب فلابدّ من مفارقته، مالم یکن المحتطب واسعاً جداً ...... وإلّا فالعبرة بمجاوزة العمران. (الفقه الإسلامی وأدلّته: ۲/۱۳۵۱) الباب الثانی: الصلاة، المبحث الثالث: صلاة المسافر، ثالثا: شروط قصر الصلاة، ط: رشیدیه)

🗁 الدر مع الرد: (۲/۱۲۱) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعید.

(۲) انظر الحاشیة رقم: ۲، ۱ علی الصفحة السابقة رقم: ۱۹۳. (۲، أمّا المکان، ۱، وفی حکم السفر)

خبر گیری کرنا، ان کی ضروریات پوری کر دینا بھی ایسا عمل ہے کہ اس سے انسان جہاد یا حج کے ثواب میں حصہ دار ہو جاتا ہے۔ حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا اَوْ جَهَّزَ حَاجًا اَوْ خَلَّفَهُ فِيْ اَهْلِهِ أو أفطر صائماً كان له مثل أجورهم من غير أن ينقص من أجورهم شيئ"(۱)

ترجمہ: جو شخص کسی مجاہد کو جہاد کے لئے تیار کرے، یا کسی حاجی کو حج کے لیئے تیار کرے (یعنی اس کے اسباب فراہم کرنے میں مدد دے) یا اس کے پیچھے اس کے گھر کی دیکھ بھال کرے یا کسی روزہ دار کو روزہ افطار کرائے تو اس کو ان سب لوگوں جتنا ثواب ملتا ہے، اور ان لوگوں کے ثواب میں بھی کوئی کمی نہیں ہوگی۔

خدمت کا ثواب

سفر کے ساتھیوں کا امیر وہ ہے جو ہم سفر ساتھیوں کی خدمت کرتا ہے اور جس نے سفر کی حالت میں خدمت میں پیش قدمی کی تو فضیلت اور ثواب میں اس سے کوئی دوسرا سبقت نہیں کر سکتا، سوائے اس مرد مجاہد کے جس نے میدان جنگ میں جام شہادت نوش کیا وہ فضیلت اور ثواب میں سبقت کرے گا۔(۲)

---

(۱) ولفظ ابن خزيمة والنسائي: من جهّز غازياً أو جهّز حاجًا أو خلفه في أهله أو فطر صائماً كان له مثل أجورهم من غير أن ينقص من أجورهم شيئٌ ...... (مرقاة المفاتيح: (۲۵۷/۴) كتاب الصوم، باب: أي في مسائل متفرقة من كتاب الصوم، الفصل الثاني، ط: امداديه ملتان)

من جهّز غاذيًا في سبيل الله، أو خلفه في أهله، كتب له مثل أجره حتى إنّه لاينقص من أجر الغازي شيئ. (مشارع الأشواق إلى مصارع العشاق لابن النحاس: (ص: ۳۰۴) الباب الحادي عشر في فضل تجهيز الغزاة في سبيل الله وخلفهم في أهلهم، ط: دار البشائر الإسلامية)

الصحيح البخاري: (۳۹۸/۱) كتاب الجهاد والسير، باب فضل من جهّز غازيًا، ط: قديمي.

(۲) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قيل يا رسول الله! ما يعدل الجهاد في سبيل الله؟ قال: لاتستطيعونه، فأعادوا عليه مرتين أو ثلاثاً كل ذلك يقول: لاتستطيعونه، ثم قال: مثل المجاهد في سبيل الله كمثل الصائم القائم القانت بآيات الله لايفتر من صلاة ولاصيام حتى يرجع المجاهد في سبيل الله،=

خوش آمدید کہنا

حدیث شریف میں سفر سے آنے والے کو ''خوش آمدید'' کہنے کا ذکر ہے۔(۱)

خوف کے وقت کی دعا

اگر کسی موقع پر دشمن وغیرہ سے اچانک نقصان پہنچنے کا خوف ہو تو ''سورۃ لایلٰف قریش'' آخر تک پوری سورت پڑھے۔

حضرت ابوالحسن قزوینی فرماتے ہیں کہ یہ سورت ہر نقصان و مضرت سے امان دینے والی ہے، آزمودہ ہے۔(۲)

خیال رکھے

''سفر میں ان چیزوں کا خیال رکھے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۹۶/۱)

= رواه البخاری و مسلم . (مشارع الأشواق إلى مصارع العشاق لابن النحاس : (ص: ۱۴۹) ، فصل فی أنّ أحداً لایستطیع عملا یعدل الجهاد فی سبیل اللّٰه ، ط: دار البشائر الإسلامية)

وعن سهل بن سعد رضی اللّٰه عنه قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : سيد القوم فی السفر خادمهم، فمن سبقهم بخدمة لم يسبقوه بعمل إلّا الشهادة ، رواه البیهقی فی شعب الإيمان . (مشكاة المصابيح : (ص: ۳۴۰) كتاب الجهاد ، باب آداب السفر ، الفصل الثالث ، ط: قديمی)

(۱) قالت عائشة رضی اللّٰه عنها : قال النبیّ ﷺ لفاطمة : مرحبا یا بنتی و قالت أمّ هانئ جئت إلی النبیّ ﷺ فقال : مرحبا بأمّ هانئ . (صحيح البخاری : (۹۱۲/۲) ، كتاب الآداب ، باب قول الرجل مرحبا، ط: قديمی)

سنن الترمذی : (۱۰۲/۱) أبواب الاستئذان والادب عن رسول اللّٰه ﷺ ، باب ما جاء فی مرحبا، ط: قديمی .

الصحيح لمسلم : (۲۴۸/۱) كتاب الصلاة ، باب استحباب صلاة الضحٰی ، ط: قديمی.

(۲) وإن خاف من عدوّ أو غيره فقراء ة ﴿ لإيلاف قريش ﴾ أمان من كل سوء . مجرّب . (حصن حصين : (ص: ۱۲۴) دعاء رخصة المسافر ، ط: مجتبائی ، دهلی)

ويستحب أن يقرأ سورة ﴿ لإيلاف قريش ﴾ : فقد قال الإمام السيد الجليل أبو الحسن القزوينی الفقيه الشافعی صاحب الكرامات الظاهرة والأحوال الباهرة والمعارف المتظاهرة : إنّه أمان من كل سوء " . (الأذكار للنووی : (۴۸۶/۱) كتاب أذكار المسافر ، باب أذكاره عند إرادته الخروج من بيته ، ط: دار ابن حزم)

د

دار الاقامۃ میں رہنے والوں کا حکم

''ہاسٹل میں رہنے والوں کا حکم'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۷۶/۲)

دار الحرب

اگر کوئی شخص دار الحرب میں ''ویزا'' لے کے داخل ہوا، اور ٹھہرنے کی جگہ میں پندرہ دن یا اس سے زیادہ ایام ٹھہرنے کی نیت کی تو اس کی نیت صحیح ہے، اور وہ مقیم ہو جائے گا۔(۱)

اگر دار الحرب میں رہنے والا کوئی کافر دار الحرب میں ہی مسلمان ہوا، اور کافروں کو اس کے اسلام لانے کی خبر ہوئی، اور وہ لوگ اسے قتل کرنے کے لئے تلاش کرنے لگے، اور وہ خوف وڈر کی وجہ سے سوا ستتر کلومیٹر کے سفر کا ارادہ کر کے وہاں سے بھاگ گیا تو مسافر ہو جائے گا، اگر چہ کسی جگہ ایک مہینہ تک یا اس سے بھی زیادہ چھپا ہوا رہے، اس لئے کہ اب وہ ان کے ساتھ لڑنے والا ہو گیا۔(۲)

---

(۱) ومن دخل دار الحرب بأمان ونوى الإقامة في موضع الإقامة صحت نيته، كذا في الخلاصة.(الهندية: (۱/۱۴۰) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

الخانية على هامش الهندية : (۱/۱۶۵) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشيديه.

طحطاوى على المراقى : (ص: ۴۲۶) ، كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمى .

(۲) الكافر فى دار الحرب إذا أسلم ولم يتعرضوا له فهو على إقامة لعدم مايزيلها ، ولو خاف ففرّ منهم يريد سفر ثلاثة أيّام لم تعتبر نيته ، هٰكذا وقع فى الخلاصة ، و فتاوى قاضى خان ، ولعل المراد لم تعتبر نية الإقامة بعد ذٰلك ، وإلّا فقد ذكر السروجى عن الذخيرة : أن الأسير إذا انفلت من العدوّ فوطن نفسه على إقامة نصف شهر فى غار أو نحوه ، قصر ؛ لأنه محارب للعدو وكذا لو أسلم فهرب منهم ، وطلبوه ليقتلوه فخرج هارباً مسيرة السفر ، انتهى ، فهٰذا يدلّ على أنّه يقصر . (حلبى كبير : (ص: ۴۶۵) فصل فى صلاة المسافر ، ط: قديمى)

الهندية: (۱/۱۴۰)، كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر ، ط: رشيديه.

التاتارخانية : (۲/۱۰ ، ۱۱) كتاب الصلاة ، الفصل الثانى والعشرون فى صلاة المسافر ، النوع آخر فى بيان المواضع الّتى تصحّ فيها نية الإقامة والّتى لا تصح ، ط: قديمى .

اگر کوئی شخص ویزا لے کر دار الحرب میں داخل ہوا تھا، اور وہ وہاں پندرہ دن یا اس سے زیادہ ایام ٹھہرنے کی نیت سے مقیم بن گیا تھا، پھر اس کے بعد دار الحرب والے اپنا عہدو پیمان توڑ کر اس کے قتل کرنے کے درپے ہو گئے اور وہ ڈر وخوف کی وجہ سے سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ مسافت کے سفر کا ارادہ کر کے وہاں سے بھاگ گیا تو وہ مسافر ہو جائے گا، اگر چہ کسی جگہ ایک مہینہ تک یا اس سے بھی زیادہ دن چھپا ہوا رہے۔(۱)

اگر مسلمانوں میں سے کوئی شخص دار الحرب کے کسی شہر میں مقیم تھا جب وہاں کے لوگوں نے اس کو قتل کرنا چاہا تو یہ اسی شہر میں کہیں چھپ گیا تو یہ شخص پوری نماز پڑھے گا اس لئے کہ وہ اس شہر میں مقیم تھا اور جب تک وہاں سے باہر نہ نکلے گا مسافر نہ ہوگا۔(۲)

---

(۱) الكافر في دار الحرب إذا أسلم ولم يتعرضوا له فهو على إقامة لعدم مايزيلها ، ولو خاف ففرّ منهم يريد سفر ثلاثة أيّام لم تعتبر نيته ، هٰكذا وقع في الخلاصة ، و فتاوى قاضي خان ، ولعل المراد لم تعتبر نية الإقامة بعد ذٰلك ، وإلّا فقد ذكر السروجي عن الذخيرة : أن الأسير إذا انفلت من العدوّ فوطن نفسه على إقامة نصف شهر في غار أو نحوه ، قصر ؛ لأنه محارب للعدو وكذا لو أسلم فهرب منهم ، وطلبوه ليقتلوه فخرج هارباً مسيرة السفر ، انتهى ، فهٰذا يدلّ على أنّه يقصر . (حلبى كبير : (ص: ۴۶۵) فصل في صلاة المسافر ، ط: قديمى)

الهندية: (۱/ ۱۴۰)، كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

التاتارخانية : (۲/ ۱۰ ، ۱۱) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، النوع آخر في بيان المواضع الّتي تصحّ فيها نية الإقامة والّتي لا تصح ، ط: قديمى .

(۲) وكذا المستأمن إذا غدروا به فطلبوه ليقتلوه ، وإن كان واحد من هٰؤلاء مقيماً بمدينة من أهل الحرب فلما طلبوه ليقتلوه ، اختفى فيها فإنه يتم الصلاة ؛ لأنّه كان مقيما بهٰذه البلدة فلايصير مسافرا مالم يخرج منها ، وكذٰلك إن خرج منها يريد مسيرة يوم أو يومين ؛ لأن المقيم لايصير مسافراً بنية الخروج إلى مادون مسيرة السفر ...... وكذٰلك لو كان أهل مدينة من أهل الحرب أسلموا فقاتلهم أهل الحرب ، وهم مقيمون في مدينتهم ، فإنّهم يتمّون الصلاة .

(التاتارخانية : (۲/ ۱۱) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان المواضع الّتي تصحّ فيها نية الإقامة والّتي لاتصحّ ، ط: قديمى)

الهندية: (۱/ ۱۴۰) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

الحلبي الكبير : (ص: ۴۶۵) فصل في صلاة المسافر ، ط قديمى .

المحيط البرهاني: (۲/ ۳۹۲) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، نوع آخر في بيان مواضع الّتي تصحّ نية الإقامه فيها والّتي لاتصح نية الإقامة منها وممّا يتصل بهٰذا النوع ، ط: ادارة القرآن .

اگر دارالحرب میں سے کسی ایک شہر کے لوگ مسلمان ہو گئے اور دارالحرب کے لوگوں نے ان سے لڑائی شروع کردی، جو لوگ مسلمان ہو گئے ہیں تو اگر وہ اپنے شہر ہی میں ہیں تو پوری نماز پڑھیں گے۔(۱)

اگر دارالحرب والے مسلمانوں سے لڑائی کرنے کے بعد مسلمانوں کے شہر پر غالب آجائیں اور وہ مسلمان سوا ستتر کلومیٹر سے کم مسافت کے ارادہ سے وہاں سے نکل جائیں تب بھی وہ پوری نماز پڑھیں گے، اور اگر سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ مسافت کے سفر کا ارادہ کر کے نکلے ہیں تو نماز میں قصر کریں گے۔(۲)

---

(۱) وكذا المستأمن إذا غدروا به فطلبوه ليقتلوه ، وإن كان واحد من هٰؤلاء مقيماً بمدينة من أهل الحرب فلما طلبوه ليقتلوه ، اختفى فيها فإنه يتم الصلاة ؛ لأنّه كان مقيما بهٰذه البلدة فلايصير مسافرا مالم يخرج منها ، وكذٰلك إن خرج منها يريد مسيرة يوم أو يومين ؛ لأن المقيم لايصير مسافراً بنية الخروج إلى مادون مسيرة السفر ...... وكذٰلك لوكان أهل مدينة من أهل الحرب أسلموا فقاتلهم أهل الحرب ، وهم مقيمون في مدينتهم ، فإنّهم يتمّون الصلاة . (التاتارخانية : (۱۱/۲) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان المواضع الّتي تصحّ فيها نية الإقامة والّتي لاتصحّ ، ط: قديمي)

الهندية: (۱۴۰/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

الحلبي الكبير : (ص: ۴۶۵) فصل في صلاة المسافر ، ط قديمي .

المحيط البرهاني : (۳۹۲/۲) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، نوع آخر في بيان مواضع الّتي تصحّ نية الإقامه فيها والّتي لاتصح نية الإقامة منها وممّا يتصل بهٰذا النوع ، ط: ادارة القرآن .

(۲) وكذٰلك إن غلبهم أهل الحرب على مدينتهم فخرجوا منها يريدون ثلاثة أيّام قصروا الصلوة. (التاتارخانية : (۱۱/۲) ، كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، نوع آخر في بيان المواضع الّتي تصحّ فيها نية الإقامة ، والّتي لا تصح، ط: قديمي)

الهندية : (۱۴۰/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه.

المحيط البرهاني: (۳۹۲/۲) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، نوع آخر في بيان المواضع الّتي تصح نية الإقامة فيها والّتي لاتصحّ نية الإقامة فيها وممّا يتصل بهٰذا النوع ، ط: ادارة القرآن .

انظر الحاشية السابقة [رقم : ۱] على الصفحة ۱۸۸ .

اگر یہ مسلمان پھر اپنے شہر میں واپس آجائیں اور مشرکین اس شہر میں آنے سے ان کا تعرّض نہ کریں تو پوری نماز پڑھیں گے۔(۱)

اگر مشرکین لڑائی کے بعد مسلمانوں کے شہر پر غالب آجائیں اور اقامت اختیار کرلیں پھر مسلمان اپنے شہر کی طرف واپس ہوں اور مشرکین اس کو خالی کردیں، تو یہ دیکھا جائے گا کہ اگر مسلمان اس شہر میں اپنے گھر و مکانات بنالیتے ہیں اور وہاں سے نکلنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے تو وہ دارالاسلام سمجھا جائے گا اور اس میں پوری نماز پڑھیں گے اور اگر وہاں گھر وغیرہ تعمیر کرنے کا خیال نہیں ہے بلکہ ایک مہینہ ٹھہر کر دارالاسلام میں آنے کا ارادہ ہے تو نماز قصر کریں گے۔

اگر مسلمانوں کا لشکر دارالحرب میں لڑنے کے لئے داخل ہوا، اور کسی شہر پر غالب آگیا، اور اس میں اپنے گھر وغیرہ تعمیر کرلئے تو پوری نماز پڑھیں گے۔(۲)

دارالحرب کے کسی علاقہ پر قبضہ ہوا

"اسلامی فوج نے دارالحرب کے کسی علاقہ پر قبضہ کرلیا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/ ۶۰)

(۱، ۲) فإن عادوا إلى مدينتهم ولم يكن المشركون عرضوا لها، يعني لمدينتهم أتمّوا فيها الصلاة؛ لأنّ مدينتهم كانت دار الإسلام حين أسلموا وكانت موضع إقامة لهم مالم تعرض المشركون فهي وطن أصلي في حقهم فيتمّون الصلاة إذا وصلوا إليها ، وإن كان المشركون غلبوا على مدينتهم و قاموا فيها ، ثمّ إنّ المسلمون رجعوا إليها ، وخلى المشركون عنها ، فإن كانوا اتخذوها داراً و منزلاً ، ولايبرحونها فصارت دار الإسلام ، يتمّون فيها الصلاة ؛ لأنّها صارت في في حكم دار الحرب حين غلب المشركون وحين ظهر المسلمون عليها وعزموا على المقام فيها فقد صارت دار الإسلام ، ونية المسلم الإقامة في دار الإسلام صحيحة ، وإن كانوا لايريدون أن يتخذوها داراً ولكن يقيمون فيها شهراً ثمّ يخرجون إلى دار الإسلام يقصرون الصلاة فيها ، وكذلك عسكر من المسلمين دخلوا دار الحرب ، فغلبوا على مدينة فإن اتخذوها داراً ، فصارت دار الإسلام يتمّون فيها الصلاة . (التاتارخانية : (۲/ ۱۱) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر نوع آخر في بيان المواضع الّتي تصح فيها نية الإقامة والّتي لا تصحّ، ط: قديمي)

المحيط البرهاني: (۲/ ۳۹۲) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر نوع آخر في بيان المواضع الّتي تصح نية الإقامة فيها والّتي لا تصحّ نية الإقامة فيها، ط: ادارة القرآن.

الهندية : (۱/ ۱۴۰) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه.

داماد، سسرال میں کیا قصر کرے گا

اگر مرد کا سسرال سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ دور ہے تو اگر یہ پندرہ دن سے کم ٹھہرنے کی نیت سے سسرال جائے گا تو مسافر ہوگا اور قصر کرے گا، اور اگر بیوی کی رخصتی ہو چکی ہے اور وہ پندرہ دن سے کم رہنے کی نیت سے والدین سے ملنے آئے گی تو وہ بھی مسافر ہوگی اور قصر کرے گی، اور اگر پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت سے آئے گی تو پوری نماز پڑھے گی۔(۱)

دب جائے

''مسافر اگر عمارت کے ملبہ میں دب جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۱۴۷)

درود پڑھیں

قصر نماز میں بھی دو رکعت پر بیٹھ کر پہلے التحیات پڑھ کر درود شریف پڑھیں پھر اس

---

(۱) من جاوز بیوت مصره مریداً سیراً وسطاً ثلاثة أیّام فی بر أو بحرٍ أو جبل قصر الفرض الرباعی ...... حتی یدخل مصره أو ینوی الإقامه نصف شهر ببلد أو قریةٍ ...... (البحر الرائق : (۲/۱۲۸ ـ ۱۳۱) کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعید)

☐ التاتارخانية: (۲/۵ ـ ۸) کتاب الصلاة، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر، نوع آخر فی بیان أدنی مدة السفر الّذی یتعلق به قصر الصلاة، و نوع آخر فی بیان مدة الإقامة، ط: قدیمی.

☐ الحلبی الکبیر : (ص: ۴۶۱ ـ ۴۶۵) فصل فی صلاة المسافر ، ط: قدیمی .

☐ وطن الإقامة ما ینوی فیه الإقامة خمسة عشر یوماً فصاعداً أو لم یکن مولده ولا له به أهل، و وطن السفر ماینوی فیه الإقامة أقلّ من خمسة عشر یوماً ، ولیس مولده ولا له به أهل ویسمّی وطن السکنی أیضاً ...... ثمّ الأصلی ینتقض بمثله حتی لو کان له وطن أصلی فانتقل عنه واستوطن غیره خرج عن کونه وطناً له حتی لو دخله بعد ذٰلک لایلزمه الإتمام مالم ینو الإقامة . (الحلبی الکبیر : (ص: ۴۶۸ ، ۴۶۹) فصل فی صلاة المسافر ، الرابع فی الوطن ، ط: قدیمی)

☐ الهندية : (۱/۱۴۲) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشیدیه.

☐ المحیط البرهانی : (۲/۴۰۱) کتاب الصلاة ، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر، نوع آخر فی بیان مایصیر المسافر مقیماً بدون نیة الإقامة ، ط: ادارة القرآن .

کے بعد دعا پڑھ کر سلام پھیر کر نماز مکمل کریں، بالکل فجر کی فرض نماز کی طرح قصر نماز ادا کریں، ان دونوں کی ادائیگی میں کوئی فرق نہیں ہے۔(۱)

دریا میں رہنے والے کہاں سے مسافر ہوں گے؟

اگر کوئی شخص دریائی علاقہ میں رہتا ہے تو جب تک دریائی علاقے (لنگر انداز ہونے کی جگہ) سے باہر نہیں نکل جائے گا تو وہ مسافر نہیں ہوگا۔(۲)

دعائے خوف

''خوف کے وقت کی دعا'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۹۶)

دعائے رخصت

''رخصت کرتے وقت کی دعا'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۱/۲۲۹)

دعائیں سفر کے دوران پڑھنے کی

''سفر کے دوران پڑھنے کی دعائیں'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۱/۳۱۴)

---

(۱) وفرض المسافر في الرباعية ركعتان كذا في الهداية، والقصر واجب عندنا، كذا في الخلاصة، فإن صلّى أربعاً و قعد في الثانية قدر التشهد أجزأته والأخريان نافلة و يصير مسيئاً لتأخير السلام، وإن لم يقعد في الثانية قدرها بطلب كذا في الهداية. (الهندية: (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

البحر الرائق: (۲/۱۲۸ ــ ۱۳۰) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

الدر مع الرد: (۲/۱۲۳ ــ ۱۲۸) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد.

(۲) (قوله: من خرج من عمارة موضع إقامته) أراد بالعمارة مايشمل بيوت الأخبية؛ لأنّ بها عمارة موضعها، قال في الإمداد: فيشترط مفارقتها ولو متفرقة وإن نزلوا على ماء أو محتطف يعتبر مفارقته، كذا في مجمع الروايات. (شامي: (۲/۱۲۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

التاتارخانية: (۲/۷) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، نوع آخر في بيان أن المسافر متى يقصر الصلاة، ط: قديمي.

الحلبي الكبير: (ص: ۶۲۲) فصل في صلاة المسافر، الثاني فيما يصير به المقيم مسافراً، ط: قديمي.

دعوت کرنا

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ یا گائے ذبح کی''۔(۱)

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سفر سے واپس آنے کے بعد ضیافت کرنا اور لوگوں کو اپنے کھانے وغیرہ پر بلانا مسنون ہے اس سے لطف وسرور میں اضافہ ہوگا، اور باہمی محبت اور تعلق میں مزید استحکام پیدا ہوگا، لیکن دعوت پر جانے کے لئے ہدیہ اور تحائف پیش کرنے کو ضروری اور لازم سمجھنا غلط ہے، اور یہ مسنون طریقہ نہیں ہے۔

سفر میں روانگی کے وقت بھی دعوت کرنا بہتر ہے، کیونکہ دعوت باہمی الفت ومحبت کے اظہار اور اس کو مضبوط اور پختہ کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔(۲)

---

(۱) عن جابر قال: لما قدم النبیّ ﷺ المدينة نحر جزوراً، أو بقرة. (سنن أبی داؤد: (۲/۱۷۰) كتاب الأطعمة عند القدوم من السفر، ط: رحمانيه)

مشكاة المصابيح: (ص: ۳۳۹) باب آداب السفر، ط: قديمی.

(۲) السنة لمن قدم من السفر أن يضيف بقدر وسعه ذكره الطيبی. و قال ابن الملك الضيافة سنة بعد القدوم. (مرقاة المفاتيح: (۷/۳۳۲) باب آداب السفر، الفصل الأول، قبيل: الفصل الثانی، ط: امداديه ملتان)

(قوله إذا كان لأهل بيته) أفاد أنّ ما ذكره المصنف فی الولائم و أنواعها أحد عشر نظمها بعضهم فی قوله:

إن الولائم عشره مع واحد	من عدّها قد عزّ فی أقرانه
فالخرس عند نفاسها و عقيقة	للطفل و الإعذار عند ختانه
و لحفظ قرآن و آداب لقد	قالوا الحذاق لحذقه و بيانه
ثم الملاک لعقده و وليمة	فی عرسه فاحرص على إعلانه
و كذٰلک مأدبة بلا سبب يرى	و وكيرة لبنائه لمكانه
و نقيعة لقدومه و وضيمة	لمصيبة و تكون من جيرانه
و لأوّل الشهر الأصم عتيرة	بذبيحة جاء ت لرفعة شأنه

(شامی: (۶/۱۶) كتاب الإجارة، ط: سعيد)

دفن کا حکم

اگر مسافر کو سفر کے دوران کسی میت کو دفن کرنے کا موقع ہے تو دفن میں شریک ہو جائے ثواب ملے گا، اور اگر جلدی ہے دفن میں شریک ہونے کی صورت میں سفر میں پریشانی ہوگی تو دفن میں شریک نہ ہونے کی وجہ سے گناہ نہیں ہوگا۔(۱)

دن بڑا ہو

''ہوائی سفر میں دن چھوٹا ہو یا بڑا ہو جائے تو؟'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۳۹۲)

دن بڑا ہو یا چھوٹا تو مسافر کیا کرے

وہ ممالک جہاں معمول کے خلاف دن کافی بڑے ہوتے ہیں مثلاً لیپ لینڈ وغیرہ، یہ وہ ملک ہے جہاں عام طور پر ۲۲، ۲۳ گھنٹے کے دن ہوتے ہیں تو ایسے ملک میں اگر کوئی مسافر رمضان المبارک کے مہینہ میں پہنچا تو وہاں سورج غروب ہونے کے بعد ہی اس کے لئے افطار کرنا جائز ہوگا اپنے ملک کے سورج غروب کے وقت کا اندازہ کرکے

---

(۱) أن أباهريرة رضی اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: من شهد الجنازة حتی يصلی فله قيراط، ومن شهد حتی تدفن كان له قيراطان، قيل وما القيراطان؟ قال: مثل الجبلين العظيمين.
(الصحيح للبخاری: (۱/۱۸۰) كتاب الجنائز، باب من انتظر حتی تدفن، ط: قديمی)
☜ صحيح المسلم: (۱/۳۰۷) كتاب الجنائز، باب فضل الصلاة علی الجنازة وأتباعها، ط: قديمی.
☜ سنن أبی داؤد: (۲/۹۸) كتاب الجنائز، باب فضل الصلاة علی الجنازة، ط: رحمانيه.
☜ دفن الميت فرض علی الكفاية كذا فی السراج الوهاج. (الهندية: (۱/۱۶۵) كتاب الصلاة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن والنقل من مكان إلی آخر، ط: رشيديه)
☜ شامی: (۲/۲۳۳) كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب فی دفن الميت، ط سعيد.
☜ والكلام فی الدفن في مواضع بيان وجوبه ...... أمّا الأوّل فالدليل علی وجوبه توارث النّاس من لدن آدم صلوات اللّٰه عليه إلی يومنا هذا مع النكير علی تاركه وذا دليل الوجوب إلّا أنّ وجوبه علی سبيل الكفاية حتّی إذا قام به البعض سقط عن الباقين لحصول المقصود. (بدائع الصنائع: (۱/۳۱۸) كتاب الصلاة، فصل: والكلام فی الدفن، ط: سعيد)

افطار کرنا جائز نہیں ہوگا۔(۱)

اگر دن چوبیس گھنٹے سے بھی زائد لمبے ہوں تو ۲۴ گھنٹے پورا ہونے سے اتنا پہلے افطار کرلے کہ اس میں ضرورت کے بقدر کھاپی لے اور افطار کر سکے، لیکن اگر اتنے طویل دن میں روزہ پورا کرنے میں مسافر کو یا مریض کے مرض میں اضافہ، یا اسے اپنی ہلاکت کا اندیشہ ہو تو روزہ توڑ دینا جائز ہوگا۔(۲)

اور اگر برداشت کرسکتا ہو پھر بھی توڑ دیا تو گنہگار ہوگا، اور یہ حکم اس وقت ہے جب کہ صبح صادق کے بعد اس نے سفر کی ابتداء کی ہو، اور اگر صبح صادق سے پہلے ہی سفر شروع کر چکا تھا، اور اس نے روزہ رکھنے کی نیت کر لی تھی اور بعد میں توڑ دیا تو گناہ نہیں ہوگا۔(۲)

---

(۱) هو لغة إمساك عن المفطرات الآتية حقيقة أو حكماً...... في وقت مخصوص و هو اليوم. (قوله: وهو اليوم) أي اليوم الشرعي من طلوع الفجر إلى الغروب ...... والمراد بالغروب زمان غيبوبة جرم الشمس بحيث تظهر الظلمة في جهة الشرق، قال ﷺ: إذا أقبل الليل من ههنا فقد أفطر الصائم. (الدر مع الرد: (۲/ ۳۷۱) كتاب الصوم، ط: سعيد)

▭ بدائع الصنائع: (۲/ ۷۷) كتاب الصوم، فصل: وأمّا شرائطها، ط: سعيد.

▭ الهندية: (۱/ ۱۹۴) كتاب الصوم، الباب الأوّل في تعريفه و تقسيمه و سببه ووقته وشرطه، ط: رشيديه.

(۲) لم أر من تعرض عندنا لحكم صومهم فيما إذا كان يطلع الفجر عندهم كما تغيب الشمس أو بعده بزمان لايقدر فيه الصائم على أكل مايقيم بنيته، ولايمكن أن يقال بوجوب مؤالاة الصوم عليهم؛ لأنّه يؤدي إلى الهلاك، فإن قلنا بوجوب الصوم يلزم القول بالتقدير، وهل يقدر ليلهم بأقرب البلاد إليهم كما قاله الشافعية هنا أيضاً، أم يقدر لهم بما يسع الأكل والشرب، أم يجب عليهم القضاء، دون الأداء؟ كل محتمل، فليتأمل. (الدر مع الرد: (۱/ ۳۶۶) كتاب الصلاة، مطلب في طلوع الشمس من مغربها، ط: سعيد)

▭ (قوله: العاجز عن الصوم) أي عجزاً مستمراً كمايأتي، أما لو لم يقدر عليه لشدة الحر كان له أن أن يفطر و يقضيه في الشتاء. (أيضاً: (۲/ ۴۲۷) كتاب الصوم، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم، ط: سعيد)

▭ البحر الرائق: (۲/ ۲۸۶) كتاب الصوم، فصل في العوارض، ط: سعيد.

▭ فتح القدير: (۲/ ۲۷۷) كتاب الصوم، فصل: ومن كان مريضاً في رمضان فخاف...... ط: رشيديه.

(۲) ولو نوى مسافر الفطر أو لم ينو فأقام و نوى الصوم في وقتها قبل الزوال صحّ مطلقاً...... كما يجب على مقيم إتمام صوم يوم منه أي رمضان سافر فيه أي في ذلك اليوم ولكن لاكفارة عليه لو أفطر فيهما للشبهة في أوّله و آخره. (الدر مع الرد: (۲/ ۴۳۱) كتاب الصوم، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم، ط: سعيد)=

اور اگر ایسے بڑے دن والے ممالک کے باشندے مشرقی ممالک کا سفر کریں جہاں ان کے اعتبار سے دن بہت چھوٹے ہیں مثلاً دو تین گھنٹے کا دن ہے تو ایسے مسافر بھی اس علاقہ کے لوگوں کی طرح سحری اور افطاری میں عمل کریں۔(۱)

دن چھوٹا ہو

''ہوائی سفر میں دن چھوٹا ہو یا بڑا ہو جائے تو'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۳۹۲)

دنیا کو اصل وطن نہ سمجھے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''تم دنیا میں اس طرح رہو گویا کہ تم مسافر ہو یا راستہ چلنے والے ہو مطلب یہ ہے کہ تم دنیا کی طرف نسبت نہ رکھو، اس لئے کہ تم دنیا سے آخرت کی طرف سفر کرنے والے ہو، لہٰذا تم اس دنیا کو اپنا وطن نہ بناؤ، دنیا کی لذتوں کے ساتھ الفت نہ رکھو، دنیا دار لوگ، اور ان کے اختلاط سے اپنے آپ کو بچاؤ، کیونکہ تم ان سب لوگوں سے جدا ہونے والے ہو، اس دنیا میں ہمیشہ کے لئے زندہ رہنے کا وہم وگمان بھی نہ رکھو، ان تمام چیزوں سے لازمی طور پر پرہیز کرو جن سے ایک مسافر پردیس میں پرہیز کرتا ہے، اور ان چیزوں میں مشغول نہ رہو جن میں وہ مسافر مشغول نہیں ہوتا جو اپنے اہل وعیال اور اپنے وطن کی طرف جانے کا ارادہ رکھتا ہے، گویا کہ تم مکمل طور پر اس دنیا میں بالکل اسی طرح رہو جس طرح ایک مسافر اپنے وطن اور اپنے اہل وعیال سے دور پردیس میں رہتا ہے۔

پھر آگے زیادہ مبالغہ کے ساتھ فرمایا ''بلکہ راستہ چلنے والے کی طرح رہو'' کیونکہ مسافر تو اپنے سفر کے دوران مختلف شہروں میں قیام بھی کر لیتا ہے لیکن راستہ چلنے والے تو کسی طرح بھی کسی جگہ پر قیام نہیں کرتے۔ لہٰذا دنیا کو نہ صرف سفر کی جگہ سمجھنا چاہئے بلکہ یہ خیال کرنا

= البحر الرائق : (۲/۲۹۰) كتاب الصوم ، فصل في العوارض ، ط: سعيد .

حاشية الطحطاوی : (ص: ٦٨٦) كتاب الصوم ، فصل في العوارض ، ط: قديمي .

(۱) انظر الحاشية السابقة رقم: ۱، على الصفحة السابقة، رقم: ۲۰۵ .(هي لغة إمساك عن المفطرات)

چاہئے کہ راستہ چل رہا ہوں نہ تو وطن میں ہوں اور نہ سفر کی حالت میں کہیں ٹھہرا ہوا ہوں۔

دوسرے الفاظ میں یہ ہے کہ جس طرح کوئی مسافر پردیس کو اور راستہ کو اپنا اصلی وطن نہیں سمجھتا، اور وہاں رہنے کے لئے لمبے چوڑے انتظامات نہیں کرتا اسی طرح مومن کو چاہئے کہ اس دنیا کو اپنا اصلی وطن نہ سمجھے، اور یہاں کی ایسی فکر نہ کرے جیسے کہ یہاں ہی اس کو ہمیشہ رہنا ہے بلکہ اس کو ایک پردیس اور رہ گزر سمجھے۔(۱)

دنیا کی طرف رغبت نہ کرے

''دنیا کو اصل وطن نہ سمجھے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۰۶/۱)

دو بیویاں

کسی کی دو بیویاں ہیں مثلاً ایک کو کراچی میں رکھا اور دوسری کو اسلام آباد میں اور دونوں جگہ آرام وراحت کے سامان کے ساتھ مستقل رکھا ہے تو یہ آدمی دونوں جگہ جاتے ہی مقیم ہو جائے گا اور قصر نہیں کرے گا پوری نماز پڑھے گا چاہے پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت نہ

---

(۱) عن عبد اللّٰه بن عمر قال: أخذ رسول اللّٰه ﷺ بمنكبي، فقال كن في الدنيا كأنك غريب أو عابر سبيل. (مشكاة المصابيح: (ص: ۱۳۹)، باب تمنّي الموت و ذكره، الفصل الأوّل، ط: قديمي)

صحيح البخاري: (۹۴۹/۲) كتاب الرقاق، باب قول النبي ﷺ كن في الدنيا كأنك غريب ......، ط: قديمي.

فقال: كن في الدنيا كأنك غريب أي لاتمل إليها فإنك مسافر عنها إلى الآخرة، فلاتتخذها وطناً، ولاتألف بمستلذاتها واعتزل عن النّاس و مخالطتهم فإنك تفارقهم ولزم يدك اللازم ولاتحدث نفسك بطول البقاء، ولاتتعلّق بما لايتعلّق به الغريب في غير وطنه، ولاتشغل فيها بما لايشتغل به الغريب الّذي يريد الذهاب إلى أهله ووطنه ...... أو عابر سبيل أو فيه للتخيير والإباحة والأحسن أن تكون بمعنى بل، شبّه النّاسك السالك بالغريب الّذي ليس له مسكن يأويه ثمّ ترقي وأضرب عنه بقوله أو عابر سبيل؛ لأنّ الغريب قد يسكن في بلاد الغربة، ويقيم فيها بخلاف عابر سبيل القاصد للبلد الشاسع ...... (مرقاه المفاتيح: (۵/۴) باب تمنّي الموت وذكره، الفصل الأوّل، ط: امداديه ملتان)

بھی کی ہو، بیوی کی مستقل رہائش کی وجہ سے یہ خود بخود مقیم بن جائے گا۔(۱)

دوپہر سے پہلے مسافر مقیم ہو گیا

اگر کوئی مسافر دوپہر سے پہلے مقیم ہو جائے اور صبح صادق سے ابھی تک روزہ کے خلاف کوئی کام نہیں کیا مثلاً کھایا پیا نہیں تو اس پر یہ روزہ رکھنا ضروری ہے، ورنہ گناہ ہوگا البتہ فاسد کر دینے کی صورت میں کفارہ دینا واجب نہیں ہوگا صرف قضا رکھنا لازم ہوگا۔(۲)

دو جگہ اقامت کی نیت کرنا

اگر کسی مسافر نے دو مقام پر پندرہ دن یا اس سے زائد ٹھہرنے کی نیت کی، اور وہ

(۱) وإذا لم ینقل أهله بل استحدث أهلاً أیضاً ببلدة أخریٰ فلا یبطل وطنه الأوّل، وکل منهما وطن أصليّ له. (مراقی الفلاح مع الطحطاوی: (ص: ۴۲۹)، کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: قدیمی)

التاتارخانیة: (۱۹/۲) کتاب الصلاة، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر، ط: ادارة القرآن.

الهندیة: (۱۴۲/۱) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط: رشیدیه.

(۲) المسافر إذا دخل مصره قبل الزوال ولم یتناول شیئًا ثم نوی الصلاة ثمّ جامع متعمّداً فی یومه ذٰلک لا کفارة علیه بالاتفاق. (التاتارخانیة: (۸۸/۲، ۳۸۷) کتاب الصوم، الفصل الخامس فی وجوب الکفارة فی إفساد الصوم، ط: ادارة القرآن)

وفی المحیط: ولو أراد المسافر أن یقیم فی مصر أو یدخل مصره کره له أن یفطر؛ لأنّه اجتمع فی الیوم المبیح وهو السفر والمحرم وهو الإقامه فرجحنا المحرم احتیاطاً. (البحر الرائق: (۲۸۳/۲) کتاب الصوم، فصل فی العوارض، ط: سعید

(قوله: ولو نوی المسافر الإفطار ثمّ قدم و نوی الصوم فی وقته صحّ) ...... وحیث أفاد صحة صوم الفرض لزم علیه صومه إن کان فی رمضان لزوال المرخص فی وقت النیّة ...... إلّا أنّه إذا أفطر ...... لا کفارة علیه لقیام شبهة المبیح. (البحر الرائق: (۳۸۹/۲، ۲۹۰) کتاب الصوم، فصل فی العوارض، ط: سعید)

والأصل عندنا أن من صار فی بعض النّهار علی صفة لو کان علیها فی أوّل النّهار یلزمه الصوم فعلیه الإمساک فی بقیة النّهار. (کتاب المبسوط للسرخسی: (۶۲/۳) کتاب الصوم، المکتبة الغفاریة، کوئٹه)

مسافر أصبح صائماً فی رمضان ثمّ أفطر قبل أن یقدم مصره أو بعد ما قدم فلا کفارة علیه؛ لأنّ أداء الصوم فی هٰذا الیوم ما کان مستحقا علیه حین کان مسافرًا فی أوّله. (المبسوط للسرخسی: (۸۳/۳) کتاب الصوم، ط: المکتبة الغفاریة، کوئٹه)

دونوں مقام جدا جدا ہوں (یعنی وہ دونوں جگہیں ایک دوسرے سے ملحق اور ایک ہی شہر کے دو حصے نہ ہوں بلکہ دونوں الگ الگ مستقل مقام ہوں مثلاً دیوبند اور سہارنپور، گنگوہ اور نانوتہ، کراچی اور منوڑا وغیرہ تو ایسے دو مقام پر پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرنے سے وہ مقیم نہیں ہوگا کیونکہ اقامت کی نیت صحیح ہونے کی شرط یہ ہے کہ ایک مقام پر ہی کم سے کم پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرے۔

اور اگر دونوں مقام ایک دوسرے کا حصہ اور ایک دوسرے ملحق ہوں مثلاً ایک شہر ہو اور اسی شہر سے ملحق و متصل گاؤں جو بالکل کنارے پر ہو اور عرف و کارپوریشن میں شہر کا حصہ سمجھا جاتا ہو جیسا کہ بمبئی اور کراچی شہر کے مختلف علاقے تو اگر شہر میں دس دن اور اسی شہر کے متصل علاقہ، کالونیوں میں پانچ دن ٹھہرنے کی نیت کی تو اس صورت میں اقامت کی نیت صحیح ہو جائے گا۔

اور اگر دو علیحدہ علیحدہ مقام پر ٹھہرنے کی نیت اس طرح کی کہ رات تو ایک ہی مقام پر اور دن دوسرے مقام پر گزاریں گے تو اس طرح اقامت کی نیت صحیح ہو جائے گی لہذا جس مقام پر دن میں رہنا ہے اگر پہلے وہاں پہونچا تو ابھی مقیم نہ ہوگا بلکہ جہاں رات گزارنی ہے وہاں پہونچنے پر مقیم ہوگا۔(۱)

(۱) ولو نوى الإقامة خمسة عشر يوماً في موضعين فإن كان كل منهما أصلاً بنفسه نحو مكة ومنى والكوفة والحيرة لايصير مقيماً وإن كان أحدهما تابعا للآخر حتى تجب الجمعة على سكانه يصير مقيماً، ولو نوى الإقامة خمسة عشر يوماً بقريتين النهار في إحداهما والليل في الأخرى يصير مقيماً إذا دخل الّتي نوى البيتوتة فيها هٰكذا في محيط السرخسي. (الهندية: (۱/۱۴۰) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

ولو أن خراسانيا أوطن الكوفة والحيرة عشرين يوماً صلّى ركعتين؛ لأنّه نوى الإقامة في الموضعين، وإنّما تعتبر نية الإقامة في موضع واحدٍ إلّا أن يكون نوى أن يكون بالليل بالحيرة والنهار بالكوفة فحينئذٍ يصير مقيماً إذا انتهى إلى الحيرة؛ لأنّ موضع إقامة المرء حيث يبيت فيه. (كتاب المبسوط للسرخسي: (۲/۱۰۸) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: دار الكتب العلمية)

(قوله لا بمكة و منى) أى لو نوى الإقامة بمكة خمسة عشر يومًا فإنّه لا يتمّ الصلاة؛ لأنّ الإقامة لاتكون في مكانين الا إذا نوى أن يقيم بالليل في أحدهما فيصير مقيما بدخوله فيه لأنّ إقامة المرأ يضاف إلى مبيت. (البحر: (۲/۱۳۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد)

دوران سفر کیا کرے

سفر کے دوران بے ہودہ اور ناجائز باتوں سے پرہیز کرے، جہاں تک ہو سکے اللہ تعالیٰ کے ذکر میں یا ایسی دینی کتابوں کے مطالعہ میں مشغول رہے، جس سے عمل کی اصلاح اور آخرت کی فکر پیدا ہو۔(۱)

دوسری بیوی سفر میں شوہر کے پاس پہنچ گئی تو؟

اگر مسافر متعدد بیویوں میں سے ایک بیوی کو سفر میں ساتھ لے گیا، اور اس کے ساتھ کسی منزل تک جا پہنچا اس دوران دوسری بیوی بھی شوہر کے پاس پہنچ گئی تو اب شوہر پر دونوں بیویوں کے درمیان شب باشی وغیرہ میں مساوات اور برابری کرنا واجب ہوگا ہاں اگر ان میں سے ایک بیوی اپنا حق ساقط کر دے تو برابری کرنا واجب نہیں ہوگا۔(۲)

مزید ''سفر میں اگر دوسری بیوی بھی پہنچ جائے'' عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔(۱/۳۲۵)

(۱) عن علی بن الحسین قال: قال رسول اللہ ﷺ: من حسن الإسلام المرء ترکہ مالایعنیہ..... (مشکوۃ المصابیح: (ص:۴۱۳) کتاب الآداب، باب حفظ اللسان والغیبة والشتم، الفصل الثانی، ط: قدیمی)

وأیضاً فیہ: عن سهل ابن سعد قال: قال رسول اللہ ﷺ: من یضمن لی ما بین لحییه ، وما بین رجلیه ضمن له الجنة، رواہ البخاری. (مشکاة المصابیح: (ص: ۴۱۱) الفصل الثانی، ط: قدیمی)

وأیضاً فیہ: (عن أبی هریرة رضی اللہ عنه قال: قال رسول اللہ ﷺ: إن العبد لیتکلم بالکلمة من رضوان اللہ لایلقی لها بالاً یرفع اللہ بها درجات، وإن العبد لیتکلّم بالکلمة من سخط اللہ لایلقی لها بالا یهوی بها فی جهنم، رواہ البخاری. (مشکاة المصابیح: (ص: ۴۱۱) ط: قدیمی)

(۲) یجب أن یعدل أی لایجوز فیه أی فی القسم بالتسویة فی البیتوتة وفی الملبوس والمأکول والصحبة ...... (وفی الرد تحته : ...... ففی الخانیة وممّا یجب علی الأزواج للنساء : العدل والتسویة بینهنّ فیما یملکه ...... لا بما لایملکه وهو الحب والجماع) ...... وترکت قسمها بالکسر : أی نوبتها لضرتها صحّ . ولها الرجوع فی ذٰلک فی المستقبل . (الدر مع الرد : (۳/ ۲۰۱ ، ۲۰۲ ، ۲۰۶ ،) کتاب النکاح ، باب القسم ، ط : سعید)

بدائع الصنائع : (۲/ ۳۳۲) کتاب النکاح ، فصل : ومنها وجوب العدل بین النساء فی حقوقهنّ ، ط: سعید .

الهندیة : (۱/ ۳۴۰) کتاب النکاح ، الباب الحادی عشر فی القسم ، ط:رشیدیه .

دو شہروں میں مقیم ہے

اگر کسی آدمی کی ایک شہر میں مستقل رہائش ہے اور دوسرے شہر میں ملازمت کی وجہ سے مقیم ہے، تو سفر کے دوران قصر نماز کے لئے دونوں شہروں کا اعتبار ہوگا، جس شہر سے سفر شروع کرے گا وہاں کا بھی اور دوسرے شہر کا بھی اعتبار ہوگا۔

مثال کے طور پر اگر کوئی شخص کراچی سے حیدرآباد کی طرف سفر کر رہا ہے تو وہ جگہ کراچی سے سوا ستتر کلومیٹر یا زیادہ کی مسافت پر ہونی چاہئے تب یہ شخص مسافر ہوگا اور اگر مسافت اس سے کم ہے تو مسافر نہیں ہوگا۔(۱)

دو مقام پر رہتا ہے

ایسا شخص جس نے اصلی مکان کے علاوہ دو جگہ کرایہ پر لے رکھی ہیں اور دونوں کے درمیان مسافت سفر کی مقدار یا اس سے زیادہ فاصلہ ہے، وہ کبھی ایک مقام پر اور کبھی دوسری جگہ پر رہتا ہے تو وہ جب ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو تو سفر کے راستے اور منزل مقصود دونوں میں قصر کرے خواہ وہاں اہل وعیال کیوں نہ رہتے ہوں، البتہ جس مقام پر پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت کی تو اب مقیم ہو جائے گا۔(۲)

---

(۱) من خرج من عمارة موضع إقامته...... مسيرة ثلاثة أيّام ولياليها من أقصر أيّام السنة...... صلى الفرض الرباعي ركعتين. (الدر مع الرد: (۱۲۱/۲، ۱۲۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

ولابدّ للمسافر من قصد مسافة مقدرة بثلاثة أيّام حتى يترخّص برخصة المسافرين .... (الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

وتعتبر المدة من أيّ طريق أخذ فيه. (البحر الرائق: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد)

والثاني: أن يكون بين وطنه الأصلي وبين هذا الموضع الذي توطن فيه بنية الإقامة مسيرة ثلاثة أيام فصاعداً. (بدائع الصنائع: (۱۰۴/۱) كتاب الصلاة، فصل في بيان ما يصير المسافر به مقيماً، ط: سعيد)

(۲) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱، على نفس الصفحة. (من خرج من عمارة موضع إقامته......)

دو مکان

اگر کسی آدمی کی زمین اور مکان کراچی میں ہے، اور وہ حیدرآباد میں زمین ملنے کی وجہ سے بیوی بچوں کے ساتھ وہاں چلا گیا، اور سکونت اختیار کر لی، چونکہ کراچی میں اس کے مکانات اور زمین ہیں، چھ ماہ بعد یا کم وبیش اس کے انتظام کے لئے کراچی آنا پڑتا ہے تو یہ شخص دونوں جگہوں پر پوری نماز پڑھے قصر نہ کرے البتہ کراچی اور حیدرآباد کے شہر کے درمیان راستہ میں قصر کرے۔(۱)

دو نمازوں کا ایک ساتھ پڑھنا

سفر کے دوران دو وقت کی نمازوں کو ایک ساتھ پڑھنا جائز نہیں ہے، بلکہ ہر وقت کی نماز کو اس کے مقررہ وقت کے اندر اندر پڑھنا لازم ہے، البتہ سفر کی ضرورت کی وجہ سے ایسا کیا جا سکتا ہے کہ پہلی نماز کو اس کے آخری وقت میں پڑھا جائے اور پچھلی نماز کو اس کے اول وقت میں پڑھ لیا جائے، تو یہ درست ہے، اس طرح دونوں نمازیں اپنے اپنے وقت پر ادا ہو جائیں گی، اور بظاہر دیکھنے میں صورتاً جمع ہوں گی لیکن حقیقت میں اپنے اپنے وقت پر ادا ہوں گی۔

اور اگر پہلی نماز کو اس قدر موخر کر دیا کہ اس کا وقت نکل گیا تو نماز قضا ہو گئی، اور اگر پچھلی نماز کو اس طرح مقدم کر دیا کہ ابھی تک اس کا وقت ہی داخل نہیں ہوا تھا تو وہ نماز ہی ادا نہیں ہو گی اور اس نماز کو وقت داخل ہونے کے بعد دوبارہ پڑھنا لازم ہو گا۔(۲)

(۱) وإذا لم ينقل أهله بل استحدث أهلاً أيضاً ببلدة أخرىٰ ، فلايبطل وطنه الأوّل ، وكل منهما وطن أصلي له . (مراقي الفلاح : (ص: ۴۲۹) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمي)

الخانية على هامش الهندية : (۱/۱۶۶) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

الهندية : ۱/۱۴۲) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

وأيضاً انظر الحاشية السابقة رقم : ۱ على الصفحة السابقه رقم ۲۰۲ .

(۲) ولايجمع بين فرضين في وقت إذ لا تصحّ الّتي قدمت عن وقتها ولايحلّ تأخير الوقتيه إلى دخول وقت آخر بعذر ، كسفر و مطر ، وحمل المروى في الجمع من تأخير الأولىٰ إلى قبيل آخر وقتها وعند فراغه دخل وقت الثانية فصلاها فيه. (مراقي الفلاح مع الطحطاوي: (ص: ۱۷۹) كتاب الصلاة، ط: قديمي)=

ظہر کی نماز کو اس کے آخری وقت میں اور عصر کی نماز کو اس کے اول وقت میں جمع کر کے پڑھنا درست ہے، یہ دیکھنے میں صورتاً جمع ہے حقیقۃً جمع نہیں ہے۔

ظہر کو عصر کے وقت میں اور عصر کو ظہر کے وقت میں پڑھنا درست نہیں ہے۔

حنفیہ کے نزدیک حج میں ۹، ذی الحجہ کو عرفات میں مسجد نمرہ کے امام کے پیچھے ظہر اور عصر کی نمازوں کو ظہر کے وقت میں ایک ساتھ ادا کیا جاتا ہے، اس کے علاوہ کسی اور جگہ پر کسی بھی وقت میں سفر ہو یا نہ ہو ظہر اور عصر کی نمازوں کو ظہر کے وقت میں ایک ساتھ پڑھنا جائز نہیں ہے۔

حنفیہ کے نزدیک عرفات سے واپسی کے وقت مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازوں کو عشاء کے وقت میں ایک ساتھ ادا کیا جاتا ہے، اس کے علاوہ کسی اور جگہ پر مغرب اور عشاء کی نمازوں کو عشاء کے وقت میں ایک ساتھ پڑھنا درست نہیں۔(۱)

= ولا جمع بين فرضين في وقت بعذر سفر ومطر خلافاً للشافعي ، وما رواه محمول على الجمع فعلاً لا وقتاً ، فإن جمع فسد لو قدم الفرض على وقته وحرم لو عكس أى أخره عنه وإن صحّ بطريق القضاء . (الدر مع الرد : (۱/۳۸۲) كتاب الصلاة ، قبيل باب الأذان ، ط: سعيد)

عن ابن عباس قال: جمع رسول الله ﷺ بين الظهر والعصر و بين المغرب والعشاء بالمدينة من غير خوف ولامطر...... وبالجملة قال أبوحنيفة و أصحابه: لايجوز الجمع الحقيقي وقتاً فيما عدا عرفة والمزدلفة، وجميع الروايات المثبتة للجمع فيراد به الجمع الفعلي دون الحقيقي الوقتي بأن يصلّى صلاة في آخر وقتها والأخرى في أول وقتها...... قال شيخنا: هذا تكلف والصحيح الّذى يعتمد أن يقال: كان هو الجمع فعلاً لا وقتاً، واعترف به الحافظ ابن حجر في الفتح. (معارف سنن: (۲/۱۶۲) أبواب الصلاة، باب ماجاء في الجمع بين الصلاتين، ط: المكتبة البنورية)

(۱) ولايجمع بين فرضين في وقت ...... إلاّ في عرفة ...... بشرط أن يصلّى الحاج مع الإمام الأعظم ...... وبشرط الإحرام ، ...... فيجمع الحاج بين الظهر والعصر جمع تقديم ...... ويجمع الحاج بين المغرب والعشاء جمع تأخير فيصلهما بمزدلفة .... (مراقى الفلاح مع الطحطاوى: (ص: ۱۷۹، ۱۸۰) كتاب الصلاة ، ط: قديمى)

الهندية : (۱/۵۲) كتاب الصلاة ، الباب الأوّل في المواقيت ، الفصل الثانى فى بيان فضيلة الأوقات ، ط: رشيديه .

البحر الرائق : (۱/۲۵۴) كتاب الصلاة ، ط: سعيد .

انظر الحاشية السابقة رقم: ۲، على الصفحة السابقة، رقم: ۲۱۲. (ولايجمع بين فرضين فى وقت)

دھماکہ میں گم ہوگیا

''مسافر انقلاب میں گم ہوگیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۱۵۲)

دیوارِ مسجد پر تیمّم کرنا

''مسجد کی دیوار پر تیمّم کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۲۱۲)

ڈ

ڈاکو نے مسافر کو قتل کر دیا

''مسافر کو قتل کر دیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۷۱/۲)

ڈبل موزہ پر مسح کرنا

اگر کسی شخص نے چمڑے کے دو موزے ایک ساتھ ایک کے اوپر دوسرا پہن لیا، تو اوپر والے موزے کا اعتبار ہے، لہٰذا اگر اوپر والے موزہ پر مسح کیا ہے، اور اس کے بعد اس کو اتار دیا تو مسح ختم ہو جائے گا، نیچے والے موزے پر دوبارہ مسح کرنا لازم ہوگا۔ (۱)

اندر کپڑے کا موزہ اور اوپر چمڑے کا موزہ ہو تو اوپر چمڑے کے موزہ پر مسح کرنا درست ہے۔ (۲)

---

(۱) وإذا لبس الجرموقين وإن لبسهما فوق الخفين فإن كانا من كرباس أو مايشبهه لايجوز المسح عليهما إلّا أن يكونا رقيقين يصل البلل إلى ما تحتهما ، وإن كانا من أديم أو مايشبهه أجمعوا أنّه إذا لبسهما بعد ما أحدث قبل أن يمسح على الخفين أو بعدما أحدث و مسح عليهما لايجوز المسح عليهما وإن لبسهما قبل أن يحدث جاز المسح عليهما عندنا ، هكذا في المحيط، ولو لبس الخفين ولبس أحد الجرموقين جاز له أن يمسح على الخف الّذى لا جرموق عليه وعلى الجرموق ، كذا في فتاوى قاضي خان ، والخف على الخف كالجرموق ، كذا في الخلاصة...... (الهندية : (۳۲/۱) كتاب الطهارة ، الباب الخامس في المسح على الخفين ، الفصل الأوّل في الأمور الّتي لابدّ منها في جواز المسح ، ط: رشيديه)

وأيضاً فيه : وإن نزع الجرموق بعد ما مسحهما يعيد المسح على الخفين ، هكذا في المحيط . (الهنديه : (۳۴/۱) كتاب الطهارة ، الباب الخامس في المسح على الخفين ، الفصل الثاني في نواقض المسح ، ط: رشيديه)

الخانية على هامش الهندية (۵۲/۱) كتاب الطهارة، فصل في المسح على الخفين، ط: رشيديه.

التاتارخانية: (۲۷۰/۱) كتاب الطهارة، الفصل السادس في المسح على الخفين، ط: ادارة القرآن.

(۲) (وهو جائز) ...... (على ظاهر خفيه) من رؤس أصابعه إلى معقد الشراك ...... (أو جرموقيه) ولو فوق خف أو لفافة ، ولا اعتبار بما في فتاوى الشاذى ؛ لأنّه رجل مجهول لايقلد فيما خالف النقول.(قوله : ولااعتبار بما في فتاوى الشاذى) ......ثمّ الّذى في هذه الفتاوى هو مانقله عنها =

اگر اوپر والا موزہ تین انگلی کی مقدار پھٹ جائے تو مسح کرنا جائز نہیں ہوگا۔(۱)

ڈرائیور

اگر ڈرائیور لوگ اپنے علاقہ سے سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ دور جاتے ہیں، اور جس جگہ پر جا رہے ہیں وہ اپنے شہر کی آبادی سے باہر ہے تو اکیلے نماز پڑھنے کی صورت میں یا امام بن کر نماز پڑھانے کی صورت میں قصر کریں گے۔(۲)

اور اگر مقیم امام کی اقتداء میں نماز ادا کر رہے ہیں تو پوری نماز پڑھیں گے۔(۳)

= فی شرح المجمع من التفصیل . وهو أن مایلبس من الكرباس المجرد تحت الخف یمنع المسح علی الخف لكونه فاصلاً و قطعة كرباس تلف علی الرجل لاتمنع ؛ لأنّه غیر مقصود باللبس . (الدر مع الرد : (۱/۲۶۷ ، ۲۶۸ ، ۲۶۹) كتاب الطهارة ، باب المسح علی الخفین، ط:سعید)

🗁 و كذا الخف فوق اللفافة یدلّ علیه ما فی غایة البیان من أن ماجاز المسح علیه إذا لم یكن بینه و بین الرجل حائل ، جاز المسح علیه إذا كان بینهما حائل ، كخف إذا كان تحته خف أو لفافة ، فهٰذا صریح فی أن اللفافة علی الرجل لاتمنع المسح علی الخف فوقها . (البحر الرائق : (۱/۱۸۱) ، كتاب الطهارة ، باب المسح علی الخفین ، ط: سعید)

(۱) وإن كان انفتاحه ثلاثة أصابع یظهر منه أطراف ثلاثة أصابع من أصغر أصابع الرجل لایجوز ؛ لأنَ الثلاث أكثر القدم . (الخانیة : علی هامش الهندیة : (۱/۴۸) كتاب الطهارة ، فصل فی المسح علی الخفین ، ط: رشیدیه)

🗁 التاتارخانیة: (۱/۲۶۵) كتاب الطهارة، الفصل السادس فی المسح علی الخفین، ط:ادارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد : (۱/۲۷۳) كتاب الطهارة ، باب المسح علی الخفین ، ط: سعید .

(۲) إذا جاوز المقیم عمران مصره قاصداً مسیرة ثلاثة أیام ولیالیهابسیر الإبل أو مشی الأقدام یلزمه قصر الصلاة . (الخانیة : علی هامش الهندیة : (۱/۱۶۴) ، كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر، ط: رشیدیه)

🗁 التاتارخانیة: (۲/۴) كتاب الصلاة، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة السفر، ط: ادارة القرآن.

🗁 البحر الرائق : (۲/۱۲۸) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعید .

(۳) وإن اقتدی مسافر بمقیم یصلی رباعیة ولو فی التشهد الأخیر فی الوقت صحّ اقتداء ه وأتمّها أربعاً تبعاً لإمامه. (مراقی الفلاح: (ص: ۴۲۷) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: قدیمی)

🗁 البحر الرائق : (۲/۱۴۴) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعید .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۱۳۰) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید .

اگر ڈرائیور لوگ سفر کے دوران کسی جگہ پر پندرہ دن سے کم ایام کے لئے ٹھہرے ہوئے ہیں تو اس صورت میں بھی قصر کریں۔(۱)

سفر کی قضا شدہ نماز گھر پر ادا کرنے کی صورت میں قصر پڑھیں گے۔(۲)

بحری جہاز کے ڈرائیور (کپتان) وغیرہ جب سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ مسافت کے ارادہ سے سفر کے لئے روانہ ہوں گے اور لنگر گاہ کی حدود سے باہر نکلیں گے تو قصر کریں گے اور جب تک اپنے شہر کی لنگر گاہ کی حدود میں داخل نہیں ہوں گے قصر کرتے رہیں گے۔(۳)

ڈرائیور کو مالک کی نیت کا علم نہ ہو

واضح رہے کہ جو ملازمین مالک کے ساتھ سفر میں ہوتے ہیں، وہ لوگ مقیم بننے کے لئے مالک کی نیت کے تابع ہوتے ہیں۔

اگر ڈرائیور مالک کے ساتھ سفر کر رہا ہے، اور سفر کے دوران نماز پڑھتے ہوئے مالک نے اسی جگہ پر پندرہ دن یا اس سے زیادہ ایام ٹھہرنے کی نیت کی تو مالک مقیم ہونے

(۱) وعندنا ما لم ينو الإقامة خمسة عشر يوماً لايتمّ الصلاة . (التاتارخانية : (۲/ ۵) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، ط: إدارة القرآن)

ولايزال على حكم السفر حتى ينو الإقامة في بلدة أو قرية خمسة عشر يوماً أو أكثر، كذا في الهداية: (الهندية: (۱/ ۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

الحلبي الكبير : (ص: ۵۳۹) فصل في صلاة المسافر ، ط: سهيل اكيڈمی لاهور .

(۲) ولو فات عن المسافر صلوات ثمّ أقام قضاها ركعتين . (التاتارخانية : (۱/ ۷۶۹) كتاب الصلاة ، الفصل العشرون في قضاء الفائتة ، ط: إدارة القرآن)

الهندية : (۱/ ۱۲۱) كتاب الصلاة ، الباب الحادي عشر في قضاء الفائت ، ط: رشيديه .

البحر الرائق : (۲/ ۱۳۷) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

(۳) وفي البحر : ثلاثة أيام ولياليها في البحر بعد أن تكون الرياح مستوية غير غالبة ولا ساكتة ، وبعضهم قدر أدنى مدة السفر بثلاث مراحل ، وبعضهم قدرها بالفراسخ ...... ويعتبر مجاوزة عمران المصر من الجانب الذي خرج ...... (الخانية على هامش الهندية : (۱/ ۱۶۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

البحر الرائق : (۲/ ۱۳۰) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

الهندية: (۱/ ۱۳۸، ۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

کی وجہ سے پوری نماز پڑھے گا لیکن ملازم ڈرائیور کو جب تک مالک کی نیت کا علم نہیں ہوگا وہ قصر کرے گا البتہ علم ہونے کے بعد پوری نماز پڑھے گا۔(۱)

ڈھیلا

تیمّم کے لئے ''ڈھیلا'' اتنا بڑا ہو چاہئے کہ اس پر دونوں ہاتھوں کو مار سکیں، یا کم از کم اتنا بڑا ہو کہ ایک ہاتھ پورا یعنی ہتھیلی تمام انگلیوں کے ساتھ اس پر آ جائے، اور یکے بعد دیگرے دونوں ہاتھوں کو اس پر مار سکیں، کیونکہ بعض علماء کے نزدیک ہاتھ مارنا تیمّم کا رکن ہے۔(۲)

جس ڈھیلے سے تیمّم کیا ہو اس کو استنجاء میں استعمال کرنا جائز تو ہے مگر اچھا نہیں فقہاء کرام نے ناپاک جگہ پر وضو کرنے کو خلاف ادب کہا ہے، اور یہی وجہ لکھی ہے کہ وضو کا

---

(۱) وكل من كان تبعا لغيره يلزمه طاعته يصير مقيما باقامته و مسافرا بنيته و خروجه إلى السفر كذا في محيط السرخسي. (الهندية: (۱/۱۴۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

وإن لم يعلم التبع باقامة الأصل قيل يصير مقيماً وقيل لايصير مقيماً وهو الأصح؛ لأنّ في لزوم الحكم قبل العلم به حرجا وضررا وهو مدفوع شرعاً. (الهندية: (۱/۱۴۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

والمعتبر في النية هو نية الأصل دون التابع. (بدائع الصنائع: (۱/۲۶۴)، كتاب الصلاة، فصل في الكلام في صلاة المسافر، ط: دار إحياء التراث العربي)

ثمّ في هذه الفصول إنّما يصير التبع مقيماً بإقامه الأصل فأمّا إذا لم يعلم فلا حتى لو صلى التبع صلاة المسافرين قبل العلم بنيّة الأصل فإن صلاته جائزة ولايجب عليه إعادتها. (بدائع الصنائع: (۱/۲۶۷) كتاب الصلاة، فصل في الكلام في صلاة المسافر، ط: دار إحياء التراث العربي)

(۲) هو ...... قصد صعيد ...... مطهر ...... واستعماله حقيقة أو حكماً ليعم التيمم بالحجر الأملس بصفة مخصوصة، هذا يفيد أن الضربتين ركن، وهو الأصحّ، الأحوط ...... وركنه شيئان الضربتان والاستيعاب، وشرطه ستة: النية والمسح، وكونه بثلاث أصابع فأكثر ...... (الدر مع الرد: (۱/۲۲۹، ۲۳۰) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد)

مراقي الفلاح: (ص: ۱۱۸، ۱۱۹)، كتاب الطهارة، باب التيمّم، ط: قديمي.

امداد الأحكام: (۱/۳۸۶، ۳۸۷) كتاب الطهارة، فصل في التيمّم، ط: دار العلوم كراچي.

پانی احترام کے قابل ہے۔(۱)

تو ایسے ہی تیمّم کا ڈھیلہ بھی قابلِ احترام ہے۔

مٹی کے ''ڈھیلے'' پر بار بار تیمّم کرنا درست ہے، اور اس پر نجاست حکمی کا اثر نہیں ہوتا۔(۲)

(۱) والتوضؤ فی مکان طاهر ؛ لأنّ لماء الوضوء حرمة . (شامی : (۱/ ۱۲۵) ، کتاب الصلاة، مطلب فی تتميم مندوبات الوضوء ، ط: سعید)

(۲) وإذا تيمّم مراراً من موضع واحد جاز ، کذا فی التاتارخانية . (الهندية : (۱/ ۳۱) ، کتاب الطهارة ، الباب الرابع فی التيمّم ، الفصل الثالث فی المتفرقات ، ط: رشيديه)

لو تيمّم اثنان من مكان واحد جاز ؛ لأنّه لم يصر مستعملاً ؛ لأنّ التيمّم إنّما يتأدى بما التزق بيده لا بما فضل ، كالماء الفاضل فی الإناء بعد وضوء الأوّل . (البحر الرائق : (۱/ ۱۴۷) ، کتاب الطهارة ، باب التيمّم ، ط: سعید)

بدائع الصنائع: (۱/ ۵۳) کتب الطهارة (التيمّم) فصل فی شرائط رکن التيمّم ، ط: سعید .

ذ

ذکر کی فضیلت

سفر میں راحت وآرام، مشقت و پریشانی کے ہجوم میں مسافر کے قلب ودماغ پر کبھی کبھی اضطراری کیفیت طاری ہوتی ہے، اس کا بہترین علاج اللہ کا ذکر کثرت سے کرنا ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ جب سفر کے دوران مسافر کی زبان اللہ کے ذکر اور یاد میں مشغول ہوتی ہے تو ایک فرشتہ اس کے ساتھ ہو جاتا ہے اور وہ ہر وقت اس کو قلبی اور ذہنی راحت وسکون فراہم کرتا ہے، اور ذکر کی مٹھاس، حلاوت اور چاشنی زبان اور قلب کو تروتازہ رکھتی ہے، اور اگر فضول بات، شعر وشاعری اور نغمہ سرائی میں مشغول رہے تو ایک شیطان اس کا رفیق سفر بن کر رنج والم، غم و پریشانی کے اسباب پیدا کرتا ہے۔

”مَامِنْ رَاكِبٍ يَخْلُوْ فِيْ مَسِيْرِهٖ بِاللّٰهِ وَذِكْرِهٖ اِلَّا رَدَفَهٗ مَلَكٌ وَّلَا يَخْلُوْ بِشَعْرٍ وَنَحْوِهٖ اِلَّا رَدَفَهٗ شَيْطَانٌ.“

ترجمہ: جو مسافر سفر کے درمیان اللہ کے ذکر سے غافل نہیں رہتا تو ایک فرشتہ اس کا ہم سفر ہو جاتا ہے، اور اگر کوئی مسافر شعر گوئی میں مشغول ہوتا ہے، تو کوئی شیطان اس کا رفیق سفر بن جاتا ہے۔(۱)

---

(۱) عن عبداللّٰه بن شرحبيل قال سمعت عقبة بن عامر يقول : قال النبيّ ﷺ : ما من راكب يخلو في مسيره باللّٰه وذكره إلّا ردفه ملك ، ولايخلو بشعر و نحوه إلّا ردفه شيطان . (المعجم الكبير للطبراني : (۱۷/ ۳۲۴) عقبة بن عامر الجهني ، [رقم الحديث : ۱۴۵۸۲] ، ط : مكتبة العلوم والحكم ، موصل .

مجمع الزوائد : (۱۰/ ۱۸۵) ، كتاب الأذكار ، باب مايقول إذا ركب دابة ، [رقم الحديث : ۱۷۰۹۶] ، ط: دارالفكر .

كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال : (۶/ ۷۱۳) حرف السين ، كتاب السفر ، الفصل الثاني في آداب السفر ، آداب متفرقة ، [رقم الحديث : ۱۷۵۳۱] ، ط: إدارة تأليفات أشرفية.

ر

رات کے وقت سفر سے واپس نہ آئے

لمبا عرصہ سفر کرنے کے بعد واپسی کے لئے رات کا وقت اختیار کرنا مناسب نہیں ہے، بہتر یہ ہے کہ سفر سے واپسی کی ابتداء ایسے وقت کی جائے کہ اپنے گھر والوں کے پاس رات ہونے سے پہلے پہنچ جائے تا کہ رات کے وقت گھر پہنچنے کی وجہ سے گھر والے بے آرام نہ ہوں اور ان کی نیندوں میں خلل نہ پڑے، اور اگر اپنے شہر اور اپنی آبادی میں پہنچتے پہنچتے رات ہو جائے تو ایسی صورت میں بہتر یہ ہے کہ گھر میں داخل ہونے کے لئے اس وقت تک انتظار کرے کہ اس کی بیوی کو اس کا آنا معلوم ہو جائے اور وہ بناؤ سنگھار (میک اپ)(۱) کے ذریعہ اپنے آپ کو آراستہ کر لے، اور بستر وغیرہ کا انتظام کر لے تا کہ جب شوہر اس کے پاس جائے تو سفر کی تکان اور جدائی کا غم، جسمانی خوشی اور فرحت میں بدل جائے۔ (۲)

---

(۱) عن جابر رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ ﷺ: إذا أطال أحدکم الغیبة فلایطرق أھله لیلا، متفق علیه. وعنه أنّ النبیّ ﷺ قال: إذا دخلت لیلا فلاتدخل أھلک حتی تستحدّ المغیبة وتمتشط الشعثة. متفق علیه. (مشکوٰۃ: (ص: ۳۳۹) باب آداب السفر، الفصل الأوّل، ط: قدیمی)

صحیح البخاری: (۲/ ۷۶۰) کتاب النکاح، باب تزویج الثیبات، ط: قدیمی.

الصحیح لمسلم: (۲/ ۱۴۴) کتاب الامارۃ، باب کراھیة الطروق، وھو الدخول لیلاً لمن ورد من سفر، ط: قدیمی

(۲) عن جابر أنّ النبیّ ﷺ نھی أن یطرق الرجل أھله لیلاً حتی تمتشط الشعثة وتستحدّ المغیبة. (السنن الکبریٰ: (۵/ ۴۲۶)، کتاب الحج، باب لایطرق أھله لیلاً ولکن یقدم غدوۃ أو عشیة، ط: دار الکتب العلمیة، بیروت)

وکان ینھی أن یطرق الرجل أھله لیلاً إذا طالت غیبته عنھم. (زاد المعاد: (۲/ ۴۱۲) فصل فی ھدیه ﷺ فی أذکار السفر وآدابه، ط: دار الکتب العلمیة، بیروت)

عن جابر أنّ النبیّ ﷺ قال: إذا دخلت لیلاً فلاتدخل أھلک حتی تستحدّ المغیبة أو تمتشط الشعثة. متفق علیه. (مشکوٰۃ: (ص: ۳۳۹) کتاب الجھاد، باب آداب السفر، الفصل الأوّل، ط: قدیمی)

موجودہ دور میں ٹیلیفون، موبائل، فیکس، انٹرنیٹ کے ذریعہ پہلے سے اطلاع دینا ممکن ہے لہٰذا اگر پہلے سے اطلاع دی گئی ہے تو رات کو بھی واپس آنے میں کوئی حرج نہیں ہوگا۔

اور اگر لمبے سفر سے نہیں بلکہ چھوٹے سفر سے واپس آرہا ہے، یا اس کے گھر والوں کو رات کے وقت اس کے پہنچنے کی اطلاع پہلے سے ہو تو اس کے لیے رات کے وقت گھر پہنچنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔(۱)

رات کے وقت سفر کرنا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم رات کے وقت چلنا اپنے لئے ضروری سمجھو، کیونکہ رات کے وقت زمین لپیٹ دی جاتی ہے۔(۲)

---

(۱) هذه كلها تكره لمن طال سفره فأمّا من سفره قريب يتوقع إتيانه ليلاً فلابأس لقوله : " إذا أطال الرجل المغيبة " ، وكذا إذا كان في قفل عظيم أو عسكر و نحوهم واشتهر قدومهم وعلمت امرأته وأهله أنّه قادم فلابأس بقدومه ليلاً لزوال المعنى الّذى هو سببه فإن المراد التهيؤ وقد حصل ذٰلک.

(شرح الطيبى : (۳۳۷/۷) كتاب الجهاد ، باب آداب السفر ، ط:ادارة القرآن والعلوم الإسلامية)

☜ أنّه يكره لمن طال سفره أن يقدم على امرأته ليلاً بغتةً ، فأمّا من كان سفره قريبا تتوقع امرأته إتيانه ليلاً فلابأس كما قال فى إحدىٰ هٰذه الروايات : " إذا أطال الرجل الغيبة " ، وإذا كان فى قفل عظيم أو عسكر و نحوهم واشتهر قدومهم و وصلوهم وعلمت امرأته وأهله أنه قادم معهم وأنهم الآن داخلون فلابأس بقدومه متى شاء لزوال المعنى الّذى نهى بسببه ، فإنّ المراد أن يتأهبوا وقد حصل ذٰلک ولم يقدم بغتةً . (تحفة الأحوذى : (۳۳۹/۷) كتاب الاستيذان والآداب ، باب ما جاء فى كراهية طروق الرجل أهله ليلاً ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت)

(۲) عن أنس قال:قال رسول الله ﷺ : عليكم بالدلجة فإن الأرض تطوى بالليل. (بذل المجهود: (۴۳۲/۳) كتاب الجهاد، باب فى الدلجة، ط: معهد الخليل الإسلامى)، وكذا فى الفتح الربانى: (۵۶/۵) أبواب صلاة السفر وآدابه، باب فضل السفر، والحث عليه، ط: دار إحياء التراث العربى)

☜ عن الربيع بن انس قال : قال رسول الله ﷺ : عليكم بالدلجة ، فإن الأرض تطوى بالليل . (السنن الكبرىٰ : ۴۱۰/۵) كتاب الحج ، باب كيفية السير والتعريس ، وما يستحب من الدلجة ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت)

☜ عن أنس قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : عليكم بالدلجة فإنّ الأرض تطوى له بالليل . رواه أبوداؤد.(مشكاة: (ص: ۳۳۹) ، كتاب الجهاد ، باب آداب السفر ، الفصل الثانى : ط: قديمى)

یعنی رات میں سفر کرنا منع نہیں ہے، مسافر اپنی سہولت کے مطابق دن اور رات میں جب بھی چاہے سفر کر سکتا ہے۔

اور رات کے وقت زمین لپیٹ دیئے جانے کا مطلب یہ ہے رات کے وقت چلنے کے علاوہ کوئی مشغلہ نہیں ہوتا، دوسری وجہ یہ ہے کہ فاصلے کی علامات اور نشانات پر نظر نہیں پڑتی اور راستہ میں ان چیزوں پر نظر پڑنے سے سفر بھاری ہو جاتا ہے۔(۱)

راستہ طویل والا اختیار کرنا

''طویل راستہ اختیار کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۹۳/۱)

راستہ کا اعتبار ہے

''قصر کے لئے کس راستہ کا اعتبار ہے'' کے عنوان کو دیکھیں۔ (۶۵/۲)

راستہ میں سفر کرتے ہوئے وطن سے گزرا

''سفر کے راستے میں وطن آجائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۱۸/۱)

---

(۱) و قال المظهری : یعنی لاتقنعوا بالسیر نهاراً بل سیروا باللیل أیضاً فإنّه یسهل بحیث یظن الماشی أنّه سار قلیلاً و قد سار کثیراً . کذا فی المرقاة . (عون المعبود : (۱۹۷/۷) کتاب الجهاد ، باب فی الدلجة ، دار الکتب العلمیة ، بیروت)

وقال المظهر : والدلجة أیضاً اسم من ادلجوا بفتح الدال أو تشدیدها، إذا ساروا آخر اللیل أی لاتقنعوا بالسیر نهاراً بل سیروا باللیل فإنّه یسهل بحیث یظن الماضی أنه سار قلیلاً وقد سار کثیراً. (بذل المجهود : (۴۳۲/۳) کتاب الجهاد ، باب فی الدلجة ، ط: معهد الخلیل الإسلامی)

قوله : تطوی أی یسهل السیر فیه بحیث یظن الماشی أنّه سار قلیلاً وقد سار کثیراً ولعل ذلک لعدم وجود الشاغل والصوارف من السیر فی اللیل وعدم مشاهدة الامارات والعلامات الّتی یتعدد ویثقل السیر فی نظر السالک . واللّٰه أعلم . والمراد لاتقنعوا بالسیر نهاراً بل سیروا باللیل أیضاً . ولیس المراد : لاتسیروا بالنهاراً قطعاً . (لمعات علی هامش المشکاة : (ص: ۳۳۹) ، کتاب الجهاد ، باب آداب السفر ، ط: قدیمی)

مرقاة المفاتیح : (۴۵۵/۷) کتاب الجهاد ، باب آداب السفر ، الفصل الثانی ، [رقم الحدیث : ۳۹۰۹] ط: حقانیه.

راستہ میں شرعی سفر کا ارادہ کیا

اگر کوئی شخص کسی ضرورت سے قریبی جگہ جانے کے ارادہ سے نکلا، اور وہاں پہنچ کر یا اس سے پہلے راستہ میں شرعی مسافت کی مقدار یا اس سے زیادہ دور جانے کا ارادہ کیا، تو اگر نیت کی جگہ سے اس کی دوری سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ ہے تو اس ارادہ کے بعد جب سفر شروع کرے گا اس وقت سے مسافر ہو جائے گا اس سے پہلے مسافر نہیں ہوگا۔(۱)

راستہ میں قصر کرے

شرعی مسافر اپنی آبادی سے نکلنے کے بعد راستہ میں قصر کرے گا۔(۲)

البتہ کسی جگہ پر پہنچنے کے بعد وہاں پندرہ دن یا اس سے زیادہ ایام قیام کرنے کی

---

(۱) وأمّا الثانی وهو بیان اشتراط قصر السفر فلابدّ للمسافر من قصد مسافة مقدرة بثلاثة أيّام حتی یترخص برخصة المسافرین وإلّالایترخص أبداً . (تبیین الحقائق : (۱/ ۵۰۷) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: دار الکتب العلمیة ، بیروت)

والثانی نیة مدة السفر ؛ لأنّ السیر قد یکون سفراً وقد لایکون ؛ لأنّ الإنسان قد یخرج من مصره إلی موضع لاصلاح الضیعة ثمّ تبدو له حاجة أخرٰی إلی المجاوزة عنه إلی موضع آخر لیس بینهما مدة سفر ثمّ و ثمّ إلی أن یقطع مسافة بعیدة أکثر من مدة السفر لالقصد السفر فلابدّ من النیة للتمییز . (بدائع الصنائع : (۱/ ۹۴) کتاب الصلاة ، فصل فی بیان مایصیر به المقیم مسافراً ، ط : سعید)

ولابدّ للمسافر من قصد مسافة مقدرة بثلاثة أيّا حتی یترخص برخصة المسافرین وإلّالایترخص أبداً . (الهندية : (۱/ ۱۳۹) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشیدیه)

(۲) قال محمد رحمه اللّٰه تعالیٰ : یقصر حین یخرج من مصره ویخلف دور المصر کذا فی المحیط. (الهندية: (۱/ ۱۳۹) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط: رشیدیه

من جاوز بیوت مصره مریداً سیراً وسطاً ثلاثة أيّام ...... قصر الفرض الرباعی . (البحر الرائق: (۲/ ۲۲۵ ــ ۲۳۰) کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: رشیدیه)

من خرج من عمارة موضع إقامته قاصداً مسیرة ثلاثة أيام ...... صلی الفرض الرباعی رکعتین. (الدر مع الرد : (۲/ ۱۲۱) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط:سعید)

نیت کرے گا تو مقیم بن جائے گا اور نماز پوری پڑھے گا۔(۱)

اگر ایک آدمی کے دو مکان ہیں اور دونوں کے درمیان سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ مسافت ہے تو جس شہر سے نکلا ہے اس کی آبادی سے نکلنے کے بعد راستہ میں قصر کرے گا اور دوسرے مکان کے شہر یا گاؤں میں جا کر پوری نماز پڑھے گا۔(۲)

راستہ میں کہیں ٹھہر گیا

اگر شرعی مسافر راستہ میں کہیں ٹھہر گیا تو اگر پندرہ دن سے کم ٹھہرنے کی نیت ہے تو وہ برابر مسافر رہے گا۔(۳)

(۱، ۲) وأمّا في غير وطنه فلا يصير مقيماً إلّا بنية الإقامة وأقلّ الإقامة عندنا خمسة عشر يوماً.
(حلبی کبیر: (ص: ۵۳۹) كتاب الصلاة، فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمی)

صلى الفرض الرباعي ركعتين حتى يدخل موضع مقامه أو ينوي إقامة نصف شهر. (الدر مع الرد: (۱۲۳/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

ولايزال على حكم السفر حتى ينوي الإقامة في بلدة أو قرية خمسة عشر يوما أو أكثر. (الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

(۳) من خرج من عمارة موضع إقامته قاصدًا مسيرة ثلاثة أيام...... صلى الفرض الرباعي ركعتين حتى يدخل موضع مقامه. (الدر المختار على الرد: (۱۲۱/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد.

ويبطل الوطن الأصلي بالوطن الأصلي إذا انتقل عن الأوّل بأهله، وأمّا إذا لم ينتقل بأهله ولكن استحدث أهلاً ببلدة أخرىٰ فلايبطل وطنه الأوّل ويتمّ فيهما. (الهندية: (۱۴۲/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

الوطن الأصلي هو مولد ولادته أو تأهله أو توطنه يبطل بمثله إذا لم يبق له بالأوّل أهل فلو بقي لم يبطل بل يتم فيهما. قال تحته في الردّ: (قوله: بل يتمّ فيهما) أي بمجرّد الدخول وإن لم ينو إقامة. (شامي: (۱۳۲/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

وأمّا في غير وطنه فلايصير مقيما إلّا بنية الإقامة، وأقلّ الإقامة عندنا خمسة عشر يومًا. (حلبی کبیر: (۵۳۹) كتاب الصلاة، فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيدمی)

صلى الفرض الرباعي ركعتين حتى يدخل موضع مقامه أو ينوي إقامة نصف شهر. (الدر مع الرد: (۱۲۳/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

ولايزال على حكم السفر حتى ينوي الإقامة في بلدة أو قرية خمسة عشر يومًا أو أكثر. الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

چار رکعت والی فرض نماز امام بن کر پڑھائے یا اکیلا پڑھے تو دو رکعت پڑھے گا۔(۱)

اور اگر پندرہ دن یا اس سے زیادہ کی نیت کر لی ہے تو اب وہ مسافر نہیں رہے گا مقیم بن جائے گا، چار رکعت والی فرض نماز پوری پڑھے گا۔(۲)

پھر اگر نیت بدل گئی اور پندرہ دن سے پہلے یہاں سے جانے کا ارادہ ہو گیا تب بھی وہ مقیم رہے گا مسافر نہیں بنے گا، نمازیں پوری پڑھے گا۔(۳)

---

(۱) والقصر فی کل مسافر یصلی وحده أو کان إماماً أو مقتدیاً بالمسافر . (التاتارخانیة : (۲/۷) کتاب الصلاة ، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر ، ط : قدیمی)

والقصر من کل مسافر یصلی وحده أو کان إماماً أو مقتدیاً بمسافر . (المحیط البرهانی : (۲/۱۲۶) کتاب الصلاة ، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة السفر ، نوع آخر فی بیان من یثبت القصر فی حقه ، ط: رشیدیه)

الدر مع الرد : (۲/۱۲۳) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط : سعید .

وأمّا فی غیر وطنه فلایصیر مقیماً إلّا بنیة الإقامة وأقلّ الإقامة عندنا خمسة عشر یوماً . (الحلبی الکبیر : (ص: ۵۳۹) کتاب الصلاة ، فصل فی صلاة المسافر ، ط: سهیل اکیڈمی)

صلی الفرض الرباعی رکعتین حتی یدخل موضع مقامه أو ینوی إقامة نصف شهر . (الدر مع الرد: (۲/۱۲۳) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید)

ولایزال علی حکم السفر حتی ینوی الإقامة فی بلدة أو قریة خمسة عشر یوماً أو أکثر . (الهندیة : (۱/۱۳۹) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشیدیه)

(۲) صلی الفرض الرباعی رکعتین حتی یدخل موضع مقامه أو ینوی إقامة نصف شهر . (الدر مع الرد: (۲/۱۲۳) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید)

ولایزال علی حکم السفر حتی ینوی الإقامة فی بلدة أو قریة خمسة عشر یوماً أو أکثر . (الهندیة : (۱/۱۳۹) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشیدیه)

وأمّا فی غیر وطنه فلایصیر مقیماً إلّا بنیة الإقامة وأقلّ الإقامة عندنا خمسة عشر یوماً . (الحلبی الکبیر : (ص: ۵۳۹) کتاب الصلاة ، فصل فی صلاة المسافر ، ط: سهیل اکیڈمی)

(۳) (قوله : قاصداً) أشار به مع قوله : خرج إلی أنّه لو خرج ولم یقصد أو قصد ولم یخرج لایکون مسافراً . (شامی : (۲/۱۲۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید)

ولایصیر مسافراً بالنیة حتی یخرج ویصیر مقیماً بمجرد النیة ، (الهندیة : (۱/۱۳۹) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشیدیه)

أمّا شرط مجاوزة العمران ؛ لأنّ السفر فعل فلایوجد بمجرد النیة ، فیشترط قران النیة بأدنی فعل. (الخانیة علی هامش الهندیة : (۱/۱۶۴) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: رشیدیه)

پھر جب یہاں سے نکلے گا اور جہاں جا رہا ہے اس کی مسافت سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ ہوگی، تو پھر یہ آبادی سے نکلنے کے بعد مسافر ہو جائے گا اور قصر کرے گا اور اگر اس جگہ کی مسافت سوا ستتر کلومیٹر سے کم ہوگی تو مسافر نہیں ہوگا، اور پوری نماز پڑھے گا۔ (۱)

اگر کوئی شخص سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ مسافت جانے کا ارادہ کر کے گھر سے نکلا لیکن گھر ہی سے یہ بھی نیت تھی کہ درمیان میں فلاں علاقہ میں پندرہ دن ٹھہرے گا تو یہ شخص مسافر نہیں ہوگا پورے راستے پوری نماز پڑھے گا، پھر اگر اس علاقہ میں پہنچ کر پورے پندرہ دن ٹھہرنا نہیں ہوا تب بھی وہ مسافر نہیں بنے گا۔

(نوٹ) یہ حکم اس صورت میں ہے کہ اگر فلاں علاقہ کی مسافت گھر سے سوا ستتر کلومیٹر سے کم ہو۔ اور اگر مسافت سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ ہو تو راستہ میں قصر کرے گا۔ (۲)

---

(۱) وأمّا الثاني وهو بيان اشتراط قصر السفر فلابدّ للمسافر من قصد مسافة مقدرة بثلاثة أيّام حتى يترخص برخصة المسافرين وإلّا لايترخص أبداً . (تبيين الحقائق : (۱/۵۰۷) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت)

▭ والثاني نية مدة السفر؛ لأنّ السير قد يكون سفراً وقد لايكون؛ لأنّ الإنسان قد يخرج من مصره إلى موضع لاصلاح الضيعة ثمّ تبدو له حاجة أخرىٰ إلى المجاوزة عنه إلى موضع آخر ليس بينهما مدة سفر ثمّ و ثمّ إلى أن يقطع مسافة بعيدة أكثر من مدة السفر لالقصد السفر فلابدّ من النية للتمييز. (بدائع الصنائع: (۱/۹۴) كتاب الصلاة، فصل في بيان مايصير به المقيم مسافراً ، ط: سعيد)

▭ ولابدّ للمسافر من قصد مسافة مقدرة بثلاثة أيّام حتى يترخص برخصة المسافرين وإلّا لايترخص أبداً. (الهندية: (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

(۲) فإن نوى المسافر الإقامة في موطنين خمسة عشر يوماً نحو مكة و منى ، أو الكوفة والحيرة، لم يصر مقيماً . (التاتارخانية : (۲/۷) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان أنّ المسافر متى يقصر الصلاة ، ط: قديمي)

▭ ولو نوى الإقامة خمسة عشر يوماً في موضعين، فإن كان كل منهما أصلاً بنفسه نحو مكة و منى،...... لايصير مقيماً. (الهندية: (۱/۱۳۸) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

▭ (من خرج من عمارة موضع إقامته قاصداً مسيرة ثلاثة أيّام ولياليها بالسير الوسط مع الاستراحات المعتادة ، صلى الفرض الرباعي ركعتين ولو عاصياً بسفره حتى يدخل موضع مقامه أو ينوي إقامة نصف شهر بموضع صالح لها ، فيقصر إن نوى في أقلّ منه أو فيه لكن في غير صالح) أو كنحو جزيرة أو نوى فيه لكن (بموضعين مستقلين كمكة و منى) . (الدر مع الرد : (۲/۱۲۱ ــ ۱۲۶) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

راستہ میں کئی جگہ ٹھہرنے کا ارادہ ہے

اگر شرعی مسافر کا راستہ میں کئی جگہ ٹھہرنے کا ارادہ ہے مثلاً دس دن یہاں، پانچ دن وہاں، اور بارہ دن وہاں، لیکن پورے پندرہ دن کہیں بھی ٹھہرنے کا ارادہ نہیں تب بھی وہ مسافر رہے گا اور قصر کرے گا۔ (۱)

راستے دو ہیں ایک سے سفر کیا اور دوسرے سے واپس آیا

''قصر والے راستے سے سفر کیا اور غیر قصر والے سے واپس آیا'' کے عنوان کو دیکھیں۔ (۲/ ۷۰)

راہ گزر کو قتل کر دیا

''مسافر کو قتل کر دیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/ ۱۷۱)

رخصت کرتے وقت

☆......مہمان کو رخصت کرتے وقت مکان کے دروازے یا باہر کچھ دور تک اس کے ساتھ جانا سنت ہے۔ (۲)

میزبان کے لئے مہمان سے دعا کرنے کی درخواست کرنا بھی مسنون ہے، اور مہمان کے لئے بھی میزبان کے واسطے دعا کرنا مسنون ہے۔ (۳)

---

(۱) انظر الى الحاشية السابقة، رقم: ۲. على الصفحة: ۲۲۷. (ولو نوى الاقامة خمسة عشر يوماً)

(۲) عن أبي هريرة قال: قال رسول الله ﷺ: من السنة أن يخرج الرجل مع ضيفه إلى باب الدار. رواه ابن ماجه و رواه البيهقي في شعب الإيمان. (مشكاة: (ص: ۳۷۰) كتاب الأطعمة، باب الضيافة، الفصل الثالث، ط: قديمي)

🗀 عن أبي هريرة قال: قال رسول الله ﷺ: إن من السنة أن يخرج الرجل مع ضيفه إلى باب الدار. (سنن ابن ماجه: (ص: ۲۴۰) أبواب الأطعمة، باب الضيافة، ط: قديمي)

🗀 عن ابن عباس قال: من السنة إذا دعا الرجل أخاه أن يقوم معه حتى يخرج. (المعجم الأوسط: (۶/ ۶) باب من اسمه محمود، [رقم الحديث: ۷۷۹۳]، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

(۳) عن أنس قال: دخل النبيّ ﷺ على أم سليم فأتته بتمر و سمن فقال: أعيدوا سمنكم في سقائه و تمركم في وعائه فإني صائم ثمّ قام إلى ناحية من البيت فصلى غير المكتوبة فدعا لام سليم وأهل بيتها. =

☆......مہمان کو رخصت کرتے وقت "السلام علیکم ورحمة الله" کہنا چاہئے "السلام علیکم ورحمة الله" کے بجائے صرف "خدا حافظ" کہنا درست نہیں۔
ہاں السلام علیکم ورحمۃ اللہ کے ساتھ "خدا حافظ" کہنا درست ہے۔ اسی طرح کوئی بھی دعائیہ کلمات کہے تو جائز ہے۔(۱)

رخصت کرتے وقت کی دعا

کسی کو رخصت کرتے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول اور دستور یہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا ہاتھ اپنے دست مبارک میں لیتے اور فرماتے یعنی دعا دیتے تھے:

"اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ".(۲)

ترجمہ: تمہارا دین، تمہاری امانت، اور خاتمہ والے اعمال کو میں اللہ کے سپرد کرتا ہوں وہ ان کی حفاظت فرمائے۔

= (مشكاة المصابيح: (ص: ۱۸۱) كتاب الصوم، باب (بلاترجمة) قبيل باب ليلة القدر، ط: قديمى)
🗁 عن أنس قال: دخل النبيّ ﷺ على أم سليم فأتته بتمر و سمن فقال: أعيدوا سمنكم فى سقائه و تمركم فى وعائه فإنّى صائم ثمّ قام إلى ناحية من البيت فصلى غير المكتوبة فدعا لام سليم وأهل بيتها. (صحيح البخارى: (۱/۲٦٦) كتاب الصوم، باب من زار قوماً فلم يفطر عندهم، ط: قديمى)
(۱) عن عمران بن حصين قال: كنا فى الجاهلية نقول: أنعم اللّٰه بك عيناً و أنعم صباحاً، فلمّا كان الإسلام نهينا عن ذٰلك. رواه أبوداؤد. (مشكاة المصابيح: (ص: ۳۹۹) كتاب الآداب، باب السلام، الفصل الثانى، ط: قديمى)
(۲) (وإذا ظهر حدث امامه) وكذا كل مفسد فى رأى مقتد (بطلت فيلزم إعادتها) لتضمنها صلاة الموتم صحة و فسادا (كما يلزم الإمام أخبار القوم إذا أمهم وهو محدث أو جنب) أو فاقد شرط أو ركن الخ . وتحته فى الشامية : (قوله : وكذا كل مفسد الخ) أشار إلى أنّ الحدث ليس بقيد فلو قال المصنف كما فى النهر : " ولو ظهر أنّ بإمامه مايمنع صحة الصلاة ، لكان اولىٰ ...... حتى لو علم من إمامه مايعتقد أنّه مانع والإمام خلافه أعاد ، وفى عكسه لا، إذا كان الإمام لايعلم ذٰلک ، ولو اقتدٰى بآخر فإذا قطرة دم وكل منهما يزعم أنّها من صاحبه أعاد المقتدى لفساد صلاته على كل حال كما فى النهر عن البزازية الخ .، (الدر المختار مع الرد : (٥٩١/١) باب الإمامة ، قبيل مطلب المواضع الّتى تفسد صلاة الإمام دون المؤتم ، ط: سعيد)

□ حاشية الطحطاوى على المراقى : (ص: ٢٤٠) كتاب الصلاة ، باب الإمامة ، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان .

□ التاتارخانية: (٥٠١/١) كتاب الصلاة، الفصل الخامس عشر فى الحدث فى الصلاة، ط: قديمى.

□ البحر الرائق : (٣٦٦/١) كتاب الصلاة ، باب الإمامة ، ط: سعيد .

□ الهندية : (٩٤/١) كتاب الصلاة ، الباب الثالث فى الحدث فى الصلاة ، ط: رشيديه.

قصر کون سی نماز میں واجب ہے

تین رکعت اور دو رکعت والی فرض نماز میں قصر نہیں ہے، بلکہ تین رکعت اور دو رکعت والی فرض نماز کو پوری پڑھے، صرف چار رکعت والی فرض یعنی ظہر، عصر اور عشاء کے فرض میں قصر ہے (اگر اکیلا یا امام بن کر نماز پڑھ رہا ہے)۔

مغرب اور فجر کے فرض، وتر، سنن اور نوافل میں قصر نہیں ہے۔(۱)

قصر کہاں سے شروع کرے

جب مسافر اپنے گاؤں یا شہر کی آبادی سے نکل جائے تو اس پر قصر واجب ہے،

---

(۱) قال أصحابنا: فرض المسافر كل صلاة رباعية ركعتان...... ولا قصر فی ذوات الثلاث والمثنٰی؛ لأنّ شطرها ليست بصلاة. ولا قصر فی النوافل أيضاً؛ لأنّ القصر للتخفيف ولا حاجة فی النوافل، لأنّه له أن لايفعلها وتكلموا فی الافضل فی السنن، فقيل هو متروك ترخصًا و قيل: هو الفعل تقرّبًا، وكان الشيخ أبو جعفر يقول: بالفعل فی حالة النزول والترك فی حالة السير...... والقصر فی كل مسافر يصلی وحده أو كان إماما أو مقتديا بالمسافر. (التاتارخانية: (۲/۵ ــ ۷) كتاب الصلاة، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر، النوع الأوّل والثالث، ط: قديمی)

الولوالجية: (۱/۱۳۳) كتاب الصلاة ، الفصل الثانی عشر فی السفر ، ط: مكتبه حرمين شريفين كوئٹه .

قال أصحابنا : إن فرض المسافر من ذوات الأربع ركعتان لا غير ......ولا قصر فی الفجر والمغرب ...... وكذا لا قصر فی السنن والتطوّعات . (بدائع الصنائع : (۱/۹۱ ، ۹۲) كتاب الصلاة ، فصل فی صلاة المسافر ، ط: سعيد)

الهندية : (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة ،الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشيديه.

عمدة الفقه: (۲/۴۱۱، ۴۱۲) أحكام السفر، مسافر كی نماز كا بيان، ط: زوّار اكیڈمی كراچی.

حاشية الطحطاوی : (ص: ۳۴۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان .

البحر الرائق : (۲/۱۳۰) كتاب الصلاة ، باب المسافر ،ط : سعيد .

(قوله : صلی الفرض الرباعی) ...... واحترز بالفرض عن السنن والوتر وبالرباعی عن الفجر والمغرب . (شامی : (۲/۱۲۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

پوری چار رکعت والی فرض نماز دو رکعتیں ہی پڑھنا واجب ہے۔(۱)

اگر مسافر نے سفر کی حالت میں چار رکعت والی فرض نماز میں قصر نہیں کیا بلکہ چار رکعت پوری پڑھ لی تو وہ گنہگار رہوگا، ایک تو قصر جو واجب تھا اس کو ترک کرنے کی وجہ سے گنہگار رہوگا دوسری وجہ یہ ہے کہ مسافر کے لئے چار رکعات والی فرض نماز میں دو رکعات پڑھ کر آخری قعدہ کرکے فوراً سلام پھیرنا واجب تھا اور اس نے چار رکعات پڑھ کر اس واجب کو بھی ترک کردیا۔(۲)

(۱) من جاوز بیوت مصره مریداً سیراً وسطًا ثلاثة أيّام في برّ أو بحر أو جبل قصر الفرض الرباعي (البحر الرائق : (۱۲۸/۲) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد كراچى)

قال محمد رحمه اللّٰه تعالىٰ يقصر حين يخرج من مصره ويخلف دور المصر كذا في المحيط ، وفي الغياثية هو المختار و عليه الفتوىٰ كذا في التاتارخانية . (الهندية : ۱/۱۳۹) الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

الدر المختار مع الرد : (۲/۱۲۱ــ۱۲۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد .

التاتارخانية : (۲/۷) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان أن المسافر متى يقصر الصلاة ، ط: قديمي .

خلاصه الفتاوىٰ : (۱/۱۹۷) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، ط: مكتبه حبيبيه كوئٹه .

حاشية الطحطاوي : (ص: ۴۲۴) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ،ط : المكتبة الأنصارية هرات افغانستان .

(۲) (فلو أتمّ مسافر إن قعد) في القعدة (الأولىٰ تم فرضه و) لكنه (أساء) لوعامداً لتأخير السلام وترك واجب القصر وواجب تكبيرة افتتاح النفل بالفرض ، وهٰذا لايحلّ كما حرّره ، القهستاني بعد أن فسر أساء بأثم واستحقّ النّار . (الدر مع الرد : (۲/۱۲۸) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۲/۱۳۰) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

التاتارخانية : (۲/۵) كتاب الصلاة ، النوع الأوّل ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، في معرفة فرض المسافر ، ط: قديمي)

حاشية الطحطاوي : (ص: ۴۲۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، : المكتبة الأنصارية هرات افغانستان .

بدائع الصنائع : (۱/۹۱) كتاب الصلاة ، فصل والكلام في صلاة المسافر ،ط : سعيد .

اس لئے ایسے آدمی کو چاہئے کہ اگر وقت ہے تو اس نماز کو دوبارہ پڑھے۔

تین رکعات والی مغرب کے فرض میں قصر نہیں ہے، تین رکعات والی نماز کو تین رکعات پڑھنا لازم ہے، وتر، سنت اور نوافل میں بھی قصر نہیں ہے۔(۱)

قصر کی آیت میں خوف کی قید کی وضاحت

واذاضربتم فی الارض فلیس علیکم جناح أن تقصروا من الصلاۃ إن خفتم أن یفتنکم الذین کفروا. (سورۃ النساء) (۲)

اس آیت کا بظاہر مفہوم یہ ہے کہ سفر کی حالت میں اگر کافروں کی جانب سے ستانے یا پریشان کرنے کا خطرہ ہو تو قصر کرے حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ آیت میں ''خوف'' کی قید عام حالات اور عادت کے اعتبار سے لگائی گئی ہے کہ سفر میں اکثر مسافروں کو خوف ہوتا ہے، خاص طور پر اس زمانے میں جب کہ کافر ہر وقت اور ہر موقع پر مسلمانوں کو ستانے اور تکلیف پہنچانے کے چکر میں ہوتے تھے، اس لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''فاقبلوا صدقتہ'' فرما کر اس بات کی طرف اشارہ فرمادیا کہ سفر کی حالت میں قصر نماز پڑھنے کا حکم صرف ''خوف'' کے ساتھ خاص نہیں ہے، بلکہ یہ آسانی درحقیقت اللہ تعالیٰ کی جانب سے ان تمام بندوں پر ہے جو سفر کی حالت میں ہوتے ہیں

---

(۱) فیقصر المسافر (الفرض) العلمی (الرباعی) فلاقصر للثنائی والثلاثی ولاللوتر فإنّہ فرض عملی ولا فی السنن . (حاشیۃ الطحطاوی : (ص: ۴۲۳) کتاب الصلاۃ ، باب صلاۃ المسافر ، ط: المکتبۃ الأنصاریۃ ہرات افغانستان)

الھندیۃ : (۱/۱۳۹) الباب الخامس عشر فی صلاۃ المسافر ، ط: رشیدیہ .

التاتارخانیۃ : (۲/۵) کتاب الصلاۃ ، الفصل الثانی والعشرون فی صلاۃ المسافر ، النوع الأوّل فی معرفۃ فرض المسافر ، ط: قدیمی .

رد المحتار : (۲/۱۲۳) باب صلاۃ المسافر ، ط: سعید .

البحر الرائق : (۲/۱۳۰) کتاب الصلاۃ ، باب المسافر ، ط: سعید .

بدائع الصنائع : (۱/۹۲) کتاب الصلاۃ ، فصل والکلام فی صلاۃ المسافر ،ط: سعید .

(۲) سورۃ النساء : (آیت : ۱۰۱) .

اور یہ اللہ تعالیٰ کے بہت سارے احسانات میں سے ایک احسان ہے جس سے ہر مسافر فائدہ حاصل کرسکتا ہے خواہ کسی قسم کا کوئی خوف ہو یا نہ ہو۔ نیز "فاقبلوا" میں امر کے صیغے سے جو حکم دیا گیا ہے یہ واجب کے لئے ہوسکتا ہے یعنی ہر شرعی مسافر کے لئے قصر کرنا واجب اور ضروری ہے۔ (۱)

قصر کیا پھر وقت کے اندر واپس آیا

کسی شخص نے نماز کا وقت ہونے کے بعد سفر کا آغاز کیا، راستہ میں اس نے دو رکعت قصر پڑھی، ابھی اس نماز کا وقت ختم نہیں ہوا کہ سفر ملتوی کر کے واپس گھر پہونچ گیا تو اس نے جو قصر پڑھی ہے اس کے اعادہ کی ضرورت نہیں۔ (۲)

---

(۱) قال أبو بكر قد بينا أنّه ليس في الآية حكم القصر في أعداد الركعات، ولم يختلف النّاس في قصر النبيّ ﷺ في أسفاره كلها في حال الأمن والخوف، فثبت أنّ فرض المسافر ركعتان بفعل النبيّ ﷺ، وبيانه لمراد الله تعالىٰ، قال عمر بن الخطاب: سألت النبيّ ﷺ عن القصر في حال الأمن، فقال: "صدقة تصدق الله بها عليكم فاقبلوا صدقته" وصدقة الله علينا هي إسقاطه عنا، فدلّ ذلك على أنّ الفرض ركعتان، وقوله: فالقبلوا صدقته، يوجب ذلك؛ لأنّ الأمر للوجوب؛ فإذا كنا مأمورين بالقصر فالإتمام منهي عنه ...... (أحكام القرآن للجصاص: (۳۵۷/۲، ۳۵۸)) سورة النساء، رقم الآية: ۱۰۱، باب صلاة المسافر، ط: قديمي)

الحلبي كبير: (ص: ۳٦۲، ۳٦۳) فصل في صلاة المسافر، ط: قديمي.

بدائع الصنائع: (۹۲/۱) كتاب الصلاة، فصل: والكلام في المسافر، ط: سعيد.

(۲) ولو كان مسافراً في أوّل الوقت إن صلى صلاة السفر ثم أقام في الوقت لايتغير فرضه، وإن لم يصل حتى أقام في آخر الوقت ينقلب فرضه أربعا. (الهندية: (۱۴۱/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

خلاصة الفتاوىٰ: (۲۰۲/۱) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، ط: المكتبة الحبيبية، كوئٹه.

البحر الرائق: (۱۳۸/۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

التاتارخانية: (۲۲/۲) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، نوع آخر في المتفرقات، ط قديمي.

فتاوىٰ قاضيخان على هامش الهندية: (۱٦۷/۱)، كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

قصر کی دلیل

قصر کی دلیل ''مسلم شریف'' کی یہ حدیث ہے کہ یعلی بن امیہؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ سے عرض کیا کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں: ''نماز قصر کرو اگر تم کو کافروں سے فتنہ کا خوف ہو''، اب تو لوگ امن کی حالت میں ہیں خوف نہیں ہے، حضرت عمرؓ نے فرمایا مجھے بھی یہ شبہ پیش آیا تھا تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی عرض کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کا انعام اور احسان ہے اسے قبول کرو۔(۱)

(۱) وعن يعلى بن امية قال قلت لعمر بن الخطاب ليس عليكم جناح أن تقصروا من الصلاة إن خفتم أن يفتنكم الّذين كفروا ، فقد أمن النّاس فقال : عجبت مما عجبت منه فسألت رسول الله ﷺ عن ذٰلك فقال صدقة تصدق اللّٰه بها عليكم فاقبلوا صدقته . (الصحيح لمسلم : (۱/ ۲۴۱) كتاب صلاة المسافرين و قصرها ، ط: قديمى)

☜ مشكوة المصابيح : (۱/ ۱۱۸) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، الفصل الأوّل ، ط: قديمى .

☜ سنن ابن ماجهٗ: (ص: ۷۴) أبواب إقامة الصلاة، باب تقصير الصلاة فى السفر، ط: قديمى.

☜ سنن أبى داؤد: (۱/ ۱۷۷) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، تفريع أبواب صلاة السفر ، ط: مكتبه حقانيه ملتان .

☜ صحيح ابن حبان : (۶/ ۴۴۸) ، رقم الحديث : ۲۷۳۹ ، كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: مؤسسة الرسالة ، بيروت .

☜ جامع الترمذى : (۲/ ۱۳۳) من أبواب التفسير ، من سورة النساء ، ط: قديمى .

☜ سنن النسائى : (۱/ ۲۱۱) كتاب تقصير الصلاة فى السفر ، ط: قديمى .

☜ مسند احمد بن حنبل : (۱/ ۲۵) رقم الحديث : ۱۷۴ ، مسند عمر بن الخطاب رض الله عنه ، ط: مؤسسة الرسالة القاهرة .

☜ صحيح ابن خزيمة : (۲/ ۷۱) رقم الحديث : ۹۴۵ ، باب ذكر الخبر المبين ، كتاب الصلاة ، المكتب الإسلامى ، بيروت .

☜ مسند أبى يعلى : (۱/ ۱۶۳) رقم الحديث : ۱۸۱ ، مسند عمر بن الخطاب رضى الله عنه، ط: دار المامون للتراث ، دمشق .

☜ السنن الكبرى للبيهقى : (۳/ ۱۳۴) رقم : ۵۵۸۴ ، كتاب الصلاة ، باب رخصة القصر فى كل سفر لايكون معصية اهـ ، ط: مجلس دائرة المعارف حيدر آباد هندوستان .

☜ شرح السنة : (۴/ ۱۶۸) رقم : ۱۰۲۴ ، باب جواز القصر فى حال الأمن ، ط: المكتب الإسلامى دمشق بيروت . =

قصر کی مدت

مسافر کو اس وقت تک قصر کرنا چاہئے جب تک کہ اپنے اصلی وطن واپس نہ آجائے، یا کسی مقام پر کم سے کم پندرہ دن ٹھہرنے کا قصد نہ کرے بشرطیکہ وہ مقام ٹھہرنے کے لائق ہو، اگر کوئی شخص دریا میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرے یا دارالحرب میں یا اسی طرح جنگل میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرے تو اس نیت کا کچھ اعتبار نہ ہوگا اور یہ شخص مقیم نہیں بنے گا بلکہ بدستور مسافر رہے گا۔ ہاں خانہ بدوش لوگ اگر جنگل میں بھی پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کریں تو ان کی نیت صحیح ہو جائے گی اس لیے کہ وہ جنگلوں میں ہی رہنے کے عادی ہوتے ہیں۔(۱)

قصر کی مدت پندرہ دن سے کم ہے، لہذا مسافر پندرہ دن سے کم تک ٹھہرنے کی

= شرح مشکل الآثار : (۳۵۴/۹) رقم : ۳۷۳۸ ، باب بیان مشکل ما روی عن رسول الله ﷺ من قوله إذا زنت الأمة ، ط: مؤسسة الرسالة ، بیروت .

شرح معانی الآثار : (۲۴۸/۱) باب صلاة المسافر ، ط: مکتبه رحمانیه لاهور .

(۱) ولایزال علی حکم السفر حتی ینوی الإقامة فی بلدة أو قریة خمسة عشر یوما أو أکثر کذا فی الهدایة. هٰذا إذا سار ثلاثة أیام أمّا إذا لم یسر ثلاثة أیام فعزم علی الرجوع أو نوی الإقامة یصیر مقیماً وإن کان فی المفازة، ونیة الإقامة إنّما توثر بخمس شرائط ترک السیر حتی لو نوی الإقامة وهو یسیر لم یصح وصلاحیة الموضع حتی لو نوی الإقامة فی بر أو بحر أو جزیرة لم یصح...... اختلف المتاخرون فی الّذین یسکنون فی الخیام والأخبیة فی المفازات من الإعراب والتراکمة هل صاروا مقیمین بالنیة عن أبی یوسف فیه روایتان فی إحداهما لا، وفی الاخرٰی قال یصیرون مقیمین وعلیه الفتوٰی کذا فی الغیاثیة. (الهندیة: (۱۳۹/۱) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط: رشیدیه)

الدر المختار مع الرد: (۱۲۵/۲ ــ ۱۲۷) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط:سعید.

خلاصة الفتاوٰی : (۱۹۹/۱) کتاب الصلاة ، الفصل الثانی والعشرون ، صلاة المسافر ، ط: المکتبة الحبیبیة کوئٹه .

بدائع الصنائع: (۹۷/۱، ۹۸) کتاب الصلاة، فصل: وأمّا بیان مایصیر المسافر به مقیما، ط: سعید.

البحر الرائق : (۱۳۱/۲ ــ ۱۳۳) کتاب الصلاة ، باب المسافر ،ط : سعید .

حاشیة الطحطاوی : (ص: ۴۲۶) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: المکتبة الأنصاریة هرات افغانستان .

صورت میں قصر کرے گا، اگر پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا پختہ ارادہ ہے تو نیت کرتے ہی مقیم ہو جائے گا اور قصر کرنا جائز نہیں ہوگا۔(۱)

قصر کے بارے میں ائمہ کرام کا مسلک

قصر جائز ہے اس میں کسی بھی عالم اور کسی بھی امام کا اختلاف نہیں ہے، صرف اتنی بات ہے کہ امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک قصر کرنا واجب ہے، نہ کرنا گناہ ہے، امام شافعیؒ کے نزدیک قصر کرنا واجب نہیں بلکہ بہتر ہے، نہ کرنے سے گنہگار نہیں ہوگا۔(۲)

---

(۱) يظل للمسافر حق القصر مالم ينو الإقامة في بلد مدة معينة. وقد اختلف الفقهاء على رأيين في تقدير هذه المسألة. فقال الحنفية: يصير المسافر مقيما، ويمتنع عليه القصر إذا نوى الإقامة في بلد خمسة عشر يوما فصاعدًا، فإن نوى تلك المدة، لزمه الإتمام، وإن نوى أقلّ من ذلك قصر. الخ (الفقه الإسلامي وأدلّته: (۲/ ۲۹۱) المبحث الثالث صلاة المسافر، (القصر والجمع) الرابع۔ مقدار الزمان الّذي يقصر فيه إذا أقام المسافر في موضع، ط: مكتبه حقانيه پشاور)

الهندية: (۱/ ۱۳۹) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

التاتارخانية: (۲/۸) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، نوع آخر في بيان مدة الإقامة، ط: قديمي.

الدر مع الرد: (۲/۱۲۵، ۱۲۶) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد.

البحر الرائق: (۲/۱۳۱، ۱۳۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

(۲) قال أصحابنا: فرض المسافر في كل صلاة رباعية ركعتان، وفي الحجة: حتما وعزيمة، لاندبا ورخصة، وفي التحفة: وأمّا قصر الصلاة فهو عزيمة. والإكمال مكروه ومخالفة السنة، ولكن يسمى رخصة مجازا. وقال الشافعي رحمه اللّٰه: فرضه أربع والركعتان رخصة. الخ. (الفتاوىٰ التاتارخانية: (۲/ ۵) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، النوع الأوّل في معرفة فرض المسافر، ط: قديمي)

القصر جائز بالقرآن والسنة والإجماع...... حكم القصر أو هل القصر رخصة أو عزيمة واجب تتردد أقوال الفقهاء المعتمدة بين آراء ثلاثة: أنّه فرض، أنه سنة، أنّه رخصة مخير فيها المسافر. قال الحنفية: القصر واجب، عزيمة، وفرض المسافر في كل صلاة رباعية ركعتان...... وقال المالكية على المشهور الراجح: القصر سنة مؤكدة...... وقال الشافعية والحنابلة: القصر رخصة على سبيل التخير وللمسافر أن يتمّ أو يقصر. الخ (الفقه الإسلامي وأدلّته: ۲/ ۲۸۳، ۲۸۴، ۲۸۵) المبحث الثالث۔ صلاة المسافر، أوّلا، مشروعية القصر وهل القصر عزيمة أو رخصة؟ المطلب الأوّل قصر الصلاة الرباعية. مكتبه حقانيه، پشاور)=

قصر کے لئے ایک ضابطہ

اگر سفر شروع کرتے وقت سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ مسافت جانے کی نیت ہوگی تو آبادی سے نکلنے کے بعد قصر کرنا لازم ہوگا، اور اگر سفر شروع کرتے وقت سوا ستتر کلومیٹر جانے کی نیت نہیں ہوگی تو قصر کی اجازت نہیں ہوگی یہاں تک کہ اگر کوئی شخص تھوڑی تھوڑی مسافت کی نیت سے پوری دنیا بھی گھومے گا تو قصر نہیں کرے گا۔(۱)

مثلاً (الف) زید کا وطن اصلی یا وطن اقامت ہے اور وہ وہاں سے (ب) کی نیت سے چلا جو کہ تیس کلومیٹر ہے تو قصر نہیں کرے گا، پھر (ب) سے (ج) کا ارادہ ہوگیا جو کہ چالیس کلومیٹر ہے تو پھر قصر نہیں کرے گا پھر (ج) سے (د) کا ارادہ ہوگیا جو کہ پچاس کلومیٹر ہے، تب بھی قصر نہیں کرے گا اگرچہ (الف) سے (د) تک سوا ستتر کلومیٹر سے زیادہ ہے، چونکہ سفر کی ابتداء کے وقت سے سوا ستتر کلومیٹر کی نیت نہیں تھی اور درمیان میں

= کتاب الفقه على المذاهب الأربعة : (۱/ ۳۸۴) كتاب الصلاة ، مباحث قصر الصلاة الرباعية حكمها ، ط: دار الحديث القاهرة .

فتح باب العناية بشرح النقاية: (۱/ ۳۹۱) كتاب الصلاة، فصل في صلاة المسافر، ط: سعيد.

بدائع الصنائع: (۱/ ۹۱) كتاب الصلاة، فصل: والكلام في صلاة المسافر، ط: سعيد.

حلبي كبير: (ص: ۵۳۷) كتاب الصلاة، فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمی لاهور.

(۱) (من خرج من عمارة موضع إقامته) من جانب خروجه وإن لم يجاوز من الجانب الآخر...... (قاصدا) ولو كافرا و من طاف الدنيا بلا قصد لم يقصر (مسيرة ثلاثة أيام ولياليها)...... (صلى الفرض الرباعي ركعتين). (الدر مع الرد: (۲/ ۱۲۱، ۱۲۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

حلبي كبير: (ص: ۵۳۶ ، ۵۳۷) كتاب الصلاة، فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمی لاهور.

البحر الرائق : (۲/ ۱۲۸) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: ط: سعيد .

الفقه الإسلامي و أدلّته : (۲/ ۲۹۳ ، ۲۹۶) الرابع : أن يقصد من ابتداء السفر موضعا معينا ويعزم أن يقطع مسافة القصر الخ ، ثالثًا ـ شروط القصر ، صلاة المسافر ، المبحث الثالث ، ط: مكتبه حقانيه ، پشاور .

الهندية : (۱/ ۱۳۹) الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

بدائع الصنائع: (۱/ ۹۳، ۹۴) كتاب الصلاة، فصل وأمّا بيان ما يصير به المقيم مسافراً، ط: سعيد.

بھی کسی جگہ سوا ستتر کلومیٹر کی نیت نہیں کی بلکہ جہاں بھی درمیان میں جانے کی نیت کی سوا ستتر کلومیٹر سے کم کی نیت کی اس لئے قصر کرنا جائز نہیں ہے۔(۱)

قصر کے لئے کس راستہ کا اعتبار ہے

مثلاً کسی آدمی کے گھر جانے کے لئے تین راستے ہیں ایک راستہ سو کلومیٹر کا ہے اور دوسرا راستہ پچاس کلومیٹر کا ہے اور تیسرا راستہ چالیس کلومیٹر کا ہے تو یہ شخص جس راستہ سے سفر کرے گا اس کا اعتبار ہوگا، اگر وہ سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ ہے تو قصر لازم ہوگا، خواہ دوسرا راستہ اس سے کم مسافت کا ہو، اور اگر پچاس کلومیٹر والے راستہ سے سفر کرے گا تو قصر نہیں کرے گا بلکہ پوری نماز پڑھے گا اگرچہ دوسرے راستہ کی مسافت سوا ستتر کلومیٹر سے زیادہ ہو۔(۲)

---

(۱) ولابدّللمسافر من قصد مسافة مقدرة بثلاثة أيّام حتى يترخّص برخصة المسافرين وإلّا لايترخّص أبداً ولو طاف الدنيا جميعها بأن كان طالب آبق أو غريم أو نحو ذٰلک. (الهندية : (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

البحر الرائق : (۲/۱۲۸) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

حلبى كبير : (ص: ۵۳۷) فصل فى صلاة المسافر ، ط: سهيل اكيڈمى لاهور .

الفقه الإسلامى وأدلّته : (۲/۲۹۶) المبحث الثالث صلاة المسافر ، الرابع ـ أن يقصد من ابتداء السفر موضعا معينا ويعزم أن يقطع مسافة القصر ، ط: مكتبه حقانيه ، پشاور .

الدر مع الرد : (۲/۱۲۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد .

حاشية الطحطاوى على المراقى : (ص: ۳۴۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان .

(۲) وتعتبر المدة من أىّ طريق أخذ فيه كذا فى البحر . فإذا قصد بلدة وإلى مقصده طريقان أحدهما مسيرة ثلاثة أيّام ولياليها والآخر دونها فسلک الطريق الابعد كان مسافرا عندنا . (الهندية : (۱/۱۳۸) كتاب الصلاة ،الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

الفتاوى الخانيه على هامش الهندية: (۱/۱۶۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

البحر الرائق : (۲/۱۲۹) كتاب الصلاة ، باب المسافر، ط: سعيد ،

الفتاوىٰ التاتارخانية : (۲/۶) كتاب الصلاة ، الفصل الثانى والعشرون فى صلاة المسافر، نوع آخر فى بيان أدنى مدة السفر الّذى يتعلق به قصر الصلاة ، ط: قديمى .

الدر المختار مع الرد : (۲/۱۳۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع: (۱/۹۴) كتاب الصلاة ، فصل وأمّا بيان مايصير به المقيم مسافرا، ط: سعيد.

قصر ممنوع ہونے کی صورتیں

اگر کسی مسافر نے مسلسل پورے پندرہ دن کسی جگہ ٹھہرنے کی نیت کر لی تو قصر کرنا منع ہوگا (یعنی چار رکعت والی فرض نماز کی جگہ پر دو رکعت پڑھنا منع ہوگا)۔

اگر پندرہ دن سے کم ٹھہرنے کی نیت کی خواہ ایک ہی گھنٹہ کم ہو، تو وہ بھی مقیم نہیں بنے گا اور قصر کرے گا۔(۱)

بقیہ صورتوں کے لئے ''مقیم بننے کے لئے چھ شرائط ہیں'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۲۳۶/۲)

قصر نماز کی رعایت

قصر نماز کی رعایت قیامت تک کے لئے ہے، کسی وقت، کسی جگہ اور کسی قوم کے لئے خاص نہیں ہے۔(۲)

---

(۱) یصیر المسافر مقیما، ویمتنع علیه القصر إذا نوی الإقامة فی بلد خمسة عشر یوما، فصاعداً، فإن نوی تلک المدة، لزمه الإتمام، وإن نوی أقلّ من ذٰلک قصر. (الفقه الإسلامی و أدلّته: (۲۹۱/۲) المبحث الثالث۔ صلاة المسافر، الرابع مقدار الزمان الّذی یقصر فیه، الخ، ط: مکتبه حقانیة، پشاور)

ولایزال علی حکم السفر حتی ینوی الإقامة فی بلدة أو قریة خمسة عشر یوما أ و أکثر کذا فی الهدایة...... وإن نوی الإقامة أقلّ من خمسة عشر یوما قصر هٰکذا فی الهدایة. (الهندیة: (۱۳۹/۱) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط: رشیدیه)

حاشیة الطحطاوی : (ص: ۳۴۶) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: المکتبة الأنصاریة هرات افغانستان .

البحر الرائق : (۱۳۱/۲۔۱۳۲) کتاب الصلاة ، باب المسافر ،ط : سعید .

الدر المختار مع الرد : (۱۲۵/۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط:سعید .

بدائع الصنائع: (۹۷/۱، ۹۸) کتاب الصلاة، فصل: وأمّا بیان مایصیر المسافر به مقیما، ط: سعید.

التاتارخانیة : (۸/۲ ، ۹) کتاب الصلاة ، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر ، نوع آخر فی بیان مدة الإقامة۔ وفی بیان المواضع الخ ، ط : قدیمی .

(۲) إن اللّٰه تعالیٰ فرض الصلاة علی لسان نبیکم علی المسافر رکعتین وعلی المقیم أربعاً، وفی الخوف رکعة. (الصحیح لمسلم: (۲۴۱/۱) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافرین و قصرها، ط: قدیمی) =

قصر نماز میں درود پڑھیں

''درود پڑھیں'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۲۰۱/۱)

قصر نہ کرنا

اگر مسافر اکیلا نماز پڑھ رہا ہے یا امام بن کر نماز پڑھا رہا ہے تو قصر کرنا واجب ہے ان دونوں صورتوں میں قصر نہ کرنا گناہ ہے، البتہ اگر مقیم امام کی اقتداء میں نماز ادا کر رہا ہے تو اس صورت میں امام کی اتباع میں پوری نماز پڑھنا لازم ہے۔(۱)

= صحيح البخاري: (۵۱/۱) كتاب الصلاة، باب كيف فرضت الصلوات في الإسراء، ط: قديمي.
مشكاة المصابيح: (ص: ۱۱۹) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، الفصل الثالث، ط: قديمي.
نماز کو قصر کرنے کی رعایت قیامت تک کے لیے ہے۔(آپ کے مسائل اور ان کا حل:(۳۷۹/۲) مسافر کی نماز، ط: مکتبہ لدھیانوی، کراچی)

(۱) قال علمائنا: القصر ثابت في حق كل مسافر، سفر الطاعة و سفر المعصية في ذلك سواء...... والقصر في كل مسافر يصلي وحده أو كان إماما أو مقتديا بالمسافر. أمّا إذا اقتدى المسافر بمقيم أتمّها متابعة له. (التاتارخانية: (۷/۲) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، نوع آخر في بيان من يثبت القصر في حقه، ط: قديمي)

من أتمّ الصلاة في السفر فقد أعرض عن ملّة إبراهيم صلوات الله عليه ...... والقصر ثابت في حق كل مسافر يصلي وحده أو كان إماماً أو مقتديا بالمسافر، أمّا إذا اقتدى المسافر بمقيم أتمّها متابعة له. (الفتاویٰ التاتارخانية: (۵/۲ ـ ۷) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، الأوّل في معرفة فرض المسافر، و في بيان من يثبت القصر في حقه، ط: قديمي)

(صلى الفرض الرباعي ركعتين) وجوباً. وفي الرد: (قوله وجوبا) فيكره الإتمام عندنا حتى روى عن أبي حنيفة أنّه قال: من أتمّ الصلاة فقد أساء وخالف السنة. (الدر مع الرد: (۱۲۳/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۱۲۸/۲ ـ ۱۳۴) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

حلبي كبير: (ص: ۵۳۷)، كتاب الصلاة، فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمی لاهور.

حاشية الطحطاوي: (ص: ۳۴۲، ۳۴۳) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.

بدائع الصنائع: (۹۱/۱ ـ ۹۳) كتاب الصلاة، فصل والكلام في صلاة المسافر، ط: سعيد.

شرعی سفر میں چار رکعات والی فرض کو پوری پڑھنا منع ہے اور یہ شریعت کا حکم ہے اور شریعت کے حکم کی پابندی کرنی ضروری ہے۔

بعض لوگوں کو پوری نماز کی جگہ قصر کرنے میں دل میں گناہ کا وسوسہ پیدا ہوتا ہے، یہ صحیح نہیں ہے، اس لئے کہ قصر بھی شریعت کا حکم ہے، جس کے مطابق عمل کرنے سے گناہ نہیں ہوگا بلکہ ثواب ہوگا۔(۱)

قصر نہ کرنے کی قسم اٹھالی

''مسافر نے چار رکعت پڑھنے کی قسم کھائی تو کیا کرے'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۹۷/۲)

قصر نہ کرنے کی منت مانی

سفر کی حالت میں قصر کرنا واجب ہے، قصر نہ کرنا گناہ ہے، اور گناہ کی نذر ماننا اور

---

(۱) (صلى الفرض الرباعي ركعتين) وجوبا لقول ابن عباس: إنّ الله فرض على لسان نبيّكم صلاة المقيم أربعاً والمسافر ركعتين، ولذا عدل المصنف عن قولهم قصر؛ لأنّ الركعتين ليستا قصرا حقيقة عندنا بل هما تمام فرضه والإكمال ليس رخصة فى حقه بل إساءة. وفى الرّد: (قوله: وجوبا) فيكره الإتمام عندنا حتى روى عن أبى حنيفة أنّه قال: من أتمّ الصلاة فقد أساء و خالف السنة. الخ (الدر مع الرد: (۱۲۳/۲، ۱۲۴) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

☜ لأنّ الركعتين فى حقه ليستا قصرا حقيقة عندنا بل هما تمام فرض المسافر والإكمال ليس رخصة فى حقه بل إساءة و مخالفة للسنة. (البحر الرائق: (۱۳۰/۲) كتاب الصلاة، فصل فى المسافر، ط: سعيد)

☜ بدائع الصنائع: (۹۱/۱) كتاب الصلاة، فصل والكلام فى صلاة المسافر، ط: سعيد.

☜ الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر، ط: رشيديه.

☜ حاشية الطحطاوى: (ص: ۴۲۳) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.

☜ التاتارخانية: (۵/۲) كتاب الصلاة، الفصل الثانى والعشرون فى صلاة المسافر، نوع فى معرفة فرض المسافر، ط: قديمى.

اس کو پورا کرنا جائز نہیں ہے۔(۱)

لہٰذا سفر کی حالت میں چار رکعت پڑھنے کی منت ماننے کی صورت میں بھی دو رکعت ہی پڑھنا لازم ہوگا، البتہ مقیم امام کے پیچھے چار رکعت پڑھنا لازم ہوگا۔(۲)

---

(۱) و عن عائشة زوج النبیّ ﷺ أنّ النبیّ ﷺ قال من نذر أن یطیع اللّٰه فلیطعه ومن نذر أن یعصیه فلایعصه، قال محمد وبهٰذا نأخذ من نذر نذرا فی معصیة ولم یسم فلیطع ولیکفر عن یمینه وهو قول أبی حنیفة رحمه اللّٰه...... وعن أبی هریرة أنّ رسول اللّٰه ﷺ قال من حلف علی یمین فرأی غیرها خیرا منها فلیکفر عن یمینه ولیفعل. قال محمد رحمه اللّٰه عنه: وبهٰذا نأخذ وهو قول أبی حنیفة رحمه اللّٰه. (مؤطا الإمام محمد: (ص: ۳۲۷، ۳۲۸) کتاب الأیمان والنذور، باب من حلف أو نذر فی معصیة، ط: قدیمی)

سنن أبی داؤد: (۱۰۲/۲، ۱۱۱) کتاب الأیمان والنذور، باب النذر فی المعصیة و باب من رأی علیه کفارة إذا کان فی معصیة، ط: مکتبه حقانیه ملتان.

جامع الترمذی: (۲۷۹/۱) أبواب النذور والأیمان، باب ماجاء عن رسول اللّٰه ﷺ أن لانذر فی معصیة، ط: سعید.

مشکاة المصابیح: (۲۹۷/۲، ۲۹۸) کتاب الأیمان، باب فی النذور، ط: قدیمی.

الصحیح لمسلم: (۴۵/۲ــ۴۷، ۴۸) کتاب الأیمان والنذور، ط: قدیمی.

صحیح البخاری: (۹۹۱/۲) کتاب الأیمان والنذور، باب النذر فیما لایملک و فی معصیة، ط: قدیمی.

ابن ماجه: (ص: ۱۵۴) أبواب الکفارات، باب النذر فی المعصیة، ط: قدیمی.

مؤطا الإمام مالک: (ص: ۴۸۵) کتاب النذور، مالایجوز من النذور وفی معصیة، ط: میر محمد کتب خانه.

نیز ملاحظة هو حاشیه نمبر ۱، رقم الصفحة: ۴۷۳، تحت عنوان: "قصر نه کرنا"

(۲) والقصر فی کل مسافر یصلی وحده أو کان إماماً أو مقتدیاً بالمسافر، أمّا إذا اقتدیٰ المسافر بمقیم أتمّها متابعة له. (التاتارخانیة: (۷/۲) کتاب الصلاة، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر، نوع آخر فی بیان من یثبت القصر فی حقه، ط: قدیمی)

(صلی الفرض الرباعی رکعتین) وجوبا لقول ابن عباس: إنّ اللّٰه فرض علی لسان نبیّکم صلاة المقیم أربعاً والمسافر رکعتین، ...... وأمّا اقتداء المسافر بالمقیم فیصح فی الوقت و یتم...... الخ. (الدر مع الرد: (۱۲۳/۲، ۱۲۴) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعید)

(فیقصر) المسافر (الفرض) العملی (الرباعی)...... (وإن اقتدیٰ المسافر بمقیم) یصلی الرباعیة ولو فی التشهد الأخیر (فی الوقت صح) اقتداءه (وأتمّها أربعاً) تبعا لإمامه الخ. =

قصر والے راستے سے سفر کیا اور غیر قصر والے سے واپس آیا

اگر ایک جگہ کے دو راستے ہیں، ایک راستہ کی مسافت سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ ہے اور دوسرے راستے کی مسافت سوا ستتر کلومیٹر سے کم ہے، تو سفر میں جاتے وقت سوا ستتر کلومیٹر والے راستہ سے گیا اور سوا ستتر کلومیٹر سے کم مسافت والے راستے سے واپس آیا تو یہ شخص سفر میں جاتے ہوئے آبادی سے نکلنے کے بعد قصر کرے گا اسی طرح واپسی میں اپنے شہر یا گاؤں میں واپس آنے سے پہلے پہلے بھی قصر کرے گا۔(۱)

ہاں اگر سوا ستتر کلومیٹر کی مسافت طے کر کے جس شہر یا گاؤں میں گیا ہے اگر اس

= (حاشية الطحطاوي على المراقي: ص: ۳۴۳-۳۴۷) باب صلاة المسافر، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان)

☜ الهندية: (۱/۱۳۹-۱۴۲) كتاب الصلاة الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

☜ حلبي كبير: (ص: ۵۳۷-۵۴۲) كتاب الصلاة، فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمي لاهور.

☜ البحر الرائق: (۲/۱۲۸-۱۳۴) كتاب الصلاة باب المسافر، ط: سعيد.

(۱) قال محمد رحمه الله: يقصر حين يخرج من مصره ويخلف دور المصر كذا في المحيط...... وكذا إذا عاد من سفره إلى مصره لم يتمّ حتى يدخل العمران. (الهندية: (۱/۱۳۹-۱۴۲) الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

☜ من جاوز بيوت مصره مريدا سيرا وسطاً ثلاثة أيّام في بر أو بحر أو جبل قصر الفرض الرباعي...... حتى يدخل مصره. أي قصر إلى غاية دخول المصر. (البحر الرائق: (۲/۱۲۸-۱۳۱) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد)

☜ حاشية الطحطاوي على المراقي: (ص: ۳۴۳-۳۴۶) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: المكتبة الأنصارية افغانستان.

☜ الدر مع الرد: (۲/۱۲۱-۱۲۴) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد.

☜ التاتارخانية: (۲/۷) كتاب الصلاة، نوع آخر في بيان أن المسافر متى يقصر الصلاة، ط: قديمي.

☜ حلبي كبير: (ص: ۵۳۶) كتاب الصلاة، فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمي لاهور.

☜ فتاوى دار العلوم ديوبند: (۴/۳۰۸)، سوال نمبر: ۹۴۲، مسائل صلاة المسافر، ط: دار الحديث ملتان.

میں پندرہ دن یا اس سے زیادہ دن ٹھہرنے کی نیت کی ہے تو وہ وہاں مقیم ہو گیا اب اگر سواستتر کلومیٹر سے کم مسافت والے راستہ سے وطن واپس آئے گا تو واپسی میں قصر نہیں کرے گا بلکہ پوری نماز پڑھے گا۔(۱)

قضا

اگر کسی کی نمازیں سفر میں قضا ہو گئیں تو چاہے سفر کے دوران قضا پڑھے یا سفر ختم ہونے کے بعد گھر میں پہنچ کر قضا پڑھے دونوں صورتوں میں، ظہر، عصر اور عشاء کی قضا دو رکعت ہی پڑھے کیونکہ یہ نمازیں سفر میں دو رکعت ہی فرض ہوئی ہیں اس میں بعد میں

---

(۱) ولایزال المسافر الّذی استحکم سفره بمضی ثلاثة أیّام مسافرا (یقصر حتی یدخل مصره) یعنی وطنه الأصلی (أو ینوی إقامة نصف شهر ببلد أو قریة) . (حاشیة الطحطاوی : (ص: ۳۴۶) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: المکتبة الأنصاریة هرات افغانستان.

الهندیة : (۱۳۹/۱) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشیدیه .

البحر الرائق : (۱۳۱/۲) کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعید .

الدر مع الرد : (۱۲۵/۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید .

حلبی کبیر : (ص: ۵۳۹) کتاب الصلاة، فصل فی صلاة المسافر، ط: سهیل اکیڈمی لاهور.

فتاوی دار العلوم دیوبند : (۳۰۸/۴) ، سوال نمبر : ۹۴۲ ، مسائل صلاة المسافر ، ط: دار الحدیث ملتان .

وتعتبر المدة من أی طریق أخذ فیه ...... فإذا قصد بلدة وإلی مقصده طریقان أحدهما مسیرة ثلاثة أیّام ولیالیها والآخر دونها فسلک الطریق الأبعد کان مسافرا عندنا ...... وإن سلک الأقصر یتمّ . (الهندیة : (۱۳۸/۱) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ، ط: رشیدیه .

البحر الرائق : (۱۲۹/۲) کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعید .

الدر مع الرد : (۱۲۳/۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید .

التاتارخانیة : (۶/۲ ، ۷) کتاب الصلاة ، نوع آخر فی بیان أدنی مدّة السفر ، ط: قدیمی.

عمدة الفقه : (۴۱۱/۲) مسافر اور سفر شرعی کی تعریف، مسافر کی نماز کا بیان، ط: زوّار اکیڈمی کراچی۔

قاضیخان علی هامش الهندیة: (۱۶۵/۱) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشیدیه.

اضافہ نہیں ہوگا۔(۱)

اور اگر سفر سے پہلے اقامت کی حالت میں ظہر، عصر اور عشا کی نمازیں میں قضا ہوئی ہیں تو سفر کی حالت میں قضا کرے یا اقامت کی حالت میں چار رکعت ہی قضا کرے اور وتر بھی پڑھے۔(۲)

---

(۱) (والقضاء يحكى) أى يشابه (الأداء سفرا وحضرا) ؛لأنّه بعد ما تقرر لايتغير . وتحته فى الشامية : (قوله : سفرا و حضرا) أى فلو فاتته صلاة السفر و قضاها فى الحضر يقضيها مقصورة كما لو أداها ، وكذا فائتة الحضر تقضى فى السفر تامّة . (الدر مع الرد : (۲/۱۳۵) كتاب الصلاة ، فى آخر باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

(قوله : و فائتة السفر والحضر تقضى ركعتين وأربعاً) لف و نشر مرتب أى فائتة السفر تقضى ركعتين وفائتة الحضر تقضٰى أربعًا ؛ لأنّ القضاء بحسب الأداء ...... فإن الواجب على المسافر ركعتان كصلاة الفجر وعلى المقيم أربع فلايتغير بعد الاستقرار . (البحر الرائق : (۲/۱۳۷) كتاب الصلاة ، باب المسافر ،ط : سعيد)

كل صلاة فاتت عن الوقت بعد وجوبها فيه يلزمه قضائها سواء ترك عمداً أو سهواً...... ومن حكمه أن الفائتة تقضى على الصفة الّتى فاتت عنه إلّا لعذر وضرورة فيقضى مسافر فى السفر مافاته فى الحضر من الفرض الرباعى أربعاً والمقيم فى الإقامة مافاته فى السفر منها ركعتين . (الهندية : (۱/۱۲۱) كتاب الصلاة ، الباب الحادى عشر فى قضاء الفوائت ، ط: رشيديه)

التاتارخانية : (۲/۲٦) كتاب الصلاة ، الفصل الثانى والعشرون فى صلاة المسافر ، نوع آخر فى المتفرقات ، ط : قديمى .

حلبى كبير: (ص: ۵۴۳، ۵۴۴) كتاب الصلاة، فصل فى صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمى لاهور.

حاشية الطحطاوى: (ص: ۴۴۸) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.

(۲) (و) لكنه (يقضى) ولايصح قاعدا ولا راكبا اتفاقا . وتحته فى الشامية : (قوله ؛ ولكنه يقضى) ...... أى أنّه يقضى وجوبا اتفاقاً ، (أمّا عنده فظاهر ، وأمّا عندهما وهو ظاهر الرواية عنهما فلقوله عليه السلام : من نام عن وتر أو نسيه فليصله إذا ذكره . كما فى البحر عن المحيط . (الدر مع الرد : (۲/۵) كتاب الصلاة ، باب الوتر والنوافل ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۲/۳۸) كتاب الصلاة ، باب الوتر والنوافل ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع: (۱/۲۷۲) كتاب الصلاة ، فصل وأمّا بيان وقته ، فصل : وأمّا صلاة الواجبة نوعان صلاة الوتر ، ط: سعيد .=

قضا روزہ رکھنے کا وقت نہیں ملا

اگر مسافر کا سفر سے واپس آنے کے بعد انتقال ہوگیا، رمضان کے قضا روزے رکھنے کا وقت نہیں ملا تو یہ روزے معاف ہیں، اس کا فدیہ دینا یا فدیہ دینے کی وصیت کرنا لازم نہیں، ہاں اگر سفر سے واپس آنے کے بعد قضا روزہ رکھنے کا موقع ملا لیکن روزہ رکھا نہیں تو فدیہ دینا یا فدیہ دینے کی وصیت کرنا واجب ہوگا۔(۱)

قضا کا موقعہ نہیں ملا

مسافر نے سفر کے دوران رمضان المبارک کا روزہ نہیں رکھا، جب سفر سے وطن آیا اس کا انتقال ہوگیا، اور روزہ قضا کرنے کا موقع نہیں ملا، تو اس کے روزہ کی دو صورت

= ☐ ويجب القضاء بتركه ناسياً أو عامداً وإن طالت المدة . (الهندية : (۱/۱۱۱) كتاب الصلاة، الباب الثامن في صلاة الوتر ، ط: رشيديه .

☐ أن الفائتة تقضى على الصفة الّتى فاتت عنه لعذر و ضرورةٍ ، فيقضى مسافر في السفر مافاته في الحضر من الفرض الرباعي أربعاً ، والمقيم في الإقامة مافاته في السفر منها ركعتين . (الهندية: (۱/۱۲۱) كتاب الصلاة ، الباب الحادي عشر في قضاء الفوائت ، ط: رشيديه)

☐ بدائع الصنائع : (۱/۲۴۷) كتاب الصلاة ، فصل : وأمّا حكم هٰذه الصلوات إذا فسدت أو فاتت ، ط: سعيد .

☐ شامي : (۲/۷۶) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، مطلب إذا أسلم المرتد هل تعود حسنة أم لا ؟ ، ط: سعيد .

(۱) ولو فات صوم رمضان بعذر المرض أو السفر واستدام المرض والسفر حتى مات لاقضاء عليه لكنه إن أوصى بأن يطعم عنه صحت وصيته وإن لم تجب عليه ويطعم عنه من ثلث ماله . فإن برئ المريض أو قدم المسافر و أدرك من الوقت بقدر مافاته فيلزمه قضاء جميع ما أدرك ، فإن لم يصم حتى أدركه الموت فعليه أن يوصي بالفدية ، كذا في البدائع . (الهندية : (۱/۲۰۷) كتاب الصوم ، الباب الخامس في الأعذار الّتي تبيح الإفطار ، ط: رشيديه)

☐ الدر مع الرد : (۲/۴۲۳ ، ۴۲۴) كتاب الصوم ، فصل في العوارض ، ط: سعيد .

☐ البحر الرائق : (۲/۲۸۳) كتاب الصوم ، فصل في العوارض ، ط: سعيد .

☐ بدائع الصنائع: (۲/۱۰۳) كتاب الصوم، فصل اما حكم الصوم الموقت إذا فات عن وقته، ط: سعيد .

ہوگی، اگر واپسی کے بعد فوراً انتقال ہوگیا اور روزہ قضا رکھنے کا موقع بالکل نہیں ملا تو یہ روزے معاف ہو جائیں گے۔(۱)

اور اگر وطن پہنچنے کے بعد یا وطن اقامت میں فوت شدہ روزہ رکھنے کا موقع ملا تو جتنے روزے رکھنے کا موقع ملا تو ان کا فدیہ دینے کی وصیت کرنا واجب ہوگا، وصیت نہ کرنے پر گنہگار ہوگا، ہاں اگر ورثاء دے دیں تو امید ہے کہ ادا ہو جائے گا۔(۲)

قضا نماز پڑھنے کا وقت

قضا نماز تین اوقات میں پڑھنا ناجائز ہے، اس کے علاوہ باقی ہر وقت قضا نماز پڑھنا جائز ہے، اور وہ تین اوقات یہ ہیں ا۔سورج طلوع ہونے سے لے کر اشراق کے وقت تک (تقریباً پندرہ منٹ) ۲۔زوال کے وقت (تقریباً دس منٹ، نقشہ میں جو زوال کا وقت ہے اس سے پہلے پانچ منٹ اور بعد میں پانچ منٹ کل دس منٹ) ۳۔اور غروب کے وقت۔(۳)

---

(۱) ولو فات صوم رمضان بعذر المرض أو السفر واستدام المرض والسفر حتى مات لا قضاء عليه لكنه إن أوصى بأن يطعم عنه صحت وصيته وإن لم تجب عليه ويطعم عنه من ثلث ماله، (الهندية: (۱/۲۰۷) كتاب الصوم، الباب الخامس في الأعذار الّتي تبيح الإفطار، ط: رشيديه)

الدر مع الرد: (۲/۴۲۳، ۴۲۴) كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم و مالايفسده، فصل في العوارض المبيحة، ط: سعيد.

البحر الرائق: (۲/۲۸۳) كتاب الصوم، فصل في العوارض، ط: سعيد.

(۲) فإن برئ المريض أو قدم المسافر و أدرك من الوقت بقدر مافاته فيلزمه قضاء جميع ما أدرك، فإن لم يصم حتى أدركه الموت فعليه أن يوصي بالفدية، كذا في البدائع. فإن لم يوص و تبرع عنه الورثة جاز ولايلزمهم من غير إيصاء كذا في فتاوىٰ قاضيخان. (الهندية: (۱/۲۰۷) كتاب الصوم، الباب الخامس في الأعذار الّتي تبيح الإفطار، ط: رشيديه)

الدر مع الرد: (۲/۴۲۴، ۴۲۵) كتاب الصوم، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم، ط: سعيد.

بدائع الصنائع: (۲/۱۰۳) كتاب الصوم، فصل وأمّا حكم الصوم الموقت، ط: سعيد.

(۳) ليس للقضاء وقت معين بل جميع أوقات العمر وقت له إلّا ثلاثة وقت طلوع الشمس ووقت الزوال ووقت المغرب فإنّه لاتجوز الصلاة في هٰذه الأوقات. (البحر الرائق: (۲/۸۰) كتاب الصلاة، باب قضاء الفوائت، ط: سعيد.

ثلاث ساعات لاتجوز فيها المكتوبة ولاصلاة الجنازة ولا سجدة التلاوة، =

اور عصر کی فرض نماز کے بعد بھی قضا نماز پڑھنا جائز ہے۔(۱)

البتہ لوگوں کے سامنے نہ پڑھے چھپ کے پڑھے کیونکہ نماز قضا کرنا گناہ ہے اور لوگوں کے سامنے گناہ کو ظاہر کرنا بھی گناہ ہے اس لئے تنہائی میں چھپ کے پڑھے۔(۲)

= إذا طلعت الشمس حتى ترتفع وعند الانتصاف إلى أن تزول و عند احمرارها إلى أن تغيب إلّا عصر يومه ذٰلک فإنّه يجوز أداؤه عند الغروب ...... ولايجوز فيها قضاء الفرائض و الواجبات الفائتة عن أوقاتها كالوتر. (الهندية : (۵۲/۱) كتاب الصلاة ، الباب الأوّل فى المواقيت ، الفصل الثالث فى بيان الأوقات الّتى لاتجوز فيها الصلاة وتكره فيها ، ط: رشيديه)

البحر الرائق : (۲۴۹/۱ ، ۲۵۰) كتاب الصلاة ، ط: سعيد .

خلاصة الفتاوىٰ: (۶۷/۱) كتاب الصلاة، الفصل الرابع فى المواقيت، ط: المكتبة الحبيبية كوئٹه.

(۱) وعن التنفّل بعد صلاة الفجر والعصر لا عن قضاء فائتة و سجدة تلاوة و صلاة جنازة ...... واعلم أن قضاء الفائتة و ما معها لاتكره بعد صلاة العصر إلى غاية التغير لا إلى الغروب كما هو ظاهر كلامه . (البحر الرائق : (۲۵۱/۱ ، ۲۵۲) كتاب الصلاة ، ط: سعيد)

الدر مع الرد : (۳۷۵/۱) كتاب الصلاة ، ط: سعيد .

خلاصة الفتاوىٰ : (۶۸/۱) كتاب الصلاة ، الفصل الرابع فى المواقيت ، ط: المكتبة الحبيبية كوئٹه .

الهندية : (۵۲/۱) كتاب الصلاة ، الباب الأوّل فى المواقيت ، الفصل الثالث فى الأوقات الّتى لاتجوز فيها الصلاة ، ط: رشيديه .

(۲) (ويكره قضاء ها فيه لأن التاخير معصية فلايظهرها) ...... ويظهر من التعليل أن المكرُوه قضائها مع الاطلاع عليها ولو فى غير المسجد . (رد المحتار : (۳۹۱/۱) كتاب الصلاة ، باب الاذان ، ط :سعيد)

الهندية: (۱۲۵/۱) كتاب الصلاة ، الباب الحادى عشر فى قضاء الفوائت ، ط: رشيديه .

البحر الرائق : (۹۰/۲) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: سعيد .

إذا فاتته صلوات ينبغى أن يقضيها فى البيت لا فى المسجد سترًا لذنبه وتقصيره. (حلبى كبير شرح منية المصلى: (ص: ۵۳۴) كتاب الصلاة، فصل فى قضاء الفوائت، ط: سهيل اكيڈمى لاهور)

و ينبغى أن لايطلع غيره على قضائه ؛ لأنّ التاخير معصية فلايظهرها و تقدم فى باب الاذان أنّه يكره قضاء الفائتة فى المسجد وعلله الشارح بما هنا من أن التاخير معصية فلايظهرها وظاهره أن الممنوع هو القضاء مع الاطلاع عليه سوا كان فى المسجد أو غيره كما أفاده فى المنح قلت و الظاهر أن ينبغى هنا للوجوب وأن الكراهة تحريمية ؛ لأنّ إظهار المعصية معصية . (شامى : (۷۷/۲) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: سعيد)

اور غروب کے آدھا گھنٹہ پہلے سے نہ پڑھے یہ مکروہ وقت ہے۔(۱)

قضا نماز کے لئے اذان دینا

''اذان'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۱/۵۳)

قضا نماز میں ترتیب کب ساقط ہوتی ہے؟

تین چیزوں سے قضا نمازوں کی ترتیب ساقط ہو جاتی ہے:

۱۔فوت شدہ نمازوں کی تعداد چھ یا اس سے زیادہ ہو جائے ،واضح رہے کہ اس تعداد میں وتر کی نماز شامل نہیں ہے۔(۲)

۲۔وقت اتنا تنگ ہو کہ فوت شدہ نماز ادا کرنے کے بعد وقتیہ نماز ادا کرنے کے لئے وقت باقی نہ رہے۔(۳)

---

(۱) انظر الحاشية رقم: ۱ على الصفحة السابقة، رقم:۷۵. (وعن التنفّل بعد صلاة الفجر)

(۲) ويسقط الترتيب عند كثرة الفوائت وهو الصحيح...... وحد الكثرة أن تصير الفوائت ستا بخروج وقت الصلاة السادسة وعن محمد رحمه اللّٰه تعالىٰ أنّه اعتبر دخول وقت السادسة، والأوّل هو الصحيح كذا في الهداية. (الهندية: ۱/۱۲۳) كتاب الصلاة، الباب الحادى عشر فى قضاء الفوائت، ط: رشيديه)

الدر مع الرد : (۲/۷۱) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط : سعيد .

البحر الرائق : (۲/۸۴) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط : سعيد

حلبى كبير: (ص: ۵۳۲) كتاب الصلاة، فصل فى قضاء الفوائت، ط: سهيل اكيڈمى لاهور.

والثالث (إذا صارت الفوائت) الحقيقة أو الحكمية (ستا) ...... غير الوتر فإنّه لا يعد مسقطا) فى كثرة الفوائت بالاجماع . (حاشية الطحطاوى : (ص: ۳۶۰) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان)

التاتارخانية : (۱/۵۴۷) كتاب الصلاة ، الفصل العشرون فى قضاء الفائتة ، ط: قديمى .

(۳) ويسقط الترتيب عند ضيق الوقت كذا فى المحيط السرخسى ...... ثمّ تفسير ضيق الوقت أن يكون الباقى منه مالايسع فيه الوقتية والفائتة جميعاً . (الهندية : (۱/۱۲۲) كتاب الصلاة ، الباب الحادى عشر فى قضاء الفوائت ، ط: رشيديه)

الدر مع الرد : (۲/٦٦) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: سعيد .

البحر الرائق : (۲/۸۲) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: سعيد .

حاشية الطحطاوى : (ص: ۳۵۹) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت، =

۳۔ وقتیہ نماز ادا کرتے وقت فوت شدہ نماز یاد نہ رہے۔(۱)

کیونکہ فوت شدہ نماز کا وقت اس وقت آتا ہے جب وہ یاد آتا ہے، لہذا فوت شدہ نماز یاد نہ ہونے کی صورت میں وقتیہ نماز کا وقت پہلے آئے گا اور فوت شدہ نماز کا وقت یاد آنے کے بعد آئے گا، اس صورت میں دونوں نمازوں کے اوقات میں تصادم نہیں ہوگا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" میری امت سے بھول چوک کو معاف فرمایا گیا ہے اور اس بارے میں کوئی جبر نہیں ہے"۔(۲)

= ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.

التاتارخانية: (۵۴۷/۱) كتاب الصلاة، الفصل العشرون فى قضاء الفوائت، ط: قديمى.

حلبى كبير: (ص: ۵۳۱) كتاب الصلاة، فصل فى قضاء الفوائت، ط: سهيل اكيڈمى لاهور.

(۱) ثمّ الترتيب يسقط بالنسيان وبما هو فى معنى النسيان كذا فى المضمرات، ولو تذكر صلاة قد نسيها بعد ماأدى وقتية جازت الوقتية كذا فى فتاوىٰ قاضيخان. (الهندية: (۱۲۲/۱) كتاب الصلاة، الباب الحادى عشر فى قضاء الفوائت، ط: رشيديه)

(أونسيت الفائتة)؛ لأنّه عذر ...... و حاصله أنّه يسقط الترتيب إذا نسى الفائتة وصلى ما هو مرتب عليها من وقتية أو فائتة أخرىٰ وكذا يسقط بنسيان إحدىٰ الوقتين. الخ (رد المحتار: (۶۸/۲) كتاب الصلاة، باب قضاء الفوائت، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۸۳/۲) كتاب الصلاة، باب قضاء الفوائت، ط: سعيد.

حاشية الطحطاوى: (ص: ۳۶۰) كتاب الصلاة، باب قضاء الفوائت، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.

التاتارخانية: (۵۴۶/۱) كتاب الصلاة، الفصل العشرون فى قضاء الفوائت، ط: قديمى.

حلبى كبير: (ص: ۵۳۰) كتاب الصلاة، فصل فى قضاء الفوائت، ط: سهيل اكيڈمى لاهور.

(۲) عن أبى ذر غفارى الغفارى قال: قال رسول الله ﷺ: إنّ الله تجاوز لى عن أمتى الخطأ والنسيان وما استكرهوا عليه. (سنن ابن ماجه: (أبواب الطلاق، باب طلاق المكره والناسى، ط: قديمى)

صحيح ابن حبان: (۲۰۲/۱۶) رقم الحديث: ۷۲۱۹، باب فضل الامة، ذكر الاخبار عما وضع الله بفضله عن هٰذه الأمة، ط: مؤسسة الرسالة.

المعجم الكبير للطبرانى: (۱۱۷/۲) رقم الحديث: ۱۴۱۴، ....

السنن الكبرى للبيهقى: (۳۵۶/۷) رقم الحديث: ۱۵۴۹۰، كتاب الخلع والطلاق، باب ماجاء فى طلاق المكره، ط: مجلس دائرة المعارف حيدر آباد هند.

البحر الرائق: (۲/۲) كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلاة وما يكره فيها، ط: سعيد.

قضا نماز میں مسافر کا مقیم کی اقتدا کرنا

''مسافر کا قضا نماز میں مقیم کی اقتداء کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/ ۱۶۴)

قضا نماز میں مقیم کا مسافر امام کی اقتداء کرنا

''مقیم کا قضا نماز میں مسافر امام کی اقتداء کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/ ۲۴۰)

قضا نمازوں میں ترتیب

اگر فوت شدہ نمازوں کی تعداد چھ نمازوں سے کم ہے، تو ان کی قضاء میں ترتیب کا خیال رکھنا ضروری ہے، اس لئے اگر وقت میں گنجائش ہے تو پہلے فوت شدہ نماز پڑھے پھر اس کے بعد وقتیہ نماز پڑھے ایسی حالت میں فوت شدہ نماز کی قضا سے پہلے وقتیہ نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، ہاں اگر وقت میں گنجائش نہیں ہے پھر جائز ہے۔

اسی طرح اگر ظہر اور فجر کی نماز فوت ہوئی ہے تو فجر سے پہلے ظہر کی قضا پڑھنا جائز نہیں ہے، اسی طرح اس ترتیب کا فرض اور وتر کے درمیان بھی خیال رکھنا ضروری ہے، لہذا وتر کی قضا سے پہلے فجر کی نماز نہیں پڑھنا چاہئے اور عشاء کے فرض ادا کرنے سے پہلے وتر نہیں پڑھنا چاہئے۔(۱)

---

(۱) (الترتيب بين الفائتة) القليلة وهي ما دون ست صلوات (و) بين (الوقتية) المتسع وقتها مع تذكر الفائتة لازم (و) كذا الترتيب (بين) نفس (الفوائت) القليلة (مستحق) أي لازم ؛ لأنّه فرض عملي يفوت الجواز بفوته ، والأصل في لزوم الترتيب قوله ﷺ : من نام عن صلاة أو نسيها فلم يذكر ها إلّا وهو يصلي مع الإمام فليصل الّتي هو فيها ثمّ ليقضي الّتي تذكر ثمّ ليعد الّتي صلى مع الإمام . وهو خبر مشهور تلقته العلماء بالقبول فيثبت به الفرض العملي ورتب النبيّ ﷺ قضاء الفوائت يوم الخندق . وفي الحاشية : (قوله : المتسع وقتها) أمّا الّتي ضاق وقتها فتقدم على الفائتة ويسقط الترتيب . (حاشية الطحطاوي : (ص: ۳۵۸) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان)

البحر الرائق : (۲/ ۷۹) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: سعيد .

الترتيب بين الفائتة والوقتية وبين الفوائت مستحق كذا في الكافي. حتى لايجوز أداء =

اور اگر قضاء نمازوں کی تعداد پانچ نمازوں سے زیادہ ہے تو اس وقت یہ ترتیب لازم نہیں ہے۔(۱)

قلی

''مزدور'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۱۳۲)

قیام کی نیت تھی پھر بدل گئی

اگر کسی مسافر نے سفر کے دوران کسی جگہ پر پندرہ دن کی اقامت کی نیت کر کے مثلاً ظہر میں چار رکعت فرض نماز پڑھادی، مگر عصر کے وقت پندرہ دن قیام کی نیت ختم کردی اور سفر شروع کر کے اس جگہ کی آبادی سے نکل گیا، اس کے بعد رکعت والی فرض نماز دو رکعت پڑھنا پڑھانا شروع کردی تو یہ امامت اور نماز صحیح ہے، کیونکہ مسافر کے لئے قیام

= الوقتية قبل قضاء الفائته كذا في محيط السرخسي ، وكذا بين الفروض والوتر هكذا في شرح الوقاية، ولو صلى الفجر وهو ذاكر أنّه لم يوتر فهي فاسدة عند أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ .

(الهندية : (۱/۱۲۱) كتاب الصلاة ، الباب الحادي عشر في قضاء الفوائت ، ط: رشيديه)

(الترتيب بين الفروض الخمسة والوتر أداء و قضاء لازم) يفوت الجواز بفوته ، للخبر المشهور : " من نام عن صلاة " ...... (فلم يجز) تفريع على اللزوم (فجر من تذكر أنه لم يوتر) لوجوبه عنده (إلا) استثناء من اللزوم فلايلزم الترتيب (إذا ضاق الوقت المستحب) حقيقة .

(الدر مع الرد : (۲/۶۵ ، ۶۶) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: سعيد)

(۱) ويسقط الترتيب بصيرورة الفوائت ست صلوات لدخولها في حد الكثرة المفضية للحرج.

(البحر الرائق : (۲/۸۴) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: سعيد)

ويسقط الترتيب عند كثرة الفوائت ، وهو الصحيح هكذا في محيط السرخسي . وحد الكثرة أن تصير الفوائت ستا الخ (الهنديه : (۱/۱۲۳) كتاب الصلاة ، الباب الحادي عشر في قضاء الفوائت ، ط: رشيديه)

حاشية الطحطاوي : (ص: ۳۶۰) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان .

حلبي كبير : (ص: ۵۳۲) كتاب الصلاة، فصل في قضاء الفوائت، ط: سهيل اكيڈمی لاهور.

(الدر مع الرد : (۲/۶۸) كتاب الصلاة ، باب قضاء الفوائت ، ط: سعيد)

کی نیت کی وجہ سے پوری نماز پڑھنا اور بعد میں سفر شروع کر کے قیام کی نیت کو فسخ کرنے کی وجہ سے قصر کرنا درست ہے، اور مسافر کو سفر کو شروع کر کے قیام کی نیت فسخ کرنے کے بعد قصر ہی پڑھنا ضروری ہے۔(۱)

قیام کے دوران دعا

جب مسافر سفر کے دوران کہیں قیام کرتا ہے، تو خواہ کیسا ہی جنت نما ہوٹل یا آرام دہ جگہ ہو، اسے وہ سکون اور راحت میسر نہیں ہوتی جو اپنے وطن میں حاصل ہوتی ہے، کبھی غیر مانوس جگہ کی وحشت، تو کبھی کوئی خطرہ، ایسے غیر مطمئن حالات میں جو چیز قلب و دماغ کو اطمینان و اعتماد کی فضا مہیا کرتی ہے وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک دعا ہے جو قیام کے وقت پڑھی جاتی ہے، اور وہ دعا یہ ہے:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ. (۲)

---

(۱) (والقضاء يحكي) أي يشابه (الأداء سفرا وحضرا) لأنّه بعد ما تقرر لايتغير. وتحته في الشامية: (قوله: لأنّه بعد ماتقرر) أي بخروج الوقت، فإن الفرض بعد خروج وقته لايتغير عمّا وجب وأمّا قبله فإنّه قابل للتغير بنية الإقامة أو إنشاء السفر وباقتداء المسافر بالمقيم. (الدر مع الرد: (۱۳۵/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، مطلب في الوطن الأصلي ووطن الإقامة، ط: سعيد)

☜ ولايزال على حكم السفر حتى ينوي الإقامة في بلدة خمسة عشر يوما أو أكثر كذا في الهداية ...... وإن نوى الإقامة أقلّ من خمسه عشر يوما قصر هٰكذا في الهداية. (الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه)

☜ الدر مع الرد: (۱۲۱/۲ ـ ۱۲۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط:سعيد.

☜ البحر الرائق: (۱۲۸/۲ ـ ۱۳۱) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

☜ حاشية الطحطاوي: (ص: ۳۴۶) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.

☜ فتاوىٰ قاضيخان على هامش الهندية: (۱۶۵/۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

(۲) وعن خولة بنت حكيم قالت سمعت رسول الله ﷺ يقول: من نزل منزلا فقال: أعوذ بكلمات الله التّامات من شر ماخلق "، لم يضره شيئ حتى يرتحل من منزله ذٰلك. رواه مسلم. (مشكاة المصابيح: (۲۱۳/۱) باب الدعوات في الأوقات، الفصل الأوّل، ط: قديمي)=

امام ترمذیؒ نے ایک روایت نقل کی ہے کہ جو شخص صبح وشام اس دعا کو تین دفعہ پڑھ لیا کرے تو پورے دن وہ زہریلے جانوروں سے محفوظ رہے گا۔(۱)

قیام گاہ میں قیام کرتے وقت کی دعا

''منزل پر اترنے کے وقت کی دعا'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۲/۲۶۲)

= جامع الترمذی: (۲/۱۸۲) أبواب الدعوات، باب ماجاء مایقول إذا نزل منزلا، ط: سعید.

الصحیح لمسلم: (۲/۳۴۷) کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب الدعوات والتعوّذ، ط: قدیمی.

مؤطا مالک: (ص: ......) باب ما یؤمر به من الکلام فی السفر، ط: میر محمد کراچی.

زاد المعاد: (۲/۴۱۰) تودیع المسافر، ط: مؤسسة الرسالة.

مسند احمد بن حنبل: (۶/۳۷۷)، رقم: ۲۷۱۶۴، حدیث خولة بنت حکیم رضی الله عنها، ط: مؤسسة قرطبه القاهرة.

السنن الکبریٰ للبیهقی: (۵/۲۵۳) رقم: ۱۰۶۲۱، کتاب الحج، باب مایقول إذا نزل منزلا، ط: مجلس دائرة المعارف حیدرآباد هند.

المعجم الکبیر للطبرانی: (۱۷/۴۷۵)، رقم: ۲۰۰۷۰.

شرح السنة: (۵/۱۴۵) باب مایقول إذا نزل منزلا، ط: المکتب الإسلامی دمشق، بیروت.

شرح مشکل الآثار: (۱/۲۸) رقم: ۳۶، باب بیان مشکل ما روی عنه فیما یقال عند المساء اهـ، ط: مؤسسة الرسالة، بیروت.

صحیح ابن خزیمه: (۴/۱۵۰) رقم: ۲۵۶۶، باب الاستعاذة عند نزول المنازل.

مصنف عبد الرزاق: (۵/۱۶۶) رقم: ۹۲۶۰، کتاب المناسک، باب مایقول إذا نزل منزلا، ط: المکتب الإسلامی، بیروت.

(۱) وعن أبی هریرة قال جاء رجل إلی رسول الله ﷺ فقال: یا رسول الله! مالقیت من عقرب لدغتنی البارحة قال: أمّاقلت حین أمسیت "أعوذ بکلمات الله التّامّات من شرّ ماخلق" لم تضرّک. (الصحیح لمسلم: (۲/۳۴۷) کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب الدعوات والتعوّذ، ط: سعید)

عن أبی هریرة عن النّبیّ ﷺ قال: من قال حین یمسی ثلاث مرات: "أعوذ بکلمات الله التّامّات من شرّ ماخلق" لم یضره حمة تلک اللیلة. (جامع الترمذی: (۲/۲۰۱) أبواب الدعوات، باب، ط: قدیمی)

قوله: حمة، الحمة بخفة المیم: السم، وقد تشدد تطلق علی ابرة العقرب للمجاورة؛ لأنّ السم منها یخرج، مجمع البحار.

قیدی

سفر اور اقامت کے بارے میں قیدی کی نیت کا اعتبار نہیں ہے بلکہ جس نے قید کیا ہے اس کی نیت کا اعتبار ہے، لہٰذا اگر جنگی قیدی کو قرائن سے گمان غالب ہو جائے کہ پندرہ روز یا اس سے زیادہ ایام تک اس کو اسی مقام پر رکھا جائے گا تو وہ مقیم بن جائے گا اور پوری نماز پڑھے گا، قصر نہیں کرے گا۔

اور اگر اعلان یا قرائن سے معلوم ہوا کہ پندرہ دن یا اس سے زیادہ ایام اسی مقام پر نہیں رکھا جائے گا تو اس صورت میں قصر کرے۔(۱)

---

(۱) مسلم أسره العدوّ وأدخله دار الحرب ينظر إن كان مسير العدوّ مسيرة ثلاثة أيّام صلى صلاة المسافرين ، وإن كان دون ذلك صلى صلاة المقيمين ؛ لأنّه لما أسره صار تحت يده كالعبد يكون تحت يد مولاه ، وإن كان لايعلم يسأله عنه ، فإن سأله ولم يخبره ينظر هو فى الأصل إن كان مسافرا صلى صلاة المسافرين، وإن كان مقيما صلى صلاة المقيمين؛ لأنّه انعدم المغير. الخ (الولوالجية: (۱/۱۳۳) كتاب الصلاة، الفصل الثانى عشر فى السفر الخ، ط: مكتبه حرمين شريفين، كوئٹه)

(والمعتبر نية المتبوع) لأنّه الأصل (لا التابع كامرأة) ...... وأسير و غريم و تلميذ (مع زوج و مولى و أمير ومستأجر) لف و نشر مرتب . وتحته فى الشامية : (قوله : وأسير) ذكر فى المنتقى : إن المسلم إذا أسره العدوّ إن كان مقصده ثلاثه أيّام قصر وإن لم يعلم سأله فإن لم يخبره و كان العدو مقيما أتمّ ، وإن كان مسافراً قصر ، وينبغى أن يكون هٰذا إذا تحقق أنّه مسافر وإلّايكون كمن أخذه الظالم لايقصر إلا بعد السفر ثلاثاً وكذا ينبغى أن يكون حكم كل تابع يسأل متبوعه فإن أخبره عمل بخبره وإلّا عمل بالأصل الّذى كان عليه من إقامة و سفر حتى يتحقق خلافه و تعذر السوال بمنزلة السوال مع عدم الأخبار . (الدر مع الرد : (۲/۱۳۳، ۱۳۴) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ،ط : سعيد)

الفقه الإسلامي و أدلّته : (۲/۲۹٦) المبحث الثالث ـ صلاة المسافر ، الاستقلال بالرأى، ثالثاً شروط القصر ، ط: مكتبه حقانيه ، پشاور .

الهندية : (۱/۱۴۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر ، ط: رشيديه.

الفتاوى الخانية على هامش الهندية: (۱/۱٦٦) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

البحر الرائق : (۲/۱۳۸ ، ۱۳۹) كتاب الصلاة ، باب المسافر ،ط : سعيد .

بدائع الصنائع: (۱/۹۴) كتاب الصلاة، فصل وأمّا بيان ما يصير به المقيم مسافراً، ط: سعيد.

اگر قیدی نے قصر لازم ہونے کے باوجود غلطی سے چار رکعت والی فرض نماز پوری پڑھ لی اور دو رکعت پر قعدہ کیا ہے تو فرض ادا ہوگیا مگر سجدہ سہو لازم ہے، اگر سجدہ سہو نہ کیا تو اس نماز کو دوبارہ پڑھنا لازم ہوگا، اور اگر قعدہ کرنا بھول گیا تو سرے سے نماز ہی نہیں ہوئی دوبارہ پڑھنا فرض ہوگا۔(۱)

قیدی جمعہ کے دن ظہر کی نماز کب پڑھے

قیدیوں کو امام کے جمعہ سے فارغ ہونے تک ظہر کی نماز پڑھنے میں تاخیر کرنا

---

(۱) (فلو أتمّ مسافر إن قعد في) القعدة (الأولیٰ تم فرضه و) لكنه (أساء) لو عامداً لتاخير السلام و ترك واجب القصر و واجب تكبيرة افتتاح النفل و خلط النفل بالفرض، وهذا لايحل كما حرره القهستاني بعد أن فسر أساء بإثم واستحق النّار (وما زاد نفل) كمصلي الفجر أربعا (وإن لم يقعد بطل فرضه) وصار الكل نفلاً لترك القعدة المفروضة. (الدر مع الرد: ۱۲۸/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

والقصر عزيمة عندنا) لما قدمنا (فإذا أتمّ الرباعية و) الحال أنّه (قعد القعود الأوّل) قدر التشهد (صحت صلاته لوجود الفرض في محله وهو الجلوس على الركعتين و تصير الأخريان نافلة له (مع الكراهة) لتأخير الواجب وهو السلام عن محله إن كان عامداً، فإن كان ساهيا يسجد للسهو (وإلّا) أي وإن لم يكن قد جلس قدر التشهد على رأس الركعتين الأوليين (فلا تصح) صلاته لتركه فرض الجلوس في محله واختلاط النفل بالفرض قبل كماله. (حاشية الطحطاوي: ص: ۴۲۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان)

البحر الرائق: (۱۳۰/۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

حلبي كبير: (ص: ۵۳۸، ۵۳۹) كتاب الصلاة، فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمي لاهور.

الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ط: رشيديه.

شرعی سفر کی مسافت کی تعیین کے بارے میں حضرات صحابہ، تابعین، ائمہ مجتہدین رحمہم اللہ تعالیٰ کے درمیان اختلاف ہے، عمدۃ القاری شرح بخاری وغیرہ میں اس کی تفصیل موجود ہے، حضرت امام اعظم امام ابوحنیفہؒ کی روایات بھی اس بارے میں مختلف ہیں مگر امام اعظمؒ کا صحیح اور راجح مذہب یہ ہے کہ میلوں وغیرہ سے کسی مقدار کی تحدید اور تعیین نہ کی جائے بلکہ میدانی علاقہ میں تین دن پیدل چل کر جس قدر مسافت انسان آسانی کے ساتھ طے کرسکتا ہے وہی قصر کی شرعی مسافت ہے۔

امام اعظمؒ سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ آپ نے شرعی سفر کی مسافت تین منزل قرار دی ہے، صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ اس کا حاصل بھی تقریباً تین دن کی مسافت ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ احناف کے جمہور فقہاء کرام نے میلوں کے ساتھ مسافت سفر کی تعیین کا اعتبار نہیں کیا اس لئے کہ تین دن کی مسافت اصل مذہب ہے جو راستہ وغیرہ کے اختلاف سے مختلف ہوسکتی ہے، اسی کے ساتھ ساتھ بہت سے فقہاء کرامؒ نے میل اور فراسخ کے ساتھ بھی تعیین فرمائی ہے، اور ان کے اقوال بھی مختلف ہیں۔(۱)

---

(۱) وقد اختلف عن ابن عمر في تحديد ذلك اختلافًا كثيرًا ...... وقال بعضهم على هذا في تمسك الحنفية بحديث ابن عمر على أنّ أقلّ مسافة القصر ثلاثة أيّام اشكال لا سيما على قاعدتهم بأنّ الاعتبار بما رأى الصحابي لا بماروى قلت ليس فيه اشكال ؛ لأنّ هذا لايشبه أن يكون رأيا إنّما يشبه أن يكون توفيقًا على أنّ أصحابنا أيضًا اختلفوا في هذا الباب اختلافا كثيرًا فالّذى ذكره صاحب الهداية : السفر الّذى تتغيّر به الأحكام أن يقصد الإنسان مسيرة ثلاثة أيّام و لياليها بسير الإبل و مشى الأقدام و قدر أبو يوسف رحمه اللّٰه بيومين و أكثر الثالث وهو رواية الحسن عن أبى حنيفة و رواية السماعة عن محمد و قال المرغيناني و عامة المشايخ قدروها بالفراسخ فقيل أحد و عشرون فرسخًا و قيل ثمانية عشر فرسخًا قال المرغيناني وعليه الفتوىٰ و قيل خمسة عشر فرسخًا . وما ذكره صاحب الهداية هو مذهب عثمان وابن مسعود و سويد بن غفلة و في التمهيد : وحذيفة بن اليمان وأبو قلابة و شريك بن عبد اللّٰه وابن جبير وابن سيرين والشعبي والنخعي والثوري والحسن بن حي وقد استقصينا الكلام فيه =

= فی باب الصلاة بمنیٰ قوله وهو ستة عشر فرسخًا من كلام البخاری أی البرد ستة عشر فرسخًا والبرد بضم الباء الموحّدة جمع بريد ...... اهـ . (عمدة القاری : (۷/ ۱۸۱ ، ۱۸۲) كتاب تقصير الصلاة ، باب فی كم يقصر الصلاة ، ط: دار الكتب العلمية)

و فی الحلبی: مدّة السفر: اعلم أنّ أقلّ مدّة السفر عندنا مسافة ثلاثه أيّام من أقصر أيّام السنة بالسير الوسط وهو مشی الأقدام والإبل فی البرّ واعتدال الريح فی البحر وعن أبی يوسف رحمه اللّٰه يومان و أكثر الثالث وصح صاحب الهداية أنّه لايعتبر التقدير بالفراسخ لكن قال المرغينانی و عامة المشايخ قدروها بالفراسخ، فقيل أحد و عشرون فرسخا و قيل ثمانية عشر فرسخا قال المرغينانی وعليه الفتوٰی و قال العتابی فی جوامع الفقه وهو المختار و قيل خمسة عشر فرسخا واختيار صاحب الهداية أولی لشموله السهل والجبل فإنّه يعتبر فی الجبل ما يليق به وهو أن يسير فيه سيرًا وسطًا مسافة ثلاثة أيّام وعند الشافعی رحمه اللّٰه أقلّها مرحلتان ستة عشر فرسخًا وهو رواية عن مالك وبه قال أحمد لما فی البخاری عن ابن عبّاس وابن عمر أنّهما كان يقصران فی أربعة برد. واستدلالنا بما مر فی المسح علی الخفين من حديث مسلم عن علی قال جعل رسول اللّٰه ﷺ ثلاثة أيّام و لياليها للمسافر و يوما وليلة للمقيم. وجه الاستدلال أنّ اللام فی المسافر ليست للعهد إذ لا معهود فهی للاستغراق فتعم كل مسافر فلو كان السفر الشرعی أقلّ من ذٰلك لوجد مسافر لايمكنه المسح ثلاثة أيّام و قد كان كل مسافر يمكنه ذٰلك...... الخ. (حلبی كبير: (ص: ۵۳۵) فصل فی صلاة المسافر، ط: سهيل اكيڈمی لاهور)

السفر الّذی يتغيّر به الأحكام أن يقصد مسيرة ثلاثة أيّام ولياليها بسير الإبل ومشی الأقدام لقوله عليه السلام يمسح المقيم كمال يوم وليلة والمسافر ثلاثة أيّام ولياليها عمت الرخصة الجنس و من ضرورته عموم التقدير وقدّر أبويوسف رحمه اللّٰه بيومين و أكثر اليوم الثالث ، والشافعی بيوم و ليلة فی قول و كفی بالسنة حجة عليها . والسير المذكور هو الوسط وعن أبی حنيفة رحمه اللّٰه التقدير بالمراحل وهو قريب من الأوّل ولا معتبر بالفراسخ هو الصحيح ولايعتبر السير فی الماء معناه لايعتبر السير فی البر فأمّا المعتبر فی البحر فما يليق بحاله كما فی الجبل.
(الهداية : (۱/ ۱۶۵) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: مكتبه شركة علمية ملتان)

الدر مع الرد : (۲/ ۱۲۲ ، ۱۲۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد .

حاشية الطحطاوی علی المراقی : (ص: ۳۴۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ،ط : المكتبة الأنصارية هرات افغانستان .

بدائع الصنائع: (۱/ ۹۳) كتاب الصلاة، فصل: وأمّا بيان ما يصير به المقيم مسافرًا، ط: سعيد.

الهندية : (۱/ ۱۳۸) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ،ط : رشيديه .

البحر الرائق : (۲/ ۱۲۸ ، ۱۲۹) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

التاتارخانية : (۲/ ۵ ، ۶) كتاب الصلاة ، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر ، نوع آخر فی بيان ادنیٰ مدة السفر الّذی يتعلّق به قصر الصلاة ، ط: قديمی .

ہندوستان، پاکستان، بنگلہ دیش وغیرہ کے عام شہروں میں چونکہ راستے تقریباً ایک ہوتے ہیں اس لئے یہاں کے محققین علماء نے میلوں سے تعیین فرما کر اڑتالیس میل انگریزی کو شرعی سفر اور قصر کی مسافت قرار دیا ہے، کیونکہ عام حالات میں ہموار راستوں میں پیدل چلنے والا مسافر آسانی کے ساتھ اتنا راستہ تین دن میں طے کرسکتا ہے۔

اور اڑتالیس میل انگریزی، کلومیٹر کے حساب سے ستتر کلومیٹر دوسو اڑتالیس میٹر اور دوملی میٹر ہوتے ہیں (تقریباً سوا ستتر کلومیٹر) اتنی مسافت سفر کرنے کا ارادہ ہو تو آبادی سے نکلنے کے بعد چار رکعت والی فرض نماز قصر کرنا واجب ہوتا ہے۔

اڑتالیس میل انگریزی والا قول زیادہ مناسب ہے اور اسی پر فتویٰ ہے(۱)

---

(۱) وفي النهاية: الفتوىٰ على اعتبار ثمانية عشر فرسخًا و في المجتبىٰ: فتوىٰ أكثر أئمة خوارزم على خمسة عشر فرسخًا اهـ. (البحر الرائق: (۱۹۲/۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد)

و عامة المشائخ قدروها بالفراسخ أيضًا، و اختلفوا فيما بينهم، بعضهم قالوا: أحد و عشرون فرسخا، و بعضهم قالوا: ثمانية عشر، وبعضهم قالوا: خمسة عشر، والفتوىٰ علىٰ ثمانية عشر؛ لأنّها أوسط الأعداد، وفي الغياثية: و عامتهم قدروا بالفراسخ واختاروا ثمانية عشر في التقدير لا خمسة عشر، و عليه الفتوىٰ؛ لأنّه أضبط و أحوط. (التاتارخانية: (۶/۲)، كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، نوع آخر في بيان أدنىٰ مدة السفر الخ، ط: قديمي)

(قوله: على المذهب)...... ثم اختلفوا فقيل: أحد و عشرون، و قيل ثمانية عشر، و قيل خمسة عشر، والفتوىٰ على الثاني؛ لأنّه الأوسط الخ. (رد المحتار: (۱۲۳/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

حلبي كبير: (ص: ۵۳۵) فصل في صلاة المسافر، ط: سهيل اكيدمي لاهور.

بدائع الصنائع: (۹۳/۱) كتاب الصلاة، فصل وأمّا بيان ما يصير به المقيم مسافرًا، ط: سعيد.

فتاوىٰ قاضيخان على هامش الهندية: (۱۶۴/۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

جواہر الفقہ جدید: (۴۲۶/۳، ۴۲۷) رسالہ نمبر: ۴۶، اوزان شرعیہ، ط: مکتبہ دار العلوم کراچی۔

عن ابن عباس قال: قال رسول الله ﷺ: يا أهل مكة لاتقصروا الصلاة في أدنىٰ من أربعة برد من مكة إلى عسفان. (عمدة القاري: (۱۷۲/۷) كتاب تقصير الصلاة، باب الصلاة بمنى، ط: دار الكتب العلمية)

بدائع الصنائع: (۹۴/۱) كتاب الصلاة، فصل وأمّا مايصير به المقيم مسافرًا، ط: سعيد. =

ایک میل شرعی دو ہزار گز کا ہوتا ہے، اور ایک میل انگریزی ۱۷۶۰ گز کا ہوتا ہے۔(۱)

مزید "مسافت قصر کی حد" عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔(۱۴۲/۲)

مسافت قصر کی حد

قرآن وحدیث میں قصر کی مسافت کی کوئی حد بیان نہیں کی گئی بلکہ صرف سفر کا ذکر ہے حد کا ذکر نہیں ہے۔

= سنن دار قطني : (۲۳۲/۲) رقم الحديث : ۱۴۴۷ ، باب قدر المسافة الّتي تقصر في مثلها صلاة و قدر المدة ، ط: مؤسسة الرسالة ، بيروت .

السنن الكبرىٰ للبيهقي : (۱۳۷/۳) رقم الحديث : ۵۲۱۰ ، باب السفر الّذي لا تقصر في مثله الصلاة ، ط: مجلس دائرة المعارف حيدر آباد هند .

معرفة السنن والآثار : (۴۲۱/۲) رقم الحديث : ۱۵۸۵ ، باب السفر الّذي تقصر في مثله الصلاة بلا خوف ، ط: دار الكتب العلمية .

فتح الباري : (۵۶۶/۲) باب في كم يقصر ، ط: دار المعرفة ، بيروت .

(۱) وأقرب الأقوال أن الميل وهو ثلث الفرسخ أربعة آلاف ذراع كل ذراع أربع و عشرين أصبعا و عرض كل أصبع ست حبات شعير ملصقة ظهر البطن هكذا في التبيين . (الهندية : (۳۷/۱) كتاب الطهارة ، الباب الرابع في التيمّم ، ط: رشيديه)

الدر مع الرد : (۲۳۳/۲) كتاب الطهارة ، باب التيمّم ، ط: سعيد .

البحر الرائق : (۱۳۹/۱) كتاب الطهارة ، الباب الرابع في التيمّم ، ط: سعيد .

حلبي كبير : (ص: ۶۷) فصل في التيمّم ، ط: سهيل اكيڈمي لاهور .

التاتارخانية : (۱۷۵/۱) كتاب الطهارة ، نوع آخر في بيان شرائطه ، الفصل الخامس في التيمّم ، ط: قديمي .

حاشية خلاصة الفتاوىٰ : (۳۱/۱) الفصل الخامس في التيمّم ، ط: مكتبه حبيبيه كوئٹه .

الفقه الإسلامي و أدلّته : (۲۸۸/۲) صلاة المسافر ، المبحث الثالث ، الموضوع الأوّل ، المسافة الّتي يجوز فيها القصر ، ط: مكتبه حقانيه پشاور .

فتح باب العناية بشرح النقاية : (۱۰۹/۱) كتاب الطهارة ، باب التيمّم ، ط: سعيد .

قواعد الفقه والتعريفات الفقهية : (ص: ۵۱۸) للمفتي السيد عميم الإحسان ، ط: الصدف پبلشرز ناظم آباد كراچي .

نوٹ: عربی زبان میں ذراع ایک ہاتھ کو اور اردو زبان میں "گز" دو ہاتھ کو کہتے ہیں اس لیے چار ہزار ذراع اور دو ہزار گز میں کوئی تعارض نہیں۔ محمد انعام الحق

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ کرام، تابعین اور ائمہ مجتہدین نے امت کی آسانی کے لئے اپنے اپنے اجتہاد اور مختلف احادیث پر غور وفکر کر کے حد مقرر کی ہے کہ اس حد سے کم مسافت میں نماز کی قصر نہیں ہوسکتی بلکہ چار رکعت فرض پوری ہی پڑھی جائے گی، اور اس مسافت یا اس سے زائد مسافت کی صورت میں قصر کرنا واجب ہوگا۔

حضرت امام اعظم امام ابوحنیفہؒ نے قصر کی مسافت کے سلسلے میں تین منزل کی حد مقرر کی ہے، اور ایک منزل سولہ ۱۶ میل کی ہے، تو تین منزل ۴۸ میل یعنی سوا ستتر کلو میٹر ہے، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبلؒ رحمہم اللہ تعالیٰ کا بھی یہی مذہب ہے۔ (۱)

(۱) مسئلہ مذکورہ "مسافت قصر کی حد" بعینہ (مظاہر حق جدید: (۱/۸۵۴) پر حدیث نمبر ۱۹: وعن مالک أنّه بلغه أنّ ابن عبّاس رضی اللّٰه عنه کان یقصر الصلاة فی مثل مایکون بین مکّة والطائف، وفی مثل ما بین مکة و عسفان و فی مثل ما بین مکة و جدة قال مالک و ذٰلک أربعة برد. رواه فی الموطأ. کی تشریح کے تحت بالتفصیل مذکور ہے۔ حوالہ بالا کے مطابق ملاحظہ فرمالیں۔

وعن مالک أنّه بلغه أنّ عبداللّٰه بن عبّاس کان یقصر. الحدیث. (موطأ الإمام مالک: (ص: ۱۳۱) کتاب قصر الصلاة فی السفر، باب ما یجب فیه قصر الصلاة، ط: میر محمد کتب خانه)

مشکاة المصابیح: (۱/۱۱۹) الفصل الثالث، باب صلاة المسافر، ط: قدیمی.

فالّذی یصیر به المقیم مسافرًا...... فلابدّ من اعتبار ثلاثة أشیاء أحدها: مدّة السفر و أقلّها غیر مقدر عند أصحاب الظواهر و عند عامة العلماء مقدر واختلفوا فی التقدیر قال أصحابنا مسیر ثلاثة أیّام بسیر الإبل و مشی الأقدام وهو المذکور فی ظاهر الروایات و روی عن أبی یوسف یومان وأکثر الثالث، وکذا روی الحسن عن أبی حنیفة و بن سماعة عن محمد و من مشائخنا من قدره بخمسة عشر فرسخًا وجعل لکل یوم خمس فراسخ ومنهم من قدره بثلاث مراحل و قال مالک أربعة برد کل برید اثنا عشر میلًا واختلفت أقوال الشافعی فیه قیل: ستة و أربعون میلًا وهو قریب من قول بعض مشائخنا؛ لأنّ العادة أنّ القافلة لا تقطع فی یوم أکثر من خمسة فراسخ و قیل یوم و لیلة و هو قول الزهری والأوزاعی و أثبت أقواله أنّه مقدر بیومین. أمّا أصحاب الظواهر فاحتجوا بظاهر قوله تعالیٰ وإذا ضربتم فی الأرض فلیس علیکم جناح أن تقصروا من الصلاة علق القصر بمطلق القصر فی الأرض فالتقدیر تقیید لمطلق الکتاب ولایجوز إلا بدلیل و لنا ما روی عن رسول اللّٰه ﷺ أنّه قال: یمسح المقیم یومًا ولیلةً والمسافر ثلاثة أیّام و لیالیها، جعل لکل مسافر أن یمسح ثلاثة أیّام و لیالیها...... واحتجّ مالک بما روی عن النّبیّ ﷺ أنّه قال: یا أهل مکة لاتقصروا الصلاة فیما دون مکّة إلی عسفان وذٰلک أربعة بُرد وهو غریب...... وجه قول الشافعیؒ أنّ الرخصة =

مسافت کم سمجھ کر پوری نماز پڑھتا رہا

اگر کوئی شخص کسی مقام پر گیا اور مسافت کی مقدار سوا ستتر کلومیٹر سے کم سمجھ کر پوری نماز پڑھتا رہا اور بعد میں معلوم ہوا کہ مسافت کی مقدار سوا ستتر کلومیٹر یا اس سے زیادہ تھی تو اس صورت میں اگر چار رکعت والی فرض نماز میں دو رکعت کے بعد قعدہ کیا تھا تو نماز ہوگئی دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوگی اور اگر دو رکعت کے بعد قعدہ نہیں کیا تھا تو نماز نہیں ہوئی دوبارہ پڑھنا لازم ہوگا۔(۱)

= إنّما تثبت لضرب مشقة يختص بها المسافرون وهي مشقة الحمل والسير والنزول...... ولنا ما روينا من الحديثين...... فالحاصل أنّ التقدير بمسيرة ثلاثة أيّام أو بالمراحل في السهل والجبل والبر والبحر ثم يعتبر في كل ذلك السير المعتاد فيه، وذلك معلوم عند النّاس فيرجع إليهم عند الاشتباه والتقدير بالفراسخ غير سديد؛ لأنّ ذلك يختلف باختلاف الطريق. (بدائع الصنائع: (۱/ ۹۳، ۹۴) كتاب الصلاة، فصل وأمّا بيان ما يصير به المقيم مسافرًا، ط: سعيد)

اختلف الفقهاء في تقدير مسافة السفر الّتي يقصر فيها فقال الحنفية: أقلّ ماتقصر فيه الصلاة مسيرة ثلاثة أيّام ولياليها من قصر أيّام السنة في البلاد...... والتقدير بثلاث مراحل قريب من التقدير بثلاثة أيّام؛ لأنّ المعتاد من السير في كل يوم مرحلة واحدة...... و قال الجمهور غير الحنفية: السفر الطويل المبيح للقصر المقدر بالزمن يومان معتدلان أو مرحلتان بسير الأثقال و دبيب الأقدام...... كالمسافة بين جدّة و مكة أو الطائف و مكة أو من عسفان إلى مكة ويقدر بالمسافة ذهابا بأربعة برد أو ستة عشر فرسخا أو ثمانية و أربعين ميلا هاشميا والميل ستة آلاف ذراع و خمس مائة ذراع و تقدر بحوالي (۸۹ كم) وعلى وجه الدّقة: ۸۸، ۷۰۴ كم ثمان و ثمانين كيلو و سبعمائة وأربعة امتار. (الفقه الإسلامي و أدلّته: (۲/ ۲۸٦، ۲۸۸) الموضوع الأوّل المسافة الّتي يجوز فيها القصر، ط: حقانيه پشاور)

(۱) قال أصحابنا: فرض المسافر في كل صلاة رباعية ركعتان ...... حتى أنّ عند علمائنا إذا صلى المسافر أربعًا ولم يقعد على رأس الركعتين فسدت صلاته، وإن كان قعد تمت صلاته وهو مسيئ. (التاتارخانية: (۲/ ۵) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، الأوّل في معرفة فرض المسافر، ط: قديمى)

والقصر عزيمة عندنا لما قدمنا، فإذا أتمّ الرباعية والحال أنّه قعد القعود الأوّل قدر التشهد صحت صلاته لوجود الفرض في محله وهو الجلوس على الركعتين ويصير الأخريان نافلة له مع الكراهة لتأخير الواجب وهو السلام عن محله إن كان عامدًا، فإن كان ساهيًا يسجد للسهو وإلّا أي وإن لم يكن قد جلس قدر التشهد على رأس الركعتين الأوليين فلاتصحّ صلاته لتركه فرض =

مسافت کی مقدار طے کرنے سے پہلے نیت بدل دی

اگر کوئی شخص سفر کی مسافت کی مقدار طے کرنے سے پہلے ہی کسی مقام پر ٹھہرنے کی یا اپنے وطن واپس جانے کی نیت کرے تو وہ مقیم ہو جائے گا، اگر چہ پندرہ دن سے کم ٹھہرنے کی نیت کی ہو، اب یہ سمجھا جائے گا کہ اس نے سفر کے ارادہ کو ختم کر دیا ہے۔(۱)

= الجلوس فی محله واختلاط النفل بالفرض قبل کماله . (حاشیة الطحطاوی علی المراقی: (ص: ۴۴۵) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: المکتبة الأنصاریة هرات افغانستان)

الدر مع الرد : (۱۲۸/۲ ، ۱۲۹) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید .

البحر الرائق : (۱۳۰/۲) کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعید .

حلبی کبیر : (ص: ۵۳۸ ، ۵۳۹) فصل فی صلاة المسافر ،ط : سهیل اکیڈمی لاهور .

الهندیة: (۱۳۹/۱) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر ،ط : رشیدیه .

خلاصة الفتاوی : (۲۰۰/۱) الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر ، ط: المکتبة الحبیبیة کوئٹه .

بدائع الصنائع : (۹۳/۱) کتاب الصلاة ، فصل : الکلام فی صلاة المسافر ، ط: سعید .

(فلو أتمّ مسافر إن قعد فی) القعدة (الأولیٰ تمّ فرضه و) لکنه (أساء) لو عامدًا لتاخیر السلام ، وترک الجب القصر ، و واجب تکبیرة افتتاح النفل ، وخلط النفل بالفرض ، وهذا لایحل کما حرّره القهستانی بعد أن فسر أساء بإثم واستحق النّار (وما زاد نفل) کمصلی الفجر أربعًا (وإن لم یقعد بطل فرضه) و صار الکل نفلًا لترک القعدة المفروضة الخ . (الدر مع الرد : (۱۲۸/۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید)

(قوله : إن قعد الخ)لأنّ القعدة علی رأس الرکعتین فرض علی المسافر ؛ لأنّها آخر صلاته...... ولما صرّح به الزیلعی فی باب السهو من أنّ الساهی لو سلم لقطع یسجد لأنّه نوی تغییر المشروع فتلغو ، کما لو نوی الظهر ستا أو نوی مسافر الظهر أربعًا ، أفاده أبو السعود عن شیخه الخ . (شامی : (۱۲۸/۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید)

(۱) وإذا لم یستحکم سفره، بأن أراد الرجوع لوطنه قبل مضی ثلاثة أیّام یتمّ بمجرّد الرجوع وإن لم یصل لوطنه لنقضه السفر؛ لأنّه ترک و تحته فی الشرح: (قوله لنقضه السفر) أی بإرادة الرجوع (قوله: لأنه ترک) أی لأن نقض السفر ترک، والترک تحصل بمجرّد النیة. (حاشیة الطحطاوی: (ص: ۴۴۶) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: المکتبة الأنصاریة هرات افغانستان)

الهندیة: (۱۳۹/۱) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط : رشیدیه.=

مسافر اپنے سامان کی حفاظت میں مارا جائے

''سامان کی حفاظت میں مارا جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱ر۲۶۲)

مسافر اگر روزے کا فدیہ دینے سے عاجز ہے

سفر سے واپس آنے کے بعد مسافر میں روزہ رکھنے کی قوت اور استطاعت بالکل نہیں، اور آئندہ بھی روزہ رکھنے کے قابل ہونے کی امید نہیں، اور فدیہ ادا کرنے کی صلاحیت بھی نہیں، تو ایسے شخص سے فدیہ معاف ہو جاتا ہے تاہم یہ جذبہ رکھے کہ اگر مالی استطاعت ہوگی تو فدیہ ادا کر دے گا۔(۱)

= وإنّما يصير المسافر مقيمًا إمّا بدخوله مصرًا له فيه أهل أو بأن بدا له العود إليه بعد ماخرج وليس بين الموضع الّذي بدا له العود بين مصره مسيرة سفر صار مقيما حين نوى العود. (خلاصة الفتاوىٰ: (۱/ ۱۹۹) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، ط: المكتبة الحبيبية كوئٹه)

(حتى يدخل موضع مقامه) إن سار مدّة السفر ، وإلا فيتمّ بمجرّد نية العود لعدم استحكام السفر . (الدر مع الرد : (۲/ ۱۲۴ ، ۱۲۵) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

فتاوىٰ الولوالجية : (۱/ ۱۳۵) كتاب الطهارة ، الفصل الثاني عشر في السفر ، ط : مكتبة الحرمين الشريفين ، كوئٹه .

(قوله حتى يدخل الخ) وشمل ما إذا كان سار ثلاثة أيّام أو أقلّ لكن المذكور في الشرح أنّه يتمّ إذا سار أقلّ بمجرّد العزم على الرجوع وإن لم يدخل مصره؛ لأنّه نقض للسفر قبل الاستحكام إذا هو يحتمل النقض...... وفي المجتبىٰ: لايبطل السفر إلا بنية الإقامة أو دخول الوطن أو الرجوع قبل الثلاثة. (البحر الرائق: (۲/ ۱۳۱) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد)

التاتارخانية : (۲/ ۱۷ ، ۱۸) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان من يصير المسافر به مقيمًا بدون نية الإقامة ، ط: قديمي .

(۱) ويقال : إنّها لم تجب عليه في الحال لعجزه عن الكل ، وأخرت إلى زمن الميسرة ، وفي المبسوط : وما أمره به ﷺ كان تطوّعًا ، لأنّها لم تكن واجبة عليه في الحال لعجزه ، ولهٰذا أجاز صرفها إلى نفسه وعياله ، وعن أبي جعفر الطبري : أن قياس قول أبي حنيفة والثوري وأبي ثور : إن الكفارة دين عليه لاتسقط عنه لعسرته ، وعليه أن يأتي بها إذا أيسر كسائر الكفارات . (عمدة القاري : (۱۱/ ۳۷) كتاب الصوم ، باب إذا جامع في رمضان ، تحت رقم الحديث : ۱۹۳۵ ، ط: دار الكتب العلمية) =

مسافر اگر عمارت کے ملبہ میں دب جائے

اگر مسافر کسی عمارت کے ملبہ میں اس طرح دب جائے کہ اس سے نکالنا ممکن نہ ہو یا ممکن تو ہو مگر اتنا وقت لگے گا کہ اس سے قبل پھول کر پھٹ جائے گا تو ایسے شخص کے جنازہ کا حکم یہ ہے کہ اس کے قریب ہو کر جنازہ کی نماز پڑھ لی جائے۔(۱)

=فتح الباری : (۴/۱۷۱) کتاب الصوم ، باب إذا جامع فی رمضان ولم یکن له شیئ فتصدق علیه ، فلیکفر ، ط: دار المعرفة بیروت .

مرقاة المفاتیح : (۴/۲۶۴ ، ۲۶۵) کتاب الصوم ، باب تنزیه الصوم ، الفصل الأوّل ، هل یسقط الکفارة عن الفقیر أم لا؟ ط: امدادیه ملتان .

(۱) وإن دفن و أهیل علیه التراب بلاصلاة لأمر اقتضی ذٰلک صلی علی قبره وإن لم یغسل لسقوط شرط طهارته لحرمة نبشه ما لم یتفسخ والمعتبر فیه أکبر الرأی علی الصحیح لاختلافه باختلاف الزمان والانسان . وفی الشرح : (قوله : وأهلی علیه التراب) قال فی " الفتح " : هٰذا إذا أهیل علیه التراب ؛ لأنّه صار مسلما لمالکه تعالیٰ و خرج عن أیدینا فلایتعرض له بخلاف ما إذا لم یهل علیه فإنّه یخرج و یصلّی علیه . (قوله : صلی علی قبره) إقامة للواجب بقدر الإمکان، کذا فی التبیین . (قوله : وإن لم یغسل) علی المعتمد وهو الاستحسان ، وصحح فی غایة البیان: منع الصلاة فی هٰذه الحالة ؛ لأنّها لم تشرع بدون غسل . (حاشیة الطحطاوی : (ص: ۴۸۷ ، ۴۸۸) کتاب الصلاة ، فصل ، باب أحکام الجنائز ، ط: المکتبة الأنصاریة هرات افغانستان)

الهندیة : (۱/۱۶۲ ، ۱۶۳) کتاب الصلاة ، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز ، الفصل الخامس فی الصلاة علی المیت ، ط: رشیدیه .

البحر الرائق : (۲/۱۸۲) کتاب الجنائز ، فصل ، ط: سعید .

خلاصة الفتاوٰی : (۱/۲۲۴) کتاب الصلاة ، الفصل الخامس والعشرون فی الجنائز ، نوع منه ، جنس آخر فی صلاة الجنازة ، ط: المکتبة الحبیبیة ، کوئٹه .

التاتارخانیة : (۲/۱۳۲) کتاب الصلاة ، الفصل الثانی والثلاثون فی الجنائز ، نوع آخر فی الخطأ الّذی یقع فی الباب ، ط: قدیمی .

وإن دفن و أهیل علیه التراب بغیر صلاة أو بها بلا غسل أو ممن لا ولایة له صلی علی قبره استحسانًا مالم یغلب علی الظن تفسخه من غیر تقدیر هو الأصح و ظاهره أنّه لو شکّ فی تفسخه صلی علیه ، وفی الشامیة : تنبیة : أن یکون فی حکم من دفن بلاصلاة من تردی فی نحو بئر أو وقع علیه بنیان ولم یمکن إخراجه . (الدر مع الرد : (۲/۲۲۴) کتاب الصلاة ، قبیل مطلب فی کراهة صلاة الجنازة فی المسجد ، ط: سعید)

مسافرامام اعلان کب کرے

مسافرامام کے لئے مستحب یہ ہے کہ نماز شروع کرنے سے پہلے ہی اعلان کردے کہ ''میں مسافر ہوں'' یا سلام کے بعد فورا کہہ دے کہ ''میں مسافر ہوں'' تاکہ مقیم مقتدی اپنی بقیہ نماز مکمل کرلیں، کیونکہ ممکن ہے کہ مقتدیوں کو غلط فہمی ہوجائے کہ امام صاحب نے غلطی سے سلام پھیردیا ہے اور وہ بول پڑیں اور ان کی نماز فاسد ہوجائے۔(۱)

مسافرامام بننے سے پہلے کیا اعلان کرے

''مسافر کی امامت'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۷۶/۲)

مسافرامام کو مقیم سمجھ کر اقتداء کی

''مسافر نے مسافرامام کو مقیم سمجھ کر اقتداء کی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۰۵/۲)

---

(۱) وندب للإمام أى المسافر...... وفى شرح الإرشاد: ينبغي أن يخبرهم قبل شروعه وإلّا فبعد سلامه أن يقول بعد التسليمتين فى الأصح أتمّوا صلاتكم فإنّى مسافر لدفع توهم أنّه سها. وفى الشامية: (قوله: قبل شروعه) أى لاحتمال أن يكون معه من لايعرف حاله فيتكلم لاعتقاد فساد صلاته قبل إخبار الإمام بعد السلام. (قوله: فى الأصح) و قيل بعد التسليمة الأولىٰ، قال المقدسي: وينبغي ترجيحه في زماننا. (الدر مع الرد: (۱۳۰/۲) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

الهندية: (۱۴۲/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

و قدام النبىّ ﷺ وهو مسافر أهل مكة و قال أتمّوا صلاتكم فإنّا قوم مسافر...... ويستحب أن يقول ذٰلک بعد السلام كل مسافر صلى بمقيم لاحتمال أن خلفه لا يعرف حاله ولايتيسر له الاجتماع بالإمام قبل ذهابه فيحكم حينئذٍ بفساد صلاة نفسه بناء على ظن إقامة الإمام ثم إفساده بسلامه على رأس الركعتين الخ. (البحر الرائق: (۱۳۵/۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد)

حلبى كبير : (ص: ۵۴۳) فصل فى صلاة المسافر ، ط: سلهيل اكيڈمى لاهور .

التاتارخانية : (۲۱/۲) كتاب الصلاة ، الفصل الثانى والعشرون فى صلاة المسافر ، نوع آخر فى بيان ما يصير المسافر به مقيما بدون نية الإقامة ، ط: قديمى .

حاشية الطحطاوى : (ص: ۳۴۷) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ،ط : المكتبة الأنصارية هرات افغانستان .

بدائع الصنائع: (۱۰۱/۱، ۱۰۲) كتاب الصلاة، فصل وأمّا بيان ما يصير المسافر به مقيمًا، ط: سعيد.

مسافر امام کی نیت

مسافر امام دو رکعت پڑھائے گا اس لئے دو رکعت کی نیت کرے گا۔(۱)

مسافر امام کے پیچھے جماعت کا ثواب ملے گا یا نہیں

مسافر امام کی اقتداء میں نماز پڑھنے سے جماعت کا ثواب ملے گا۔(۲)

مسافر امام نے چار رکعات پڑھا دیں

اگر مسافر امام نے ظہر، عصر یا عشاء کی نماز قصر کے بجائے پوری چار رکعت پڑھا دی تو مقیم مقتدیوں کی نماز فاسد ہو جائے گی کیونکہ ان لوگوں نے آخری دو رکعتوں میں نفل

---

(۱) قال علمائنا: القصر ثابت في حق كل مسافر سفر الطاعة ، و سفر المعصية في ذالك سواء...... والقصر في كل مسافر يصلي وحده أو كان إماما أو مقتديًا بالمسافر ، أمّا إذا اقتدى المسافر بمقيم أتمّها متابعةً له . (التاتارخانية : (۲/۷) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان من يثبت القصر في حقه ، ط: قديمي)

حاشية الطحطاوي : (ص: ۳۴۲ ، ۳۴۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.

حلبي كبير : (ص: ۵۳۷) فصل في صلاة المسافر ، ط: سهيل اكيدمي لاهور .

خلاصة الفتاوى : (۱/۲۰۰) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، ط: المكتبة الحبيبية كوئٹه .

البحر الرائق : (۲/۱۳۰) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

الدر المختار مع الرد : (۲/۱۲۳) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد .

الهندية: (۱/۱۳۹) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ،ط : رشيديه .

بدائع الصنائع: (۱/۹۱ ، ۹۲) كتاب الصلاة، فصل والكلام في صلاة المسافر، ط : سعيد.

(۲) (ولعكسه) بأن اقتدى بمقيم بمسافر (صح) الاقتداء (فيهما) أي في الوقت و فيما بعد خروجه ؛لأنه ﷺ صلى بأهل مكة وهو مسافر ، و قال : أتمّوا صلاتكم فإنّا قوم سفر . (مراقي الفلاح مع الطحطاوي : (ص: ۴۲۷) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمي)

التاتارخانية : (۲/۲۱) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان مايصير المسافر به مقيمًا بدون نية الإقامة ، ط: قديمي .

الدر مع الرد : (۲/۱۲۹) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ،ط : سعيد .

پڑھانے والے امام کی اقتداء کی، اور فرض پڑھنے والوں کی اقتداء نفل پڑھنے والوں کے پیچھے جائز نہیں اس لئے مقیم مقتدیوں کے لئے اس نماز کو شروع سے دوبارہ پڑھنا لازم ہے۔ (۱)

اور خود مسافر امام اور مسافر مقتدیوں کا حکم یہ ہے کہ اگر مسافر امام نے بھول کر چار رکعتیں پڑھادی تھیں اور دوسری رکعت پر التحیات کے لئے بیٹھا بھی تھا اور آخر میں سجدہ سہو بھی کرلیا تھا تو ان کی نماز ہوگئی، اور اگر مسافر امام نے قصداً چار رکعت پڑھائی تھی اور دو رکعت پڑھ کر التحیات کے لئے بیٹھا بھی تھا تو فرض ادا ہوگیا لیکن یہ امام گنہگار ہوگا اس پر توبہ کرنا بھی لازم ہوگا اور اس نماز کو شروع سے دوبارہ پڑھنا بھی لازم ہوگا۔ (۲)

---

(۱) ولو نوى الإقامة لا لتحقيقها بل ليتمّ صلاة المقيمين لم يصر مقيمًا . وفي الشامية : (قوله : لم يصر مقيمًا) فلو أتم المقيمون صلاتهم معه فسدت ؛لأنّه اقتداء المفترض بالمتنفّل ظهيرية ، أي إذا قصدوا متابعة أمّا لو نووا مفارقته و وافقوه صورة فلافساد أفاده الخير الرملي . (الدر المختار مع الرد : (۱۳۰/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ،ط : سعيد)

منحة الخالق على هامش البحر الرائق: (۱۳۵/۲) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط : سعيد.

فتاوىٰ خانية على هامش الهندية: (۱۶۹/۱) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

حاشية الطحطاوي : (ص: ۳۴۵ ، ۳۴۶) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ،ط : المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.

التاتارخانية : (۲۷/۲) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في المتفرقات ، ط: قديمي.

خلاصه الفتاوىٰ : (۲۰۲/۱) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، ط: المكتبة الحبيبية كوئٹه .

(۲) (فلو أتمّ مسافر ان قعد في) القعدة (الأولىٰ تمّ فرضه و) لكنه (أساء) لو عامدًا لتاخير السلام ، وترک واجب القصر ، و واجب تكبيرة افتتاح النفل ، وخلط النفل بالفرض ، وهٰذا لايحل كما حرّره القهستاني بعد أن فسر أساء بإثم واستحق النّار (وما زاد نفل) كمصلي الفجر أربعًا . (قوله : استحق النّار) أي إذا لم يتب أو يعف عنه العزيز الغفار . (الدر مع الرد : (۱۲۸/۲ ، ۱۲۹) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

الهندية: (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط: رشيديه.

حاشية الطحطاوي: (ص: ۳۴۵) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.=

مسافر امام نے سہو کا سلام پھیرا، تو مقیم مقتدی نے بھی سلام پھیر دیا

''مقیم مقتدی نے مسافر امام کے ساتھ سہو کا سلام پھیر دیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۴۵،۲)

مسافر امام نے مقیم کو خلیفہ بنادیا

اگر کسی مسافر نے دوسرے مسافر امام کی اقتداء کی ، امام کا وضوٹوٹ گیا اور اس نے بقیہ نماز پڑھانے کے لئے کسی مقیم کو خلیفہ بنادیا تو مسافر مقتدی پر پوری نماز پڑھنا لازم نہیں۔(۱)

= الفتاوی التاتارخانية : (۵/۲) کتاب الصلاة ، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر ، الأوّل فی معرفة فرض المسافر ، ط: قديمی .

خلاصة الفتاوی : (۲۰۰/۱) کتاب الصلاة ، الفصل الثانی والعشرون فی صلاة المسافر ، ط: المكتبة الحبيبية كوئٹه .

حلبی کبیر : (ص: ۵۳۸ ، ۵۳۹) فصل فی صلاة المسافر ، ط: سهيل اكيڈمی لاهور .

البحر الرائق : (۱۳۰/۲) کتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع : (۹۳/۱) کتاب الصلاة ، فصل فی الكلام فی صلاة المسافر ، ط: سعيد .

وحكم الواجب استحقاق العقاب بتركه عمدًا و عدم إكفار جاحده والثواب بفعله ولزوم سجود السهو لنقص الصلاة بتركه سهو ، أو إعادتها بتركه و سقوط الفرض ناقصًا إن لم يسجد ولم يعد . (مراقی الفلاح مع الطحطاوی : (ص: ۲۴۷) کتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة وأركانها ، فصل فی بيان واجب الصلاة ، ط: قديمی)

کتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۲۳۹/۱) کتاب الصلاة، واجبات الصلاة، ط: دار الفكر.

الدر مع الرد : (۴۵۶/۱) کتاب الصلاة ، مطلب واجبات الصلاة ، ط: سعيد .

(۱) مسافر اقتدى بمسافر فأحدث الإمام فاستخلف مقيمًا لم يلزم المسافر الإتمام كذا فی محيط السرخسی. (الهندية: (۱۴۲/۱) کتاب الصلاة، الباب الخامس عشر فی صلاة المسافر، ط: رشيديه)

الفتاوى الخانيه على هامش الهندية: (۱۶۶/۱ ، ۱۶۷) کتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: رشيديه.

الفتاوی التاتارخانية : (۲۱/۱) کتاب الصلاة ، نوع آخر فی بيان ما يصير المسافر به مقيما بدون نية الإقامة ، ط: قديمی .=

مسافر انقلاب میں گم ہوگیا

مسافر کسی شہر میں مقیم ہوا، اور وہاں اچانک فساد برپا ہوگیا، اس کے بعد ایک لمبی مدت تک وہ لاپتہ رہا، زندہ ہے یا مرگیا ہے یا کہیں چلا گیا ہے اس کا کوئی علم نہیں تو اس صورت میں بیوی اگر کوئی فیصلہ چاہتی ہے تو اسلامی ملک میں حاکم یا جج کے پاس اور غیر اسلامی ملک میں شرعی پنچایت کے پاس معاملہ درج کرائے، جب تلاش وجستجو کے بعد حاکم وغیرہ کو غالب گمان ہو جائے کہ وہ بھی فساد کی نظر ہوگیا، تو اس وقت نکاح فسخ کردے، اس کے بعد عورت وفات کی عدت گزار کر دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے۔

موجودہ دور میں، جنگ، دھماکہ اور فساد میں لاپتہ ہونے کا بھی یہی حکم ہے۔

مسافر ایک دن ایک رات کے بعد مقیم ہوگیا

اگر کوئی مسافر موزہ پہننے کے بعد ایک دن ایک رات پوری کرنے کے بعد مقیم ہوگیا تو وہ موزہ اتار دے گا اور پاؤں دھوئے گا، اور اگر ایک دن ایک رات پوری نہیں ہوئی تو وہ ایک دن ایک رات مقیم والی مدت پوری کرے گا اس لئے کہ اب وہ مقیم کے حکم میں ہو چکا ہے۔

مسافر باہر نکلا

جو مسافر کسی ضرورت سے باہر نکلا ہو اس کا اسباب اور بستر سمیٹ کر خود اس کی جگہ پر قبضہ نہیں کرنا چاہئے، البتہ استحقاق سے زیادہ جگہ اس نے روک رکھی ہو تو کم کردینا درست ہے۔

= خلاصة الفتاوى: (۱/۲۰۲) كتاب الصلاة، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر، ط: المكتبة الحبيبية كوئٹه.

البحر الرائق: (۲/۱۳۵) كتاب الصلاة، باب المسافر، ط: سعيد.

بدائع الصنائع: (۱/۱۰۲) كتاب الصلاة، فصل: وأمّا بيان ما يصير المسافر به مقيمًا، ط: سعيد.

مسافر پانچ چیزیں ساتھ لے جائے

''سفر میں پانچ چیزیں ساتھ ہوں'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۱/۳۲۹)

مسافر پر بھی زکوٰۃ نکالنا واجب ہے

اگر مسافر نصاب کا مالک ہے، تو اس پر بھی سالانہ اپنے مال یا رقم وغیرہ کی زکوٰۃ نکالنا واجب ہے کیونکہ اس کو اپنے نائب کے ذریعہ اپنے مال میں تصرف کرنے کی قدرت حاصل ہے۔(۱)

مسافر پر تکبیر تشریق واجب ہے یا نہیں؟

''تکبیر تشریق اور مسافر'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۴۱)

مسافر پر صدقہ فطر کا حکم

اگر مسافر نصاب کا مالک نہیں ہے تو اس پر صدقہ فطر واجب نہیں ہے۔(۲)

---

(۱) وسببه ملک نصاب حولي تام فارغ عن دين له مطالب من جهة العباد . (الدر مع الرد : (۲/۲۵۹) كتاب الزكاة ، ط: سعيد)

وعلى ابن سبيل زكاة ماله لأنه قادر على التصرف بنائبه . (الهندية : (۱/۱۷۲) كتاب الزكاة ، الباب الأوّل : في تفسيرها و صفتها ، ط: رشيديه .

تبيين الحقائق : (۱/۲۵٦) كتاب الزكاة ، ط: دار الكتب الاسلامى ، قاهره .

الهندية: (۱/۱۷۰) كتاب الزكاة، الباب الأوّل: في تفسيرها و صفتها و شرائطها، ط: رشيديه.

(۲) وإنما لاتجب على المسافر لأن أداء ها مختص بأسباب تشق على المسافر، و تفوت بمضى الوقت، فلايجب عليه شيئ لدفع الحرج عنه كالجمعة، بخلاف الزكاة و صدقة الفطر؛ لأنهما لا تفوطان بمضى الزمان فلايخرُجُ. (البحر الرائق: (۸/۱۹۷) كتاب الأضحية ، ط: دار المعرفة)

الدر مع الرد : (٦/۳۱۵) كتاب الأضحية ، ط: سعيد .

وشرائطها : الاسلام ، والإقامة واليسار الّذى يتعلق به وجوب (صدقة الفطر) و قال المحقق تحت قوله (والإقامة) فالمسافر لاتجب عليه ، وإن تطوع بها أجزأته . (الدر مع الرد : (٦/۳۱۲) كتاب الأضحية ، ط: سعيد)

مسافر پر قربانی واجب نہیں ہے

مسافر پر سفر میں قربانی کرنا واجب نہیں، اور واپس آنے کے بعد اس کی قضا بھی واجب نہیں، ہاں اگر کرنا چاہے تو کر سکتا ہے ثواب ملے گا۔(۱)

مسافر جمعہ کا امام بن سکتا ہے

مسافر جمعہ کی نماز کا امام بن سکتا ہے۔(۲)

مسافر جمعہ کے دن ظہر کی نماز کب پڑھے

مسافروں کو امام کے جمعہ سے فارغ ہونے تک ظہر کی نماز پڑھنے میں تاخیر کرنا مستحب ہے۔(۳)

---

(۱) وإنما لاتجب على المسافر لأن أداء ها مختص بأسباب تشق على المسافر ، و تفوت بمضى الوقت ، فلايجب عليه شيئ لدفع الحرج عنه كالجمعة ، بخلاف الزكاة و صدقة الفطر ؛ لأنهما لا تفوطان بمضى الزمان فلايخرُجُ . (البحر الرائق : (۱۹۷/۸) كتاب الأضحية ، ط: دار المعرفة)

☐ الدر مع الرد : (۳۱۵/۶) كتاب الأضحية ، ط: سعيد .

☐ وشرائطها : الاسلام ، والإقامة واليسار الّذى يتعلق به وجوب (صدقة الفطر) و قال المحقق تحت قوله (والإقامة) فالمسافر لاتجب عليه ، وإن تطوع بها أجزأته . (الدر مع الرد : (۳۱۲/۶) كتاب الأضحية ، ط: سعيد)

(۲) ويصلح للإمامة فيها من صلح لغيرها ، فجازت لمسافر و عبد و مريض . (الدر مع الرد: (۱۵۵/۲) كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب : فى شروط وجوب الجمعة ، ط: سعيد)

☐ البحر الرائق : (۱۵۲/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، ط: سعيد .

☐ طحطاوى على الدر : (۳۴۵/۱) كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، ط: رشيديه .

(۳) ويستحب للمريض والمسافر وأهل السجن تاخير الظهر إلى فراغ الإمام من الجمعة ، وإن لم يؤخر يكره فى الصحيح . (الهندية : (۱۴۸/۱) كتاب الصلاة ، الباب السادس عشر فى صلاة الجمعة ، ط: رشيديه)

☐ الدر مع الرد : (۱۵۵/۲ ، ۱۵۷) كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، ط: سعيد .

☐ البحر الرائق : (۱۵۲/۲) كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، ط: سعيد .

مسافر حاجی پر قربانی کا حکم

حاجی پر سفر کی وجہ سے عید الاضحیٰ کی قربانی واجب نہیں، البتہ اگر کوئی حاجی منیٰ روانہ ہونے سے پہلے کم از کم پندرہ دن مکہ مکرمہ میں آکر رہا ہے تو وہ مقیم ہوگیا، اگر ایسے حاجی کے پاس ضرورت سے زائد نصاب کے برابر رقم ہوگی تو اس پر تمتع اور قران کرنے کی صورت میں دم شکر کے علاوہ عید الاضحیٰ کی قربانی بھی واجب ہوگی، خواہ یہ قربانی منیٰ میں کرے یا وطن میں کرائے دونوں صورتیں جائز ہیں البتہ منیٰ میں کرنے کا ثواب ہر جگہ سے زیادہ ہے کیونکہ قربانی کا حکم منیٰ میں آیا ہے۔(۱)

مسافر خانہ بنانا

''صدقہ جاریہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۸۴/۱)

مسافر دوپہر سے پہلے ہی گھر پہنچ گیا

اگر مسافر کا رمضان المبارک کے سفر کے دوران روزہ رکھنے کا ارادہ نہیں تھا لیکن دوپہر سے ایک گھنٹہ پہلے ہی اپنے گھر پہنچ گیا اور صبح صادق سے اب تک کچھ کھایا پیا نہیں تو روزہ کی نیت کر لے۔(۲)

---

(۱) وأمّا الأضحية فإن كان مسافرا فلاتجب عليه، وإلا فكالمكي فتجب. (غنية الناسک: (ص: ۱۷۲) باب مناسک منى يوم النحر، فصل: في الذبح وأحكامه، ط: ادارة القرآن)

☐ وأمّا الأضحية فإن كان مسافراً فلايجب عليه وإلا كالمكي فتجب كما في البحر. (شامي: (۵۱۵/۲) كتاب الحج، مطلب: في رمي جمرة العقبة، ط: سعيد.

☐ وأما شرائط الوجوب ...... ومنها الإقامة فلاتجب على المسافر، لأنّه لاتتأدى بكل مال، وفي كل زمان ...... و قال في "الأصل" لاتجب الأضحية على الحاج، وأراد به المسافر، فأما أهل مكة فتجب عليهم الأضحية، وإن حجوا. (البحر العميق: (۱۷۰۵/۳) الباب الثاني عشر في الأعمال المشروعية يوم النحر، مطلب: شرائط الوجوب، ط: مؤسسة الريان)

(۲) ولو نوى المسافر الإفطار ثم قدم ونوى الصوم في وقته صح. (البحر الرائق: (۲۸۹/۲)، ط:سعيد)

☐ الدر المختار مع الرد: (۴۰۸/۲) كتاب الصوم، ط: سعيد. =

ورنہ غروب ہونے تک رمضان المبارک کے احترام کی وجہ سے کھانے پینے کی اجازت نہیں ہوگی۔(۱)

= جاز صوم رمضان والنذر المعين والنفل بنية ذٰلك اليوم أو بنية مطلق الصوم أو بنية النفل من الليل إلى ما قبل نصف النهار وهو المذكور في الجامع الصغير و ذكر القدوری ما بينه و بين الزوال والصحيح الأوّل ولا فرق بين المسافر والمقيم والصحيح والسقيم هٰكذا فی التبيين. وإنّما تجوز النية قبل الزوال إذا لم يوجد قبل ذٰلك بعد طلوع الفجر ماينافی الصوم. (الهندية: (۱/۱۹۵، ۱۹۶) كتاب الصوم، الباب الأوّل، أمّا شروطه (شرط) صحة الأداء النية، ط: رشيديه)

الدر المختار مع الرد: (۲/۳۷۷) كتاب الصوم، ط:سعيد.

وأمّا الثالث وهو وقت النّية فالأفضل فی الصيامات كلّها أن ينوی وقت طلوع الفجر إن أمكنه ذٰلك أو من الليل؛ لأنّ النية عند طلوع الفجر تقارن أوّل جزء من العبادات حقيقة ومن الليل تقارنه تقديرًا وإن نوى بعد طلوع الفجر، فإن كان الصوم دينا لايجوزبالإجماع وإن كان عينًا وهو صوم رمضان وصوم التطوع خارج رمضان والمنذور المعين يجوز...... ولنا ما روی عن ابن عباس رضی اللّٰه عنه أنه قال: كان رسول اللّٰه ﷺ يصبح لاينوی الصوم ثمّ يبدو له فيصوم و عن عائشة رضی اللّٰه عنها أنّ رسول اللّٰه ﷺ كان يدخل على أهله فيقول هل عندكم من غداء فإن قالوا لا قال فإنّی صائم وصوم التطوّع بنيّة من النهار قبل الزّوال مروی عن علیّ وابن مسعود وابن عبّاس و أبی طلحة. (بدائع: (۲/۸۵) كتاب الصوم، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۲/۲۵۹، ۲۶۰) كتاب الصوم، ط: سيعد.

مريض أو مسافر لم ينويا الصوم من الليل فی شهر رمضان ثمّ نويا بعد طلوع الفجر قال أبو يوسف رحمه اللّٰه تعالىٰ: يجزيهما وبه أخذ الحسن رحمه اللّٰه تعالىٰ. (فتاوىٰ قاضيخان على هامش الهندية: (۱/۲۰۲) كتاب الصوم، الفصل الثانی فی النّية، ط: رشيديه)

(۱) كل من كان له ......مبيح للفطر ثم زال عذره و صار بحال لو كان عليه من أول النهار لوجب عليه الصوم كالصبی إذا بلغ فی بعض النّهار ...... وقدم المسافر مع قيام الأهلية تجب عليه الإمساك بقية اليوم. (الهندية: (۱/۲۱۴) كتاب الصوم، المتفرقات، ط: رشيديه)

البحر الرائق: (۲/۲۸۸، ۲۸۹) كتاب الصوم، ط: سعيد.

(والأخيران يمسكان بقية يومهما وجوبا على الأصح) ...... (كمسافر أقام الخ) وفی الرد: (قوله: كمسافر أقام) أی بعد نصف النّهار أو قبله بعد الأكل الخ. (الدر المختار مع الرد: (۲/۴۰۷، ۴۰۸) كتاب الصوم، ط: سعيد)

بدائع الصنائع: (۲/۱۰۲) كتاب الصوم، فصل وأمّا حكم الصوم الموقت إذا فات عن وقته، ط: سعيد.

فتاوىٰ خانية على هامش الهندية: (۱/۲۱۷) كتاب الصوم، فصل فيمن يجب عليه النية ومن لا يجب، ط: رشيديه.

مسافر رکوع، سجدہ کی تسبیح کم نہ پڑھے

"تسبیح کم پڑھنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۱۳۸)

مسافر رمضان میں نفل کی نیت سے روزہ رکھ سکتا ہے یا نہیں؟

اگر مسافر اور مریض رمضان المبارک میں نفل کی نیت سے روزہ رکھیں گے تو رمضان المبارک کا روزہ ہوگا نفل روزہ نہیں ہوگا اور اگر دوسرے واجب روزے کی نیت کریں گے تو دوسرے واجب کا روزہ ادا ہوگا۔(۱)

مسافر روزہ کے بدلے فدیہ دے سکتا ہے یا نہیں؟

اگر مسافر نے سفر کے دوران رمضان کے روزے نہیں رکھے، اور سفر سے واپس

---

(۱) (فیصح) أداء (صوم رمضان والنذر المعين والنفل بنيّة من الليل)...... إلى ضحوة الكبرى...... لاعندها...... وبمطلق النّية...... وبنيّة النفل وبخطاء في وصف في أداء رمضان إلا إذا وقعت النيّة (من المريض أو مسافر) حيث يحتاج إلى التعيين لعدم تعيّنه في حقهما فلا يقع عن رمضان (بل يقع عما نوى) من نفل أو واجب (على ماعليه الأكثر) بحر وهو الأصح سراج، وقيل بأنّه ظاهر الرواية فلذا اختاره المصنّف تبعًا للدرر، لكن في أوائل الأشباه: الصحيح وقوع الكل عن رمضان سوى مسافر نوى واجبًا آخر، واختاره ابن الكمال، وفي الشرنبلالية عن البرهان: أنّه الأصح. قال في الرد: (قوله: على ما عليه الأكثر بحر) أقول:...... أمّا في حق المسافر فإن نوى واجبًا آخر يقع عنه عند الإمام...... وإن نوى النفل أو أطلق فعنه روايتان، أصحهما وقوعه عن رمضان؛ لأنّ فائدة النفل الثواب وهو في فرض الوقت أكثر...... وحاصله أنّ المريض والمسافر لو نويا واجبًا آخر وقع عنه، ولو نويا نفلا، أو أطلق فعن رمضان...... (قوله: الصحيح وقوع الكل عن رمضان...... الخ) المراد بالكل هو ما إذا نوى المريض النفل أو أطلق أو نوى واجبًا آخر، وما إذا نوى المسافر كذٰلك إلّا إذا نوى واجبًا آخر فإنّه يقع عنه لا عن رمضان؛ لأنّ المسافر له أن لايصوم فله أن يصرفه إلى واجب آخر؛ لأنّ الرخصة متعلقة بمظنّة العجز وهو السفر، وذٰلك موجود. (الدر المختار مع الرد: (۲/۳۷۷، ۳۷۸) كتاب الصوم، ط: سعيد)

▭ البحر الرائق: (۲/۲۶۱) كتاب الصوم، ط: سعيد.

▭ الهندية: (۱/۱۹۶) كتاب الصوم، الباب الأوّل، أمّا اشروطه، و شرط صحة الأداء النية، ط: رشيديه.

▭ بدائع: (۲/۸۴) كتاب الصوم، شرائط الوجوب منها النية، ط: سعيد.

آنے کے بعد قضاروزہ رکھنے کا وقت ملا ہے، اور جسم میں روزہ رکھنے کی طاقت بھی ہے تو قضا روزہ رکھنا ہی پڑے گا، جب تک جسم میں روزہ رکھنے کی طاقت ہوگی فدیہ دینا کافی نہیں ہوگا بلکہ روزہ ہی رکھنا پڑے گا۔(۱)

جیسا کہ قرآن مجید میں ہے:

"فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ" (۲)

ترجمہ "جو شخص تم میں (ایسا) بیمار ہو (جس میں روزہ رکھنا مشکل یا مضر ہو) یا (شرعی) سفر میں ہو تو دوسرے ایام کا شمار کر کے ان میں روزہ رکھنا اس پر واجب ہے"۔

ہاں اگر وقت ملنے کے بعد روزہ نہیں رکھا اور بعد میں ایسا بیمار یا کمزور ہوگیا کہ روزہ رکھنے کی طاقت نہیں ہے تو فدیہ دینا یا اس کے لئے وصیت کرنا درست ہوگا۔(۳)

---

(۱) ولايجب الإيصاء بكفارة ما أفطره على من مات قبل زوال عذره بمرض و سفر و نحوه كما تقدم، من الأعذار المبيحة للفطر لفوات إدراك عدة من أيّام أخر وإن أدرك العدة قضوا ماقدروا على قضائه وإن لم يقضوا لزمهم الإيصاء بقدر الإقامة من السفر والصحة من المرض. (حاشية الطحطاوى: (ص: ۵٦۵) كتاب الصوم، فصل فى العوارض، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان)

ومن أفطر فى شهر رمضان بعذر كالمريض والمسافر والحائض وغيرها إن كان يقدر على القضاء يلزمه القضاء لا غير، ولايجزيه الإطعام إذا كان يرجى له القدرة على الصيام فى المستقبل. (التاتارخانية: (۲۹۳/۲) كتاب الصوم، الفصل السابع فى الأسباب المبيحة للفطر، نوع منه، ط: قديمى)

بدائع: (۱۰۳/۲) كتاب الصوم، فصل وأمّا حكم صوم الموقت إذا فات عن وقته، ط: سعيد.

البحر الرائق: (۲۸۳/۲ ـ ۲۸۵) كتاب الصوم، فصل فى العوارض، ط: سعيد.

(۲) سورة البقرة: آيت: ۱۸۴، ۱۸۵، پاره نمبر: ۲.

(۳) فإن برئ المريض أو قدم المسافر وأدرك من الوقت بقدر ما فاته فيلزمه قضاء جميع ما أدرك فإن لم يصم حتى أدركه الموت فعليه أن يوصى بالفدية كذا فى البدائع ...... فإن صح المريض أو أقام المسافر ثمّ ماتا لزمهما القضاء بقدر الصحّة والإقامة، وهذا قولهم جميعًا من غير خلاف هو الصحيح. (الهندية: (۲۰۷/۱، ۲۰۸) كتاب الصوم، الباب الخامس فى الأعذار الّتى تبيح الإفطار، ط: رشيديه)

بدائع الصنائع: (۱۰۳/۲) كتاب الصوم، فصل وأمّا حكم الصوم الموقت إذا فات عن وقته، ط: سعيد. =

مسافر زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں؟

اگر مسافر کے پاس نصاب کے برابر مال یا رقم نہیں ہے اور فوری طور پر گھر سے یا کسی اور جگہ سے رقم منگوانے کی کوئی صورت نہیں ہے تو اس حالت میں مسافر کے لئے زکوٰۃ لینا اور لوگوں کے لئے اس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے، اس سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔(۱)

اگر غریب مسافر نے کسی آدمی سے کرایہ کی رقم قرض کے طور پر مانگی، اور اس آدمی نے مسافر کو زکوٰۃ کی نیت سے رقم دیدی، تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، اگر وہ مسافر گھر جا کر رقم واپس کردے تو بہتر یہ ہے کہ وہ رقم واپس نہ لے اور یہ کہہ دے کہ میں نے معاف کیا، اور اگر لے لیا تو افضل یہ ہے کہ اس رقم کو صدقہ کردے۔(۲)

= الدر المختار مع الرد : (۴۲۳/۲ ، ۴۲۴) کتاب الصوم ، فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ، ط: سعید .

البحر الرائق : (۲۸۳/۲ ـ ۲۸۵) کتاب الصوم ، ط : سعید .

(۱) ومنها ابن السبیل وهو الغریب المنقطع عن ماله جاز الأخذ من الزکوة قدر حاجته . (الهندیة: (۱۸۸/۱) کتاب الزکاة ، الباب السابع فی المصارف ، ط: رشیدیه)

البحر الرائق : (۲۴۲/۲) کتاب الزکاة ، باب المصرف ، ط: سعید .

وابن السبیل وهو کل من له مال لا معه سواء کان هو فی غیر وطنه أو فی وطنه . (رد المحتار مع الدر : (۳۴۳/۲) کتاب الزکاة ، باب المصرف ، ط: سعید)

بدائع الصنائع: (۴۵/۲، ۴۶) کتاب الزکاة، فصل وأمّا الّذی یرجع إلی المؤدی إلیه، ط: سعید.

الفتاوٰی الخانیة علی هامش الهندیة : (۲۶۶/۱) کتاب الزکاة ، فصل فیمن توضع فیه الزکاة ، ط: رشیدیه .

التاتارخانیة :(۲۰۳/۲ ، ۲۰۴) کتاب الزکاة ، الفصل الثامن فی المسائل المتعلقة بمن توضع فیه الزکاة ، ط: قدیمی .

وفیه أیضًا : (۲۱۰/۲) کتاب الزکاة ، الفصل الثامن الخ ، ط: قدیمی .

(۲) ومن أعطی مسکینًا دراهم و سماها هبة أو قرضا ونوی الزکاة فإنّها تجزیه وهو الأصح هکذا فی البحر الرائق . (الهندیة : (۱۷۱/۱) کتاب الزکاة ، الباب الأوّل ، ط: رشیدیه)

البحر الرائق : (۲۱۲/۲) کتاب الزکاة ، ط: سعید .

الفتاوٰی التاتارخانیة: (۲۰۰/۲) کتاب الزکاة، الفصل السابع فی أداء الزکاة والنیّة فیه، ط: قدیمی.=

مسافر سفر میں عورتوں کی امامت کرسکتا ہے یا نہیں؟

مسافر نے اگر ایسی عورتوں کی امامت کی جن میں اس امام کا کوئی محرم ہے تو امامت درست ہے، اور اگر ان میں کوئی بھی محرم نہیں تو اس کی امامت مکروہ ہے۔(۱)

مسافر سفر میں مرتد ہوا پھر اسلام قبول کیا

''مرتد ہوا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۱۲۹)

= عن عمر بن الخطاب قال : حملت علی فرس فی سبیل اللّٰہ فأضاعه الّذی کان عنده ، فأردتُ أن أشتریه وظننت أنّه یبیعه برخص ، فسألت النّبیّ ﷺ ، فقال : لاتشتره ولا تعد فی صدقتک ، وإن أعطاک بدرهم فإن العائد فی صدقته کالکلب یعود فی قیئه . (مشکاة المصابیح: (ص: ۱۷۳) کتاب الزکاة ، باب من لایعود فی الصدقة ، الفصل الأوّل ، ط: قدیمی)

صحیح البخاری: (۱/ ۲۰۱، ۲۰۲) کتاب الزکاة ، باب هل یشتری صدقته ، ط: قدیمی.

صحیح لمسلم : (۲/ ۳۶) کتاب الهبات ، باب کراهة شراء الإنسان ما تصدق به ممن تصدق علیه ، و باب : تحریم الرجوع فی الصدقة بعد القبض ، ط: قدیمی .

(۱) تکره إمامة الرجل لهن فی بیت لیس معهن رجل غیره ولا محرم منه کأخته أو زوجته أو أمته، أمّا إذا کان معهن واحد ممن ذکر أو أمهن فی المسجد لایکره . (الدر المختار : (۱/ ۵۶۶) کتاب الصلاة ، باب الإمامة ، ط: سعید)

إمامة الرجل للمرأة جائزة إذا نوی الإمام إمامتها ولم یکن فی الخلوة ، أمّا إذا کان الإمام فی الخلوة فإن کان الإمام لهن أو لبعضهن محرما فإنّه یجوز ویکره کذا فی النهایة . (الهندیة : (۱/ ۸۵) کتاب الصلاة ، الباب الخامس فی الإمامة ، الفصل الثالث فی بیان من یصلح إماما لغیره ، ط: رشیدیه)

حاشیة الطحطاوی : (ص: ۲۴۶) کتاب الصلاة ، باب الإمامة ، ط: المکتبة الأنصاریة هرات افغانستان .

خلاصة الفتاوی : (۱/ ۱۵۴) کتاب الصلاة ، الفصل الخامس عشر فی الإمامة والاقتداء ، جنس آخر مایتّصل بصحة الاقتداء ، ط: المکتبة الحبیبیة ، کوئٹه .

الفتاوی التاتارخانیة : (۱/ ۴۵۵) کتاب الصلاة ، الفصل السابع فی بیان مقام الإمام والماموم ، ط: قدیمی .

البحر الرائق : (۱/ ۳۵۲) کتاب الصلاة ، باب الإمامة ، ط: سعید .

مسافر عورت کی امامت

تنہا عورتوں کی جماعت مکروہ ہے، لیکن اگر کسی عورت نے عورتوں کی امامت کی تو نماز کراہت کے ساتھ ہو جائے گی، البتہ امام عورت عورتوں کے درمیان صف میں کھڑی ہوگی، مرد امام کی طرح آگے کھڑی نہیں ہوگی۔(۱)

مسافر عید کب کرے؟

اگر کوئی شخص مثلاً پاکستان، ہندوستان یا بنگلہ دیش سے رمضان المبارک کا روزہ شروع کرنے کے بعد درمیان میں سعودی عرب چلا گیا، اور وہاں تاریخ کے فرق کی وجہ سے دو روزے کم ہو گئے تو یہ شخص سعودی عرب میں موجود ہونے کی وجہ سے سعودی عرب کی تاریخ کے مطابق عید کرے، اور جو روزے رہ گئے ہیں ان کی بعد میں قضا کرے۔(۲)

---

(۱) ویکره إمامة المرأة للنساء فی الصلوات کلها والنوافل إلا فی صلاة الجنازة هٰکذا فی النهایة، فإن فعلن وقفت الإمام وسطهن وبقیامها وسطهن لاتزول الکراهة. (الهندیة: (۸۵/۱) کتاب الصلاة، الباب الخامس فی الإمامة، الفصل الثالث فی بیان من یصلح إماما لغیره، ط: رشیدیه)

▭ البحر الرائق: (۳۵۱/۱) کتاب الصلاة، باب الإمامة، ط: سعید.

▭ رد المحتار: (۵۶۵/۱، ۵۶۶) کتاب الصلاة، باب الإمامة، ط: سعید.

▭ بدائع الصنائع: (۱۵۷/۱) کتاب الصلاة، فصل فی بیان من یصلح الإمامة فی الجملة، ط: سعید.

▭ حاشیة الطحطاوی: (ص: ۲۴۶) کتاب الصلاة، باب الإمامة، ط: المکتبة الأنصاریة هرات افغانستان.

▭ خلاصة الفتاوٰی: (۱۴۷/۱) کتاب الصلاة، الفصل الخامس عشر فی الإمامة والاقتداء، جنس آخر فی صحة الاقتداء، ط: المکتبة الحبیبیة کوئٹه.

▭ التاتارخانیة: (۴۴۲/۱) کتاب الصلاة، الفصل السادس فی بیان من هو أحق بالإمامة، ط: قدیمی.

▭ حلبی کبیر: (ص: ۵۱۹) فصل فی الإمامة، ط: سهیلا کیڈمی لاهور.

(۲) أهل مصر صاموا رمضان بغیر رؤیة وفیهم رجل لم یصم حتی رأی الهلال من الغد فصام أهل المصر ثلاثین یوما وهٰذا الرجل تسعة وعشرین ثم أفطروا جمیعا فإن کان أهل المصر رأو هلال شعبان وعدوا شعبان ثلاثین یوما کان علی هٰذا الرجل قضاء یوم الأوّل الخ. (التاتارخانیة: =

مسافر قربانی کے آخری دن میں واپس آیا

''قربانی کے آخری دن واپس آیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/ ۴۰)

مسافر کا جمعہ کی اذان کے بعد خرید وفروخت کرنا

جمعہ کی اذان کے بعد مسافر کے لئے خرید وفروخت کرنا اصل کے اعتبار سے جائز ہے مگر الزام اور تہمت کے گمان سے بچنے کے لئے احتراز کرنا ضروری ہے، کسی کو کیا معلوم کہ یہ مسافر ہے؟(۱)

= (۲/ ۲٦٨) كتاب الصوم، الفصل الثانی فیما یتعلّق برؤیة الهلال، ط: قدیمی)

☜ فتاوىٰ رحیمیه: (۷/ ۲۱۵) كتاب الصوم، ط: دار الاشاعت.

☜ احسن الفتاوىٰ: (۴/ ۴۳۳) كتاب الصوم، ط: سعید.

☜ [تنبیه]: لو صام رائی هلال رمضان و أكمل العدة لم یفطر إلا مع الإمام لقوله علیه الصلاة والسلام: صومكم یوم تصومون و فطركم یوم تفطرون. رواه الترمذی و غیره. (رد المحتار: (۲/ ۳۸۴) كتاب الصوم، مبحث فی صوم یوم الشک، ط: سعید)

(۱) وقد قال النبیّ ﷺ: من كان یؤمن بالله والیوم الآخر فلایقفن مواقف التّهم. (بدائع الصنائع: (۱/ ۲۸٦) كتاب الصلاة، فصل وأمّا بیان من یكره منها، فصل فی الصلاة المسنونة، ط: سعید)

☜ مرقاة المفاتیح: (۴/ ۲۷۴) كتاب الصوم، باب تنزیه الصوم، الفصل الثالث قبیل: باب صوم المسافر، ط: امدادیه ملتان.

☜ المقاصد الحسنة للسخاوی. (ص: ۴۷٦) حرف المیم، تحت حدیث: "من سلک مسالک التّهم إتهم"، ط: دار الكتب العلمیة.

☜ ویجب بمعنی یفترض (ترک البیع) قوله: (و یجب ترک البیع) ...... وفی الكلام إشعار بأن من لم تجب علیه الجمعة مشتثنی من الحكم كما فی القهستانی. (حاشیة الطحطاوی علی المراقی: (ص: ۵۱۷) كتاب الصلاة، باب الجمعة، ط: قدیمی)

☜ كتاب الفقه علی المذاهب الأربعة: (۱/ ۳۷٦) كتاب الصلاة، مباحث الجمعة، متی یجب سعی الجمعة و یحرم البیع، ط: دارالفكر.

☜ حلبی كبیر: (ص: ۴۷۲) فصل فی صلاة الجمعة، ط: نعمانیة.

مسافر کا رمضان المبارک میں انتقال ہوگیا

اگر کسی شخص نے رمضان المبارک میں سفر کی وجہ سے روزہ نہیں رکھا، اور اس دوران اس کا انتقال ہوگیا، تو اس کے ذمہ میں رمضان المبارک کے روزوں کی قضا لازم نہیں ہوگی، اور فدیہ دینا یا اس کی وصیت کرنا بھی لازم نہیں ہوگا۔(۱)

مسافر کا روزہ کا فدیہ دینا

اگر مسافر کو سفر سے واپس آنے کے بعد فوت شدہ روزہ رکھنے کی طاقت اور قوت موجود ہے تو روزے کا فدیہ دینا جائز نہیں ہوگا بلکہ قضا روزہ رکھنا ہی لازم ہوگا، اگر فدیہ دے دیا ہے تو روزے رکھنے سے بری نہیں ہوگا بلکہ روزہ رکھنا ہی پڑے گا۔

اور اگر روزہ رکھنے کی ابھی طاقت نہیں ہے اور آئندہ بھی روزہ رکھنے کے قابل

---

(۱) فإن ماتوا فيه أي في ذلك العذر فلاتجب عليهم الوصية بالفدية لعدم إدراكهم عدة من أيام أخر. و في الشامية: (قوله: فإن ماتوا) ...... اختصاص هذا الحكم بالمريض والمسافر. وفي البدائع ...... فإن كل من أفطر بعذر و مات قبل زواله لايلزمه شيئ الخ. (قوله: أي في ذلك العذر) على تقدير مضاف أي في مدته (قوله: لعدم إدراكهم الخ) أي فلم يلزمهم القضاء و وجوب الوصية فرع لزوم القضاء. (الدر مع الرد: (۲/۴۲۳، ۴۲۴) كتاب الصوم، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم، ط: سعيد)

☜ بدائع الصنائع: (۲/۱۰۳) كتاب الصوم، فصل وأما حكم الموقت إذا فات عن وقته، ط: سعيد.

☜ البحر الرائق: (۲/۲۸۳) كتاب الصوم، فصل في العوارض، ط: سعيد.

☜ الهندية: (۱/۲۰۷) كتاب الصوم، الباب الخامس في الأعذار التي تبيح الإفطار، ط: رشيديه.

☜ التاتارخانية: (۲/۲۹۲) كتاب الصوم، الفصل السابع في الأسباب المبيحة للفطر، نوع منه، ط: قديمي.

☜ حاشية الطحطاوي: (ص: ۵٦۵) كتاب الصوم، فصل في العوارض، ط: المكتبة الأنصارية هرات افغانستان.

ہونے کی امید نہیں ہے تو اس صورت میں فدیہ دینے کی اجازت ہوگی۔(۱)

مسافر کا قضا نماز میں مقیم کی اقتدا کرنا

ظہر، عصر اور عشاء کی نماز فوت ہونے کے بعد مسافر کے لئے مقیم امام کی اقتدا کر کے ادا کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ مسافر کے فرض نماز وقت کے اندر امام کی اتباع کی وجہ سے پورے چار ہو جاتے ہیں اور وقت گزرنے کے بعد قضا ہونے کی صورت میں یہ حکم نہیں ہے، اب اگر وقت گزرنے کے بعد مسافر مقیم امام کے پیچھے نماز پڑھے گا تو قعدہ اور قراءت کے حق میں فرض پڑھنے والے کی اقتدا غیر فرض پڑھنے والے کے پیچھے ہوگی اور یہ ناجائز ہے یعنی اگر مسافر مقتدی شروع کی دو رکعتوں میں اقتدا کرے گا تو دو رکعت کے بعد والا

---

(۱) فإن برئ المريض أو قدم المسافر وأدرك من الوقت بقدر ما فاته فيلزمه قضاء جميع ما أدرك فإن لم يصم حتى أدركه الموت فعليه أن يوصي بالفدية كذا في البدائع ...... فإن صح المريض أو أقام المسافر ثمّ ماتا لزمهما القضاء بقدر الصحّة والإقامة ، وهذا قولهم جميعًا من غير خلاف هو الصحيح . (الهندية : (۱/۲۰۷ ، ۲۰۸) كتاب الصوم ، الباب الخامس في الأعذار الّتي تبيح الإفطار ، ط: رشيديه)

☐ ولو صح المريض أيامًا فإن صح عشرة أيّام مثلا ثم مات لزمه من القضاء بقدر ما صح ، هكذا في ظاهر الرواية ، وفي الهداية : و فائدته وجوب الوصية بالإطعام ...... وفي شرح الطحاوي : ومن أفطر في شهر رمضان بعذر كالمريض والمسافر والحائض وغيرها إن كان يقدر على القضاء يلزمه القضاء لاغير ، ولايجزيه الإطعام إذا كان يرجى له القدرة على الصيام في المستقبل . (التاتارخانية : (۲/۲۹۳) كتاب الصوم ، الفصل السابع في الأسباب المبيحة للفطر ، ط: قديمي)

☐ فإن برئ المريض أو قدم المسافر وأدرك من الوقت بقدر ما فاته يلزمه قضاء جميع ما أدرك لأنّه قدر على القضاء لزوال العذر فإن لم يصم حتى أدركه الموت فعليه أن يوصي بالفدية وهي أن يطعم عنه لكل يوم مسكينا ؛ لأنّ القضاء قد وجب عليه ثم عجز عنه بعد وجوبه بتقصير منه فيتحول الوجوب إلى بدله وهو الفدية الخ . (بدائع : (۲/۱۰۳) كتاب الصوم ، فصل وأمّا حكم الصوم الموقت ، ط: سعيد)

☐ البحر الرائق : (۲/۲۸۵ ، ۲۸٦) كتاب الصوم ، فصل في العوارض ، ط: سعيد .

☐ الدر المختار مع الرد : (۲/۴۲۴) كتاب الصوم ، فصل في العوارض ، ط: سعيد .

قعدہ مقیم امام پر واجب ہے اور مسافر مقتدی پر فرض ہے اور اگر آخری دو رکعتوں میں اقتداء کرے گا تو ان دونوں رکعتوں میں امام کی قراءت مسنون ہے اور مسافر پر فرض ہے تو امام کی نماز ضعیف اور مقتدی کی نماز قوی ہے، اور قوی کی نماز ضعیف کے پیچھے درست نہیں ہے البتہ مغرب اور فجر کی قضا نماز مقیم امام کے پیچھے اقتدا کر کے پڑھنا درست ہے۔(۱)

مسافر کا مسجد میں سونا

''مسجد میں سونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۱۳)

---

(۱) وإذا دخل المسافر في صلاة المقيم يلزمه الإتمام سواء كان في أوّلها أو في آخرها ...... والجملة في ذٰلك أن اقتداء المقيم بالمسافر جائز في الوقت و خارج الوقت إذا اتّفق الفرضان واقتداء المسافر بالمقيم جائز في الوقت ، وفي الفتاوٰى العتابية : ويصير أربعًا . ولايجوز خارج الوقت ، وفي الفتاوٰى العتابية : لا في الشفع الأوّل ولا في الشفع الثّاني ، ولا في القعدة الأخيرة ، سواء كان شرع الإمام قبل خروج الوقت أو بعده ؛ لأنّه يكون اقتداء المفترض بالمتنفل في القعدة إن اقتدى به في الشفع الأوّل أو في القراءة إن اقتدى به في الشفع الثّاني . (الفتاوٰى التاتارخانية : (۲/۲۰ ، ۲۱) كتاب الصلاة ، الفصل الثاني والعشرون في صلاة المسافر ، نوع آخر في بيان مايصير المسافر به مقيما بدون نية الإقامة ، ط: قديمي)

☜ بدائع الصنائع : (۱/۹۳) كتاب الصلاة ، فصل في الكلام في صلاة المسافر ، ط: سعيد .

☜ و فيه أيضًا (۱/۱۰۱) كتاب الصلاة ، وأمّا اقتداء المقيم بالمسافر ، ط: سعيد .

